الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

1

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

1

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

عنوانات

(کتاب: وحی کے بارے میں روایات)

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

(کتاب: ایمان کے بارے میں روایات)

عنوان — صفحہ

(کتاب: نیکی اور بھلائی کے بارے میں روایات)

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب 7: (دلوں کو نرم کرنے والی روایات

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا نام ''محمد'' ہے۔ آپ کی کنیت ''ابوحاتم'' ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا اسم منسوب ''تمیمی'' ہے' جو آپ کے جدِ امجد ''تمیم بن مر'' کی نسبت کی وجہ سے ہے' جن کا سلسلۂ نسب الیاس بن مضر پہ جا کر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا دوسرا اسمِ منسوب ''بُستی'' ان کے آبائی شہر ''بست'' کی نسبت سے ہے۔ یہ مشہور تاریخی صوبے خراسان کے علاقے سجستان کا ایک شہر ہے۔ اور ہمارے زمانے میں یہ افغانستان کا حصہ ہے۔

یہ شہر 43 ہجری میں اسلامی سلطنت کا حصہ بنا تھا' جب عبدالرحمٰن بن سمرہ نے اسے فتح کیا تھا اور وہ اس سے آگے بڑھ کر کابل تک پہنچ گئے تھے۔

کسی تاریخی حوالے سے یہ بات واضح نہیں ہو پاتی کہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ پیدائش کیا ہے۔ تاہم اکثر مؤرخین کے نزدیک امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ 280 ہجری کے آس پاس پیدا ہوئے تھے۔ امام ذہبی نے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے تیسری صدی ہجری کے اختتام پر علمِ حدیث کی طلب کا آغاز کیا تھا۔ مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر 20 برس کے لگ بھگ تھی۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث کی طلب میں طویل اسفار کیے۔ انہوں نے اپنے وقت کے تمام بڑے شہروں میں جا کر وہاں موجود محدثین سے احادیث و روایات کا علم حاصل کیا۔ ان شہروں میں سجستان' ہرات' مرو' سنج' شاش' بخارا' نسا' نیشاپور' تہران' اہواز' بصرہ' کوفہ' موصل' رقہ' انطاکیہ' طرطوس' حمص' دمشق' بیروت' رملہ' بیت المقدس' مصر اور حجازِ مقدس شامل ہیں۔

امام ابنِ حبان رحمۃ اللہ علیہ کے مشائخ کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق دو ہزار سے زیادہ ہے۔ تاہم شعیب الارناؤط نے یہ بات تحریر کی ہے: امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں 21 مشائخ سے زیادہ احادیث روایت کی تھیں۔

امام ابن خزیمہ (301 روایات)' امام ابویعلیٰ موصلی (1174 روایات)' امام حسن بن سفیان خراسانی (815 روایات)' امام فضل بن حباب جمحی (732 روایات)' امام ابومحمد ازدی جو ابن شیرویہ کے نام سے معروف ہیں (463 روایات)' امام محمد لخمی عسقلانی (464 روایات)' امام ابوحفص بجیری سمرقندی (357 روایات)' امام ابومحمد عبداللہ مقدسی (313 روایات)' امام ابوبکر طائی منبجی (281 روایات)' امام ابواسحاق جرجانی (232 روایات)' امام ابوعباس سراج ثقفی (173 روایات)' امام ابوعروبہ حرانی

جزری (167 روایات)، امام حسین بن ادریس ہروی (136 روایات)، امام ابوعبداللہ سامی ہروی (112)، امام ابوجعفر نسوی (99 روایات)، امام ابوعلی رقی (90 روایات)، امام ابوالحسین رازی (91 روایات)، امام عبدان جوالیقی (73 روایات)، امام ابوجعفر تستری (75 روایات)، امام ابوعبداللہ بغدادی (70 روایات)، محدث اسحاق بُستی (69 روایات)۔

یہ وہ مشائخ ہیں جن سے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ روایات نقل کی ہیں۔ ابن حبان کے باقی شیوخ میں سے زیادہ تر وہ حضرات ہیں جن سے انہوں نے 1 سے لے کر 60 تک روایات نقل کی ہیں۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے اکابر محدثین میں سے ایک تھے۔ یہی وجہ ہے کہ خلقِ کثیر نے ان سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور تلامذہ کے اسماء درج ذیل ہیں:

(i) امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری (یہ مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)

(ii) امام ابوالحسن علی دارقطنی (یہ سنن دارقطنی کے مصنف ہیں)

(iii) امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن اسحاق عبدی (یہ کتاب معرفۃ الصحابہ کے مصنف ہیں)

(iv) امام محدث ابوالحسن محمد بن احمد زوزنی (انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی "صحیح" روایت کی ہے)

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے کئی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن میں سے مطبوعہ کتب کا اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(i) المسند الصحیح (یہ صحیح ابن ابن حبان کے نام سے معروف ہے)

(ii) الثقات (یہ ثقہ راویوں کے بارے میں ہے)

(iii) معرفۃ المجروحین (یہ صرف ضعیف اور متروک راویوں کے بارے میں ہے)۔

(iv) مشاہیر علماء الامصار (یہ 1600 اہلِ علم کے حالات پر مشتمل ہے)

(v) روضۃ العقلاء (یہ اخلاقیات کے بارے میں ہے)

علم حدیث کی تحصیل اور تعلیم کے حوالے سے بھرپور زندگی گزارنے کے بعد امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے شب جمعہ میں 22 شوال المکرم 354 ہجری میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ انہیں جمعے کی نماز کے بعد ان کے آبائی وطن "بست" میں سپردِ خاک کیا گیا۔

صحیح ابن حبان

علم حدیث کے اس عظیم مآخذ کے مصنف امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

فاضل مصنف نے اس کتاب کا نام "المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع" تجویز کیا تھا۔

فاضل مصنف اس بات کے خواہش مند تھے کہ وہ احادیث کا ایسا مجموعہ ترتیب دیں' جس میں موضوعاتی تقسیم کو کسی نئے پہلو سے پیش کیا گیا ہوتا کہ علمِ حدیث کے طلباء اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے احادیث کو ان کے اصل مضمون کے حوالے سے یاد رکھیں۔

فاضل مصنف نے اپنی کتاب کا نام تجویز کرتے ہوئے لفظ "المسند" استعمال کیا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کتاب میں جو روایات منقول ہیں' ان کی سند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک جاتی ہے۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ "الصحیح" سے مراد یہ ہے: اس میں مذکور تمام روایات مستند طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ "التقاسیم والانواع" سے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کو پہلے ایک بنیادی قسم کے تحت تقسیم کیا گیا ہے اور پھر ان میں سے ہر ایک قسم کو متعدد ذیلی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تقاسیم سے مراد بنیادی تقسیم اور انواع سے مراد ذیلی تقسیم ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب کو پانچ بنیادی حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(i) وہ روایات جن میں کسی کام کو کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

(ii) وہ روایات جن میں کسی کام کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو۔

(iii) وہ روایات جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

(iv) وہ روایات جن میں مباح امور کا تذکرہ ہے۔

(v) وہ روایات جن میں ان افعال کا تذکرہ ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہیں۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کے آغاز میں ایک مقدمہ تحریر کیا جس میں سے ان پانچ اقسام کی ذیلی اقسام کی وضاحت کی' یہ مقدمہ اس کتاب میں شامل ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں احادیث نقل کرتے ہوئے جس اچھوتی طرز کو اختیار کیا ہے وہ سب سے الگ اور نمایاں ہے لیکن اس کا دوسرا پہلو یہ ہے: عام قاری اس تقسیم کے تحت حدیث کو تلاش نہیں کر سکتا' کیونکہ وہ یہ اندازہ نہیں کر پاتا کہ اس کی مطلوبہ حدیث اُسے کہاں مل سکتی ہے؟ کیونکہ حدیث کو تلاش کرنا اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب دیگر کتب ''صحاح'' و''سنن'' کی طرح کتاب کو فقہی حوالے سے مرکزی اور ذیلی ابواب میں تقسیم کیا جائے۔ اس طرح قاری ابواب کی فہرست دیکھ کے حدیث کو تلاش کر سکتا ہے۔

علمِ حدیث کے طلباء اور قارئین کی اسی مشکل کو محسوس کرتے ہوئے آٹھویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے ایک فاضل امیر علاؤ الدین علی بن بلبان فارسی نے اس کتاب کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ' روایتی فقہی ابواب بندی کے ہمراہ مرتب کیا۔ انہوں نے احادیث ذکر کرنے سے پہلے مناسب تراجم ابواب تحریر کیے۔

ابن بلبان نے اپنی اس خدمت کو''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' کا نام دیا۔

آج دنیا میں زیادہ تر اسی کتاب کے نسخے ''صحیح ابن حبان'' کے طور پر شائع ہوتے ہیں' تاہم سرِ ورق پر یہ صراحت موجود ہوتی ہے کہ یہ کتاب اصل مصنف ابن حبان کی ترتیب کی بجائے ابن بلبان کی ترتیب کے مطابق ہے۔

ہمارے سامنے اس وقت اس کتاب کا جو نسخہ موجود ہے وہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت' لبنان سے 1418 ہجری بمطابق 1997 عیسوی میں شائع ہوا۔ یہ نسخہ 16 جلدوں پر مشتمل ہوا۔

اس نسخے کے متن کی تحقیق' احادیث کی تخریج اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ شعیب الارناؤط نے سرانجام دی ہے۔

فاضل محقق نے کتاب کے آغاز میں تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے۔ انہوں نے کتاب کے مختلف قلمی نسخوں کا تعارف اور ان کے چند صفحات کے عکس بھی مقدمے میں شامل کیے ہیں۔

فاضل محقق نے ابن بلبان کی ترتیب والے نسخے اور اصل کتاب یعنی''المسند الصحیح'' کے درمیان تقابل کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے جو تعلیقات تحریر کی ہیں' ان میں بہت سے فوائد ذکر کر دیئے ہیں اور کچھ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ہم نے اپنی اس طباعت میں شیخ شعیب الارناؤط کی تخریج کو کسی مراجعت کے بغیر شامل کر لیا ہے۔ تاہم ان کی تعلیقات میں سے بعض اضافی چیزیں حذف کر دی ہیں۔

اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ہمیں محترم ڈاکٹر راغب حسین نعیمی دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ نعیمیہ لاہور کی مرکزی لائبریری سے فراہم کیا۔ اس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

پس نوشت: ''صحیح ابن حبان'' کے حوالے سے ایک اہم خدمت شیخ حافظ نورالدین علی بن ابوبکر ہیثمی نے سرانجام دی ہے انہوں نے ''صحیح ابن حبان'' کی ان تمام روایات کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا ہے جو''صحیحین'' پر زائد ہیں۔ انہوں نے کتاب کا نام''موارد الظمآن علی زوائد ابن حبان'' تجویز کیا ہے۔ انہوں نے اس کتاب میں ''صحیح ابن حبان'' میں سے صرف وہ روایات نقل کی ہیں جو ''صحیح بخاری'' و''صحیح مسلم'' میں نہیں ہیں۔

محدث ابن بلبان رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام علی بن بلبان ہے۔ جبکہ سابقہ ولاحقہ کے ہمراہ آپ کا نام امیر علاؤالدین ابوالحسن علی بن بلبان بن عبداللہ فارسی مصری ہے۔

آپ 675 ہجری میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے کے اکابر اہلِ علم سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور اساتذہ میں سے ایک امام شرف الدین عبدالمؤمن بن خلف دمیاطی (متوفی 705 ہجری) ہیں۔ جو ''المتجر الرابح'' کے مصنف ہیں۔

ان کے علاوہ آپ کے دیگر مشائخ میں درج ذیل حضرات شامل ہیں:

(i) شیخ بہاؤالدین قاسم بن عساکر (متوفی 723 ہجری)

(ii) شیخ محمد بن علی محروسی خالدی' (متوفی 714 ہجری)

(iii) شیخ علی بن نصراللہ مصری (متوفی 712 ہجری)

(iv) حلب سے تعلق رکھنے والے اپنے وقت کے قطب عبدالکریم بن عبدالنور حنفی (متوفی 735 ہجری) شامل ہیں۔

ابن بلبان' فقہ حنفی کے پیروکار ہیں۔ انہوں نے علم فقہ اُس وقت کے شیخ حنفیہ فخرالدین عثمان بن ابراہیمماردینی سے حاصل کیا' جو ابن ترکمانی کے نام سے مشہور ہیں۔ (انہوں نے سنن بیہقی پر اختلافی نوٹ تحریر کیے ہیں)۔

ابن بلبان کے علم فقہ میں دوسرے بڑے استاد شمس الدین ابوالعباس احمد سروجی حنفی ہیں۔

ابن بلبان' علم حدیث وفقہ کے ہمراہ علمِ نحو میں بھی بڑی مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنے زمانے کے عظیم نحودان ولغت دان امام ابوحیان اندلسی سے علمِ نحو میں استفادہ کیا جو قرآن پاک کی نحوی تفسیر ''البحر المحیط'' کے مصنف ہیں۔

ابن بلبان کے سوانح نگاروں نے یہ بات تحریر کی ہے کہ وہ ایک کثیر التصانیف بزرگ تھے اوران کا طبعی میلانَ اس طرف زیادہ تھا کہ وہ طلباء کی سہولت کے لئے کوئی کام کریں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی دقیق ترین تصنیف ''المسند الصحیح علی التقاسیم الانواع'' کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا۔ بعض مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے کہ شیخ ابن بلبان نے امام طبرانی کی ''معجم'' کو بھی موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا تھا۔

کیونکہ ابن بلبان ایک فقیہ بھی تھے' اس لئے انہوں نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''الجامع الکبیر'' کی ایک تلخیص کی شرح بھی تحریر کی' اس تلخیص کے مصنف کمال الدین خلاطی حنفی تھے۔ کشف الظنون کے مصنف نے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہ ایک طویل اور بھرپور

شرح ہے۔
مؤرخین نے یہ بات بھی بیان کی ہے' شیخ ابن بلبان نے نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر بھی ایک کتاب تحریر کی تھی۔اس کے علاوہ انہوں نے حج کے احکام کے بارے میں ایک کتاب تحریر کی تھی' اس کے علاوہ انہوں نے ابن دقیق العید کی تصنیف ''الالمام'' کی تلخیص بھی تحریر کی تھی۔
ابن بلبان کا سب سے عظیم کارنامہ' جس نے انہیں زندہ و جاوید کر دیا' وہ ''صحیح ابن حبان'' کو موضوعاتی ترتیب پر مرتب کرنا ہے۔جس کا نام انہوں نے ''الاحسان'' تجویز کیا تھا۔یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے۔انہوں نے اس کتاب کو کتب یعنی مرکزی ابواب اور ابواب یعنی ذیلی ابواب کی صورت میں تقسیم کیا ہے۔
شیخ ابن بلبان کا انتقال 9 شوال المکرم 739 ہجری میں کم وبیش 64 برس کی عمر میں ہوا۔اورانہیں مصر میں سپرد خاک کیا گیا۔

اصطلاحاتِ حدیث

اس حقیقت سے ہر شخص آگاہ ہے کہ دنیا میں مختلف اشیاء سے واقفیت کے حصول کے لیے مختلف علوم وفنون ایجاد کیے گئے ہیں۔ عام طور پر کسی علم میں کسی شے کی حقیقت اور اس کے احوال زیر بحث لائے جاتے ہیں تاہم بعض اوقات کسی علم سے واقفیت اور شناسائی کا حصول آسان کرنے کے لیے مزید کسی علم کو ایجاد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

علم حدیث وہ فن ہے جس میں اسلام کی تعلیمات کا بنیادی ماخذ یعنی نبی اکرم ﷺ کی شخصیت' احوال' فرامین وغیرہ کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن اس فن کو سیکھنے کے کچھ خاص قواعد ہیں جنہیں ''علم اصول حدیث'' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جیسے کسی زبان کو سیکھنے کے دو طریقے ہیں لسانیات یعنی زبان سے متعلق ادب کا مطالعہ اور قواعد یعنی اس زبان کی گرائمر کا علم' علم اصول حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اسی علم کے قواعد وضوابط کی روشنی میں کوئی محدث یا فقیہہ کسی حدیث کی استنادی حیثیت کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

ابتدائی دو صدیوں کے دوران حدیث کی روایت کا زیادہ تر کام زبانی بیان تک محدود رہا' کوئی شخص اپنے استاد سے کوئی حدیث سُن کر اسے اپنے شاگردوں تک منتقل کر دیتا تھا اس نقل کے دوران اس بات کا امکان موجود تھا کہ وہ راوی اپنی کسی فطری یا فکری کمزوری کے باعث حدیث کے الفاظ نقل کرنے میں کسی شعوری یا غیر شعوری غلطی یا غلط فہمی کا مرتکب ہو جاتا پھر یہ پہلو بھی قابلِ غور تھا کہ دوسری صدی ہجری میں بہت سے فرقے نمودار ہو چکے تھے جن میں سے بہت سے لوگوں نے اپنے باطل مزعومات کی تائید میں جھوٹی روایات ایجاد کر کے نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب کر کے بیان کرنا شروع کر دی تھیں اس لیے صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند کے درمیان فرق کی وضاحت کے لیے محدثین نے اصولِ حدیث کا فن ایجاد کیا۔

''اصول حدیث'' کی تمام تر بحث تین امور کے گرد گھومتی ہے:

(i) سند (ii) متن (iii) راوی

ان تینوں موضوعات پر بحث کرنے سے پہلے ہم چند بنیادی قواعد کی وضاحت کریں گے۔

علم اصول حدیث کی تعریف

یہ وہ علم ہے جس کے ذریعے ایسے قواعد کی واقفیت حاصل کی جاتی ہے جن کی مدد سے کسی روایت کے متن یا اس کی سند کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا فیصلہ کیا جاسکے۔

علم اصول حدیث کا فائدہ

اس علم سے واقفیت کے نتیجے میں انسان صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند حدیث کے درمیان فرق کرسکتا ہے۔

سند: اس سے مراد راویوں کے اسماء کا وہ سلسلہ ہے جن کے وساطت سے حدیث نقل ہوئی ہے۔

متن: اس سے مراد وہ مضمون ہے جو نبی اکرم ﷺ یا کسی صحابی کے قول وفعل کے ذکر پر مشتمل ہو۔

سند کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم

سند کے اعتبار سے حدیث کی دو بنیادی قسمیں ہیں:

(i) متواتر (ii) غیر متواتر

غیر متواتر کی مزید تین ذیلی قسمیں ہیں:

(i) مشہور (ii) عزیز (iii) غریب

ذیل میں ہم تمام اقسام کی تعریفات بیان کریں گے۔

متواتر کی تعریف: متواتر کا لغوی معنی کسی چیز کا مسلسل اور لگاتار ہونا ہے اور محدثین کی اصطلاح میں ''متواتر'' ایسی حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند میں ہر طبقے میں اتنی کثیر تعداد میں راوی موجود ہوں کہ ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر اتفاق کر لینا ناممکن ہو۔

اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خبر متواتر کے لیے تین چیزیں شرط ہیں:

(i) اس حدیث کے راوی کثیر تعداد میں ہوں۔

(ii) یہ کثرت تمام طبقات میں پائی جاتی ہو۔

(iii) ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر متفق ہونا ناممکن ہو۔

خبر متواتر کا حکم: خبر متواتر کے ذریعے انسان کسی واقعہ کے بارے میں ایسا یقینی علم حاصل کر لیتا ہے جیسے اس نے بذاتِ خود اس کا مشاہدہ کیا ہو اس لیے خبر متواتر کے تمام راویوں کے حالات کا علم نہ بھی ہو تو بھی ایسی خبر کے ذریعے عمل واجب ہو جاتا ہے۔

غیر متواتر حدیث کی تین قسمیں ہیں:

(1) مشہور: محدثین کی اصطلاح میں ایسی حدیث کو مشہور کہا جاتا ہے جسے ہر زمانے میں کم از کم تین راوی روایت کریں اور کسی بھی طبقے میں راویوں کی تعداد تین سے کم نہ ہو۔ بعض محدثین نے یہاں ایک اور اصطلاح ''مستفیض'' کا بھی ذکر کیا ہے اس سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں محدثین کے دوران اختلاف پایا جاتا ہے بعض محدثین کے نزدیک یہ اصطلاح ''مشہور'' کے مترادف ہے جبکہ بعض دیگر محدثین کے نزدیک ان دونوں اصطلاحات کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت پائی جاتی ہے۔

(ii) عزیز: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند کے اکثر طبقات میں کم از کم تین راوی ہوں اور کسی ایک یا ایک سے زیادہ طبقوں میں کم از کم دو راوی ہوں۔

بعض اہلِ علم نے عزیز کی یہ تعریف کی ہے کہ اس کی سند کے ہر طبقے میں کم از کم دو راوی موجود ہوں۔

(iii) غریب: اس سے مراد وہ روایت ہے جس کی سند کے کسی بھی ایک طبقے میں صرف ایک راوی ہو۔

بعض محدثین نے ایسی روایت کے لیے ''غریب'' کی بجائے ''فرد'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

محدثین نے حدیثِ غریب کی دو قسمیں بیان کی ہیں:

(i) ایسی روایت جسے صرف ایک صحابی نے نقل کیا ہو اور سند کے بقیہ طبقات کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو۔

(ii) ایسی روایت جس میں صحابی کے علاوہ کسی اور طبقے میں صرف ایک راوی موجود ہو۔

محدثین نے ''غریب'' حدیث کی ایک اور تقسیم کی بھی نشاندہی کی ہے۔

(i) اس ایک راوی نے جو سند یا متن نقل کیا ہے وہ اس کے علاوہ کسی اور دوسرے راوی سے منقول نہ ہو بلکہ وہ پہلا راوی اس روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو۔

(ii) اس ایک سند میں کسی ایک طبقے میں وہ اکیلا راوی ہو تاہم وہی روایت کسی اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہو۔

''صحیح'' کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند میں آغاز سے لے کر اختتام تک تمام راویوں کی کڑی متصل ہو وہ تمام راوی عادل ہوں ضابط ہوں اور اس حدیث کے متن میں کوئی شذوذ وعلت نہ ہو۔

''صحیح'' کا حکم: محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خبرِ صحیح پر عمل کرنا واجب ہے۔

ایک اہم اصول: اصول یہ ہے کہ بعض اوقات کوئی لفظ اپنے لغوی یا عرفی معنی میں استعمال ہوتا ہے پھر کسی ایک فن کے ماہرین اسے اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی لفظ کو دو مختلف فنون کے ماہرین اپنی اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرتے ہیں اس لیے یہ بات ہمیشہ پیشِ نظر رہے کہ ''صحیح'' محدثین کی مخصوص اصطلاح ہے اور اس سے مراد وہ حدیث ہے جس میں مذکورہ بالا پانچ شرائط پائی جاتی ہوں اگر محدثین کسی حدیث کے بارے میں یہ کہہ دیں کہ یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوگا کہ وہ حدیث ''غلط'' ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حدیث میں مذکورہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک یا چند ایک شرائط موجود نہیں ہیں۔

صحیح لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہوتی ہے جو درحقیقت ''حسن لذاتہ'' ہی ہو لیکن کسی اور سند کے ہمراہ منقول ہو جو پہلی سند کے برابر یا اس سے زیادہ مستند ہو۔ ایسی ''حسن لذاتہ'' حدیث کو ''صحیح لغیرہ'' کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بذاتِ خود صحیح نہیں ہوتی لیکن دوسری سند کی وجہ سے اس کی حیثیت مزید مستند ہو جاتی ہے۔

صحیح لغیرہ کا حکم: یہ حدیث صحیح لذاتہ سے کم اور حسن لذاتہ سے زیادہ مستند ہوتی ہے۔

''حسن'' کی تعریف: حسن اس حدیث کو کہتے ہیں جو صحیح اور ضعیف کی درمیانی حیثیت کی حامل ہو لیکن اس کی اصطلاحی تعریف کیا ہوگی؟ اس بارے میں محدثین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے تاہم حافظ ابن حجر نے اس کی تعریف یوں کی ہے:

''جس روایت کے تمام راوی عادل ہوں سند میں اتصال پایا جاتا ہو۔ نیز اس کے اندر کسی قسم کی کوئی علت یا شذوذ موجود نہ ہو تاہم اس کے کسی راوی کا ضبط (یادداشت) کمزور ہو تو ایسی حدیث کو ''حسن لذاتہ'' کہا جائے گا۔''

حسن لذاتہ کا حکم: اگرچہ تکنیکی اعتبار سے یہ روایت ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند تو نہیں ہوتی مگر دلیل اور ثبوت کے طور پر پیش کرنے کے حوالے سے یہ ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند ہے یہی وجہ ہے کہ محدثین اور فقہاء اسے سند کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

حسن لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ ضعیف روایت ہے جو کئی اسناد کے ہمراہ منقول ہو تاہم اس ضعیف روایت کا ضعف راوی کے فسق یا کذب کی وجہ سے نہ ہو۔

حسن لغیرہ کا حکم: کیونکہ یہ حدیث مقبول ہی کی ایک قسم ہے اس لیے ایسی حدیث سے استدلال کرنا جائز ہے۔

ضعیف کی تعریف: وہ روایت جو کسی تکنیکی خامی کی وجہ سے کم از کم حسن کے مرتبے تک بھی نہ پہنچ سکے۔

ضعیف کا حکم: ضعیف روایت کے ذریعے کسی بنیادی عقیدے یا فقہی اعتبار سے کسی حلال یا حرام حکم کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

نوٹ: یہاں یہ اصول پیشِ نظر رکھیں کہ کسی حدیث کے ضعیف ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ سرے سے حدیث ہی نہیں ہے کیونکہ جو بات سرے سے حدیث ہی نہ ہو یعنی کسی نے اسے اپنی طرف سے ایجاد کر کے' گھڑ کر نبی اکرم ﷺ سے منسوب کر دیا ہو تو ایسی روایت کو محدثین کی اصطلاح میں ''موضوع'' کہا جاتا ہے۔

محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ضعیف روایت کو حدیث کے طور پر نقل کیا جا سکتا ہے البتہ موضوع روایت کو حدیث کے طور پر نقل کرنا جائز نہیں ہے۔ ترغیب وترہیب کے لئے' فضائل کے اظہار کے لیے' وعظ ونصیحت کے لیے' ضعیف روایات کو نقل کیا جا سکتا ہے۔

ضعیف کی اقسام: عام طور پر کسی روایت کے ضعف کا تعلق دو چیزوں سے ہوتا ہے:

(i) سند میں انقطاع آ جانا یعنی راویوں کی کڑی کا درمیان سے ٹوٹ جانا۔

(ii) کسی راوی میں کسی شخصی خامی کا موجود ہونا۔

(2) مرفوع کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی قول' فعل یا تقریر کا ذکر موجود ہو۔ مرفوع حدیث کی چار قسمیں ہیں:

(i) مرفوع قولی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی قول مذکور ہو۔

(ii) مرفوع فعلی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی عمل کا ذکر موجود ہو۔

(iii) مرفوع تقریری: وہ متن جس میں اس بات کا ذکر موجود ہو کہ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں کوئی کام کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں کیا۔

(iv) حدیث وصفی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کی کسی صفت کا ذکر ہو جیسے حسن و جمال' جود وسخا اور قوت و بہادری وغیرہ۔

(3) موقوف کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جو کسی صحابی یا تابعی کے قول وفعل یا تقریر پر مشتمل ہو' اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) موقوفِ صحابی: وہ متن جس میں کسی صحابی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

(ii) موقوفِ تابعی: وہ متن جس میں کسی تابعی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

یہاں ایک بات نہایت ضروری ہے اور وہ یہ کہ بعض اوقات کوئی روایت بظاہر موقوف محسوس ہوتی ہے لیکن اگر دقتِ نظر سے جائزہ لیا جائے تو وہ درحقیقت حدیث مرفوع ہوتی ہے۔ محدثین کے نزدیک ایسی روایت لفظی طور پر موقوف لیکن معنوی اعتبار سے وہ مرفوع حکمی ہوتی ہے۔

اعتبار کی تعریف:

اگر کوئی راوی کسی روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو تو اس کی تائید میں کسی دوسرے راوی کی روایت تلاش کرنا۔

متابع کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو تو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کرنا جو لفظی یا معنوی اعتبار سے اس حدیث کے ساتھ مطابقت رکھتی ہو۔ بشرطیکہ دونوں روایات کو روایت کرنے والے صحابی ایک ہی ہوں۔

شاہد کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کی جائے جو اس حدیث کے ساتھ لفظی یا معنوی مشابہت رکھتی ہو البتہ دونوں روایات کو نقل کرنے والے صحابی مختلف ہوں۔

رَبِّ يَسِّرْ بِخَيْرٍ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا عَلَّمَ مِنَ الْبَيَانِ وَاَلْهَمَ مِنَ التِّبْيَانِ، وَتَمَّمَ مِنَ الْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ.

وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ الْاِتَّمَانِ الْاَكْمَلَانِ عَلٰى سَيِّدِ وُلْدِ عَدْنَانِ الْمَبْعُوْثِ بِاَكْمَلِ الْاَدْيَانِ، الْمَنْعُوْتِ فِى التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ، وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ، صَلَاةً دَآئِمَةً مَا كَرَّ الْجَدِيْدَانُ وَعُبِدَ الرَّحْمٰنُ.

وَبَعْدُ، فَاِنَّ مِنْ اَجْمَعِ الْمُصَنَّفَاتِ فِى الْاَخْبَارِ النَّبَوِيَّةِ، وَاَنْفَعِ الْمُؤَلَّفَاتِ فِى الْآثَارِ الْمُحَمَّدِيَّةِ، وَاَشْرَفِ الْاَوْضَاعِ، وَاَطْرَفِ الْاَبْدَاعِ: كِتَابَ "التَّقَاسِيْمِ وَالْاَنْوَاعِ

" لِلشَّيْخِ الْاِمَامِ، حَسَنَةِ الْاَيَّامِ حَافِظِ زَمَانِهٖ، وَضَابِطِ اَوَانِهٖ مَعْدَنِ الْاِتْقَانِ اَبِىْ حَاتِمٍ مُحَمَّدِ بْنِ حِبَّانَ، التَّمِيْمِيِّ الْبُسْتِيِّ شَكَرَ اللّٰهُ مَسْعَاهُ، وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ،

فَاِنَّهُ لَمْ يُنْسَجْ لَهُ عَلٰى مِنْوَالٍ، فِىْ جَمْعِ سُنَنِ الْحَرَامِ وَالْحَلَالِ لٰكِنَّهُ لِبَدِيْعِ صُنْعِهٖ، وَمَنِيْعِ وَضْعِهٖ قَدْ عَزَّ جَانِبُهُ، فَكَثُرَ مَجَانِبُهُ، تَعَسَّرَ اِقْتِنَاصُ شَوَارِدِهٖ، فَتَعَذَّرَ الْاِقْتِبَاسُ مِنْ فَوَائِدِهٖ وَمَوَارِدِهٖ،

فَرَأَيْتُ اَنْ اَتَسَبَّبَ لِتَقْرِيْبِهٖ، وَاَتَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ بِتَهْذِيْبِهٖ وَتَرْتِيْبِهٖ، وَاُسَهِّلَهُ عَلٰى طُلَّابِهٖ، بِوَضْعِ كُلِّ حَدِيْثٍ فِىْ بَابِهٖ، الَّذِىْ هُوَ اَوْلٰى بِهٖ، لِيَؤُمَّهُ مَنْ هَجَرَهُ، وَيُقَدِّمَهُ مَنْ اَهْمَلَهُ وَاَخَّرَهُ، وَشَرَعْتُ فِيْهِ مُعْتَرِفًا بِاَنَّ الْبُضَاعَةَ مُزْجَاةٌ، وَاَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَحَصَّلْتُهُ فِىْ اَيْسَرِ مُدَّةٍ، وَجَعَلْتُهُ عُمْدَةً لِلطَّلَبَةِ وَعُدَّةً،

فَاَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ مَوْجُوْدًا بَعْدَ اَنْ كَانَ كَالْعَدَمِ مَقْصُوْدًا، كَنَارٍ عَلٰى اَرْفَعِ عَلَمٍ، مَعْدُوْدًا بِفَضْلِ اللّٰهِ مِنْ اَكْمَلِ النِّعَمِ قَدْ فُتِحَتْ سَمَاءُ يُسْرِهٖ فَصَارَتْ اَبْوَابًا وَزُحْزِحَتْ جِبَالُ عُسْرِهٖ فَكَانَتْ سَرَابًا وَقُرِنَ كُلُّ صِنْوٍ بِصِنْفِهٖ، فَاَضَتْ اَزْوَاجًا، وَكُلُّ تِلْوٍ بِاَلْفِهٖ، فَضَاءَتْ سِرَاجًا وَّهَّاجًا، وَسَمَّيْتُهُ:

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

---

[۱] یہ خطبہ امیر علاؤالدین علی بن بلبان فارسی (متوفی ۷۳۹ھ) کا تحریر کردہ ہے۔

وَاللّٰهَ اَسْاَلُ اَنْ يَّجْعَلَهٗ زَادًا لِحُسْنِ الْمَصِيْرِ اِلَيْهِ، وَعَتَادًا لِيُمْنِ الْقُدُوْمِ عَلَيْهِ، اِنَّهٗ بِكُلِّ جَمِيْلٍ كَفِيْلٌ، وَهُوَ حَسْبِىْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، وَهَا اَنَا اَذْكُرُ مُقَدَّمَةً تَشْتَمِلُ عَلٰى ثَلَاثَةِ فُصُوْلٍ:

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ: فِىْ ذِكْرِ تَرْجَمَتِهٖ لِيُعْرَفَ قَدْرُ جَلَالَتِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّانِىْ: فِىْ نَصِّ خُطْبَتِهٖ، وَمَا نَصَّ عَلَيْهِ فِىْ غُرَّةِ دِيْبَاجَتِهٖ وَخَاتَمَتِهٖ, لِيُعْلَمَ مَضْمُوْنُ قَرَارِهٖ , وَمَكْنُوْنُ مَصُوْنِهٖ وَاَسْرَارِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّالِثُ: فِىْ ذِكْرِ مَا رَتَّبَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ الْكُتُبِ وَالْفُصُوْلِ وَالْاَبْوَابِ قَصْدًا لِتَكْمِيْلِ التَّهْذِيْبِ وَتَسْهِيْلِ التَّقْرِيْبِ.

مقدمہ

(یہ مقدمہ علامہ ابن بلبان نے تحریر کیا ہے)

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے (اس بات پر کہ) اس نے "بیان" (بات کرنے) کا علم دیا ہے اور تبیان (یعنی مافی الضمیر کو واضح طور پر بیان کرنے کی صلاحیت) عطا کی ہے اس نے (ہم پر اپنا) جو فضل اور احسان مکمل کیا ہے۔

(ایسے) درود و سلام جو پورے اور مکمل ہوں وہ عدنان کی اولاد کے سردار جنہیں سب سے کامل ترین دین کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے اور جن کا تذکرہ تورات انجیل اور فرقان (یعنی قرآن مجید) میں ہے (یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) پر نازل ہو اور ان کی آل ان کے اصحاب اور ان (آل اور اصحاب) کی احسان (بھلائی) کے ہمراہ پیروی کرنے والوں پر (درود نازل ہو) ایسا درود جو (اس وقت تک نازل ہوتا رہے) جب تک دن و رات چلتے رہیں گے اور جب تک "رحمٰن" کی عبادت کی جاتی رہے گی۔

(حمد و صلوٰۃ کے بعد) نبی اکرم ﷺ کے بارے میں روایات سے متعلق سب سے جامع تصنیف اور حضرت محمد ﷺ کے آثار کے بارے میں سب سے زیادہ فائدہ مند تالیف جس میں سب سے عمدہ طریقہ اختیار کیا گیا اور سب سے مختلف طرز اختیار کی گئی وہ کتاب "التقاسیم والانواع" ہے۔ جو شیخ امام ایام کی اچھائی اپنے زمانے کے حافظ الحدیث اپنے دور کے (روایات کے الفاظ کے) ضابط اتقان کا معدن ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول کرے اور جنت کو ان کا ٹھکانہ بنا دے کیونکہ حرام اور حلال سے متعلق احادیث کو جمع کرنے کے حوالے سے کوئی بھی (دوسرا مصنف) ان جیسے طریقے پر عمل پیرا نہیں ہوا۔ لیکن اس کتاب کی نرالی طرز اور مختلف اسلوب کے باوجود اس کا وجود کمیاب ہو گیا اور اس سے لاتعلقی اختیار کی گئی۔ اس کے سرکش (شکار) کو قابو کرنا مشکل تھا اس لیے اس کے فوائد اور موارد سے روشنی حاصل کرنا ممکن نہیں رہا۔ اس لیے میں نے یہ مناسب سمجھا کہ میں اسے قریب (یعنی آسان) کرنے کی کوشش کروں اور اس کی تہذیب و ترتیب کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی کوشش کروں۔ میں اس کے طلبگاروں کے لئے اسے آسان کر دوں یوں کہ اس کی ہر حدیث کو (اس حدیث کے موضوع سے متعلق مناسب) باب میں رکھ دوں جو (باب موضوع کی مناسب کے حوالے سے) اس (حدیث) کے لئے زیادہ مناسب ہو تا کہ جو شخص اس (کتاب) سے لاتعلقی اختیار کر چکا ہے وہ اس کو پیشوا بنا لے اور جس نے اسے پرے اور مؤخر کر دیا ہے وہ اسے مقدم کر لے۔ تو میں (اپنے پاس) زادِ راہ کم ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے اس کام کا آغاز کیا (اور میں یہ بھی اعتراف کرتا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ میں نے (یہ مقصد) تھوڑی مدت میں ہی حاصل کر لیا۔ میں نے اسے (علم حدیث

کے) طلباء کے لئے عمدہ اور تیاری (یعنی بنیادی ضرورت کا سامان) بنا دیا' تو اللہ تعالیٰ کی حمد ہے (کہ اس کے فضل کی وجہ سے) یہ کتاب موجود ہوگئی حالانکہ پہلے یہ معدوم کی مانند ہو چکی تھی اور (اب یہ کتاب) پہاڑ کی چوٹی پر رکھی ہوئی آگ کی مانند (لوگوں کا) مقصود بن چکی ہے؟ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا شمار کامل ترین نعمتوں میں ہوتا ہے۔ اس کی آسانی کے آسمان کو کھول دیا گیا' تو وہ دروازے بن گیا' اس کی مشکل کے پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دیا گیا' تو وہ راستہ بن گئے' اس کی صنف (یعنی تصنیف) کے خوشوں کو ملایا گیا' تو وہ جوڑی دار بن گئے اور اس کے الف (یعنی تالیف) کے ہر تابع کو (مرتب کیا گیا)' تو وہ چمکتا ہوا سورج بن گیا۔ میں نے اس کا نام

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

(یعنی صحیح ابن حبان سے استفادہ آسان کرنے کے بارے میں بھلائی) تجویز کیا ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں اچھی حالت میں واپسی کے لئے زادِ راہ بنا دے اور اسے برکت کے ہمراہ اپنی بارگاہ میں حاضری کے لئے تیار کیا ہوا سامان بنا دے۔ بے شک وہ ہر اچھائی کے لئے کفیل ہے اور وہ میرے لئے کافی ہے' اور وہ بہترین کارساز ہے۔

میں یہاں ایک مقدمہ تحریر کروں گا' جو تین فصول پر مشتمل ہوگا۔

پہلی فصل: ان (یعنی ابن حبان) کے حالات کے بارے میں ہوگی' تاکہ ان کی قدر و منزلت کا پتہ چل سکے۔

دوسری فصل: میں ان کا تحریر کردہ خطبہ ہوگا اور انہوں نے اپنے دیباچے کے آغاز اور اختتام پر جو کچھ تحریر کیا وہ سب ہوگا' تاکہ ان کے مقرر کردہ مضمون اور اس کے فوائد و اسرار کا علم حاصل ہو سکے۔

تیسری فصل: اس بات پر مشتمل ہوگی کہ اس کتاب کو ان کتب و فصول و ابواب پر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے: تہذیب کی تکمیل ہو جائے اور استفادہ کرنا آسان ہو جائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

اَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقِ هُوَ الْإِمَامُ الْعَالِمُ الْفَاضِلُ الْمُتْقِنُ الْمُحَقِّقُ الْحَافِظُ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ بْنُ حِبَّانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَبِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ فِيْهِمَا ابْنِ مُعَاذِ بْنِ مَعْبَدٍ بِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَهِيْدٍ بِفَتْحِ السِّيْنِ الْمُهْمَلَةِ وَكَسْرِ الْهَاءِ وَيُقَالُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ هَدِيَّةَ بِفَتْحِ الْهَاءِ وَكَسْرِ الدَّالِ وَتَشْدِيْدِ الْيَاءِ آخِرِ الْحُرُوْفِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ زَيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَارِمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدَ مَنَاةِ بْنِ تَمِيْمِ بْنِ مُرِّ بْنِ اُدِّ بْنِ طَابِخَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرِ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ اَبُوْ حَاتِمٍ التَّمِيْمِيُّ الْبُسْتِيُّ الْقَاضِيُّ اَحَدُ الْاَئِمَّةِ الرَّحَّالِيْنَ وَالْمُصَنِّفِيْنَ.

ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ كَانَ مِنْ اَوْعِيَةِ الْعِلْمِ فِي اللُّغَةِ وَالْفِقْهِ وَالْحَدِيْثِ وَالْوَعْظِ مِنْ عُقَلَاءِ الرِّجَالِ وَكَانَ قَدِمَ نِيْسَابُوْرَ فَسَمِعَ بِهَا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِيْرُوَيْهِ ثُمَّ اَنَّهُ دَخَلَ الْعِرَاقَ فَاَكْثَرَ عَنْ اَبِيْ خَلِيْفَةِ الْقَاضِيِّ وَاَقْرَانِهِ وَبِالْاَهْوَازِ وَبِالْمُوْصِلِ وَبِالْجَزِيْرَةِ وَبِالشَّامِ وَبِمِصْرٍ وَبِالْحِجَازِ وَكَتَبَ بِهَرَاةٍ وَمَرْوَ وَبُخَارٰى.

وَرَحَلَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ وَاَكْثَرَ عَنْهُ وَرَوٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ وَاَبِيْ يَعْلٰى الْمُوْصِلِيِّ.

ثُمَّ صَنَّفَ فَخَرَجَ لَهُ مِنَ التَّصْنِيْفِ فِي الْحَدِيْثِ مَا لَمْ يَسْبِقْ اِلَيْهِ وَوَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَغَيْرِهَا مِنَ الْمُدُنِ بِخُرَاسَانَ ثُمَّ وَرَدَ نِيْسَابُوْرَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَخَرَجَ اِلَى الْقَضَآءِ اِلٰى نَسَا وَغَيْرِهَا وَانْصَرَفَ اِلَيْنَا سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَاَقَامَ بِنِيْسَابُوْرَ وَبَنَى الْخَانَقَاهَ وَسَمِعَ مِنْهُ خَلْقٌ كَثِيْرٌ.

رَوٰى عَنْهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبُوْ عَلِيٍّ مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ الْهَرَوِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلَمٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النُّوْقَاتِيُّ وَاَبُوْ مَعَاذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رِزْقِ السَّجِسْتَانِيُّ وَاَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الزُّوْزَنِيُّ.

وَقَالَ اَبُوْ سَعْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْاِدْرِيْسِيُّ اَبُوْ حَاتِمِ الْبُسْتِيُّ كَانَ مِنْ فُقَهَاءِ النَّاسِ وَحُفَّاظِ الْاٰثَارِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فِي الْاَمْصَارِ وَالْاَقْطَارِ عَالِمًا بِالطِّبِّ وَالنُّجُوْمِ وَفُنُوْنِ الْعُلُوْمِ اَلَّفَ الْمُسْنَدَ الصَّحِيْحَ وَالتَّارِيْخَ وَالضُّعَفَآءَ وَالْكُتُبَ الْمَشْهُوْرَةَ فِيْ كُلِّ فَنٍّ وَفَقَّهَ النَّاسَ بِسَمَرْقَنْدَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلٰى بُسْتٍ ذَكَرَهُ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيْدٍ فِي الْبُسْتِيِّ.

وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ وَكَانَ ثِقَةً ثَبْتًا فَاضِلًا فَهِمًا.

وَذَكَرَهُ الْاَمِيْرُ فِيْ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَكَانَ مِنَ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ.

تَوَفِّي بِسَجِسْتَانَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَثَلاثُ مِائَةٍ وَقِيْلَ بِبُسْتٍ فِيْ دَارِهِ الَّتِيْ هِيَ الْيَوْمَ مَدْرَسَةٌ لِاَصْحَابِهٖ وَمَسْكَنٌ لِلْغُرَبَاءِ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ بِهَا مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَالْمُتَفَقِّهَةِ مِنْهُمْ وَلَهُمْ جِرَايَاتٌ يَسْتَنْفِقُوْنَهَا وَفِيْهَا خِزَانَةُ كُتُبٍ.

فصل اوّل

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

از-ابن بلبان

میں یہ کہتا ہوں وہ امام عالم، فاضل، متقن، محقق، حافظ، علامہ محمد بن حبان بن احمد بن حبان (اس میں ح پر زیر ہے اور اس کے بعد ب ہے) ابن معاذ بن معبد (یہ ب کے ساتھ ہے) بن سعید بن سہید (اس میں سین پر زبر اور ہ پر زیر ہے)، اور ایک قول کے مطابق بن معبد بن ہدیہ (اس میں ہ پر زبر اور ی پر شد ہے) بن مرہ بن سعد بن یزید بن مرہ بن زید بن عبداللہ بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم بن مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ابو حاتم تمیمی بستی ہیں۔ یہ قاضی تھے اور (علم حدیث کی طلب میں) سفر کرنے والے (اور علم حدیث کے موضوع پر) تصنیف کرنے والے ائمہ میں سے ایک ہیں۔

امام ابوعبداللہ حاکم نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے یہ لغت، فقہ، حدیث، وعظ میں بھرپور مہارت رکھتے تھے۔

انتہائی سمجھ دار تھے یہ نیشاپور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے عبداللہ بن شیرویہ سے احادیث کا سماع کیا پھر یہ عراق تشریف لے گئے اور ابوخلیفہ قاضی اور ان کے معاصرین سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے اہواز، موصل، جزیرہ، شام، مصر، حجاز میں (مختلف محدثین سے احادیث کا سماع کیا)

انہوں نے مرو اور بخارا میں احادیث نوٹ کیں۔

یہ عمر بن محمد بن بجیر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے حسن بن سفیان اور (مسند ابویعلیٰ کے مصنف) ابویعلیٰ موصلی سے بھی روایات نقل کی ہیں۔

پھر اس کے بعد انہوں نے تصانیف کا آغاز کیا اور علم حدیث میں ایسی تصنیف پیش کی جس کی مثال پہلے نہیں آئی تھی۔

یہ سمرقند اور خراسان کے دوسرے شہروں کے قاضی بھی رہے، پھر یہ 334ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے، یہ نساء اور دیگر علاقوں کے قاضی بن کر فرائض سرانجام دینے کے لئے نیشاپور سے چلے گئے اور پھر یہ واپس 337ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے اور وہیں قیام اختیار کیا، وہاں انہوں نے خانقاہ بنائی، وہاں ان سے ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے احادیث کا سماع کیا۔

ان سے احادیث روایت نقل کرنے والوں میں (مستدرک حاکم کے مصنف) امام ابوعبداللہ حاکم، ابوعلی منصور بن عبداللہ بن خالد ہروی، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن سلم، ابوبکر محمد بن احمد بن عبداللہ نوقانی، ابومعاذ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن رزق

بجستانی، ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد زوزنی شامل ہیں۔

شیخ ابوسعد عبدالرحمٰن بن احمد ادریسی فرماتے ہیں: ابوحاتم بستی اکابر فقہاء میں سے ایک تھے' وہ آثار کے بڑے حافظ تھے اور مشہور ومعروف شخصیت کے مالک تھے۔

وہ طب اور نجوم کا علم رکھتے تھے، مختلف علوم کے ماہر تھے' انہوں نے ایک ''مسند صحیح'' تالیف کی ہے۔

اس کے علاوہ تاریخ لکھی ہے۔

ضعیف راویوں کے بارے میں کتاب لکھی ہے اور ہر فن کے بارے میں مشہور کتابیں تصنیف کی ہیں۔

انہوں نے سمرقند میں لوگوں کو فقہ کی تعلیم دی' پھر وہ ''بست'' واپس تشریف لے گئے۔

عبدالغنی بن سعید نے ان کا تذکرہ ''بُستی'' میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے: یہ ثقہ، ثبت، فاضل اور سمجھ دار تھے۔

امیر نے حبان میں ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ کہا ہے: یہ سمرقند کے قاضی بنے تھے اور یہ حفاظ اور اثبات میں سے تھے (یعنی حافظ الحدیث اور ثبت تھے)

ان کا انتقال جمعہ کی رات 22 شوال المکرّم 354ھ میں بجستان میں ہوا۔

ایک قول یہ ہے: ان کا انتقال ''بست'' میں ان کے اس گھر میں ہوا' جہاں آج ان کے شاگردوں کا مدرسہ ہے۔

اور وہ مسافروں کا مسکن ہے' جہاں وہ علم حدیث سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں اور علم فقہ سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں۔

ان لوگوں کے لئے وظائف مقرر ہیں جہاں سے وہ خرچ حاصل کرتے ہیں اور وہاں کتابوں کا خزانہ ہے۔

الفصل الثّانِیُّ

(مقدمة ابن حبان فی صحیحه)

(یہ وہ مقدمہ ہے جو امام ابن حبان نے اپنی تصنیف ''المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع'' کے آغاز میں تحریر کیا)

قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُسْتَحِقِّ الْحَمْدَ لِآلَائِهِ الْمُتَوَحِّدِ بِعِزِّهٖ وَكِبْرِيَائِهِ الْقَرِيْبِ مِنْ خَلْقِهٖ فِیْ اَعْلٰی عُلُوِّهِ الْبَعِيْدِ مِنْهُمْ فِیْ اَدْنٰی دُنُوِّهِ الْعَالِمِ بِكَنِيْنِ مَكْنُوْنِ النَّجْوٰی وَالْمُطَّلِعِ عَلٰی اَفْكَارِ السِّرِّ وَاَخْفٰی وَمَا اسْتَجَنَّ تَحْتَ عَنَاصِرِ الثَّرٰی وَمَا جَالَ فِيْهِ خَوَاطِرُ الْوَرٰی الَّذِیْ ابْتَدَعَ الْاَشْيَاءَ بِقُدْرَتِهٖ وَذَرَاَ الْاَنَامَ بِمَشِيَّتِهٖ مِنْ غَيْرِ اَصْلٍ عَلَيْهِ افْتُعِلَ وَلَا رَسْمٍ مَرْسُوْمٍ امْتُثِلَ ثُمَّ جَعَلَ الْعُقُوْلَ مَسْلَكًا لِذَوِی الْحِجَا وَمَلْجَاً فِیْ مَسَالِكِ اُولِی النُّهٰی وَجَعَلَ اَسْبَابَ الْوُصُوْلِ اِلٰی كَيْفِيَّةِ الْعُقُوْلِ مَا شَقَّ لَهُمْ مِّنَ الْاَسْمَاعِ وَالْاَبْصَارِ وَالتَّكَلُّفَ لِلْبَحْثِ وَالْاِعْتِبَارِ فَاَحْكَمُ لَطِيْفِ مَا دَبَّرَ وَاَتْقَنَ جَمِيْعَ مَا قَدَّرَ.

ثُمَّ فَضَّلَ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابِ اَهْلَ التَّمْيِيْزِ وَالْاَلْبَابِ ثُمَّ اخْتَارَ طَائِفَةً لِصَفْوَتِهٖ وَهَدَاهُمْ لُزُوْمَ طَاعَتِهٖ مِنْ اِتِّبَاعِ سُبُلِ الْاَبْرَارِ فِیْ لُزُوْمِ السُّنَنِ وَالْآثَارِ فَزَيَّنَ قُلُوْبَهُمْ بِالْاِيْمَانِ وَاَنْطَقَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْبَيَانِ مِنْ كَشْفِ اَعْلَامِ دِيْنِهٖ وَاتِّبَاعِ سُنَنِ نَبِيِّهٖ بِالدُّؤُوْبِ فِی الرِّحَلِ وَالْاَسْفَارِ وَفِرَاقِ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَارِ فِیْ جَمْعِ السُّنَنِ.

وَرُفِضَ الْاَهْوَاءِ وَالتَّفَقُّهُ فِيْهَا بِتَرْكِ الْآرَاءِ فَتَجَرَّدَ الْقَوْمُ لِلْحَدِيْثِ وَطَلَبُوْهُ وَرَحَلُوْا فِيْهِ وَكَتَبُوْهُ وَسَاَلُوْا عَنْهُ وَاَحْكَمُوْهُ وَذَاكَرُوْا بِهٖ وَنَشَرُوْهُ وَتَفَقَّهُوْا فِيْهِ وَاَصَّلُوْهُ وَفَرَّعُوْا عَلَيْهِ وَبَذَلُوْهُ وَبَيَّنُوا الْمُرْسَلَ مِنَ الْمُتَّصِلِ وَالْمَوْقُوْفَ مِنَ الْمُنْفَصِلِ وَالنَّاسِخَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ وَالْمُحْكَمَ مِنَ الْمَفْسُوْخِ وَالْمُفَسَّرَ مِنَ الْمُجْمَلِ وَالْمُسْتَعْمَلَ مِنَ الْمُهْمَلِ وَالْمُخْتَصَرَ مِنَ الْمُتَقَصّٰی وَالْمَلْزُوْقَ مِنَ الْمُتَفَصّٰی وَالْعُمُوْمَ مِنَ الْخُصُوْصِ وَالدَّلِيْلَ مِنَ الْمَنْصُوْصِ وَالْمُبَاحَ مِنَ الْمَزْجُوْرِ وَالْغَرِيْبَ مِنَ الْمَشْهُوْرِ وَالْفَرْضَ مِنَ الْاِرْشَادِ وَالْحَتْمَ مِنَ الْاِيْعَادِ وَالْعُدُوْلَ مِنَ الْمَجْرُوْحِيْنَ وَالضُّعَفَاءَ مِنَ الْمَتْرُوْكِيْنَ وَكَيْفِيَّةَ الْمَعْمُوْلِ وَالْكَشْفَ عَنِ الْمَجْهُوْلِ وَمَا حُرِّفَ عَنِ الْمَخْزُوْلِ وَقُلِبَ مِنَ الْمَنْحُوْلِ مِنْ مُّخَايَلِ التَّدْلِيْسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ التَّلْبِيْسِ حَتّٰی حَفِظَ اللّٰهُ بِهِمُ الدِّيْنَ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَصَانَهٗ عَنْ ثَلْبِ الْقَادِحِيْنَ وَجَعَلَهُمْ عِنْدَ التَّنَازُعِ اَئِمَّةَ الْهُدٰی وَفِی النَّوَازِلِ مَصَابِيْحَ الدُّجٰی فَهُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَمَاْنَسُ الْاَصْفِيَاءِ وَمَلْجَاُ الْاَتْقِيَاءِ وَمَرْكَزُ الْاَوْلِيَاءِ.

فَلَهُ الْحَمْدُ عَلٰی قَدْرِهٖ وَقَضَائِهٖ وَتَفَضُّلِهٖ بِعَطَائِهٖ وَبِرِّهٖ وَنِعْمَائِهٖ وَمَنِّهٖ بِآلَائِهٖ.

وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا الَّذِىْ بِهِدَايَتِهٖ سَعِدَ مَنِ اهْتَدٰى وَبِتَايِيْدِهٖ رَشَدَ مَنِ اتَّعَظَ وَارْعَوٰى وَبِخِذْلَانِهٖ ضَلَّ مَنْ زَلَّ وَغَوٰى وَحَادَ عَنِ الطَّرِيْقَةِ الْمُثْلٰى.

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلُهُ الْمُرْتَضٰى بَعَثَهُ اِلَيْهِ دَاعِيًا وَاِلٰى جَنَانِهٖ هَادِيًا فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَزْلَفَهُ فِى الْحَشْرِ لَدَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ.

اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا انْتَخَبَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ وَلِيًّا وَبَعَثَهُ اِلٰى خَلْقِهٖ نَبِيًّا لِيَدْعُوا الْخَلْقَ مِنْ عِبَادَةِ الْاَشْيَاءِ اِلٰى عِبَادَتِهٖ وَمِنْ اِتِّبَاعِ السُّبُلِ اِلٰى لُزُوْمِ طَاعَتِهٖ حَيْثُ كَانَ الْخَلْقُ فِىْ جَاهِلِيَّةٍ جَهْلَاءَ وَعَصَبِيَّةٍ مَضِلَّةٍ عُمْيَاءَ يَهِيْمُوْنَ فِى الْفِتَنِ حَيَارٰى وَيَخُوْضُوْنَ فِى الْاَهْوَاءِ سُكَارٰى يَتَرَدَّدُوْنَ فِىْ بِحَارِ الضَّلَالَةِ وَيَجُوْلُوْنَ فِىْ اَوْدِيَةِ الْجِهَالَةِ شَرِيْفُهُمْ مَغْرُوْرٌ وَوَضِيْعُهُمْ مَقْهُوْرٌ.

فَبَعَثَهُ اللّٰهُ اِلٰى خَلْقِهٖ رَسُوْلًا وَجَعَلَهُ اِلٰى جَنَانِهٖ دَلِيْلًا فَبَلَّغَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ رِسَالَاتِهٖ وَبَيَّنَ الْمُرَادَ عَنْ آيَاتِهٖ وَاَمَرَ بِكَسْرِ الْاَصْنَامِ وَدَحْضِ الْاَزْلَامِ حَتّٰى اَسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ وَاَبْدَى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهٖ وَانْحَطَّ بِهٖ اَعْلَامُ الشِّقَاقِ وَانْهَشَمَ بِهٖ بَيْضَةُ النِّفَاقِ.

وَاِنَّ فِىْ لُزُوْمِ سُنَّتِهٖ تَمَامَ السَّلَامَةِ وَجِمَاعَ الْكَرَامَةِ لَا تُطْفَاُ سُرُجُهَا وَلَا تُدْحَضُ حُجَجُهَا مَنْ لَزِمَهَا عُصِمَ وَمَنْ خَالَفَهَا نَدِمَ اِذْ هِىَ الْحِصْنُ الْحَصِيْنُ وَالرُّكْنُ الرَّكِيْنُ الَّذِىْ بَانَ فَضْلُهُ وَمَتُنَ حَبْلُهُ مَنْ تَمَسَّكَ بِهٖ سَادَ وَمَنْ رَامَ خِلَافَهُ بَادَ فَالْمُتَعَلِّقُوْنَ بِهٖ اَهْلُ السَّعَادَةِ فِى الْآجِلِ وَالْمَغْبُوْطُوْنَ بَيْنَ الْاَنَامِ فِى الْعَاجِلِ.

وَاِنِّىْ لَمَّا رَاَيْتُ الْاَخْبَارَ طُرُقُهَا كَثُرَتْ وَمَعْرِفَةُ النَّاسِ بِالصَّحِيْحِ مِنْهَا قَلَّتْ لِاشْتِغَالِهِمْ بِكِتْبَةِ الْمَوْضُوْعَاتِ وَحِفْظِ الْخَطَا وَ الْمَقْلُوْبَاتِ حَتّٰى صَارَ الْخَبَرُ الصَّحِيْحُ مَهْجُوْرًا لَا يُكْتَبُ وَالْمُنْكَرُ الْمَقْلُوْبُ عَزِيْزًا يُسْتَغْرَبُ وَاِنَّ مَنْ جَمَعَ السُّنَنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَتَكَلَّمَ عَلَيْهَا مِنْ اَهْلِ الْفِقْهِ وَالدِّيْنِ اَمْعَنُوْا فِىْ ذِكْرِ الطُّرُقِ لِلْاَخْبَارِ وَاَكْثَرُوْا مِنْ تَكْرَارِ الْمُعَادِ لِلْآثَارِ قَصْدًا مِّنْهُمْ لِتَحْصِيْلِ الْاَلْفَاظِ عَلٰى مَنْ رَامَ حِفْظَهَا مِنَ الْحُفَّاظِ فَكَانَ ذٰلِكَ سَبَبُ اِعْتِمَادِ الْمُتَعَلِّمِ عَلٰى مَا فِى الْكِتَابِ وَتَرْكِ الْمُقْتَبِسِ التَّحْصِيْلَ لِلْخِطَابِ.

فَتَدَبَّرْتُ الصِّحَاحَ لِاَسْهَلَ حِفْظَهَا عَلَى الْمُتَعَلِّمِيْنَ وَاَمْعَنْتُ الْفِكْرَ فِيْهَا لِئَلَّا يَصْعُبَ وَعْيُهَا عَلَى الْمُقْتَبِسِيْنَ فَرَاَيْتُهَا تَنْقَسِمُ خَمْسَةَ اَقْسَامٍ مُتَسَاوِيَةٍ مُتَّفِقَةِ التَّقْسِيْمِ غَيْرِ مُتَنَافِيَةٍ.

فَاَوَّلُهَا الْاَوَامِرُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِهَا.

وَالثَّانِىُ النَّوَاهِىُ الَّتِىْ نَهَى اللّٰهُ عِبَادَهُ عَنْهَا.

وَالثَّالِثُ اِخْبَارُهُ عَمَّا اُحْتِيْجَ اِلٰى مَعْرِفَتِهَا.

وَالرَّابِعُ الْاِبَاحَاتُ الَّتِىْ اُبِيْحَ اِرْتِكَابُهَا.

وَالْخَامِسُ اَفْعَالُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِىْ اِنْفَرَدَ بِفِعْلِهَا.

ثُمَّ رَاَيْتُ كُلَّ قِسْمٍ مِنْهَا يَتَنَوَّعُ اَنْوَاعًا كَثِيْرَةً وَمِنْ كُلِّ نَوْعٍ تَتَنَوَّعُ عُلُوْمٌ خَطِيْرَةٌ لَيْسَ يَعْقِلُهَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِى الْعِلْمِ رَاسِخُوْنَ دُوْنَ مَنِ اشْتَغَلَ فِى الْاُصُوْلِ بِالْقِيَاسِ الْمَنْكُوْسِ وَاَمْعَنَ فِى الْفُرُوْعِ بِالرَّاْىِ الْمَنْحُوْسِ.

وَاَنَا نُمْلِىْ كُلَّ قِسْمٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاَنْوَاعِ وَكُلَّ نَوْعٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاِخْتِرَاعِ الَّذِىْ لَا يَخْفٰى تَحْضِيْرُهٗ عَلٰى ذَوِى الْحِجَا وَلَا تَتَعَلَّرُ كَيْفِيَّتُهٗ عَلٰى اُولِى النُّهٰى.

وَنَبْدَاُ مِنْهُ بِاَنْوَاعِ تَرَاجِمِ الْكِتَابِ ثُمَّ نُمْلِى الْاَخْبَارَ بِاَلْفَاظِ الْخِطَابِ بِاَشْهَرِهَا اِسْنَادًا وَاَوْثَقِهَا عِمَادًا مِنْ غَيْرِ وُجُوْدِ قَطْعٍ فِىْ سَنَدِهَا وَلَا ثُبُوْتِ جَرْحٍ فِىْ نَاقِلِيْهَا لِاَنَّ الْاِقْتِصَارَ عَلٰى اَتَمِّ الْمُتُوْنِ اَوْلٰى وَالْاِعْتِبَارَ بِاَشْهَرِ الْاَسَانِيْدِ اَحْرٰى مِنَ الْخَوْضِ فِىْ تَخْرِيْجِ التَّكْرَارِ وَاِنْ آلَ اَمْرُهٗ اِلٰى صَحِيْحِ الْاِعْتِبَارِ.

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِمَا قَصَدْنَا بِالْاِتْمَامِ وَاِيَّاهُ نَسْاَلُ الثَّبَاتَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَبِهٖ نَتَعَوَّذُ مِنَ الْبِدَعِ وَالْآثَامِ وَالسَّبَبِ الْمُوْجِبِ لِلْاِنْتِقَامِ اِنَّهُ الْمُعِيْنُ لِاَوْلِيَائِهٖ عَلٰى اَسْبَابِ الْخَيْرَاتِ وَالْمُوَفِّقُ لَهُمْ سُلُوْكَ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ وَاِلَيْهِ الرَّغْبَةُ فِىْ تَيْسِيْرِ مَا اَرَدْنَا وَتَسْهِيْلِ مَا اَوْ مَاْنَا اِنَّهٗ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَؤُوْفٌ رَحِيْمٌ.

دوسری فصل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' اس کی (عطا کردہ) نعمتوں کی وجہ سے' (وہ اللہ) جو اپنے غلبہ اور کبریائی کے حوالے سے یکتا ہے جو اپنی تمام تر عظمت کے باوجود اپنی مخلوق کے قریب ہے' اپنے قریب ترین ہونے کے باوجود ان سے دور ہے۔ وہ سرگوشی میں کی جانیوالی پوشیدہ بات کا بھی علم رکھتا ہے اور پوشیدہ مخفی افکار پر بھی مطلع ہے۔ زمین کے عناصر کے نیچے جو کچھ پوشیدہ ہے اور مخلوق کے ذہنوں میں جو کچھ گھومتا ہے' (وہ ان سب سے واقف ہے' وہ اللہ) جس نے کسی سابقہ مثال (کے موجود ہونے) کے بغیر' اپنی قدرت کے ذریعے اشیاء کو پیدا کیا اور کسی سابقہ ایجاد (جس کو سامنے رکھ کر) کچھ ایجاد کیا جائے یا سابقہ منظر' جس کی بنیاد پر کچھ بنایا جائے' کے نہ ہونے کے باوجود مخلوق کو بنایا۔

پھر اس نے عقل مند افراد کے لئے عقول کو راستہ بنایا' اور تجربہ کار لوگوں کے طریقے میں (اس عقل کو) پناہ گاہ بنایا اور عقول کی کیفیت تک رسائی کے لئے یہ اسباب بنائے کہ (لوگوں کو) سماعت و بصارت عطا کی اور تحقیق و قیاس آرائی کو اپنانے (کا راستہ بنایا) تو اس نے جو تدبیر کی' اس میں عمدہ طور پر محکم (طریقہ بنایا) اور جو کچھ اس نے تقدیر (میں طے کیا' یا بنایا) ان سب میں مضبوط (طریقہ مقرر) کیا۔

پھر اس نے تمیز کرنے کی صلاحیت رکھنے والوں اور عقل مند لوگوں کو مختلف قسم کے خطاب کے ہمراہ فضیلت عطا کی اور ایک گروہ کو اپنا مقرب (بنانے کے لئے) اختیار کر لیا اور ان کی اس بات کی طرف رہنمائی کی کہ وہ سنن اور آثار کو لازم کر کے' نیک لوگوں کے راستے کی پیروی کرتے ہوئے اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم کی فرمانبرداری کریں تو (اللہ تعالیٰ) نے ان لوگوں کے دلوں کو ایمان کے ذریعے مزین کر دیا اور ان کی زبانوں کو بیان کے ذریعے گویائی عطا کی۔ (جس بیان کا تعلق اس بات سے ہے کہ وہ لوگ) اس کے دین کی معلومات کی وضاحت کریں اور اس کے نبی ﷺ کی سنتوں کی پیروی کریں۔ اس کے ہمراہ وہ ان سنتوں کو جمع کرنے کے لئے' کوچ اور سفر' اہل خانہ اور اپنی ضروریات سے جدائی (کی شکل میں) مشکلات (کا سامنا کریں) اور اپنی خواہشات کو پرے کر دیں' آراء کو ترک کر کے ان (احادیث) کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔

تو ایک گروہ نے (خود کو) احادیث کے لئے مختص کر دیا۔ انہوں نے (اس علم حدیث) کی تلاش کی' اس کے لیے سفر کیا' اسے نوٹ کیا' اس کی تحقیق کی' اسے محکم کیا' اس کا مذاکرہ کیا' اسے پھیلایا' اس کی سمجھ بوجھ حاصل کی' اس کے اصول مقرر کیے' ان پر فروعی مسائل (کا اضافہ کیا) اور اسے عام کیا۔

انہوں نے متصل کے مقابلے میں مرسل' منفصل کے مقابلے میں موقوف' منسوخ کے مقابلے میں ناسخ' فسخ شدہ کے مقابلے

میں محکم' مجمل کے مقابلے میں مفسر' مہمل کے مقابلے میں مستعمل' تفصیلی کے مقابلے میں مختصر' متفصی کے مقابلے میں ملزوق' خصوص کے مقابلے میں عموم' منصوص کے مقابلے میں دلیل' ممنوع کے مقابلے میں مباح' مشہور کے مقابلے میں غریب' مستحب کے مقابلے میں فرض' دہرانے کے مقابلے میں حتمی (روایات کون سی ہیں؟ اس بات کی وضاحت کی) اور مجروح کے مقابلے میں عادل' متروک کے مقابلے میں ضعیف (راوی کون سے ہیں' اس بات کی وضاحت کی۔ انہوں نے) معمول کی کیفیت' مجہول کی وضاحت' اور شکستہ پشت سے جو پھیر دیا گیا اور بیمار سے جو پلٹ دیا گیا' (اس سب کی وضاحت کی) جس کا تعلق تدلیس کی غلط فہمی اور اس میں موجود تلبیس (یعنی دھوکہ دہی) سے ہے۔

یہاں تک کہ ان حضرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے' مسلمانوں کے لئے ان کے دین کو محفوظ کر دیا۔ اور اسے ناقدین کی تنقید سے بچالیا۔ اور ان حضرات کو اختلاف کی صورت میں' ہدایت کا پیشوا بنایا اور نئے پیش آمدہ مسائل میں اندھیرے کا چراغ بنایا تو یہ حضرات انبیاء کرام کے وارث ہیں۔ اصفیاء کے لئے سکون کا مرکز ہیں۔ پرہیزگاروں کے لئے پناہ گاہ ہیں اور اولیاء کے لئے مرکز ہیں۔

تو (اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ اس) تقدیر' اس کے فیصلے' اس کے اپنی اس عطا کے ذریعے کیے گئے' فضل' اس کی مہربانی' اس کی نعمتوں اور اس کے نعمتوں کے ذریعے احسان کرنے پر' تمام تر تعریفیں' اس کیلئے مخصوص ہیں۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جس کی (عطا کردہ) ہدایت کے ذریعے ہدایت حاصل کرنے والا سعادت مند ہوتا ہے اور اس کی تائید کے ذریعے وہ شخص رہنمائی حاصل کر لیتا ہے جو نصیحت حاصل کرتا ہے اور رجوع کرتا ہے اور اس کے رسوا کرنے کی وجہ سے' وہ شخص گمراہ ہو جاتا ہے جو پھسل جائے اور سرکشی اختیار کرے اور وہ مثالی راستے سے ہٹ جاتا ہے۔

میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے منتخب بندے ہیں اور چنے ہوئے رسول ہیں' جنہیں اس نے اپنی ذات کی طرف دعوت دینے والا اور اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنا کر بھیجا ہے تو اللہ تعالیٰ ان پر درود نازل کرے اور حشر کے دن انہیں اپنا قرب (خاص) عطا کرے اور ان کی تمام ''طیب وطاہر آل'' پر (بھی درود نازل کرے)

امابعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو اپنے ولی کے طور پر منتخب کیا اور انہیں اپنی مخلوق کی طرف نبی کے طور پر مبعوث کیا تا کہ وہ مخلوق کو اس بات کی دعوت دیں کہ وہ لوگ مختلف اشیاء کی عبادت کو چھوڑ کر' اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کریں اور مختلف راستوں کی پیروی کو چھوڑ کر' اس (اللہ تعالیٰ) کی فرمانبرداری کو لازم پکڑ لیں (انہیں اس وقت مبعوث کیا) جبکہ مخلوق انتہائی جاہلیت اور گمراہ کن اندھی عصبیت کا شکار تھی۔ وہ حیرانگی کے عالم میں فتنوں میں چکرا رہے تھے اور مدہوشی کے عالم میں نفسانی خواہشات (کی پیروی) میں ڈوبے ہوئے تھے۔ وہ گمراہی کے سمندروں میں ادھر ادھر ہو رہے تھے اور جہالت کی وادیوں میں چکر لگا رہے تھے۔ ان کے اونچے طبقے کا فرد دھوکے کا شکار تھا اور نچلے طبقے کا فرد قہر کا شکار تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی حضرت محمد ﷺ کو) ان کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور انہیں اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنایا تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا۔ اس کی آیات کی مراد کو واضح کر دیا۔ آپ نے بتوں کو توڑنے اور (پانسے کے) تیروں کو پرے کرنے کا حکم دیا' یہاں تک کہ صرف

آپ کی وجہ سے حق روشن ہوگیا اور آپ کی صبح کی وجہ سے (گمراہی کی) رات رخصت ہوگئی۔ آپ کی وجہ سے دشمنی کے جھنڈے سرنگوں ہوگئے اور نفاق کا انڈہ ٹوٹ گیا۔

بے شک آپ کی سنت کو لازم پکڑنے میں ہی تمام سلامتی ہے اور پوری بزرگی ہے۔ جس (سنت) کے چراغ بجھ نہیں سکتے اور اس کے دلائل کو پرے نہیں کیا جاسکتا جو اسے لازم پکڑ لے وہ محفوظ ہوگیا۔ جس نے اس کی مخالفت کی وہ ندامت کا شکار ہوگا۔ کیونکہ یہی (سنت) محفوظ پناہ گاہ اور مضبوط ستون ہے۔ جس کی فضیلت واضح ہے اور اس کی رسی مضبوط ہے‘ جو شخص اسے مضبوطی سے تھام لے گا وہ سردار بن جائے گا اور جو اس کے خلاف کا قصد کرے گا وہ ہلاک ہوجائے گا تو اس سے متعلق افراد دیر سے (یعنی آخرت میں) اہل سعادت ہونگے اور جلدی (یعنی دنیا میں) قابل رشک ہونگے۔

جب میں نے دیکھا کہ روایات کے طرق زیادہ ہوگئے ہیں اور ان (روایات) میں سے ''صحیح'' کے بارے میں لوگوں کی معرفت کم ہوگئی ہے کیونکہ لوگ ''موضوع'' روایات نوٹ کرنے‘ (روایات میں نقل ہونے والی) غلطیوں کو یاد رکھنے‘ مقلوب (روایات کو یاد رکھنے) میں مشغول ہیں۔ یہاں تک کہ ''صحیح'' حدیث کو چھوڑ دیا گیا ہے کہ اسے نوٹ نہیں کیا جاتا جبکہ منکر اور مقلوب روایات غالب ہیں جنہیں نادر سمجھا جاتا ہے حالانکہ اہل فقہ و دین سے تعلق رکھنے والے ائمہ عظام نے‘ احادیث کو جمع کرتے ہوئے اور ان کے بارے میں کلام کرتے ہوئے روایات کے طرق اس لیے ذکر کیے اور ان روایات کو تکرار کے ساتھ اس لیے نقل کیا تاکہ اس شخص کو (روایات کے) الفاظ (کا علم) حاصل کرنے میں (آسانی ہو) جو انہیں حفظ کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ (لوگوں نے غیر مستند روایات اس لیے نوٹ کرنا شروع کردی ہیں) کیونکہ طالبعلم لکھی ہوئی چیز پر اعتماد کرتا ہے۔ اور فیضیاب ہونیوالے نے خطاب (روایات کے متن) کے حصول کو ترک کردیا ہے۔

تو میں نے مستند روایات میں تدبر کیا تاکہ میں (علم حدیث کے) طلباء کے لئے ان (روایات کو) حفظ کرنے کو آسان کر دوں۔ میں نے اس میں خوب غور و خوض کیا تاکہ فیضیاب ہونیوالے کے لئے ان (احادیث) کو یاد رکھنا مشکل نہ رہے تو میں نے یہ دیکھا کہ یہ (تمام تر) روایات پانچ اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں جو برابر کی متفقہ تقسیم ہے اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔

ان میں سے پہلی (قسم) یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو ''اوامر'' دیے ہیں۔

دوسری (قسم) وہ ''نواہی'' ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منع کیا ہے۔

تیسری (قسم) وہ اطلاعات ہیں‘ جو ان امور کے بارے میں ہیں۔ جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

چوتھی (قسم) وہ ''اباحات'' ہیں جن کے ارتکاب کو مباح قرار دیا گیا ہے۔

پانچویں (قسم) نبی اکرم ﷺ کے وہ افعال ہیں جنہیں کرنے میں آپ ﷺ منفرد ہیں۔

پھر میں نے یہ دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک قسم میں بہت سی شاخیں (یعنی ذیلی اقسام) ہیں اور ان میں سے ہر ایک شاخ بہت سی معلومات پر مشتمل ہے جس کا فہم صرف عالموں کو حاصل ہوسکتا ہے۔ وہ (علماء) جو علم میں رسوخ رکھتے ہیں۔ وہ لوگ نہیں جو اصول کے بارے میں اوندھے قیاس میں مشغول ہوتے ہیں اور فروع میں منحوس رائے کے ذریعے غور و فکر کرتے ہیں۔

ہم ان میں سے ہر ایک قسم کو املاء کروائیں گے اور اس میں جو انواع (یعنی ذیلی اقسام) موجود ہیں اور ان میں سے ہر نوع میں جو معلومات ہیں (ان سب کو ہم املاء کروائیں گے) تا کہ اہل حجت کے لئے انہیں حاضر کرنا مخفی نہ رہے اور اہل عقل کے لئے ان کی کیفیت متعذر نہ رہے۔

ہم پہلے ہر نوع کے تراجم ابواب املاء کروائیں گے۔ پھر روایات کے الفاظ مشہور اسناد اور قابل وثوق حوالوں سے املاء کروائیں گے (ان روایات) کی سند میں کوئی انقطاع موجود نہیں ہوگا اور اس کے نقل کرنے والوں میں سے (کسی کے بھی) بارے میں جرح ثابت نہیں ہوگی۔

اس کی وجہ یہ ہے مکمل ترین متون پر اکتفاء کر لینا' زیادہ مناسب ہے اور مشہور اسانید پر اعتماد کرنا زیادہ لائق ہے۔

بہ نسبت اس کے کہ تکرار کی تخریج کا اہتمام کیا جائے۔ اگر چہ اس کے معاملے نے صحیح اعتبار کی طرف ہی لوٹنا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی اسے مکمل کرنے کی توفیق عطا کرنے والا ہے' جو قصد ہم نے کیا ہے اور ہم اسی سے' سنت اور اسلام پر ثابت قدم رہنے کا سوال کرتے ہیں' اور ہم بدعات' گناہوں اور انتقام کو لازم کرنے والی چیزوں سے' اس کی پناہ مانگتے ہیں۔ بے شک وہ بھلائی کے اسباب میں اپنے دوستوں کا مددگار ہے اور مختلف قسم کی طاعات کے راستے کی ان لوگوں کو توفیق دینے والا ہے' ہم نے جو ارادہ کیا ہے اس کو آسان کرنے کے لئے اور جو اشارہ کیا ہے اس کی تسہیل کے لئے' اسی کی طرف امید کی جا سکتی ہے۔ بے شک وہ جواد کریم' مہربان اور رحیم ہے۔

اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ وَهُوَ الْاَوَامِرُ

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تدبرت خطاب الاوامر عن المصطفى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاستكشاف ما طواه فى جوامع كلمه فرايتها تدور على مائة نوع وعشرة انواع يجب على كل منتحل لسنن ان يعرف فصولها وكل منسوب الى العلم ان يقف على جوامعها لئلا يضع السنن الا فى مواضعها ولا يزيلها عن موضع القصد فى سننها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ استعمال شيء عند حدوث شيئين معلومين اضمر كيفيتهما فِيْ نَفْسِ الْخِطَابِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ افرادهما واجتماعهما معا.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِيْ هو منسوخ نسخه فعله واباحته جميعا.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْيَاءٍ قصد بها الندب والارشاد لا الحتم والايجاب.

اَلنَّوْعُ الْخَمْسُوْنَ: لفظة اِبَاحَةُ لشيء سئل عنه مراده الزَّجْر عَنْ استعمال ذٰلِكَ الشيء المسؤول عنه

بلفظ الاِبَاحَةِ.

اَلـنَّـوْ عُ الْحَادِیْ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ قصد به الزجر عَمَّا یتولد من ذٰلِكَ الشیء لا ان ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ زجر فی ظاهر الخطاب عنه منهی عنه اذا لم یکن ما یتولد منه موجودا.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْیَاءٍ باطلاق الفاظ بواطنها بخلاف الظواهر منها.

اَلـنَّـوْعُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ فعل من اجل شیء یتوقع فما دام یتوقع کون ذٰلِكَ الشیء کان الزجر قائما عن استعمال ذٰلِكَ الفعل ومتی عدم ذٰلِكَ الشیء جاز اِسْتِعْمَالُهٗ.

اَلـنَّـوْعُ الـرَّابِـعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْیَاءِ الَّتِیْ اطلقت بالفاظ التهدید دون الحکم قصد الزَّجْر عَنها بلفظ الاخبار.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: الفاظ تعبیر لاشیاء مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهَا تورعا.

اَلـنَّـوْعُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: الاخبار عن الشیء الَّذِیْ مراده الزَّجْر عَنْ استعمال فعل من اجل سبب قد یتوقع کونه.

اَلـنَّـوْعُ السَّـابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اتیان طاعة بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ اذا کانت منفردة حَتّٰی تقرن باخری مثلها قد یباح تارة اخری اِسْتِعْمَالُهَا مفردة فی حالة غیر تلك الحالة الَّتِیْ نهی عنها مفردة.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـامِنُ وَالْـخَـمْسُـوْنَ: اَلـزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ نهی عنه لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ فمتی کانت تلك العلة موجودة کان الزجر واجبا وقد یبیح هذا الزجر شرط آخر وان کانت العلة الَّتِیْ ذکرناها معلومة.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: الاعلام للشیء الَّذِیْ مراده اَلزَّجْرُ عَنْ شَیْءٍ ثان.

اَلـنَّـوْعُ السِّتُّوْنَ: اَلْاَمْـرُ الَّـذِیْ قـرن بـمـجانبته مدة معلومة مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ 2 فـی الوقت المزجور عنه والوقت الَّذِیْ ابیح فیه.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسِّتُّوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ باطلاق نفی کون مرتکبه من المسلمین وَالْمُرَادُ مِنْهُ ضد الظاهر فی الخطاب.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسِّتُّوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْیَاءٍ وردت بالفاظ التعریض دون التصریح.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـالِثُ وَالسِّتُّوْنَ: تـمثیل الشیء بالشیء الَّذِیْ ارید به الزَّجْر عَنْ استعمال ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ یمثل من اجله.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: الزَّجْر عَنْ مجاورة شیء عند وجوده مع النهی عن مفارقته عند ظهوره.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اِسْتِعْمَالُهٗ قرن بذکر وعید مراده نَفْیُ الِاسْمِ عَنِ الشَّیْءِ لِلنَّقْصِ عَنِ الْکَمَالِ.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ سئل عنه بوصف مراده الزَّجْر عَنْ استعمال ضده.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ بذکر عدد محصور من غير ان يكون الْمُرَادُ مِنْ ذٰلِكَ العدد نفيا عَمَّا وراء ه اطلق هذا الزجر بلفظ الاخبار.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ ضد ذٰلِكَ الفعل.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ: لفظة استخبار عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اسْتِعْمَالِ ذَلِكَ الفعل المستخبر عنه.

اَلنَّوْعُ السَّبْعُوْنَ: لفظة استخبار عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال شیء ثان.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ بذکر عدد محصور من غير ان يكون المراد فيما دون ذٰلِكَ العدد المحصور مباحا.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسَّبْعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ استعمال شیء من اجل علة مضمرة فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ فاوقع الزجر على العموم فيه من غير ذكر تلك العلة.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ: فعل فعل بامته صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهُ بعينه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ يكون مرتكبه ماجورا حكمه فی ارتكابه ذٰلِكَ الشیء المزجور عنه حكم من ندب اليه وحث عليه.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا نهى عنه من الاشياء الَّتِیْ غير جائز ارتكابها.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: الاخبار عن ذم اقوام باعيانهم من اجل اوصاف معلومة ارتكبوها مراده الزَّجْر عَنْ استعمال تلك الاوصاف باعيانها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اِسْتِعْمَالُهُ لاقوام باعيانهم عند وجود نعت معلوم فيهم قد اضمر كيفية ذٰلِكَ النعت فی ظاهر الخطاب.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسَّبْعُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ استعمال بعض ذٰلِكَ الشیء لَا الْكُلُّ.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: لفظة اخبار عن نفی فعل مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهُ لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ الثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن نفی شیء عند كونه وَالْمُرَادُ مِنْهُ الزَّجْر عَنْ بعض ذٰلِكَ الشیء لَا الْكُلُّ.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عن نفی افعال مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ تلك الخصال باعيانها.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عن نفی اشياء مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ الركون اليها او مباشرتها من حيث لا يجب.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن الشیء بلفظ المجاورة مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ الخصال الَّتِیْ قرن بمرتکبها من اجلها ذٰلِكَ الاسم.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عَنْ اَشْيَاءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْها باطلاق استحقاق العقوبة على تِلْكَ الْاَشْيَاءِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ مرتکبها لا نفسها.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن استعمال شیء مراده اَلزَّجْرُ عَنْ شَيْءٍ ثان من اجله اخبر عن استعمال هذا الفعل.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْفَاظُ الْإِخْبَارِ عَنْ اَشْيَاءٍ بتباين الالفاظ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال تِلْكَ الْاَشْيَاءِ باعیانها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ التمثیل لاشیاء بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ الَّذِیْ بیان تخصیصها فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ قصد بها الزَّجْر عَنْ بعض ذٰلِكَ العموم.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالثَّمَانُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَيْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ استعمال بعض الناس لَا الْكُلّ.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ الاستخبار عَنْ اَشْيَاءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال تِلْكَ الْاَشْيَاءِ الَّتِی استخبر عنها قصد بها التعلیم علی سبیل العتب.

اَلنَّوْعُ التِّسْعُوْنَ: لفظة اخبار عن ثلاثة اشیاء مَقْرُوْنَةٍ فِی الذِّكْرِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ الْمُرَادُ مِنْ احدها الزَّجْر عَنْه لعلة مضمرة لَمْ تُذْكَرْ فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ والثَّانِیُّ والثَّالِثُ مزجور ارتکابهما فِیْ كُلِّ الْاَحْوَالِ علی عموم الخطاب.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عَنْ اَشْيَاءٍ بالفاظ التحذیر مُرَادُهَا اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِیْ حذر عنها فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عن نفی جواز اشیاء معلومة مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اتیان تِلْكَ الْاَشْيَاءِ بتلك الاوصاف.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِیْ زجر عنه بعض الْمُخَاطَبِيْنَ فِیْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وعارضه فی الظاهر بعض فعله ووافقه البعض.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ باطلاق اِلاسْمَ الْوَاحِدَ عَلَى الشَّيْئَيْنِ الْمُخْتَلِفِی الْمَعْنٰی فَيَكُونُ احدهما ماموراً به والآخر مزجوراً عنه.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عن الشیء بلفظ نفی اِسْتِعْمَالُهٗ فی وقت معلوم مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ فِیْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ لا نفیه.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ بلفظة قد استعمل مثله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد ادی

الخبران عنه بلفظة واحدة معناها غير شيئين.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: الزَّجر عَنْ استعمال شيء بصفة مطلقة يَجُوْزُ اِسْتِعْمَالُهُ بتلك الصفة اذا قصد بالاداء غيرها.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ بصفة معلومة قد ابيح اِسْتِعْمَالُهُ بتلك الصفة المزجور عنها بعينها لعلة تحدث.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ هو البيان لمجمل الخطاب فى الكتاب.

اَلنَّوْعُ الْمِئَةُ: الاخبار عَنْ شَيْئَيْنِ مقرونين فى الذكر الْمُرَادُ مِنْ احدهما الزَّجر عَنْ ضده والآخر اَمْرُ نُدْبٍ وَّاِرْشَادٍ.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ كان مباحا فِىْ كُلِّ الْاَحْوَالِ ثُمَّ زجر عنه بالنسخ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وبقى الباقى على حالته مباحا فى سائر الاحوال.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىُّ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ كان مباحا فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ ثُمَّ زجر عن قليله وكثيره فى جميع الاوقات بالنسخ.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْمِئَةُ: الاخبار عن الشيء الَّذِىْ مراده الزَّجْر عَنْه على سَبيل العموم وله تخصيص من خبر ثان.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ اباح لهم ارتكابه ثُمَّ اباح لهم اِسْتِعْمَالُهُ بعد هذا الزجر مدة معلومة ثُمَّ نهى عنه بالتحريم فهو محرم الى يوم القيامة.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ من اجل سبب معلوم ثُمَّ ابيح ذٰلِكَ الشيء بالنسخ وبقى السبب على حالته محرما.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ عرضه اِبَاحَةُ ذٰلِكَ الشيء بعينيه من غير ان يكون بينهما فى الحقيقة تضاد ولا تهاتر اَلنَّوْعُ.

السَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ مراده الزَّجر عَنْ ضد ذٰلِكَ الشيء المامور به لعلة مضمرة فِىْ نَفْسِ الْخطَاب

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِىْ قصد بها مخالفة المشركين واهل الكتاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْمِئَةُ: الفاظ الوعيد على اشياء مُرَادُهَا الزَّجر عَنْ ارتكاب تِلْكَ الْاَشْيَاءِ باعيانها

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَشْيَاءُ الَّتِىْ كان يكرهها رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يستحب مجانبتها وان لم يكن فى ظاهر الخطاب النهى عنها مطلقا.

سنن کی اقسام میں سے دوسری قسم

جو ''نواہی'' ہیں

امام ابوحاتم فرماتے ہیں: مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول ''نواہی'' کی میں نے تحقیق کی اوران کی فصول کی جوامع میں غور وفکر کیا۔ان کے ورود کی نوعیّتوں (کا جائزہ لیا) کیونکہ فصول کی شکل میں ان کی جزء بندی بھی اصول میں ''اوامر'' کی جگہ ہی ہوگی' تو میں نے یہ دیکھا کہ ان کی بھی ایک سودس قسمیں ہی بنتی ہیں۔

پہلی قسم: اس بات کی ممانعت کہ صرف کتاب (یعنی قرآن) پر تکیہ کرلیا جائے اور مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول اوامر ونواہی کو ترک کردیا جائے۔

دوسری قسم: الفاظ یوں ہوں جیسے کسی چیز اوراس کی کیفیت کے بارے میں اطلاع دی جارہی ہے اور مراد اس چیز کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

تیسری قسم: وہ ممانعت کچھ چیزوں کے بارے میں ہوگی' جس کے ذریعے مخاطب افراد کو تمام حالتوں اور تمام اوقات میں منع کیا گیا ہو۔یہاں تک کہ ان میں سے کسی ایک کے لئے بھی کسی بھی صورت میں اس کے ارتکاب کی گنجائش نہ ہو۔

چوتھی قسم: بعض مخاطب افراد کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا۔تمام صورتوں میں (منع نہیں کیا گیا ہے)

پانچویں قسم: مردوں کو منع کیا گیا ہوگا۔خواتین کو نہیں۔

چھٹی قسم: خواتین کو منع کیا گیا ہوگا، مردوں کو نہیں۔

ساتویں قسم: بعض خواتین کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا ہوگا۔تمام حالتوں میں (منع نہیں کیا گیا ہوگا)

آٹھویں قسم: مخاطب افراد کو متعین اوقات میں منع کیا گیا ہوگا اوران اوقات کا تذکرہ نفس خطاب میں ہوگا اوراس سے مراد یہ ہوگا کہ خطاب میں جن اوقات کا ذکر ہوا ہے اس کی بعض حالتیں مراد ہیں۔

نویں قسم: وہ ممانعت ایسی اشیاء کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ مختصر الفاظ میں (حدیث میں) مذکور ہوا ہوگا اوراس کی نقیض کا ذکر دوسری روایات میں ہوگا۔

دسویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیزوں کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ (حدیث میں) مجمل الفاظ میں وارد ہوا ہے اوران جملوں کی وضاحت دوسری روایات میں مذکور ہوگی۔

گیارہویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جو عمومی (مفہوم رکھنے والے) لفظ کے ہمراہ منقول ہے اوراس کی

تخصیص کی وضاحت نبی اکرم ﷺ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل مبارک میں ہوگی۔

بارہویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جوعمومی (مفہوم رکھنے والے) لفظ کے ہمراہ منقول ہے اور اس کی ایک علت ہوگی' جس کا ذکر نفس خطاب میں نہیں ہوگا۔ اس (علت کا تذکرہ) دوسری روایت میں ہوگا' تو جب تک وہ علت موجود رہے گی۔ اس چیز کے استعمال کی ممانعت کا حکم باقی رہے گا اور جب وہ علت معدوم ہو جائے گی، تو اس چیز کا استعمال جائز ہوگا اور یہی ممنوعہ چیز دوسری دو صورتوں میں مباح قرار دی جائے گی۔ اگرچہ وہ علت بھی موجود ہو' اور ممانعت بھی قائم ہو۔

تیرہویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں لفظ کے ایسے عموم کے ہمراہ ہوگی کہ اس عموم کے کچھ حصے کا استثناء کر لیا گیا ہوگا اور دوسری روایات میں بعض متعین شرائط کے ہمراہ (اس عمل کو) مباح قرار دیا گیا ہو۔

چودھویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں لفظ کے عموم کے ہمراہ ہوگی اور اس عمل کا ارتکاب دو متعین اوقات میں مباح قرار دیا گیا ہوگا ان میں سے ایک کے بارے میں نص دوسری روایت میں موجود ہوگی اور دوسری کا استنباط دوسری سنت سے کیا گیا ہو گا۔

پندرہویں قسم: ان (تین اشیاء میں سے) پہلی اور دوسری کے ذریعے مرد مراد لئے گئے ہوں گے، خواتین مراد نہیں ہوں گی' جبکہ تیسری چیز کے بارے میں مرد اور خواتین سب مراد ہوں گے۔ اس کی وجہ وہ علت ہوگی' جو نفس خطاب میں پوشیدہ ہوگی اور اس کی کیفیت کو دوسری روایت میں بیان کیا گیا ہوگا۔

سولہویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس کے ذکر میں مخصوص ہونے (کا مفہوم) پایا جاتا ہے حالانکہ اس کی مثل اشیاء اس بارے میں اس کی شریک ہوں گی اور اس سے مراد تاکید (کا مفہوم واضح کرنا) ہوگا۔

سترہویں قسم: وہ ممانعت ایسی تین اشیاء کے بارے میں ہوگی جن کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہوگا۔ ان میں سے ایک کے ذریعے ندب اور ارشاد مراد لیا گیا ہوگا، دوسری چیز سے ممانعت کسی متعین علت کی وجہ سے ہوگی' تو جب بھی وہ علت موجود ہوگی' جس کی وجہ سے اس چیز سے منع کیا گیا ہے' تو ممانعت لازم ہوگی، اور جب وہ علت معدوم ہوگی' تو اس ممنوع قرار دی جانے والی چیز کا استعمال مباح ہوگا۔ تیسری (ذکر شدہ چیز) کسی متعین وقت میں کسی فعل کی ممانعت کے بارے میں ہوگی اور اس سے مراد یہ ہوگا کہ اس فعل پر اس (مذکورہ) وقت، اس سے پہلے اور بعد والے وقت (یعنی کسی بھی وقت میں) عمل نہ کیا جائے۔

اٹھارویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں ہوگی اور حرام قرار دیئے جانے کے الفاظ کے ہمراہ ہوگی لیکن اس کے ذریعے مراد تردد ہوں گے۔ خواتین مراد نہیں ہوں گی۔ ان کے لئے اس ممنوع قرار دی جانے والی چیز کا استعمال دو متعین علتوں کی وجہ سے دو حالتوں میں جائز ہوگا۔

انیسویں قسم: کچھ اشیاء سے ممانعت کا وہ حکم متعین اقوام کے بارے میں وارد ہوگا لیکن ان لوگوں اور دوسرے مسلمانوں کا اس بارے میں حکم ایک جیسا ہوگا۔

بیسویں قسم: وہ ممانعت تین چیزوں کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ ایک ساتھ ہوا ہوگا۔ ان (تین میں سے) پہلی دو

چیزوں (کا حکم) مردوں کے بارے میں ہوگا۔ خواتین کے لئے نہیں ہوگا' جبکہ تیسری چیز کے بارے میں مرد وخواتین دونوں مراد لئے گئے ہوں گے لیکن یہ بعض حالتوں میں ہوگا۔ تمام حالتوں میں نہیں ہوگا۔

اکیسویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس کے استعمال کی پہلے کچھ لوگوں کو اجازت دی جا چکی ہوگی۔ جس کا سبب پہلے گزر چکا ہوگا۔ پھر اس چیز کو ان لوگوں اور دیگر تمام لوگوں کے لئے کلی طور پر ممنوع قرار دیدیا گیا ہو' اور اس ممانعت میں موجود علت یہ ہوگی کہ اس بارے میں مشرکین کی مخالفت کرنا مقصود ہوگا۔

بائیسویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس سے ایک متعین فرد کو منع کیا گیا ہوگا' جبکہ اس سے مراد بعض حالتوں میں بعض حضرات ہوں گے۔

23 ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں ممانعت ہو لیکن اس کے ذریعے مقصود احتیاط ہو' یہاں تک کہ آدمی اس کے ارتکاب کے وقت ممنوعہ چیز کا مرتکب شمار نہ ہو۔

24 ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں ممانعت ہو' اور وہ ممانعت لفظ عموم کے ہمراہ اور ان اشیاء کی کیفیت نفسِ خطاب (یعنی روایت کے متن) میں پوشیدہ ہو۔

25 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ممانعت ہو' جس کا مخرج' خصوص کا مخرج ہو جو کسی متعین قوم کے بارے میں اور کسی متعین چیز کے حوالے سے ہو لیکن وہ خطاب ان لوگوں اور ان کے بعد آنے والے دوسرے لوگوں پر بھی واقع ہو' جبکہ وہ سبب موجود ہو جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہو۔

26 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ممانعت' لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو اور اس چیز سے مردوں اور خواتین (دونوں) کو منع کیا گیا ہو اور پھر اس میں سے بعض مردوں کا استثناء کر لیا جائے اور ان کے لئے اس چیز کو مباح قرار دے دیا جائے جبکہ باقی خواتین اور مردوں کے لئے وہ حکم اپنی اصل حالت پر باقی رہے۔

27 ویں قسم: وہ ممانعت اس چیز کے حوالے سے ہو کہ کسی آدمی کے ساتھ اس کے مرنے کے بعد کوئی ایسا کام کرنے سے منع کیا گیا ہو' جسے کسی متعین علت کی وجہ سے اس کے مرنے سے پہلے بھی حرام قرار دیا گیا تھا۔ اس پر جو حرام ہوا' سو ہوا۔

28 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت جو اس کے مرتکب کو سنانے کے الفاظ کے ہمراہ وارد ہوئی ہو اور اس میں ایک متعین شرط پوشیدہ ہو جس کا ذکر نفسِ خطاب میں نہ ہو۔

29 ویں قسم: کسی چیز سے ممانعت جس سے مقصود بعض احوال میں مخاطب افراد ہو اور مصطفیٰ کریم ﷺ کے لئے کسی متعین علت کی وجہ سے اس پر عمل کرنا مباح قرار دیا گیا ہو' لیکن یہ اجازت آپ کی امت کے لئے نہ ہو۔

30 ویں قسم: دو چیزوں سے منع کیا گیا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا اور عمومی الفاظ کے ہمراہ ہوا ان میں سے ایک پر اپنے عموم کے مطابق عمل کیا جائے گا' اور دوسری کے مخصوص ہونے کی وضاحت آپ کے فعل میں ہوگی۔

31 ویں قسم: لفظی طور پر اس شخص کی مذمت کی گئی ہو' جس نے دو متعین اوقات میں خبر سے متعلق دو چیزیں ذکر کیں' اور اس

کے ذریعے متن میں مذکور دو چیزوں میں سے ایک چیز ہو اور اس کا تعلق ان چیزوں سے ہو جن کی مذمت ان دونوں کے مرتکب پر ایک ساتھ واقع ہوئی ہو۔

32 ویں قسم: کسی چیز کے جواز کی نفی کی کسی متعین شرط کے ہمراہ اطلاع دینا اور اس سے مراد اس پر عمل کرنے کی ممانعت ہو البتہ اگر تین متعین خصائل میں سے کوئی ایک خصلت پائی جائے (تو حکم مختلف ہوگا)۔

33 ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو اور اس سے مراد کسی دوسری چیز کی ممانعت کرنا ہو جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا' تو جس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا تھا' اس سے منع کیا گیا' جو دوسری چیز کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ کی شکل میں تھا۔

34 ویں قسم: سات چیزوں سے منع کیا گیا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا' ان میں سے پہلی چیز: مردوں کے لئے لازمی ہے' خواتین کے لئے نہیں ہے۔ دوسری اور تیسری چیز میں احتیاط اور ورع کا قصد کیا گیا ہے' جبکہ چوتھی' پانچویں اور چھٹی چیز سے مقصود بعض مرد ہیں' خواتین مراد نہیں ہیں۔ ساتویں چیز کے ذریعے حتمی طور پر مشرکین کی مخالفت کا قصد کیا گیا ہے۔

35 ویں قسم: نفس خطاب میں موجود کسی پوشیدہ علت کی وجہ سے کسی فعل پر عمل کرنے کی ممانعت' جبکہ اس کی مثل فعل کو نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود اس علت کی عدم موجودگی کی صورت میں' کسی دوسری صفت کے ہمراہ مباح قرار دیا گیا ہو۔

36 ویں قسم: کسی ایسی چیز کی ممانعت' جو کسی فعل کی وجہ سے منسوخ ہوا اور اس کے مرتکب شخص کو دیکھنے کے باوجود آپ نے اس کا انکار نہ کیا ہو۔

37 ویں قسم: کسی ایسی چیز کی ممانعت' جو کسی سبب کے پیش آنے کے بعد ہوا اور اس سے مراد اس سبب کے بعد والی صورتحال ہو۔

38 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت' جس کے ہمراہ دوسری چیز کے مباح ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہو اور اس سے مراد ایک ہی شخص میں ان دونوں چیزوں کے جمع ہونے سے منع کرنا ہو' ان میں سے ہر ایک انفرادی طور پر منع نہ ہو۔

39 ویں قسم: تین اشیاء کی ممانعت' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' ان میں سے پہلی اور دوسری کا ذکر لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو' اور اس سے مراد بعض احوال میں مخاطب افراد ہوں' جبکہ تیسری کا تذکرہ لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو لیکن اس کی تخصیص کا ذکر دوسری روایت میں موجود ہو' جو کسی ذکر شدہ متعین علت کی وجہ سے ہو۔

40 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت جو قرآن کے مجمل حکم کی اور بعض احادیث کے عموم کی وضاحت ہو۔

41 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت' جو کسی متعین سبب کی عدم موجودگی میں ہو تو جب بھی وہ سبب موجود ہوگا وہ چیز مباح ہوگی جس کی ممانعت کی گئی ہے اور جب وہ سبب معدوم ہوگا تو وہ ممانعت واجب ہوگی۔

42 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت: جسے کسی متعین شرط کے ساتھ ذکر کیا گیا ہو۔ تو جب وہ شرط موجود ہوگی وہ ممانعت لازمی ہوگی اور جب وہ شرط معدوم ہوگی' تو اس چیز کا استعمال جائز ہوگا۔

43ویں قسم: کچھ اشیاء کی ممانعت' موجود اسباب کی وجہ سے ہو اور متعین علتوں کی وجہ سے ہو' جن کا ذکر نفس خطاب میں ہو۔

44ویں قسم: کسی ایسے فعل پر عمل کرنے کا حکم دیا جائے' جس کے ہمراہ اس کے متضاد کو ترک کرنے کا بھی ذکر ہو۔ اور ان دونوں سے مراد کسی تیسری چیز سے منع کرنا ہو جس کی وجہ سے اس فعل پر عمل کیا جاتا ہے۔

45ویں قسم: ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہو' جس پر عمل کرنے سے ایک مخصوص صفت میں منع کیا گیا ہو اور پھر بعینہ اسی فعل کو کسی دوسری صفت کے ہمراہ کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہو لیکن یہ اس صفت کے علاوہ ہو جس کی موجودگی میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ جبکہ اس سے پہلے اس کی مانند فعل ہو۔

46ویں قسم: کچھ متعین اشیاء سے' کنایہ کے الفاظ کے ذریعے منع کیا گیا ہو' صراحت کے ذریعے نہ ہو۔

47ویں قسم: دو متعین چیزوں کے پیش آنے کی صورت میں' کسی چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو۔ اور ان دونوں کی کیفیت نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر مذکور ہو اور اس سے مراد یہ ہو: ان دونوں میں سے کوئی ایک چیز بھی ہو سکتی ہے اور دونوں ساتھ بھی ہو سکتی ہیں۔

48ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت' جو منسوخ ہو' اس کے فعل اور اس کے مباح ہونے' دونوں کو منسوخ کر دیا گیا ہو۔

49ویں قسم: کچھ اشیاء کی ممانعت' جس کا مقصد ''ندب'' اور ''ارشاد'' (یعنی استحباب) ہو' حتمی اور واجب نہ ہو۔

50ویں قسم: کسی چیز کو مباح قرار دینے کے الفاظ مذکور ہوں' جبکہ اس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا ہو اور اس سے مراد یہ ہو' اس چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا۔ یہ مباح قرار دینے کے لفظ کے ذریعے ہو۔

51ویں قسم: کسی چیز سے منع کیا گیا ہو' جبکہ اصل مقصود اس سے پیدا ہونے والی چیز کی ممانعت ہو' نہ کہ اس چیز سے منع کرنا مقصود ہو۔ جس سے ممانعت ظاہر خطاب میں کی گئی ہے (تو نفس خطاب میں) ذکر ہونے والی چیز اس وقت ممنوع نہیں ہوگی۔ جب اس سے پیدا ہونے والی چیز موجود نہ ہو۔

52ویں قسم: الفاظ کے اطلاق کے ذریعے کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو' جبکہ الفاظ کا باطنی (مفہوم) ظاہر کے خلاف ہو۔

53ویں قسم: کسی فعل سے منع کیا گیا ہو' جو کسی متوقع چیز کے حوالے سے ہو' تو جب تک اس چیز کے موجود ہونے کی توقع ہوگی' اس فعل پر عمل کی ممانعت قائم رہے گی اور جب وہ متوقع چیز موجود نہیں ہوگی تو اس فعل پر عمل کرنا جائز ہوگا۔

54ویں قسم: کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو' جس میں ''تہدید'' کے الفاظ مطلق طور پر ذکر ہوں' اس میں حکم موجود نہ ہو لیکن اطلاع دینے کے الفاظ کے ذریعے اس سے منع کرنا مقصود ہو۔

55ویں قسم: تعبیر کے الفاظ کچھ چیزوں کے بارے میں ذکر کیے گئے ہوں' اور اس سے مراد یہ ہو کہ اس چیز سے ''تورع'' (یعنی تقویٰ) کے طور پر منع کیا گیا ہے۔

56ویں قسم: ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو' اور اس سے مرا یہ ہو کہ اس فعل پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ جو

ایسے کسی سبب کی وجہ سے ہو جو اس سے متوقع ہو سکتا ہے۔

57ویں قسم: عمومی لفظ کے ذریعے کسی نیکی پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو جبکہ اس نیکی پر انفرادی طور پر عمل کیا جائے یہاں تک کہ جب اس کے ساتھ اس کی مثل کو ملا دیا جائے (تو یہ ممانعت ختم ہو جائے)

تو ایسی صورتحال میں اس چیز پر عمل کرنا' بعض اوقات مباح ہوتا ہے جبکہ اس پر انفرادی طور پر عمل کیا جائے اور وہ اس حالت کے علاوہ ہو جس حالت میں اس فعل کو انفرادی طور پر کرنے سے منع کیا گیا تھا۔

58ویں قسم: کسی ایسی چیز سے منع کیا گیا ہو' جس کی ممانعت کسی متعین علت کی وجہ سے ہو' جب تک وہ علت موجود ہوگی وہ ممانعت واجب ہوگی اور دوسری شرط اس ممانعت کو مباح کر دے گی' جبکہ وہ علت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' وہ متعین ہو۔

59ویں قسم: ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو اور اس سے مراد دوسری چیز سے منع کرنا ہو۔

60ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دیا گیا اور اس کے ہمراہ متعین مدت کے دوران اس سے منع کیا گیا' اس سے مراد یہ ہو کہ ان ممنوعہ اوقات میں اس پر عمل کرنے سے منع کیا جائے جبکہ (کوئی) وقت ایسا ہوگا' جس میں وہ کام مباح ہوگا۔

61ویں قسم: کسی چیز سے منع کیا گیا ہو' یوں کہ اس کے مرتکب کے مسلمان ہونے کی نفی کی گئی ہو' جبکہ اس سے مراد خطاب میں ظاہر (معنی) کا متضاد مفہوم ہو۔

62ویں قسم: کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو' (یہ ممانعت) صریح کی بجائے تعریض کے الفاظ کے ذریعے وارد ہو۔

63ویں قسم: ایک چیز کی مثال دوسری کے ساتھ بیان کی گئی ہو' جس کے ذریعے مراد یہ ہو کہ اس چیز کے استعمال سے منع کیا جائے جس کی وجہ سے مثال بیان کی گئی ہے۔

64ویں قسم: ایک چیز کی موجودگی میں اس کی مجاورت کی ممانعت' نیز اس کے ظہور کے وقت اس سے علیحدگی سے رکنے کا حکم ہونا۔

65ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو جبکہ اس سے مراد اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو' اور اس کے ہمراہ وعید کا بھی ذکر ہو اور اس چیز سے اس کے اسم کی نفی سے مراد' کمال کی بہ نسبت ناقص ہونا ہو۔

66ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا جس کے بارے میں ایک صفت کے حوالے سے دریافت کیا گیا ہو' اور اس سے مراد اس کے متضاد پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

67ویں قسم: کسی چیز سے ممانعت' متعین عدد کے ذکر کے ہمراہ ہو جبکہ اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس عدد کے علاوہ کی نفی کی جائے' اس ممانعت کو اطلاع دینے کے الفاظ کے ذریعے ذکر کیا گیا ہو۔

68ویں قسم: لفظی طور پر ایک فعل کے بارے میں اطلاع ہو' اور اس سے مراد اس فعل کے متضاد سے منع کرنا ہو۔

69ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں خبر حاصل کی ہو' اور اس سے مراد اس فعل کے ارتکاب سے منع کرنا ہو' جس کے بارے میں خبر حاصل کی جا رہی ہے۔

70ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں خبر حاصل کی گئی ہو' اور اس سے مراد دوسری چیز پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

71ویں قسم: ایک چیز سے منع کیا گیا ہو اس کے ہمراہ متعین عدد ذکر کیا گیا ہو جبکہ اس سے مراد یہ نہ ہو کہ اس متعین عدد کے علاوہ تعداد میں وہ مباح ہے۔

72ویں قسم: نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود کسی علت کی وجہ سے کسی چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو جبکہ یہ ممانعت عمومی طور پر واقع ہو اور اس علت کے ذکر (یعنی اس کے شرط ہونے) کے بغیر ہو۔

73ویں قسم: ایک فعل آپ ﷺ کی امت کی وجہ سے کیا گیا ہو اور اس سے مراد اس متعین فعل پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

74ویں قسم: ایک ایسی چیز کے ارتکاب سے روکنا، جس کا مرتکب شخص اجر پانے والے ہوتا ہے اور جس سے منع کیا گیا ہے۔ اس کے مرتکب کا حکم اس شخص کا سا ہوگا جس کے لئے اس کو مستحب قرار دیا گیا ہو اور اس کا ارتکاب جائز نہیں ہے۔

76ویں قسم: کسی متعین قوم کی مذمت کی اطلاع دینا جو کسی ایسے متعین فعل کے حوالے سے ہو، جس کے مرتکب وہ لوگ ہوتے ہوں اور اس سے مراد اس متعین صفت (یا فعل) کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

77ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو اور اس سے مراد متعین اقوام (یعنی افراد) کو اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو، جو ان میں متعین صورت کی موجودگی کے وقت ہوگا، اور اس متعین صورت کی کیفیت، ظاہر خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود ہو۔

78ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو۔ اور اس سے مراد اس چیز کے بعض پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو، پوری چیز (پر عمل کرنے سے روکنا مراد) نہ ہو۔

79ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کی نفی کے بارے میں اطلاع دی گئی ہوگی، اس سے مراد اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوگا، جو کسی متعین علت کی وجہ سے ہوگا۔

80ویں قسم: کسی چیز کی موجودگی کی صورت میں اس کی نفی کی اطلاع دی گئی ہوگی، اور اس سے مراد اس چیز کے بعض حصے سے منع کرنا ہوگا۔ پوری چیز سے (منع کرنا مراد) نہیں ہوگا۔

81ویں قسم: الفاظ کچھ افعال کی نفی کے ہوں گے، اور ان سے مراد ان متعین خصال سے منع کرنا ہوگا۔

82ویں قسم: کچھ اشیاء کی نفی کے بارے میں اطلاع کے الفاظ ہوں گے، اس سے مراد ان چیزوں کی طرف جھکاؤ اور ان پر عمل پیرا ہونے سے منع کرنا ہو، اس طور پر (کہ یہ بچاؤ) واجب نہ ہو۔

83ویں قسم: لفظی مجاورت کے ہمراہ کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہوگی، اس سے مراد ان خصال سے منع کرنا ہو، جو اس کے مرتکب کے ہمراہ ملائی گئی ہیں اور انہی کی وجہ سے وہ اسم (یعنی لفظ) ہے۔

84ویں قسم: کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہیں، اس سے مراد ان چیزوں سے منع کرنا ہو، کیونکہ ان اشیاء پر عقوبت لازم ہونے کا اطلاق کیا گیا ہے۔ اور اس سے مراد ان کا مرتکب ہے، نفس اشیاء مراد نہیں ہیں (یعنی ان کے مرتکب پر عقوبت لازم ہوگی)

85ویں قسم: کسی چیز پر عمل کرنے کے بارے میں اطلاع ہو، اس سے مراد دوسری چیز سے منع کرنا ہو، جس (دوسری چیز) کی وجہ

سے اس فعل پر عمل کرنے کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے۔

86ویں قسم: الفاظ کے تباین (اختلاف) کے ہمراہ کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہوں گے اس سے مراد بعینہ ان اشیاء کے استعمال سے منع کرنا ہوگا۔

87ویں قسم: لفظ کے عموم کے ہمراہ کچھ اشیاء کی مثال بیان کرنے کے الفاظ ہوں گے اور اس عموم کی تخصیص کا بیان دوسری روایات میں موجود ہوگا۔ اور ان الفاظ کے ذریعے اس عموم کے بعض حصے سے منع کرنا مراد ہوگا۔

88ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہوں گے اس سے بعض لوگوں کو اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوگا۔ تمام لوگ مراد نہیں ہوں گے۔

89ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں اطلاع حاصل کرنے کے الفاظ ہوں گے اس سے ان اشیاء پر عمل کرنے سے منع کرنا مراد ہوگا۔ جن کے بارے میں خبر حاصل کی گئی ہے اس سے مراد عتاب (کے اظہار) کے طور پر تعلیم دینا ہوگا۔

90ویں قسم: الفاظ تین اشیاء کے بارے میں اطلاع دینے کے ہوں گے جو ''عام'' لفظ کے ہمراہ ایک ساتھ ذکر کی گئی ہوں گی اور مراد یہ ہوگی: ان سے ایک چیز سے اس علت کی وجہ سے منع کیا گیا ہے جو پوشیدہ ہے جس کا ذکر نفس خطاب میں نہیں ہے جبکہ دوسری اور تیسری چیز خطاب کے عموم کی وجہ سے ہر حال میں ان کا ارتکاب ممنوع ہوگا۔

91ویں قسم: ''تحذیر'' (بچنے کی تلقین) کے الفاظ کے ذریعے کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع ہوگی اس سے مراد ان اشیاء کی ممانعت (کا حکم دینا ہو) جن کے بارے میں نفس خطاب میں تحذیر ہے۔

92ویں قسم: چند متعین اشیاء کے جواز کی نفی کی اطلاع ہوگی اور اس سے مراان اشیاء کے ان اوصاف کے ہمراہ ارتکاب سے منع کرنا ہوگا۔

93ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ہوگی اس کے ذریعے بعض مخاطب افرا کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا ہوگا اور بظاہر اس کے مقابلے میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی فعل ہوگا یا کوئی (فعل) اس کی موافقت میں ہوگا۔

94ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ایسے لفظ کے استعمال کے ذریعے ہوگی جو ایک ہی اسم دو مختلف اشیاء پر صادق آتا ہے جس کا معنی (یعنی وہ دو اشیاء) ایک دوسرے سے مختلف ہوں تو ان میں سے ایک کے بارے میں حکم ہو اور دوسری سے منع کیا گیا ہو۔

95ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو جس میں کسی متعین وقت میں اس چیز پر عمل کرنے کی نفی کی گئی ہو اور اس سے مراد اس چیز کی نفی نہ ہو بلکہ تمام اوقات میں اس سے منع کرنا مراد ہو۔

96ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ایسے لفظ کے ذریعے ہو کہ نبی اکرم ﷺ نے خود اس پر عمل کیا ہو اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کے بارے میں منقول دو قسم کی روایات ایک ہی قسم کے الفاظ کے ذریعے ایسے مفہوم کی طرف لے جائیں جن دونوں کا مفہوم ان دو قسم کی چیزوں کے علاوہ ہو۔

97ویں قسم: کسی چیز پر عمل کرنے کی ممانعت مطلق صفت کے ہمراہ ہو اور اس صفت کے ہمراہ اس چیز پر عمل کرنا جائز ہو جبکہ

ادائیگی سے اس کے علاوہ کا قصد کیا گیا ہو۔

98 ویں قسم: متعین صفت کے ہمراہ کسی چیز سے منع کیا گیا ہو لیکن پیش آنے والی کسی علت کی وجہ سے اس صفت کے ہمراہ اس چیز پر عمل کرنا مباح ہو جس چیز سے منع کیا گیا ہے۔

99 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ایسی ممانعت' جو کتاب اللہ میں موجود کسی ''مجمل'' حکم کا بیان ہو۔

100 ویں قسم: دو اشیاء کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو۔ جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' ان دونوں میں سے ایک سے مراد: اس کی ضد (یعنی متضاد چیز) سے منع کرنا ہو' جبکہ دوسری چیز کا حکم ندب اور ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر ہو۔

101 ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت جو پہلے ہر حال میں مباح تھی' پھر بعض حالتوں میں اس (کی اباحت کو) منسوخ کر کے اس سے منع کر دیا گیا ہو' جبکہ باقی ماندہ پہلے کی طرح ہر حال میں مباح ہو۔

102 ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت' جو پہلے ہر حال میں مباح تھی' پھر اسے منسوخ کر کے' اس کی قلیل و کثیر مقدار کو تمام اوقات میں ممنوع قرار دیدیا گیا ہو۔

103 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دینا' جس سے مراد عمومی طور پر اس سے منع کرنا ہو جبکہ دوسری روایت سے اس کی تخصیص ثابت ہوتی ہو۔

104 ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت' جس کے ارتکاب کو لوگوں کے لئے مباح قرار دیا گیا تھا پھر اس ممانعت کے بعد ایک متعین مدت کے لئے لوگوں کے لئے اس پر عمل کرنے کو مباح قرار دیدیا گیا' پھر اسے حرام قرار دیتے ہوئے اس سے منع کر دیا گیا تو اب یہ قیامت تک کے لئے حرام ہوگا۔

105 ویں قسم: کسی متعین سبب کی وجہ سے کسی چیز کی ممانعت' پھر اس (حکم کو) منسوخ کر کے اس چیز کو مباح قرار دیدیا گیا ہو لیکن اس کا سبب اپنی (سابقہ) حالت پر بدستور حرام رہے گا۔

106 ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت' جس کے مقابلے میں بعینہ اسی چیز کی اباحت موجود ہو' جبکہ حقیقت کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان کوئی تضاد یا اختلاف موجود نہ ہو۔

107 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہو' جس سے مراد اس ''مامور بہ'' چیز کی ضد (یعنی متضاد) سے منع کرنا ہو' جو نفس خطاب میں موجود پوشیدہ علت کی وجہ سے ہو۔

108 ویں قسم: ایسی چیزوں سے ممانعت' جس کے ذریعے مشرکین اور اہل کتاب کی مخالفت (یعنی ان کے برخلاف عمل کرنا) مقصود ہو۔

109 ویں قسم: کچھ اشیاء کے حوالے سے وعید کے الفاظ ہوں' اس سے مراد بعینہ ان اشیاء کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

110 ویں قسم: وہ اشیاء جنہیں نبی اکرم ﷺ ناپسند کرتے تھے' اور ان سے دور رہنے کو پسندیدہ قرار دیا گیا ہو' اگرچہ ظاہری خطاب میں ان کی ممانعت مطلق طور پر مذکور نہ ہو۔

اَلْقِسْمُ الثَّالِثُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ

وَهُوَ اِخْبَارُ الْمُصْطَفٰى صلی اللہ علیہ وسلم عَمَّا اُحْتِيجَ اِلٰى مَعْرِفَتِهَا

قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَمَّا اخبار النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا احتيج الى معرفتها فقد تاملت جوامع فصولها وانواع. ورودها لاسهل ادراكها على من رام حفظها فرايتها تدور على ثمانين نوعا.

اَلنَّوْعُ الْاَوَّلُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن بدء الوحى و كيفيته.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ: اِخْبَارُهُ عَمَّا فضل به على غيره من الانبياء صلوات الله عليه وعليهم.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ: الاخبار عَمَّا اكرمه الله جل وعلا واراه اياه وفضله به على غيره.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ مضت متقدمة من فصول الانبياء باسمائهم وانسابهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن فصول الانبياء كانوا قبله من غير ذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الامم السالفة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ امره الله جل وعلا بها.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ اِخْبَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَنَاقِبِ الصحابة رجالهم ونسائهم بذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن فضائل اقوام بلفظ الاجمال من غير ذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ اراد بها تعليم امته.

اَلنَّوْعُ الْحَادِيْ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ اراد بها تعليم بعض امته.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ هى البيان عن اللفظ العام الَّذِيْ فى الكتاب وتخصيصه فى سنته.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء بلفظ الاعتاب اراد به التعليم.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ اثبتها بعض الصحابة وانكرها بعضهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ اراد بها التعليم.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء المعجزة الَّتِیْ هی من علامات النبوة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن نفی جواز استعمال فعل الا عند اوصاف ثلاثة فمتى كان احد هذه الاوصاف الثلاثة موجودا كان استعمال ذٰلِكَ الفعل مباحا.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بذكر علة فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ قد يَجُوْزُ التمثيل بتلك العلة ما دامت العلة قائمة والتشبيه بها فی الاشياء وان لم يذكر فی الخطاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ عَشَرَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ بنفی دخول الجنة عن مرتكبها بتخصيص مضمر فی ظاهر الخطاب المطلق.

اَلنَّوْعُ الْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ حكاها عن جبريل عليه السلام.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ حكاه عن اصحابه.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ كان يتخوفها على امته.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم كلية ذٰلِكَ الشیء على بعض اجزائه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَیْءٍ مجمل قرن بشرط مضمر فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ نفی جواز استعمال الاشياء الَّتِیْ لا وصول للمرء الى ادائها الا بنفسه قاصدا فيها الى بارئه جل وعلا دون ما تحتوی عليه النفس من الشهوات واللذات.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم ما يتوقع فی نهايته على بدايته قبل بلوغ النهاية فيه.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم المستحق لمن اتى ببعض ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ هو البداية كمن اتاه مع غيره الى النهاية.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق الاسم عليه والغرض منه الابتداء فی السرعة الى الاجابة مع اطلاق اسم ضده مع غيره للتثبط والتلكؤ عن الاجابة.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ تمثل بها مثلا.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بلفظ الاجمال الَّذِیْ تفسير ذٰلِكَ الاجمال بالتخصيص فی اخبار ثلاثة غيره.

اَلنَّوْعُ الثَّلاثُوْنَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا استاثر الله عز وعلا بعلمه دون خلقه ولم يطلع علي

اَحَدًا من البشر.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن نفی شیء بعدد محصور من غير ان يكون المراد ان ما وراء ذٰلِكَ العدد يكون مباحا والقصد فيه جواب خرج علی سؤال بعينه.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ حصرها بعدد معلوم من غير ان يكون الْمُرَادُ مِنْ ذٰلِكَ العدد نفيا عَمَّا وراء ه.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ هو المستثنى من عدد محصور معلوم.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ اراد ان يفعلها فلم يفعلها لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ عارضه سائر الاخبار من غير ان يكون بينهما تضاد ولا تهاتر.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ ظاهره مستقل بنفسه وله تخصيصان اثنان احدهما من سنة ثابتة والآخر من الاجماع قد يستعمل الخبر مرة على عمومه واخرى يخص بخبر ثان وتارة يخص بالاجماع.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بالايماء المفهوم دون النطق باللسان.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق الاسم الواحد على الشيئين المختلفين عند المقارنة بينهما.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُهٗ عن الشیء بلفظ الاجمال الَّذِیْ تفسير ذٰلِكَ الاجمال فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلنَّوْعُ الْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء من اجل علة مضمرة لَمْ تُذْكَرْ فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ فمتى ارتفعت العلة الَّتِیْ هی مضمرة فی الخطاب جَازَ اِسْتِعْمَالُ ذٰلِكَ الشیء ومتى عدمت بطل جواز ذٰلِكَ الشیء.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ بالفاظ مضمرة بيان ذٰلِكَ الاضمار فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ باضمار كيفية حقائقها دون ظواهر نصوصها.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الحكم للاشياء الَّتِيْ تحدث في امته قبل حدوثها.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء باطلاق اثباته وكونه باللفظ العام وَالْمُرَادُ مِنْهُ كونه فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء بلفظ التشبيه مراده الزَّجْر عَنْ ذٰلِكَ الشيء لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء بذكر وصف مصرح معلل يدخل تحت هذا الخطاب ما اشبهه اذا كانت العلة الَّتِيْ من اجلها امر به موجودة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء باطلاق اسم الزوج على الواحد من الاشياء اذا قرن بمثله وان لم يكن في الحقيقة كذٰلِكَ.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ قصد بها مخالفة المشركين واهل الكتاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ اطلق الاسماء عليها لقربها من التمام.

اَلنَّوْعُ الْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ باطلاق نفي الاسماء عنها للنقص عن الكمال.

اَلنَّوْعُ الْحَادِيْ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ باطلاق التغليظ على مرتكبها مُرَادُهَا التاديب دون الحكم.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيْ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ اطلقها على سبيل المجاورة والقرب.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِيْ ابتداهم بالسؤال عنها ثُمَّ اخبرهم بكيفيتها.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء باطلاق استحقاق ذٰلِكَ الشيء الوعد والوعيد وَالْمُرَادُ مِنْهُ مرتكبه لا نفس ذٰلِكَ الشيء.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشيء باطلاق اسم العصيان على الفاعل فعلا بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وله تخصيصان اثنان من خبرين آخرين.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ لم یحفظ بعض الصحابة تمام ذٰلِكَ الخبر عنه وحفظه البعض.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ اراد به التعليم قد بقى المسلمون عليه مدة ثُمَّ نسخ بشرط ثان.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ اريها فی منامه ثُمَّ نسى ابقاء امته.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا عاتب الله جل وعلا امته على افعال فعلوها.

اَلنَّوْعُ السِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاهتمام لاشياء اراد فعلها ثُمَّ تركها ابقاء على امته.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بصفة معلومةٍ مُرَادُهَا اِبَاحَةُ اِسْتِعْمَالُهُ ثُمَّ زجر عن اتيان مثله بعينه اذا كان بصفة اخرى.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ اطلقها بالفاظ الحذف عنها مما عليه معولها.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ مراده اِبَاحَةُ الحكم على مثل ما اخبر عنه لاستحسانه ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ اخبر عنه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ انزل الله من اجلها آيات معلومة.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالاجوبة عَنْ اَشْيَاءٍ سئل عنها.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فی البداية عن كيفية اشياء احتاج المسلمون الى معرفتها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن صِفَاتُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الَّتِی لَا يَقَعُ عليها التكييف.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ جَلَّ وعلا فی اشياء معين عليها.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُوْنُ فی امته من الفتن والحوادث.

اَلنَّوْعُ السَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الموت واحوال الناس عند نزول المنية بهم.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن القبور وكيفية احوال الناس فيها.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس فی ذٰلِكَ اليوم.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الصراط وتباين الناس فى الجواز عليه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن محاسبة الله جل وعلا عباده ومناقشته اياهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الحوض والشفاعة ومن له منهما حظ من امته.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن رؤية المؤمنين ربهم يوم القيامة وحجب غيرهم عنها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يكرمه الله جل وعلا فى القيامة بانواع الكرامات الَّتِىْ فضله بها على غيره من الانبياء صلوات الله عليه وعليهم اجمعين.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الجنة ونعيمها واقتسام الناس المنازل فيها على حسب اعمالهم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن النار واحوال الناس فيها نعوذ بالله منها.

اَلنَّوْعُ الثَّمَانُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الموحدين الذين استوجبوا النيران وتفضله عليهم بدخول الجنة بعد ما امتحشوا وصاروا فحما.

سنن کی اقسام میں سے تیسری قسم

یہ نبی اکرم ﷺ کا ان چیزوں کے بارے میں خبر دینا ہے، جن کی معرفت کی ضرورت ہوتی ہے

امام ابوحاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے ان چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کا تعلق ہے، جن کی معرفت کی ضرورت ہوتی ہے، تو جب میں نے ان کی ''جوامع فصول'' اور ان کے ورود کی انواع میں غور وفکر کیا، تاکہ جو شخص ان کو حفظ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اس کے لئے میں ان کے ادراک کو آسان کر دوں، تو میں نے دیکھا کہ یہ 80 اقسام کے گرد گھومتی ہیں۔

پہلی قسم: نبی اکرم ﷺ کا وحی کے آغاز اور اس کی کیفیت کے بارے میں کا اطلاع دینا

دوسری قسم: آپ ﷺ کو دیگر انبیاء پر جو فضیلت عطا کی گئی ہے، اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

تیسری قسم: اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو شان عطاء کی، آپ کو جو دیدار کروایا اور اس حوالے سے آپ ﷺ کو دیگر تمام لوگوں پر جو فضیلت اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

چوتھی قسم: پہلے زمانے کے انبیاء ان کے اسماء اور انساب کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

5 ویں قسم: پہلے زمانے کے بعض انبیاء کے اسماء کا ذکر کیے بغیر ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

6 ویں قسم: گزشتہ امتوں کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

7 ویں قسم: جن اشیاء کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حکم دیا، ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

8 ویں قسم: مرد و خواتین صحابہ کے اسماء کے ذکر کے ہمراہ، ان کے مناقب کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

9 ویں قسم: کچھ اقوام (یعنی لوگوں) کا نام لیے بغیر، مجمل الفاظ کے ذریعے ان کے فضائل کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

10 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا، جن کے ذریعے آپ ﷺ اپنی امت کو تعلیم دینا چاہتے ہوں۔

11 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا، جن کے ذریعے آپ ﷺ اپنی بعض امت کو تعلیم دینا چاہتے تھے۔

12 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا، جو ''کتاب اللہ'' میں مذکور ''عام'' الفاظ کا ''بیان'' ہیں،

اوراس کی تخصیص آپ ﷺ کی سنت میں ہے۔

13ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جولفظی طور پر عتاب کرنا ہو اوراس سے مراد تعلیم دینا ہو۔

14ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جنہیں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے برقرار رکھا اور بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے انہیں برقرار' قرار نہیں دیا۔

15ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے ذریعے آپ کی مراد تعلیم دینا ہو۔

16ویں قسم: معجزانہ حیثیت رکھنے والی ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو علامات نبوت میں سے ہیں۔

17ویں قسم: کسی فعل پر عمل کرنے کے جواز کی نفی کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جبکہ تین اوصاف کی صورت میں اس کا حکم مختلف ہو' تو ان تین اوصاف میں سے جب کوئی بھی ایک صفت موجود ہو تو اس فعل پر عمل کرنا مباح ہوگا۔

18ویں قسم: نفس خطاب میں علت کے تذکرے کے ہمراہ کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جب تک وہ علت برقرار رہے اس وقت تک اس علت کے ہمراہ مثال بیان کرنا اور اشیاء میں اس سے تشبیہ دینا جائز ہوگا۔ اگرچہ اس کا ذکر خطاب میں نہ ہو۔

19ویں قسم: ان اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے مرتکب کے جنت میں داخلے کی نفی کی گئی ہے۔ جو بظاہر مطلق خطاب میں پوشیدہ تخصیص کے ہمراہ ہے۔

20ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جو آپ ﷺ نے حضرت جبرائیل سے حکایت (یعنی ان کے بیان) کے طور پر بتائی ہیں۔

21ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو آپ ﷺ نے اپنے اصحاب سے حکایت (یعنی ان کے بیان) کے طور پر بیان کی ہیں۔

22ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو آپ ﷺ نے اپنی امت کو (خدا کا) خوف دلانے کے لئے بیان کی ہیں۔

23ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس میں کسی مکمل چیز کے نام کا اطلاق اس کے بعض اجزاء پر کیا گیا ہو۔

24ویں قسم: ایسی ''مجمل'' چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے ہمراہ نفس خطاب میں ایک پوشیدہ شرط موجود ہو' اوراس سے مراد ان اشیاء پر عمل کرنے کے جواز کی نفی ہو' جنہیں انسان بذات خود ہی ادا کرسکتا ہے۔ وہ اس میں اپنے خالق (کی رضامندی کے حصول) کا قصد کرتا ہے' اس میں نفسانی خواہشات اور لذات شامل نہیں ہوتی ہیں۔

25ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے آغاز کے لئے وہ اسم استعمال کیا گیا ہو' جو اس

کے اختتام کے لئے ہوتا ہے حالانکہ (اس صورتحال میں) اختتام تک پہنچا نہیں گیا۔

26ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے بعض حصے کو بجالینے' جو کہ اس کا ابتدائی حصہ ہے' والے پر اس کے مستحق کے اسم کا اطلاق کیا گیا ہو' جبکہ اس نے اس (بعض ابتدائی حصے) کے علاوہ کو بھی اس کے ہمراہ ادا کیا ہو۔

27ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جس پر اسم کا اطلاق کیا گیا ہو' اور اصل غرض یہ ہو کہ اس کے جواب میں (یعنی اس پر عمل کرتے ہوئے' ابتدائی طور پر جلدی کی جائے' اس کے ہمراہ اس کے متضاد لفظ کا استعمال اس کے جواب (یعنی اس پر عمل کرنے کے حوالے سے) لیت ولعل کرنے والے کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔

28ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے ذریعے مثال بیان کی جاتی ہے۔

29ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے لفظ ''مجمل'' ہوں اور اس ''اجمال' کی وضاحت ''تخصیص'' کے ہمراہ تین دوسری روایات میں مذکور ہو۔

30ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے علم کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنی ساری مخلوق پر ترجیح دی ہو' اور کسی بھی بشر کو اس پر اطلاع نہ دی ہو۔

31ویں قسم: متعین عدد کے ہمراہ' کسی چیز کی نفی کے بارے میں آپ ﷺ کا اطلاع دینا' جبکہ اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس عدد کے ماوراء اعداد مباح ہیں' اور اس میں مقصود صرف اس چیز کا جواب دینا ہے' جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا۔

32ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کا حصر متعین تعداد میں کیا گیا ہو' اور اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس محصور عدد کے علاوہ تعداد کی نفی کی جائے۔

33ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس چیز کا کسی متعین محصور تعداد میں سے استثناء کیا گیا ہو۔

34ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جنہیں آپ ﷺ کرنا چاہتے تھے' لیکن کسی متعین علت کی وجہ سے آپ ﷺ نے وہ عمل نہیں کیا۔

35ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے مقابلے میں دیگر روایات موجود ہوں' لیکن ان کے درمیان کوئی تضاد یا اختلاف نہ ہو۔

36ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کا ظاہر اپنی ذات کے اعتبار سے مستقل ہو' اور اس میں دو پہلوؤں سے تخصیص پائی جاتی ہو' ان میں سے ایک تخصیص مستند حدیث سے ثابت ہو جبکہ دوسری تخصیص اجماع سے ثابت ہو۔ تو اس روایات کو بعض اوقات اس کے عموم پر محمول کیا جاتا ہو' اور کبھی دوسری حدیث کے ذریعے اس کی تخصیص کر دی جاتی ہو اور کبھی اجماع کے ذریعے اس کی تخصیص کر دی جاتی ہو۔

37ویں قسم: نبی اکرم ﷺ کا زبان کے ذریعے کلام کیے بغیر' صرف سمجھ آ جانے والے اشارے کے ذریعے کسی چیز کے بارے میں خبر دینا۔

38ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس میں ایک ہی اسم کا اطلاق دو اشیاء پر کیا گیا ہو کہ جب ان دونوں کو ساتھ ذکر کیا جائے تو وہ ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔

39ویں قسم: ''مجمل'' لفظ کے ذریعے کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے اجمال کی وضاحت دوسری روایات میں ہو۔

40ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جو کسی ایسی پوشیدہ علت کی وجہ سے ہو' جو خطاب میں مذکور ہو' اور خطاب میں پوشیدہ علت جب اٹھ جائے گی' تو اس چیز کا استعمال جائز ہوگا اور جب وہ علت معدوم ہوگی تو اس چیز کا جواز باطل ہو جائے گا۔

41ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو پوشیدہ الفاظ کے ہمراہ ہو اور ان پوشیدہ الفاظ کا بیان دوسری روایات میں ہو۔

42ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے حقائق کی کیفیت پوشیدہ ہو اور نصوص کے ظاہری مفہوم کے علاوہ ہو۔

43ویں قسم: نبی اکرم ﷺ کا کچھ اشیاء کے اپنی امت میں رونما ہونے سے پہلے ہی' ان کے حکم کے بارے میں اطلاع دینا۔

44ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو اس کے اثبات کے اطلاق کے ہمراہ ہو' یہ لفظ کے ''عموم'' کے ہمراہ ہو۔ اور اس سے مراد یہ ہو: وہ تمام حالتوں کے بارے میں نہ ہو بلکہ بعض حالتوں کے بارے میں ہو۔

45ویں قسم: تشبیہہ کے لفظ کے ہمراہ' کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس سے مراد یہ ہو کہ متعین علت کی وجہ سے' اس چیز سے منع کیا گیا ہو

46ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو ایسی صفت کے ہمراہ ہو' جو ''صریح'' اور ''معلل'' ہو' اس سے مشابہت رکھنے والی تمام صورتیں اس کے تحت داخل ہوں گی' جب وہ علت موجود ہو' جس کی وجہ سے وہ حکم دیا گیا ہو۔

جعلنا الله ممن آثر المصطفى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غَيْرِهِ مِنَ امته وانخضع لقبول ما ورد عليه من سننه بترك ما يشتمل عليه القلب من اللذات وتحتوى عليه النفس من الشهوات من المحدثات الفاضحة والمخترعات الداحضة انه خير مسؤول.

وقال القسم الرَّابِعُ فَهٰذَا آخِرُ جَوَامِعِ الْاِبَاحَاتِ عَنِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْلَيْنَاهَا بِفُصُولِهَا

وَقَدْ بَقِيَ من هَذَا الْقِسْمِ اَحَادِيثُ بَدَّدْنَاهَا فِي سَائِرِ الْاَقْسَامِ كَمَا بَدَّدْنَا مِنْهَا فِي هَذَا الْقِسْمِ عَلَى مَا اَصَّلْنَا الْكِتَابَ عَلَيْهِ وَاِنَّمَا نُمْلِي بَعْدَ هذا

الْقِسْمِ الْقِسْمَ الْخَامِسَ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ الَّتِي هي افعال النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفُصُولِهَا وَاَنْوَاعِهَا اِن اللّٰهُ قَضَى ذٰلِكَ وَشَاءَهُ.

جَعَلَنَا اللّٰهُ مِمَّنْ هدى لسبل الرشاد ووفق لسلوك السداد فى جمع وتشمر فِي جَمْعِ السُّنَنِ وَالْاَخْبَارِ وَتَفَقَّهَ فِي صَحِيحِ الْآثَارِ وَآثَرَ مَا يُقَرِّبُ اِلَى الْبَارِي جَلَّ وعلا من الاعمال على ما يباعد عنه فى الاحوال انه خير مسؤول.

ثم قال فى آخر الكتاب فهذا آخر انواع السنن قد فصلناها على حسب ما اصلنا الكتاب عليه من تقاسيمها وليس فى الانواع الَّتِيْ ذكرناها من اول الكتاب الى لآخره نوع يستقصى لانا لو ذكرنا كل نوع بما فيه من السنن لصار الكتاب اكثره معادا لِاَنَّ كل نوع منها يدخل جوامعه فى سائر الانواع فاقتصرنا على ذكر الانمى 1 من كل نوع لنستدرك به ما وراء ه منها وكشفنا عَمَّا اشكل من الفاظها وفصلنا عَمَّا يجب ان يوقف على معانيها على حسب ما سهل الله ويسره وله الحمد على ذٰلِكَ.

وقد تركنا من الاخبار المروية اخبار كثيرة من اجل ناقليها وان كانت تلك الاخبار مشاهير تداولها الناس فمن احب الوقوف على السبب الَّذِيْ من اجله تركتها نظر فى كتاب المجروحين من المحدثين من كتبنا يجد فيه التفصيل لكل شيخ تركنا حديثه ما يشفى صدره وينفى الريب عن خلده ان وفقه الله جل وعلا لذٰلِكَ وطلب سلوك الصواب فيه دون متابعة النفس لشهواتها ومساعدته اياها فى لذاتها.

وقد احتججنا فى كتابنا هذا بجماعة قد قدح فيهم بعض ائمتنا فمن احب الوقوف على تفصيل اسماء هم فلينظر فى الكتاب المختصر من تاريخ الثقات يجد فيه الاصول الَّتِيْ بنينا ذٰلِكَ الكتاب عليها حَتّٰى لا يعرج على قدح قادح فى محدث على الاطلاق من غير كشف عن حقيقة وقد تركنا من الاخبار المشاهير الَّتِيْ نقلها عدول ثقات لعلل تبين لنا منها الخفاء على عالم من الناس جوامعها.

وانما نملى بعد هذا علل الاخبار ونذكر كل مروى صح او لم يصح بما فيه من العلل ان يسر الله ذٰلِكَ وسهله.

جعلنا الله ممن سلك مسالك اولى النهى فى اسباب الاعمال دون التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات والانقلاع بكل الكل عن المزجورات حَتّٰى تفضل عليه بقبول ما ياتى من الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسؤول وافضل الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسئول وافضل مامول انتهى كلامه اولا وآخرا رحمه الله بمنه وكرمه.

امام ابوحاتم فرماتے ہیں: تو سنن کی تمام اقسام 400 ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم نے سنن کی جوانواع بیان کی ہیں' اگر ہم چاہتے تو ان کے علاوہ بھی بہت سی انواع بیان کر سکتے تھے۔ لیکن باقی کو چھوڑ کر ہم نے ان انواع پر اس لیے اکتفاء کیا ہے' کیونکہ ''سنن'' کی نوع بندی کا مقصد دو چیزوں سے پردہ ہٹانا ہے۔

ایک وہ روایت جس کی تاویل کے بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

دوسرا روایت کے الفاظ کی عمومیت' اکثر لوگوں کیلئے اس کے مفہوم سے واقفیت حاصل کرنا دشوار ہوتا ہے اور اس سے مقصود کا حصول ان کیلئے مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے ہم نے سنن کی تقسیم اور نوع بندی کا ارادہ کیا تا کہ ایسی روایات' جن کے بارے میں ہم نے ذکر کیا ہے۔ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ (کی عطا کردہ توفیق) کے مطابق ان کی وضاحت کر دیں اور اس کے بارے میں قول موافق ہو جائے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

کتاب کے آغاز میں ہم نے انواعِ سنن کے تراجم سے آغاز کیا ہے' تا کہ اس شخص کیلئے سہولت ہو جائے جو ان میں سے کسی بھی نوع سے متعلق احادیث سے واقفیت حاصل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور اس لیے بھی کہ مقصود کے وقت ہر قسم کی ہر فصل کو حفظ کرنا دشوار نہ رہے۔ اس کی وجہ یہ ہے' ہم نے سنن کی اس ترتیب بندی میں قرآن کی تالیف کی پیروی کرنے کا قصد کیا ہے کیونکہ قرآن کو مختلف اجزاء کی شکل میں تالیف کیا گیا ہے' تو قرآن کے اجزاء کے مقابلے میں (یعنی اس کی طرز پر) ہم نے سنن کی اقسام بنا دی ہیں۔

جس طرح قرآن کے اجزاء میں سے ہر جز مختلف سورتوں پر مشتمل ہوتا ہے' تو اسی طرح ہم نے سنن کی اقسام میں سے ہر قسم کو مختلف انواع پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن کی انواع' قرآن کی سورتوں کے مقابل (یعنی اس طرز کے حوالے سے) ہوں گی اور قرآن کی ہر سورت کیونکہ کئی آیات پر مشتمل ہوتی ہے اس لیے ہم نے سنن کی انواع میں سے ہر نوع کو مختلف احایث پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن میں سے احادیث' قرآن کی آیات کے مقابلے میں ہوں گی۔

ہم نے جو تفصیل ذکر کی ہے' جب آدمی اس سے واقف ہو جائے گا اور ان (احادیث کو) حفظ کرنے کا ارادہ کرے گا' تو اس کیلئے یہ چیز آسان ہوگی جو اس نے ارادہ کیا ہے۔ جس طرح اس کیلئے یہ بات دشوار ہوگی کہ اگر وہ انہیں حفظ کرنے کا ارادہ نہیں کرتا تو اس کیلئے ان احادیث سے واقفیت حاصل کرنا (یعنی موضوع کی ترتیب کے حوالے سے انہیں تلاش کرنا) مشکل ہوگا۔

کیا آپ نے غور نہیں کیا؟ جب کسی شخص کے پاس قرآن مجید موجود ہو اور وہ شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حافظ نہ ہو اور وہ قرآن کی کسی آیت کے بارے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ کس مقام پر ہے؟ تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہوگی۔ لیکن جب وہ اس (قرآن کو) حفظ کر لے گا' تو تمام آیات اس کی آنکھوں کے سامنے ہونگی۔

تو اگر یہ کتاب کسی شخص کے پاس ہو' اور وہ اسے حفظ نہ کرے' اس کی تقاسیم اور انواع میں غور وفکر نہ کرے۔ اور پھر اس میں سے

کوئی حدیث نکالنا چاہے (یعنی تلاش کرنا چاہے) تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہوگی لیکن جب وہ اسے حفظ کرنے کا قصد کرے گا' تو اس کا علم پوری کتاب کو محیط ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ کسی ایک حدیث کو بھی نہیں چھوڑے گا۔ یہ وہ حیلہ ہے' جو ہم نے اس لیے اختیار کیا ہے' تا کہ لوگ ''سنن'' (یعنی احادیث) کو یاد کریں اور ان کو حفظ کرنے اور ان کا علم حاصل کرنے کو چھوڑ کر صرف تحریری طور پر نوٹ کرنے اور جمع کرنے پر اکتفاء نہ کریں البتہ ضرورت کے وقت (انہیں نوٹ بھی کرلیں)۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں جو احادیث شامل کی ہیں۔ ان کو نقل کرنے میں ہم نے شرائط رکھی ہیں۔ ہم نے اس میں صرف وہی روایات شامل کی ہیں' جن کے راویوں میں سے ہر شیخ میں پانچ چیزیں پائی جائیں۔

پہلی: آراستہ پوشیدہ (معاملات) کے ہمراہ' دین میں عدالت

دوسری: حدیث بیان کرنے میں سچ بیانی اور اس حوالے سے اس کا مشہور ہونا۔

تیسری: جو حدیث وہ بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونا۔

چوتھی: جو روایت وہ نقل کر رہا ہے اس کے معانی (ومصداق) کا علم ہونا۔

پانچویں: اس کی (نقل کردہ) روایت ''تدلیس'' سے خالی ہو۔

ہر وہ راوی جس میں یہ پانچ خصوصیات موجود ہونگی۔ ہم نے اس کی (نقل کردہ) روایت سے استدلال کیا ہے۔

اور اس کی روایت پر ہم نے کتاب کی بنیاد رکھی ہے اور جن راویوں میں یہ پانچ خصوصیات نہیں پائی جاتی ہیں ہم نے ان سے استدلال نہیں کیا۔

انسان میں عدالت موجود ہونے سے مراد یہ ہے' اس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری پر مشتمل ہوں اور وہ شخص عادل نہیں ہوگا' جس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر مشتمل ہوں۔

بعض اوقات کوئی عادل شخص ایسا ہوتا ہے' جس کے پڑوسی اور اس کے شہر کے عادل لوگ اس کے حق میں گواہی دیتے ہیں لیکن وہ اپنی روایت کردہ حدیث میں سچا نہیں ہوتا۔ اس چیز کی معرفت اسی شخص کو حاصل ہو سکتی ہے' جو باقاعدہ طور پر علم حدیث حاصل کرے اور تعدیل کرنے والا کوئی شخص علم حدیث کا ماہر اس وقت تک شمار نہیں ہوتا۔ جب تک وہ روایت اور دین دونوں حوالوں سے ایک ساتھ تعدیل نہ کرے۔

جو حدیث (راوی) بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ لغت کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو' جس کے نتیجے میں وہ روایت کے معانی کو ان کے مخصوص مقام سے ہٹا نہ دے اور اسے علم حدیث کی اتنی سمجھ بوجھ ہو کہ وہ موقوف روایت کو مسند روایت کے طور پر' یا مرسل روایت کو مرفوع روایت کے طور پر نقل نہ کر دے یا کسی اسم کی تصحیف نہ کر دے۔

اپنی نقل کردہ روایت کے ممکنہ معانی کا علم رکھنے سے مراد یہ ہے' وہ علم فقہ کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو کہ جب وہ کسی روایت کو بیان کرے یا اپنے حافظے کی بنیاد پر اسے نقل کرے' یا اس کو مختصر طور پر نقل کرے تو وہ اس کا کوئی ایسا معنی بیان نہ کر دے جو نبی اکرم ﷺ کی مراد سے مختلف ہو۔

روایت میں تدلیس نہ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ روایت اس قسم کی ہو' جس کی صفت ہم بیان کر چکے ہیں' اس میں یہ پانچ خوبیاں ہونی چاہئیں اور راوی نے اپنے جیسے (یعنی ان خصوصیات کے حامل شخص) سے سماع کے طور پر (یعنی اپنے استاد سے وہ حدیث باقاعدہ سن کر) اسے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (سند کا سلسلہ) نبی اکرم ﷺ تک پہنچ جائے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم نے اسبیجاب سے لے کر اسکندریہ تک تقریباً دو ہزار مشائخ سے احادیث نوٹ کی ہیں لیکن ہم نے اپنی اس کتاب میں صرف 150 مشائخ سے روایات نقل کی ہیں۔ کسی سے کم' کسی سے زیادہ' ہماری اس کتاب میں مذکور زیادہ تر روایات کا مآخذ 20 مشائخ ہیں' جن کے حوالے سے ہم نے احادیث نقل کی ہیں اور ہم نے دوسروں کی روایات (چھوڑ کر) ان حضرات کی روایات پر اکتفاء کیا ہے' جو ان شرائط کے مطابق ہیں' جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔

بعض اوقات میں اس کتاب میں کوئی روایت نقل کروں گا اور ایسے مشائخ کے حوالے سے نقل کروں گا۔ جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے جیسے سماک بن حرب' داؤد بن ابو ہند' محمد بن اسحاق بن یسار' حماد بن سلمہ' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر حضرات ہیں' جن کی روایات سے ہمارے بعض ائمہ نے پہلو تہی کی ہے' جبکہ بعض ائمہ نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے' تو ایسے حضرات میں سے' جس کے بارے میں' واضح براہین اور مستند قرائن سے یہ بات پتہ چل جائے کہ یہ ثقہ ہے' تو میں اس سے روایت نقل کر دوں گا اور اس پر تنقید کرنے والے کے قول کو خاطر میں نہیں لاؤں گا اور جس راوی کے بارے میں روشن دلائل اور واضح قرائن سے یہ پتہ چل جائے کہ وہ عادل نہیں ہے' تو میں اس کے حوالے سے روایت نقل نہیں کروں گا۔ اگرچہ ہمارے بعض ائمہ نے اسے ''ثقہ'' قرار دیا ہو۔

میں ان میں سے ایک کی مثال پیش کرتا ہوں اور اس کے بارے میں کلام کرتا ہوں تا کہ آدمی اس شخص کے بارے میں اندازہ لگا سکے' جو اس کی مثل ہو گا۔

جیسے ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں اور ان کی مثال پیش کرتے ہیں جس شخص نے ان کی حدیث کو پرے کیا ہے' ہم اسے یہ کہتے ہیں: حماد بن سلمہ کس وجہ سے اس بات کے مستحق ٹھہرے کہ ان کی نقل کردہ روایت کو ترک کر دیا جائے؟

حالانکہ وہ (اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے) ایک ایسے شخص ہیں۔ جنہوں نے (علم حدیث کی طلب میں) سفر کیا۔ (احادیث کو) نوٹ کیا' جمع کیا' تصنیف کیا' انہیں یاد کیا' ان کا مذاکرہ کیا۔ انہوں نے دینداری اور پوشیدہ (امور میں) تقویٰ کو (اپنے اوپر) لازم کیا۔ ہمیشہ عبادت گزار رہے۔ سنت کے معاملے میں پختہ رہے اور اہل بدعت کی مخالفت کرتے رہے۔ بصرہ کے عام لوگوں کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ وہ ''مستجاب الدعوات'' بزرگ ہیں اور ان کے زمانے میں ان کے علاوہ بصرہ میں کوئی ایسا شخص نہیں تھا' جس کی نسبت علم (حدیث) کی طرف کی جاتی ہو اور اس کا شمار ''ابدال'' میں ہوتا ہو' تو جس شخص میں یہ تمام خصوصیات جمع ہوں' اس کی روایت لاتعلقی کی مستحق کیوں ہو گی؟

اگر وہ یہ جواب دے: اس کی وجہ یہ ہے' وہ بعض اوقات اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل کر دیتے ہیں' تو اسے یہ کہا جائے گا: کیا دنیا میں کوئی ایسا ثقہ محدث ہے' جس نے بعض روایات میں اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل نہ کیے ہوں؟

تو اگر کوئی شخص بعض روایات میں معاصرین کی مخالفت کی وجہ سے اس بات کا مستحق بن جاتا ہے کہ اس کی نقل کردہ تمام تر روایات کو ترک کر دیا جائے' تو پسندیدہ ائمہ میں سے ہر ایک اس بات کا مستحق قرار پائے گا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے کیونکہ اس نے بعض روایات اپنے اقران سے مختلف طور پر نقل کی ہوں گی۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد غلطی کر جاتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کے بعد کیا دنیا میں کوئی ایسا شخص ہے' جو (مکمل طور پر) غلطی سے محفوظ ہو؟

اگر غلطی کرنے کی وجہ سے (کسی راوی کی) حدیث کو ترک کرنا جائز ہو' تو صحابہ کرام' تابعین عظام اور ان کے بعد کے محدثین کی (نقل کردہ) حدیث کو ترک کرنا بھی جائز ہوگا کیونکہ یہ حضرات معصوم نہیں تھے۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد زیادہ غلطیاں کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: لفظ ''زیادہ'' ایک ایسا لفظ ہے' جو کئی معانی پر مشتمل ہوتا ہے اور کوئی بھی شخص اس بات کا مستحق اس وقت تک نہیں بنتا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے جب تک اس سے صادر ہونے والی غلطیاں اس (کی نقل کردہ) ٹھیک (روایات) پر غالب نہیں آجاتی ہیں۔ جب اس کی غلطیاں زیادہ ہو جائیں اور ٹھیک روایات پر غالب آجائیں' تو پھر وہ اس بات کا مستحق ہو جاتا ہے' اس کی نقل کردہ روایت سے لاتعلقی اختیار کی جائے۔ تاہم جس کی غلطیاں زیادہ ہوں لیکن وہ درست (روایات) پر غالب نہ ہوں' تو اس کی وہ روایات قبول کی جائیں گی۔ جن میں اس نے غلطی نہیں کی اور اس کی صرف ان روایات سے لاتعلقی اختیار کی جائے گی جن میں اس نے غلطی کی ہے جیسے شریک' ہشیم' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر افراد۔ یہ حضرات غلطیاں کرتے ہیں اور زیادہ کرتے ہیں لیکن ان کے حوالے سے احادیث روایت کی جاتی ہیں اور اس (معترض) نے اپنی کتاب میں ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ تو حماد بھی ان حضرات میں سے ایک ہیں۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: حماد ''تدلیس'' کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا قتادہ' ابواسحاق سبیعی' عبدالملک بن عمیر' ابن جریج' اعمش' ثوری' ہشیم (یہ سب حضرات) تدلیس کیا کرتے تھے اور تم ان کی روایات سے استدلال کرتے ہو' تو اگر حماد کا اپنی روایات میں تدلیس کرنا' ان کی حدیث کو ترک کرنے کو لازم کرتا ہے' تو ان ائمہ کی تدلیس بھی ان کی روایات کو ترک کرنے کو لازم کر دے گی۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: وہ (یعنی حماد راویوں کی) ایک جماعت کے حوالے سے ایک روایت' ایک ہی (جیسے) الفاظ میں نقل کر دیتے ہیں وہ ان (راویوں) کے الفاظ میں اختلاف کی وضاحت نہیں کرتے۔

تو اسے یہ کہا جائے گا: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب اور تابعین روایات کو متباین الفاظ کے ہمراہ معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں' تو حماد بھی اسی طرح کر دیتے تھے۔

وہ ایوب' ہشام' ابن عون' یونس' خالد' قتادہ سے ابن سیرین کے حوالے سے (منقول) روایت سنتے تھے' اور اس کے مضمون کی تحقیق کرتے تھے اور اسے ایک ہی طرح کے الفاظ میں جمع کر لیتے تھے۔ اگر اس وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کرنا لازم آتا ہو' تو پھر (اس بنیاد پر) سعید بن مسیب' حسن بصری' عطاء اور ان جیسے دوسرے تابعین حضرات کی حدیث کو ترک کرنا لازم آئے گا کیونکہ یہ حضرات بھی ایسا کرتے تھے۔ اس لیے روایات کے ناقلین کے بارے میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے' ان کی نقل کردہ روایت کی

قرائن سے تائید حاصل کی جائے (یعنی اس کے متابع اور شواہد کا جائزہ لیا جائے)

میں اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں تاکہ اس کے ذریعے دیگر روایات کے بارے میں شناسائی حاصل کی جاسکے۔

ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں' انہوں نے ایوب' ابن سیرین' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت نقل کی۔

جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' ہمیں حماد کے علاوہ ایوب کے کسی دوسرے شاگرد کے پاس وہ روایت نہیں مل سکی۔

تو اب ہم پر یہ بات لازم ہے' ہم حماد پر جرح کرنے میں' توقف کریں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کے معاصرین میں سے دیگر حضرات نے کون سی روایات نقل کی ہیں۔

تو یہ ضروری ہے' ہم سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیں۔

کیا حماد کے کئی شاگردوں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟ یا ان (کے شاگردوں) میں سے صرف کسی ایک نے وہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے کہ ان کے کئی شاگروں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ حماد نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

اگر یہ صورت پائی جائے کہ وہ روایت حماد کے حوالے (صرف ایک) ضعیف راوی نے روایت کی ہے' تو اس روایت کو حماد کے بعد والے (ضعیف راوی) سے منسلک کر دیا جائے گا۔

جب یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ انہوں نے ایوب کے حوالے سے ایسی روایت نقل کی ہے' جس کی متابعت نہیں کی گئی تو یہ ضروری ہوگا کہ اس بارے میں' توقف کیا جائے اور اسے ضعیف قرار نہ دیا جائے۔

بلکہ اس بات کا جائزہ لیا جائے۔ کیا ایوب کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے ابن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے' جس کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے'

اگر وہ صورت نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس صورت میں اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

ابن سیرین کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے وہ روایت نقل کی ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو پتہ چل جائے گا کہ اس حدیث کی اصل ہے۔

اگر وہ چیز نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

کیا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور (صحابی) نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو یہ ثابت ہو جائے گا کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے۔

لیکن جب یہ چیز بھی نہ پائی جائے اور وہ روایت بذات خود تین اصولوں (یعنی کتاب' سنت اور اجماع) کے خلاف ہو' تو کسی شک کے بغیر یہ بات پتہ چل جائے گی کہ وہ روایت ''موضوع'' (یعنی جھوٹی روایت) ہے۔

یہ روایات کے ناقلین کے بارے میں تحقیق کرنے کا حکم (یعنی طریقہ) ہے۔ ہم نے ہر ایک شیخ کی روایت کی تحقیق کی ہے' جو

اس (اصول کے مطابق ہے) جسے ہم بیان کر چکے ہیں کہ دینی اعتبار سے جائزہ لیا جائے گا۔

توان میں سے جس کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل ہے ہم اس سے استدلال کریں گے (یعنی اس کی نقل کردہ روایات تحریر کریں گے) اور اس کی روایات کو قبول کریں گے اور انہیں اس کتاب میں شامل کریں گے۔اور ہم نے جو معیار بیان کیا ہے اگر اس کے حوالے سے کسی راوی کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل نہیں ہے تو ہم اس سے استدلال نہیں کریں گے۔ایسے راویوں کو ہم نے اپنی کتاب ''المجروحین'' میں شامل کر دیا ہے جو ان محدثین کے بارے میں ہے جن پر کسی بھی حوالے سے جرح کی گئی ہے کیونکہ ''مجروح'' راویوں پر 20 قسم کی جرح کی گئی ہے جسے ہم نے کتاب ''المجروحین'' کے آغاز میں مختلف فصول کے تحت ذکر کیا ہے جس کے بارے میں مجھے امید ہے جو شخص اس بارے میں تحقیق کرے گا یہ اس کیلئے کافی ہوگی۔اس لیے اس (بحث کو) یہاں اس کتاب میں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جہاں تک روایات کا تعلق ہے تو تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں کیونکہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے ایسی کوئی روایت موجود نہیں ہے جسے دو عادل راویوں نے نقل کیا ہو اور ان دونوں میں سے ہر ایک نے اسے دو عادل راویوں سے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (دو عادل راویوں والی سند کا سلسلہ) نبی اکرم ﷺ تک پہنچ جائے۔

تو جب یہ بات ناممکن اور غلط ہے تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں تو جو شخص ''اخبار آحاد'' کو قبول کرنے سے روگردانی کرے گا تو وہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ارادہ رکھے گا کیونکہ احادیث صرف ''اخبار آحاد'' کے طور پر ہی موجود ہیں۔

جہاں تک روایات میں ''مرفوع'' ہونے کو قبول کرنے کا تعلق ہے تو ہم اسے ہر ایسے شیخ سے قبول کرلیں گے جس میں وہ پانچ خصوصیات پائی جاتی ہوں جن کا میں ذکر کر چکا ہوں۔

تو اگر ایک عادل راوی کسی روایت کو ''مرسل'' کے طور پر نقل کرتا ہے اور دوسرا عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کرتا ہے۔تو ہم اس کی روایت کو قبول کرلیں گے جس نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

کیونکہ اس نے ایک ایسی اضافی چیز نقل کی ہے جسے اس نے محفوظ رکھا اور دوسرے راوی نے اسے محفوظ نہیں رکھا جو ''اتقان'' میں اس کی مثل ہے۔

اگر دو عادل راوی (کسی روایت کو) ''مرسل'' کے طور پر نقل کریں اور دو عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' کے طور پر نقل کریں تو میں ان دو عادل راویوں کی روایت قبول کرلوں گا۔جنہوں نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے لیکن اس کیلئے وہی چیز شرط ہوگی (جو میں پہلے بیان کر چکا ہوں) اور اس بارے میں حکم اسی طرح ہوگا خواہ اس میں تعداد زیادہ ہو یا کم ہو۔

لیکن اگر پانچ عادل راویوں نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور دو عادل راویوں نے ''مسند'' کے طور پر نقل کیا ہو تو اس صورت میں میں نے (متابع اور شواہد کا) جائزہ لیا اور جس کے حق میں (قرائن سامنے آئے) اس کیلئے فیصلہ دیدیا۔

جیسے ہم ایک ایسی روایت کی طرف آتے ہیں جسے نافع نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل

کیا ہے۔

امام مالک' عبیداللہ بن عمر' یحییٰ بن سعید' عبداللہ بن عون' ایوب سختیانی اسے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے نقل کرنے پر متفق ہیں اور انہوں نے اسے ''مرفوع'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ ایوب بن موسیٰ' اسماعیل بن امیہ نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' تو یہ سب حضرات ''ثقہ'' ہیں یا ان دو حضرات نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور باقی نے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو' تو میں نے نافع سے اوپر (کے بارے میں شواہد اور متابع) کی تحقیق کی ہے۔

یا نافع کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے؟ یا ان سے بھی اوپر (یعنی کسی دوسرے صحابی نے) ایسا کیا ہے' جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

ہم نے جو بات بیان کی ہے اگر وہ پائی جائے' تو ہم اس کی روایت کو قبول کرلیں گے جس نے اضافی چیز (یعنی اس کا مرفوع ہونا) نقل کیا ہے۔ یہ اس کے مطابق ہوگا' جو ہم ذکر کر چکے ہیں۔

مختصر یہ کہ یہ بات ضروری ہے' نقل کرنے والوں میں عدالت کی تحقیق کی جائے۔ جب ان میں سے کسی ایک کا عادل ہونا ثابت ہو جائے' تو اس کی وہ روایت قبول کر لی جائے جو اس نے ''مسند'' کے طور پر نقل کی ہے اگرچہ دوسرے راوی نے اسے ''موقوف'' کے طور پر نقل کیا ہو' یا (اس کی نقل کردہ) ''مرفوع'' حدیث کو قبول کرلیا جائے اگرچہ دوسرے راوی نے اسے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو کیونکہ عدالت صرف اسی چیز کو لازم کرتی ہے اس لیے دو ثقہ راویوں سے ''ارسال'' اور ''رفع'' مقبول ہونگے اور دو عادل راویوں سے ''مسند'' اور ''موقوف'' کو قبول کیا جائے گا' جو اس شرط کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

جہاں تک روایات میں اضافی الفاظ نقل کرنے کا تعلق ہے' تو ہم یہ چیز صرف اس راوی سے قبول کریں گے جس پر فقہ غالب ہو۔ یہاں تک کہ یہ پتہ چل جائے کہ وہ جس چیز کو روایت کر رہا ہے اس کا علم بھی رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے بارے میں یہ شک نہ رہے' وہ (روایت کو) اس کے مخصوص مقام (یعنی مقصود و مفہوم) سے ہٹا دے گا' یا اس کے معنی میں تبدیلی کر دے گا یا ایسا نہیں ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے' روایتی محدثین عام طور پر متون کی بجائے (راویوں کے) نام اور اسانید یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں جبکہ روایتی فقہاء' اسانید اور محدثین کے اسماء کو یاد رکھنے کی بجائے' صرف متون اور ان کے احکام کو یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں اور وہ روایت کو معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں۔

تو جب کوئی محدث کسی روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرتا ہے اور اس پر فقہ (کا رنگ) غالب ہو' تو میں اس کے ''رفع'' کو صرف اسی وقت قبول کروں گا' جب وہ اپنی کتاب میں سے (دیکھ کر حدیث بیان) کرے کیونکہ وہ ''مرسل'' کے مقابلے میں ''مسند'' اور ''منقطع'' کے مقابلے میں ''موقوف'' کا علم نہیں رکھتا۔ اس کی توجہ کا مرکز صرف متون (کے الفاظ) ہیں۔

اسی طرح میں کسی حافظ اور ''متقن'' محدث کے کسی روایت میں اضافی الفاظ کو قبول نہیں کروں گا کیونکہ اس کا واسطہ زیادہ تر اسناد کے احکام اور راویوں کے نام یاد رکھنے سے ہوتا ہے۔ وہ متون اور اس میں موجود الفاظ کی طرف زیادہ توجہ نہیں کرتے۔ البتہ اگر

وہ اپنی کتاب (کو دیکھ کر حدیث بیان کرے) تو معاملہ مختلف ہے۔

یہ وہ احتیاط ہے جو (روایت کے) الفاظ میں ''اضافی'' چیز قبول کرنے کے بارے میں ہے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے جن کی نسبت مختلف فرقوں کی طرف کی جاتی ہے جیسے ''مرجئہ'' ''شیعہ'' اور ان جیسے (دوسرے فرقہ جات) تو ہم ایسے راویوں کی نقل کردہ روایات سے استدلال کریں گے جبکہ وہ اس شرط کے مطابق ثقہ ہوں جسے ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم ان کے مسلک اور جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اس کو ان کے اور ان کے خالق کے درمیان معاملے پر چھوڑتے ہیں ماسوائے اس صورت کے کہ وہ اپنے فرقے کے باقاعدہ داعی ہیں تو جو شخص اپنے فرقہ کا داعی اور دفاع کرنے والا ہو یہاں تک کہ وہ اس حوالے سے (اپنے فرقے کا) امام ہو اگر اس کے ثقہ ہونے کی وجہ سے ہم اس سے روایت نقل کر دیں تو ہم اس کے فرقے کے پیروکاروں کیلئے راستہ بنا دیں گے اور علم حدیث کے طالب کے لئے یہ راہ کھول دیں گے کہ وہ اس پر اور اس کے قول پر اعتماد کرے۔ اس لیے احتیاط اسی میں ہے ایسے داعیوں (اور) پیشواؤں کی روایت کو ترک کر دیا جائے اور ان میں سے صرف ثقہ راویوں سے استدلال کیا جائے۔ جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم نے بیان کی ہیں۔

اگر ہم اعمش ابواسحاق عبدالملک بن عمیر اور ان جیسے حضرات کی روایات کو ان کے مسلک کی وجہ سے ترک کرنے کا ارادہ کریں اور قتادہ سعید بن ابوعروبہ ابن ابوذئب اور ان کی مانند دیگر حضرات جس کے مقلد تھے ان کی وجہ سے (ان کی حدیث ترک کریں) یا عمر بن ذر ابراہیم تیمی مسعر بن کدام اور ان کے معاصرین کی (حدیث اس وجہ سے ترک کر دیں) جو انہوں نے اختیار کیا ہے تو اگر ہم ان کے مسالک کی وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کر دیں تو یہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ذریعہ بن جائے گا اور اس صورت میں ہمارے ہاتھوں میں صرف تھوڑی سی احادیث باقی رہ جائیں گی۔ ہم نے جو چیز بیان کی ہے اگر اس پر عمل کریں تو ہم احادیث کو پرے کرنے اور انہیں بجھا دینے میں مددگار بن جائیں گے اس لیے احتیاط کا تقاضا یہ ہے ان کی روایات قبول کرنے میں اس اصول کو پیش نظر رکھا جائے جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ یہ نہیں کہ ان کی روایت کردہ تمام احادیث کو پرے کر دیا جائے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ جیسے جریری سعید بن ابوعروبہ اور ان جیسے دیگر حضرات تو ہم نے اپنی اس کتاب میں ان کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایات سے استدلال کیا ہے۔ ہم نے ان کی احادیث میں سے صرف ان روایات پر اعتماد کیا ہے جو ان سے ایسے ثقہ راویوں نے نقل کی ہیں جو قدیم ہیں اور ان کے بارے میں ہمیں اس بات کا علم ہے اور انہوں نے ان حضرات سے ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے احادیث کا سماع کیا تھا۔

یا پھر ان روایات (کو قبول کیا ہے) جن میں انہوں نے (دوسرے) ثقہ راویوں کی موافقت کی ہے جن روایات کی دوسرے حوالوں سے صحت اور ثبوت کے بارے میں ہمیں کوئی شک نہیں ہے۔

تو ایسے حضرات جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے اور ان کے عادل ہونے کی وجہ سے ان کے اختلاط کے دوران ان سے روایات نقل کی گئیں۔ اس کے باوجود ان کا حکم ایسے ثقہ راوی کا ہے جو غلطی کر جاتا ہے تو یہ بات لازم ہوتی ہے جب اس کی غلطی کا پتہ لگ جائے تو اس کی غلطی کو ترک کر دیا جائے اور اس روایت سے استدلال کیا جائے جس کے بارے میں ہمیں علم ہے اس نے

اس میں غلطی نہیں کی ہے۔

تو استدلال کے حوالے سے ان حضرات کا ان روایات میں یہی حکم ہوگا' جب وہ ثقہ راویوں کی موافقت کریں اور جو روایات ذکر کرنے میں یہ منفرد ہوں اور ان کے قدیم شاگردوں نے ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے ان کے حوالے سے وہ روایات نقل کی تھیں ان کا بھی یہی حکم ہوگا۔

جہاں تک ان ''مدلسین'' کا تعلق ہے' جو ثقہ اور عادل ہوں' تو ہم ان کی صرف ان روایات سے استدلال کریں گے جن کے بارے میں انہوں نے یہ بیان کیا ہو کہ انہوں نے (اپنے مشائخ سے باقاعدہ ان روایات کا) سماع کیا ہے۔ جیسے ثوری' اعمش' ابواسحاق اور ان کی مانند دیگر ائمہ متقنین ہیں جو دین کے حوالے سے پرہیزگار ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے' جب ہم کسی مدلس کی ایسی روایت کو قبول کرلیں خواہ وہ ثقہ ہو' جس روایت کے بارے میں اس نے سماع کی صراحت نہ کی ہو' تو پھر تمام ''مقطوع'' اور ''مرسل'' روایات کو قبول کرلینا لازم آئے گا کیونکہ یہ بات پتہ نہیں چل سکے گی۔ ہوسکتا ہے' اس مدلس نے وہ روایت کسی ایسے ضعیف راوی کے حوالے سے نقل کی ہو کہ اگر اس کا ذکر کردیا جاتا تو وہ روایت ضعیف شمار ہوتی۔

البتہ اگر مدلس یہ بات بیان کردے کہ اس نے ہمیشہ کسی ثقہ راوی کے حوالے سے ہی تدلیس کی ہے (تو معاملہ مختلف ہے) اگر ایسا ہو' تو پھر اس کی روایت قبول کی جائے گی اگر اس نے ''سماع'' کو بیان نہ کیا ہو اور یہ چیز پوری دنیا میں صرف سفیان بن عینیہ میں ہے' وہ تدلیس کرتے ہیں لیکن صرف ثقہ اور متقن سے کرتے ہیں اور سفیان بن عینیہ سے منقول تدلیس والی زیادہ تر روایات ایسی ہیں' وہی خبر بعینہ (دوسرے حوالے سے) یوں بھی پائی گئی کہ انہوں نے اس میں اپنے جیسے ثقہ راوی سے سماع کی وضاحت کردی تو اس علت کی وجہ سے۔ اگر اس نے سماع کو بیان نہ کیا ہو' اس روایت کا حکم وہی ہوگا۔ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کا ہوگا' جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہو لیکن انہوں نے (بذات خود) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا سماع نہ کیا ہو۔

ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ تمام روایات کو قبول کریں گے۔ جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کی ہوں۔ خواہ انہوں نے اپنی روایت کردہ تمام روایات میں سماع کو بیان نہ کیا ہو۔

ہم یہ بات یقینی طور پر جانتے ہیں' بعض اوقات کسی صحابی نے کوئی حدیث کسی دوسرے صحابی سے سنی ہوتی ہے اور وہ اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کردیتے ہیں' وہ اس صحابی کا ذکر نہیں کرتے جن سے انہوں نے حدیث سنی تھی۔

اس کی وجہ یہ ہے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم امام' سردار' قائد اور عادل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو اس چیز سے محفوظ رکھا ہے کہ ان کے ساتھ ضعف لاحق ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم میں سے موجود شخص' غیر موجود تک اس کی تبلیغ کردے'' اس بات کی سب سے بڑے دلیل ہے' تمام صحابہ کرام عادل ہیں' ان میں سے کوئی بھی مجروح یا ضعیف نہیں ہے کیونکہ اگر ان میں سے کوئی مجروح یا ضعیف ہوتا یا ان میں سے کوئی ایک عادل نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرمان میں استثناء کرلیتے اور یہ ارشاد فرماتے: تم میں سے فلاں اور فلاں موجود شخص غیر موجود افراد تک تبلیغ کردے۔ تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد والے افراد تک تبلیغ کے حکم میں (صحابہ کرام) کے ذکر کو ''مجمل'' رکھا

ہے تو یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے وہ سب (صحابہ کرام) عادل ہیں تو جس کو اللہ تعالیٰ کے رسول نے عادل قرار دیا ہو اس کے شرف کیلئے یہی کافی ہے۔

جب کسی اور مدلس کی نقل کردہ روایت کے بارے میں میرے نزدیک یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ اس نے اس روایت کے بارے میں سماع کو بیان کیا ہے تو پھر میں اس بات کی پرواہ نہیں کروں گا کہ میں اسے سماع کے ذکر کے بغیر بیان کر دوں جبکہ وہ دوسرے حوالے سے میرے نزدیک مستند ہو۔

اس تقسیم اور انواع کے ذکر کے بعد ہم کتاب کی شرائط ایک ایک قسم اور ایک ایک نوع کر کے بیان کریں گے اس میں وہ روایات ہوں گی جو ان شرائط کے مطابق ہوں گی جو ان کے ناقلین کے بارے میں ہم نے ذکر کی ہیں اور ان احادیث کی سند میں کوئی انقطاع نہیں ہوگا اور ان کے ناقلین کے بارے میں جرح ثابت نہیں ہو سکی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

میں اس کتاب میں روایات کو تکرار کے ساتھ نقل کرنے سے گریز کروں گا۔ البتہ دو صورتوں کا معاملہ مختلف ہے یا تو (روایت کے) الفاظ میں اضافہ ہوگا جسے ذکر کرنا ضروری ہوگا۔ یا پھر اس روایت کے ذریعے کسی دوسری روایت کے مفہوم کے بارے میں استشہاد کرنا ہوگا۔ ان دو صورتوں کے علاوہ میں اس کتاب میں احادیث کو مکرر ذکر کرنے سے گریز کروں گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن پر اس نے دنیا میں ستر (یعنی ان کی خامیوں) پر پردے لٹکائے ہیں اس کے ہمراہ آخرت میں ان کی غلطیوں سے درگزر کیا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) شیخ (ابن حبان) کا خطبے میں کلام یہاں ختم ہو گیا۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) (سنن کی اقسام کی) پہلی قسم کے آخر میں انہوں نے یہ بات کہی ہے:

مصطفیٰ کریم سے منقول ''اوامر'' کی انواع کے مجموعہ کا یہ آخر ہے جنہیں ہم نے فصول اور تقاسیم کی انواع کے تحت ذکر کیا ہے۔ ''اوامر'' میں سے کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں (مختلف مقامات پر) ذکر کیا ہے کیونکہ وہ مقام اس کیلئے زیادہ مناسب ہے جس طرح ہم نے ان میں سے کچھ کو ''اوامر'' کے تحت نقل کر دیا ہے تاکہ ان کے بارے میں قصد کرتے ہوئے مقصود حاصل کر سکے۔

اس کے بعد ہم دوسری قسم املاء کروائیں گے جو فصل بندی اور تقسیم کے ہمراہ ''نواہی'' کے بارے میں ہے اور یہ اس کے مطابق ہوگی جو ہم نے ''امر'' (کی قسم میں) املاء کروایا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے۔ جو اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں حکم بیان کرتے ہوئے شدت پسندوں کی نفسانی خواہشات سے منہ موڑ کر رکھتے ہیں اور نئے پیش آمدہ مسائل کے بارے میں اوندھی خواہشات اور منحوس آراء کی تقلید کرنے والوں کی آراء کی طرف نہیں جھکتے ہیں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ ان میں) سب سے بہتر ہے جس سے سوال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھر انہوں نے دوسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول ''نواہی'' کی انواع کے مجموعہ کا آخر ہے جسے ہم نے فصول کے تحت تقسیم کیا ہے تاکہ مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنی امت کو جو احکام بتائے ہیں ان کی تفصیل سے واقفیت حاصل ہو جائے۔

''نواہی'' سے متعلق چند احادیث باقی رہ گئی ہیں جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں ذکر کیا ہے جس طرح ہم نے انہیں ''نواہی'' (سے متعلق باب) میں ذکر کیا ہے اور یہ اس کے مطابق ہے جس اصول کی بنیاد پر ہم یہ کتاب (مرتب کر رہے ہیں)

اس قسم کے بعد ہم سنن کی تیسری قسم فصول کے ہمراہ املاء کروائیں گے جو ان چیزوں کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی اطلاع پر مشتمل ہیں جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ہم انہیں فصل فصل کر کے ذکر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ (ہمارے لیے یہ) آسان کرے اور سہل بنائے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سنت کی پیروی کرنے والوں میں رکھے خواہ وہ جس طرف بھی ہوں اور نفسانی خواہشات سے دور رہنے والا بنائے خواہ وہ جس طرف بھی مائل ہوں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسؤول اور افضل مامول ہے۔

انہوں نے تیسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ ان انواع کا آخر ہے جو ان چیزوں کے بارے میں اطلاع پر مشتمل ہیں جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے جن کا تعلق احادیث ہے اور ہم انہیں املاء کروا چکے ہیں۔

اس قسم سے متعلق بہت سی احادیث ایسی ہیں جنہیں ہم نے دوسری اقسام میں بھی ذکر کیا ہے جس طرح ہم نے انہیں اس قسم میں ذکر کیا ہے (دوسری اقسام میں انہیں ذکر کرنے کا مقصد) بظاہر دو متضاد روایات میں تطبیق دینے کیلئے استشہاد کرنا ہے یا ایسی چیز کے مفہوم کی وضاحت ہے جس سے ایسا شخص متعلق ہوا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے سنت کا مفہوم اس سے مختلف بیان کیا جو نبی اکرم ﷺ کی مراد تھی۔

اس قسم کے بعد ہم سنن کی چوتھی قسم املاء کروائیں گے جو ان اباحات کے بارے میں ہے جن کا ارتکاب مباح ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے جو مصطفیٰ کریم ﷺ کو آپ کی امت سے تعلق رکھنے والے دوسرے (کسی بھی فرد) پر ترجیح دیتے ہیں اور آپ کی جو احادیث منقول ہیں ان کو قبول کرنے کیلئے (سر کو) جھکا دیتے ہیں۔ رسوا کرنے والے نئے پیش آمدہ امور اور خراب کرنے والی اختراعات کے حوالے سے دل جن لذات پر مشتمل ہوتا ہے اور نفس جن خواہشات کو لیے ہوئے ہوتا ہے ان سب کو ترک کر دیتے ہیں بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول ہے۔

☆☆☆☆

انہوں نے چوتھی قسم میں یہ کہا ہے مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول اباحات کے مجموعہ کا یہ آخر ہے جس کو ہم نے فصول کے ہمراہ املاء کروایا ہے۔ اس قسم سے متعلق کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں۔ جنہیں ہم نے باقی (تمام) اقسام میں ذکر کیا ہے۔ جس طرح ہم

نے انہیں اس قسم میں بھی نقل کیا ہے‘ جو ہماری کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق ہے۔

اس کے بعد ہم پانچویں قسم املاء کروائیں گے جوان سنتوں کے بارے میں ہے‘ جو نبی اکرم ﷺ کے افعال سے متعلق ہیں (ہم انہیں) فصول اور انواع کے ہمراہ (ذکر کریں گے) اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن کی ہدایت کے راستوں کی طرف رہنمائی کی گئی ہے اور سیدھے (رہنے) کے راستے کی (انہیں) توفیق دی گئی۔ جو سنن اور اخبار (یعنی احادیث) کو جمع کرنے کے حوالے سے اور مستند آثار کا فہم حاصل کرنے کے حوالے سے‘ محنت اور کوشش کے بارے میں ہے۔

(اور جن لوگوں نے) ان اعمال کو ترجیح دی جو باری تعالیٰ کے قریب کرتے ہیں‘ ان اعمال پر جو مختلف احوال میں اس سے دور کر دیتے ہیں۔ بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھر انہوں نے کتاب کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ سنن کی انواع کا آخر ہے‘ جس کی فصل بندی ہم نے اپنی کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق تقاسیم کے حوالے سے کی ہے۔ ہم نے کتاب کے آغاز سے لے کر اس کے اختتام تک جو انواع بیان کی ہیں‘ وہ مکمل نہیں ہیں کیونکہ اگر ہم احادیث کے مضمون کے حوالے سے ہر ایک نوع کو ذکر کرتے تو اس کتاب میں مکرر روایات زیادہ ہو جاتیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک نوع اس کا مجموعہ دیگر تمام انواع میں بھی داخل ہوگا۔ اس لیے ہم نے ہر نوع میں سے صرف نمائندہ (یعنی منتخب) روایات کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے‘ تاکہ ہم اس میں سے ان (روایات) کے علاوہ کا استدارک کر سکیں اور ان (روایات) کے الفاظ میں موجود مشکل کو ختم کر سکیں۔ ہم نے ان روایات کے معانی سے واقفیت کے حصول کیلئے ضروری فصل بندی کی ہے‘ جو اس کے مطابق ہے‘ جو اللہ تعالیٰ نے سہل اور آسان کیا اور اس پر ”حمد“ اسی کیلئے مخصوص ہے۔

منقول روایات میں سے بہت سی روایات کو ہم نے ان کے ناقلین کی وجہ سے ترک کر دیا۔ اگرچہ وہ روایات مشہور اور لوگوں کے درمیان متداول تھیں۔ میں نے جس سبب کی وجہ سے انہیں ترک کیا ہے‘ جو شخص اس سبب سے واقفیت حاصل کرنا چاہے وہ کتاب ”المجروحین“ کو دیکھ لے جو (ضعیف) محدثین کے بارے میں ہماری تصنیف ہے۔ وہ اس کتاب میں ہر اس شیخ کے بارے میں تفصیل پالے گا‘ جس کی حدیث کو ہم نے ترک کیا ہے (اور وہ تفصیل) اس کے سینے کو شفا دے گی اور اس کے جھکاؤ سے شک کی نفی کر دے گی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی توفیق دی‘ اگر وہ شخص اس بارے میں صحیح راستے پر چلنا چاہتا ہو اور نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کرے اور اس (نفس) کی لذات میں اس کی موافقت نہ کرے۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں کئی ایسے راویوں سے استدلال کیا ہے جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے‘ جو شخص ان کے اسماء کی تفصیل سے واقفیت حاصل کرنا چاہے۔ وہ مختصر کتاب ”تاریخ ثقات“ پڑھ لے وہ اس میں وہ اصول پالے گا جن پر ہم نے اس کتاب کی بنیاد رکھی ہے۔ یہاں تک کہ وہ حقیقت کی وضاحت کے بغیر‘ کسی محدث کے بارے میں‘ کسی ناقد کی مطلق تنقید کی طرف مائل نہیں ہوگا۔

ہم نے بعض مشہور روایات بھی ترک کر دی ہیں‘ جنہیں عادل اور ثقہ راویوں نے نقل کیا ہے یہ کچھ علتوں کی وجہ سے (ترک کی

ہیں) جو ہمارے سامنے ظاہر ہوگئیں اور بہت سے لوگوں سے یہ مخفی رہیں۔

اس کے بعد ہم روایات کی علتیں بیان کریں گے۔ اور ہم ہر منقول روایت کا ذکر کریں گے خواہ وہ صحیح ہو یا نہ ہو اور اس کے ہمراہ اس کی علتیں بیان کریں گے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے آسان اور سہل کیا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جو اعمال کے اسباب میں سمجھدار لوگوں کے راستے پر چلتے ہیں اور وہ صرف بیان اور اقوال کی طرف جھکاؤ نہیں رکھتے اور طاعات کے ذریعے اہل ولایت کے درجے پر چڑھ جاتے ہیں اور ممنوعہ امور سے مکمل طور پر اجتناب کرتے ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان پر یہ فضل کرتا ہے انہوں نے جو نیکیاں کی ہوں انہیں قبول کر لیتا ہے اور وہ جن گناہوں کے مرتکب ہوئے ان سے درگزر کرتا ہے۔

بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول اور افضل مامول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہاں ان کا (یعنی امام ابن حبان کا) کلام شروع سے لے کر آخر تک مکمل ہو گیا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے ذریعے ان پر رحم کرے۔

قال العبد الضعيف جامع شمل هذا التاليف قد رايت ان انبه في اول هذا الكتاب على ما فيه من الكتب والفصول في الابواب لفائدته وتوفيرا لعائدته والله المسؤول ان يجعله خالصا لذاته وفي ابتغاء مرضاته وهو حسبي ونعم الوكيل.

(اَلْمُقَدَّمَةُ)

بَابُ مَا جَاءَ فِي الِابْتِدَاءِ بِحَمْدِ اللّٰهِ تعالى

بَابُ الِاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا نَقْلًا وامرا وزجرا

كتاب الوحي، كتاب الاسراء ، كتاب العلم، كتاب الايمان

الفطرة التكليف فضل الايمان فرض الايمان صفات المؤمنين الشرك النفاق.

كتاب الاحسان

بَابُ الصِّدْقِ وَالْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

الطاعات وثوابها الاخلاص واعمال السر حق الوالدين صلة الرحم وقطعها الرحمة حسن الخلق العفو اطعام الطعام وافشاء السلام الجار فصل من البر والاحسان الرفق الصحبة والمجالسة الجلوس على الطريق فصل في تشميت العاطس العزلة.

كتاب الرقائق

التوبة حسن الظن بالله تعالى الخوف والتقوى الفقر والزهد والقناعة الورع والتوكل القرآن وتلاوته المطلقة الاذكار المطلقة الادعية المطلقة الاستعاذة.

كتاب الطهارة

الفطرة بمعنى السنة فضل الوضؤ فرض الوضؤ سنن الوضؤ نواقض الوضؤ الغسل قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه الوضؤ بفضل وضؤ المراة الماء المستعمل الاوعية الاسار اَلتَّيمم المسح على الخفين وغيرهما الحيض والاستحاضة النجاسة وتطهيرها الاستطابة.

كتاب الصلاة

فرض الصلاة الوعيد على ترك الصلاة مواقيت الصلاة الاوقات المنهى عنها الجمع بين الصلاتين

المساجد الاذان شروط الصلاة فضل الصلوات الخمس صفة الصلاة القنوت الامامة والجماعة فرض الجماعة الاعذار الَّتِىْ تبيح تركها فرض متابعة الامام ما يكره للمصلى وما يكره اعادة الصلاة الوتر النوافل الصلاة على الدابة صلاة الضحى التراويح قيام الليل قضاء الفوائت سجود السهو المسافر صلاة السفر سجود التلاوة صلاة الجمعة صلاة العيدين صلاة الكسوف صلاة الاستسقاء صلاة الخوف الجنائز عيادة المريض الصبر وثواب الامراض والاعراض اعمار هذه الامة ذكر الموت الامل تمنى الموت المحتضر.

فَصْلٌ فِى الْمَوْتِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهِ مِنْ رَاحَةِ الْمُؤْمِنِ وَبُشْرَاهُ وَرُوحِهِ وَعَمَلِهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ

الغسل التكفين ما يقول الميت عند حمله القيام للجنازة الصلاة على الجنازة الدفن احوال الميت فى قبره النياحة ونحوها القبور زيارة القبور الشهيد الصلاة فى الكعبة.

كتاب الزكاة

جمع المال من جله وما يتعلق بذٰلِكَ الخرص وما يتعلق به فضل الزكاة الوعيد لمانع الزكاة فرض الزكاة العشر مصارف الزكاة صدقة الفطر صدقة التطوع.

فصل فى اشياء لها حكم الصدقة

المنان الْمَسْاَلَةِ وَالْاَخْذِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهِ مِنَ الْمُكَافَاةِ والثناء والشكر.

كتاب الصوم

فضل الصوم فضل رمضان رؤية الهلال السحور آداب الصوم صوم الجنب الافطار وتعجيله قضاء قضاء رمضان الكفارة حجامة الصائم قبلة الصائم صوم المسافر الصيام عن الغير الصوم المنهى عنه صوم الوصال.

صوم ألدهر صوم يوم الشك صوم العيد صوم ايام التشريق صوم عرفة صوم الجمعة صوم السبت صوم التطوع الاعتكاف وليلة القدر.

كتاب الحج.

فضل الحج والعمرة فرض الحج فضل مكة فضل المدينة مقدمات الحج 1 مواقيت الحج الاحرام دخول دخول مكة وما يفعل فيها الصفا والمروة الخروج من مكة الى منى الوقوف بعرفة والمزدلفة والدفع منهما رمى جمرة العقبة الحلق والذبح الافاضة من منى لطواف الزيارة رمى الجمار ايام منى الافاضة من منى للصدر القران التمتع حجة النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعتماره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ما يباح للمحرم وما لا يباح الكفارة الحج والاعتمار عن الغير الاحصار الهدى.

کتاب النکاح وآدابه

الولی الصداق ثبوت النسب والقائف حرمة المناکحة المتعة نکاح الاماء معاشرة الزوجین العزل الغیلة النهی عن اتیان النساء فی اعجازهن القسم الرضع النفقة.

کتاب الطلاق

الرجعة الایلاء الظهار الخلع اللعان العدة.

کتاب العتق

صحبة الممالیك اعتاق الشریك العتق فی المرض الکتابة ام الولد الولاء.

کتاب الایمان والنذور کتاب الحدود

الزنی وحده حد الشرب التعزیز السرقة الردة.

کتاب السیر

الخلافة والامارة بیعة الائمة وما یستحب لهم طاعة الائمة فضل الجهاد فضل النفقة فی سبیل الله فضل الشهادة الخیل الحمی السبق الرمی التقلید والجرس کتب النبی صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فرض الجهاد الخروج وکیفیة الجهاد غزوة بدر الغنائم وقسمتها الغلول الفداء وفك الاسری الهجرة الموادعة والمهادنة الرسول الذمی والجزیة.

کتاب اللقطة, کتاب الوقف,

کتاب البیوع

السلم بیع المدبر البیوع المنهی الربا الاقالة الجائحة المفلس الدیون.

کتاب الحجر کتاب الحوالة کتاب القضاء الرشوة.

کتاب الشهادات کتاب الدعوی الاستحلاف عقوبة الماطل.

کتاب الصلح کتاب العاریة کتاب الهبة الرجوع فی الهبة.

کتاب الرقبی والعمری کتاب الاجارة کتاب الغصب کتاب الشفعة کتاب المزارعة کتاب احیاء الموات کتاب الطعمة آداب الاکل ما یَجُوْزُ اکله وما لا یَجُوْزُ الضیافة العقیقة.

کتاب الاشربة

آداب الشرب ما یحل شربه.

کتاب اللباس وآدابه

الزینة آداب النوم.

كتاب الحظر والإبَاحَةُ

وفيه: فصل فى التعذيب والمثلة وفصل فيما يتعلق بالدواب باب قتل الحيوان.

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّبَاغُضِ وَالتَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ والتشاحن والتهاجر بين المسلمين.

باب التواضع والتكبر والعجب والاستماع المكروه وسوء الظن والغضب والفحش.

باب ما يكره من الكرم وما لا يكره وفيه الكذب اللعن وذو الوجهين والغيبة والنميمة والمدح والتفاخر والشعر والسجع والمزاح والضحك وفصل من الكلام باب الاستئذان الاسماء والكنى.

باب الصور والمصورين واللعب واللهو والسماع.

كتاب الصيد كتاب الذبائح كتاب الاضحية كتاب الرهن1 الفتن.

كتاب الجنايات

القصاص القسامة.

كتاب الديات الغرة

كتاب الوصية كتاب الفرائض ذوو الارحام الرؤيا.

كتاب الطب كتاب الرقى والتمائم كتاب العدوى والطيرة باب الهام والغول.

كتاب الانواء والنجوم كتاب الكهانة والسحر كتاب التاريخ

بدء الخلق صفة النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خصائصه وفضائله المعجزات تبليغه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مرضه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وفاته صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُونُ فى امته من الفتن والحوادث مناقب الصحابة رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ مفصلا فضل الامة فضل الصحابة والتابعين وباب ذكر الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان إِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس فى ذٰلِكَ اليوم وصف الجنة واهلها صفة النار واهلها.

واعلم انى وضعت بازاء كل حديث بالقلم الهندى صورة اَلنَّوْعُ الَّذِىْ هو منه فى كتاب التقاسيم والانواع ليتيسر ايضا كشفه من اصله من غير كلفة ومشقة مثاله اذا كان الحديث من اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ مثلا كان بازائه هٰكَذَا 11 ثُمَّ ان كان من القسم الْاَوَّلُ كان العدد المرقوم مجردا عن العلامة كما رايته وان كان من القسم الثَّانِىُّ كان تحت العدد خط عرضى 1 هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الثَّالِثُ كان الخط من فوقه هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الرَّابِعُ كان العددين خطين هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الْخَامِسُ كان الخطان فوقه 11 توفيرا للخاطر وتيسيرا للناظر 2 جعله الله خالصا لذاته وفى ابتغاء مرضاته انه على كل شيء قدير وبالاجابة جدير.

(ابن بلبان کہتے ہیں) بندۂ ضعیف جو اس کتاب کی ترتیب بندی کرنے لگا ہے وہ کہتا ہے: میں نے سوچا کہ میں اس کتاب کے آغاز میں اس میں موجود کتب (یعنی مرکزی ابواب) اور ابواب میں موجود فصول سے (اپنے قارئین کو) آگاہ کردوں تاکہ اس کا فائدہ آسان ہوجائے اور اس کی طرف رجوع کرنا زیادہ ہوجائے۔

اللہ تعالیٰ سے یہ سوال ہے وہ اسے خاص طور پر اپنی ذات کیلئے اور اپنی رضا کے حصول کیلئے بنادے میرے لیے وہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

☆☆☆

مقدمہ

اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے۔

سنت اور اس کے متعلقات کو نقل حکم ممانعت کے حوالے سے مضبوطی سے تھامنا

کتاب: وحی (کے بارے میں روایات)

کتاب: معراج (کے بارے میں روایات)

کتاب: علم (کے بارے میں روایات)

کتاب: ایمان (کے بارے میں روایات)

فطرت-تکلیف (احکام کا پابند کرنا)-ایمان کی فضیلت-ایمان کی فرضیت-مومنین کی صفات شرک-نفاق کا بیان

احسان (بھلائی) (کے بارے میں روایات)

باب: سچائی کا بیان نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

نیکیاں اور ان کا ثواب — اخلاص اور پوشیدہ اعمال — والدین کا حق — صلہ رحمی اور اسے قطع کرنا — رحمت — اچھے اخلاق — معاف کرنا — کھانا کھلانا اور سلام پھیلانا — پڑوسی —

فصل: نیکی اور بھلائی — نرمی — ساتھ اور ہم نشینی — راستے میں بیٹھنا —

فصل: چھینکنے والے کو جواب دینا — گوشہ نشینی

کتاب: (دلوں کو) نرم کرنے والی روایات

توبہ — اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھنا — خوف اور تقویٰ — فقر زہد اور قناعت — ورع اور توکل — قرآن اور اس کی مطلق تلاوت — مطلق اذکار — مطلق دعائیں — پناہ مانگنا

کتاب: طہارت (کے بارے میں روایات)

فطرت بمعنی سنت ــــ وضو کی فضیلت ــــ وضو کے فرائض ــــ وضو کی سنتیں ــــ وضو کے نواقض ــــ غسل ــــ غسل کیلئے پانی کی مقدار ــــ جنبی کے احکام ــــ جمعہ (کے دن) غسل کرنا ــــ کافر کا اسلام قبول کرتے وقت غسل کرنا ــــ پانیوں (کا بیان) ــــ عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا ــــ آب مستعمل ــــ برتنوں کا بیان ــــ جوٹھے (پانی کے احکام) ــــ تیمم ــــ موزوں اور دوسری چیزوں پر مسح کرنا ــــ حیض اور استحاضہ ــــ نجاست اور اسے پاک کرنا ــــ پاکیزگی حاصل کرنا (یعنی استنجاء کرنا)

کتاب نماز (کے بارے میں روایات)

نماز کی فرضیت ــــ نماز ترک کرنے پر وعید ــــ نمازوں کے اوقات ــــ ان کے ممنوعہ اوقات ــــ دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا ــــ مساجد ــــ اذان ــــ نماز کی شرائط ــــ پانچ نمازوں کی فضیلت ــــ نماز کا طریقہ ــــ قنوت ــــ امامت اور جماعت ــــ جماعت کی فرضیت ــــ وہ عذر جو اس کے ترک کو مباح کر دیتے ہیں ــــ امام کی متابعت فرض ہونا ــــ نمازی کیلئے کیا مکروہ ہے اور کیا مکروہ نہیں ہے ــــ نماز کو دہرانا ــــ وتر ــــ نوافل ــــ سواری پر نماز پڑھنا ــــ چاشت کی نماز ــــ تراویح ــــ رات کے نوافل ــــ قضا نمازیں پڑھنا ــــ سجدہ سہو ــــ مسافر (کی نماز) ــــ سفر کی نماز ــــ سجدہ تلاوت ــــ نماز جمعہ ــــ نماز عیدین ــــ نماز استسقاء ــــ نماز کسوف ــــ نماز خوف ــــ جنائز ــــ بیمار کی عیادت کرنا ــــ صبر کرنا اور بیماریوں و تکالیف کا ثواب ــــ اس امت کی عمریں ــــ موت کا تذکرہ ــــ (زندگی طویل ہونے کی) امید ــــ موت کی آرزو کرنا ــــ نزع (کا عالم)

فصل: موت اور اس کے متعلق مومن کی راحت، اس کی خوشخبری، اس کی روح، اس کا عمل اور اس کی تعریف

(میت کو) غسل (دینا) ــــ کفن دینا ــــ جب میت کو اٹھایا جاتا ہے تو وہ کیا کہتی ہے؟ ــــ جنازے کیلئے کھڑے ہو جانا ــــ نماز جنازہ ــــ دفن کرنا ــــ قبر میں میت کے احوال ــــ نوحہ کرنا (اور اس جیسے دیگر امور) ــــ قبریں ــــ قبروں کی زیارت ــــ شہید ــــ خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا ــــ

کتاب زکوٰۃ (کے بارے میں روایات)

حلال مال جمع کرنا اور اس سے متعلق امور ــــ (کھجوروں کی پیداوار کا) اندازہ لگانا اور اس سے متعلق امور ــــ زکوٰۃ کی فضیلت ــــ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کیلئے وعید ــــ زکوٰۃ کی فرضیت ــــ عشر ــــ مصارف زکوٰۃ ــــ صدقہ فطر ــــ نفلی صدقہ ــــ

فصل: وہ اشیاء جو صدقہ کے حکم میں ہیں

احسان جتانے والا --- مانگنے اور لینے' بدلہ دینے' تعریف کرنے' شکریہ ادا کرنے کے حوالے سے اس سے متعلق امور

کتاب: روزے (کے بارے میں روایات)

روزے کی فضیلت --- رمضان کی فضیلت --- رؤیت ہلال --- سحری کرنا --- روزے کے آداب --- جنبی کا روزہ رکھنا --- افطاری کرنا اور اسے جلدی کرنا --- رمضان کی قضاء --- کفارہ --- روزہ دار کا پچھنے لگوانا --- روزہ دار کا (بیوی کا) بوسہ لینا --- مسافر کا روزہ --- دوسرے کی طرف سے روزہ رکھنا --- ممنوعہ روزے --- صوم وصال --- ہمیشہ (نفلی) روزے رکھنا --- مشکوک دن میں روزہ رکھنا --- عید کے دن روزہ رکھنا --- ایام تشریق میں روزہ رکھنا --- عرفہ کے دن روزہ رکھنا --- جمعہ کے دن روزہ رکھنا --- ہفتہ کے دن روزہ رکھنا --- نفلی روزہ رکھنا --- اعتکاف اور شب قدر

کتاب: حج (کے بارے میں روایات)

حج اور عمرہ کی فضیلت --- حج کی فرضیت --- مکہ کی فضیلت --- مدینہ کی فضیلت --- حج کے مقدمات (یعنی پیشگی امور) --- حج کے مواقیت --- احرام --- مکہ میں داخل ہونا اور وہاں کیا' کیا جائے --- صفا ومروہ --- مکہ سے نکل کر منیٰ جانا --- عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کرنا اور وہاں سے روانہ ہونا --- جمرہ عقبہ کی رمی --- سر منڈوانا اور ذبح کرنا --- طواف زیارت کیلئے منیٰ سے واپس آنا --- منیٰ کے دنوں میں رمی جمار کرنا --- طواف صدر کیلئے منیٰ سے واپس آنا --- (حج) قران --- (حج) تمتع --- نبی اکرم ﷺ کا حج --- آپ کا عمرہ کرنا --- محرم کیلئے کیا مباح ہے اور کیا مباح نہیں ہے --- کفارہ --- دوسرے کی طرف سے حج یا عمرہ کرنا --- احصار --- ہدی ---

کتاب: نکاح اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

ولی --- مہر --- نسب کا ثبوت اور قیافہ شناسی --- حرمت مناکحت --- متعہ --- کنیز کے ساتھ نکاح کرنا --- میاں بیوی کی معاشرت --- عزل --- غیلہ --- عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی ممانعت --- قسم (یعنی زیادہ بیویوں میں وقت کی تقسیم) --- رضاعت --- خرچ

کتاب: طلاق (کے بارے میں روایات)

رجعت --- ایلاء --- ظہار --- خلع --- لعان --- عدت ---

کتاب: (غلام) آزاد کرنے (کے بارے میں روایات)

ممالیک سے اچھا برتاؤ --- شریک کا آزاد کرنا --- بیماری کے دوران (غلام) آزاد کرنا --- کتابت --- ام ولد --- ولاء

کتاب: ایمان (یعنی قسموں) اور نذروں (کے بارے میں روایات)

کتاب: حدود (کے بارے میں روایات)

زنااوراس کی حد ــــ شراب نوشی کی حد ــــ تعزیر ــــ چوری ــــ مرتد ہونا

کتاب:سیر (سیاسیات) (کے بارے میں روایات)

خلافت اور امارت ــــ حکمرانوں کی بیعت کرنا اور اس کیلئے مستحب امور ــــ حکمرانوں کی اطاعت ــــ جہاد کی فضیلت ــــ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت ــــ شہادت کی فضیلت ــــ گھوڑے ــــ چراگاہ ــــ دوڑ کا مقابلہ ــــ تیر اندازی ــــ ہار پہنانا اور گھنٹی (باندھنا) ــــ نبی اکرم ﷺ کے مکتوبات ــــ جہاد کی فرضیت ــــ خروج اور جہاد کی کیفیت ــــ غزوہ بدر ــــ مال غنیمت اور اس کی تقسیم ــــ غلول (مال غنیمت میں خیانت) ــــ فدیہ دینا اور قیدی آزاد کروانا ــــ ہجرت کرنا ــــ صلح کرنا ــــ پیغام رساں ــــ ذمی اور جزیہ

کتاب:لقطہ (کے بارے میں روایات)

کتاب:وقف (کے بارے میں روایات)

کتاب:خرید وفروخت (کے بارے میں روایات)

بیع سلم ــــ بیع مدبر ــــ وہ سودے جن سے منع کیا گیا ــــ سود ــــ اقالہ ــــ آفت آنا ــــ مفلس ہوجانا ــــ قرضہ جات

کتاب:تصرف سے روکنے (کے بارے میں روایات)

کتاب:حوالہ (دوسرے کی ادائیگی اپنے ذمے لینے) (کے بارے میں روایات)

کتاب:قضاء (کے بارے میں روایات)' رشوت کا بیان

کتاب:گواہی (کے بارے میں روایات)

کتاب:دعویٰ (کے بارے میں روایات)

حلف لینا' (قرض کی واپسی میں) ٹال مٹول کرنے والے کوسزا دینا

کتاب:صلح (کے بارے میں روایات)

کتاب:عاریت (کے بارے میں روایات)

کتاب:ہبہ (کے بارے میں روایات)' ہبہ میں رجوع کرنا

کتاب:رقبیٰ اور عمریٰ (کے بارے میں روایات)' کتاب:اجارہ (کے بارے میں روایات)' کتاب:غصب (کے بارے میں روایات)' کتاب:شفعہ (کے بارے میں روایات) کتاب:مزارعت (کے بارے میں روایات) کتاب:بنجر زمین کو آباد کرنے (کے بارے میں روایات) کتاب:کھانے (کے بارے میں روایات)' کھانے کے آداب' کیا چیز کھانا جائز ہے اور کیا جائز نہیں ہے' ضیافت' عقیقہ

کتاب:مشروبات (کے بارے میں روایات)

پینے کے آداب' کیا پینا جائز ہے؟

کتاب: لباس اوراس کے آداب (کے بارے میں روایات)

زینت کا بیان' سونے کے آداب

کتاب: ممنوع اور مباح (چیزوں) (کے بارے میں روایات)

اس میں ایک فصل (کسی کو) عذاب دینے اور مثلہ کرنے کے بارے میں ہے' ایک فصل جانوروں سے متعلق روایات کے بارے میں ہے۔

باب: جانوروں کو مارنا

باب: مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرے سے بغض رکھنے' حسد کرنے' ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرنے' کینہ رکھنے' لاتعلقی اختیار کرنے (کے بارے میں روایات)

باب: تواضع' تکبر خود پسندی ناپسندیدہ بات سننا' برا گمان رکھنا' غصہ کرنا فحش بات کرنا

باب: کون سا کلام مکروہ ہے اور کون سا مکروہ نہیں ہے۔

اس باب میں جھوٹ بولنے' لعنت کرنے' دو غلے پن' غیبت' چغل خوری' مدح' تفاخر' شعر' مسجع گفتگو کرنا' مزاح کرنا' ہنسنا' کے بارے میں روایات ہیں' ایک فصل کلام کے بارے میں ہے۔ باب: (اندر آنے کی) اجازت مانگنا' اسماء اور کنیت

باب: تصویریں اور تصویر بنانے والے' لہو ولعب' سماع

کتاب: شکار (کے بارے میں روایات)' کتاب: ذبائح (کے بارے میں روایات)' کتاب: اضحیہ (کے بارے میں روایات)' کتاب: رہن (کے بارے میں روایات)' فتنوں کا بیان

کتاب: دیات (کے بارے میں روایات)' تاوان (جرمانہ)

کتاب: وصیت (کے بارے میں روایات)' کتاب: وراثت (کے بارے میں روایات)' ذوی الارحام' خوابوں (کا بیان)

کتاب: طب (کے بارے میں روایات)' کتاب: دم کرنے اور تعویذ لٹکانے (کے بارے میں روایات)' کتاب: عدویٰ اور طیرہ (کے بارے میں روایات)

باب: ہام اور غول کا بیان

کتاب: ستارہ شناسی اور نجوم (کے بارے میں روایات)' کتاب: کہانت اور جادو (کے بارے میں روایات)

کتاب: تاریخ (کے بارے میں روایات)' مخلوق کا آغاز — نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک — آپ کی خصوصیات اور فضائل — معجزات — آپ کی تبلیغ — آپ کی بیماری — آپ کا وصال — آپ کا اس بات کی اطلاع دینا کہ آپ کی امت میں فتنے اور حوادث پیدا ہوں گے — صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تفصیلی مناقب — امت کی فضیلت — صحابہ اور تابعین کی فضیلت — باب: حجاز' یمن' شام' فارس اور عمان کا تذکرہ —

نبی اکرم ﷺ کا (قیامت کے دن) دوبارہ زندہ ہونے اور اس دن میں لوگوں کی حالتوں کے بارے میں خبر دینا۔

جنت اور اہل جنت کا تذکرہ ــــ جہنم اور اہل جہنم کا تذکرہ ــــ

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہ بات جان لیں! میں نے ہر حدیث کے سامنے ہندی قلم کے ساتھ اس ''نوع'' کی علامت بنا دی ہیں جس نوع میں وہ حدیث کتاب ''التقاسیم والانواع'' میں موجود ہے' تا کہ کسی مشکل اور پریشانی کے بغیر اصل کتاب میں اسے تلاش کرنا آسان ہو۔

اس کی مثال یہ ہے: جب وہ حدیث اا ویں ''نوع'' میں ہوگی' تو اس کے سامنے اس طرح کی علامت ہوگی (اا)۔ پھر اگر وہ (نوع) پہلی قسم سے تعلق رکھتی ہوگی۔ تو لکھے ہوئے اس عدد پر مزید کوئی نشان موجود نہیں ہوگا۔

اگر وہ (نوع) دوسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر عدد کے نیچے عرض لکیر ہوگی جو یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) تیسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر لکیر عدد کے اوپر یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) چوتھی قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو عدد' دولکیروں کے درمیان اس طرح ہوگا۔

تو ان میں سے ایک شخص کلہاڑی پکڑتا ہے' اور کشتی کے فرش پر مارتا ہے' تو ان میں سے ایک سمجھدار شخص کہتا ہے: کیا کرنے لگے ہو؟ وہ کہتا ہے: ہم سہولت سے قریب ہیں اور پانی سے زیادہ دور ہیں' ہم کشتی کا فرش توڑنے لگے ہیں' تاکہ پانی حاصل کر لیں۔ جب ہماری ضرورت پوری ہو جائے گی' تو ہم اسے بند کر دیں گے' تو وہ شخص کہتا ہے: تم ایسا نہ کرو' کیونکہ اس صورت میں تم بھی ہلاکت کا شکار ہو جاؤ گے اور ہم بھی ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے''۔

ذِكْرُ تَوَقُّعِ الْعِقَابِ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ قَدَرَ عَلٰى تَغْيِيْرِ الْمَعَاصِي وَلَمْ يُغَيِّرْهَا

ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب نازل ہونے کے امکان کا تذکرہ' جو گناہوں کو ختم کرنے کی قدرت رکھتا ہو' لیکن وہ انہیں ختم نہ کرے

302 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ

301- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر 298 .

حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُوْنُ فِیْ قَوْمٍ يَعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِی يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْا اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قبل أن يموتوا . (2:109)

عبیداللہ بن جریر اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب بھی کسی قوم میں گناہوں کا ارتکاب ہونے لگے اور وہ لوگ ان گناہوں کو روک سکتے ہوں، لیکن وہ انہیں نہ روکیں، تو اللہ تعالیٰ ان کے مرنے سے پہلے ان سب پر عذاب نازل کر دیتا ہے۔"

ذِكْرُ جَوَازِ زَجْرِ الْمَرْءِ الْمُنْكَرَ بِيَدِهٖ دُوْنَ لِسَانِهٖ اِذَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ تَعَدٍّ

اس بات کے جائز ہونے کا تذکرہ کہ آدمی منکر کو اپنے ہاتھ کے ذریعے روک سکتا ہے، اگرچہ وہ زبان کے ذریعے ایسا نہ کرے، جبکہ اس صورت میں کسی زیادتی کا امکان نہ ہو

303 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِیُّ وَزَحْمَوَيْهِ قَالَا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِیِّ عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ:

(متن حدیث): قَعَدَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فَقَرَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ بِقَضِيْبٍ كَانَ فِیْ يَدِهٖ ثُمَّ غَفَلَ عَنْهُ فَاَلْقَى الرَّجُلُ خَاتَمَهٗ ثُمَّ نَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيْنَ خَاتَمُكَ؟ قَالَ: اَلْقَيْتُهٗ قَالَ: اَظُنُّنَا قَدْ اَوْجَعْنَاكَ وَاَغْرَمْنَاكَ . (5:9)

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: النُّعْمَانُ بن راشد ربما أخطأ علی الزهری

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر بیٹھا اس نے سونے کی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں موجود شاخ اس کے ہاتھ پر ماری (اور اسے انگوٹھی اتارنے کا اشارہ کیا) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ اس شخص سے ہٹی تو اس نے اپنی انگوٹھی اتار دی، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا تو دریافت کیا: تمہاری انگوٹھی کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے وہ اتار دی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا خیال ہے، ہم نے تمہیں تکلیف پہنچائی، ہم نے تمہیں نقصان پہنچایا"۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: نعمان بن راشد نامی راوی بعض اوقات زہری کے حوالے سے حدیث روایت کرتے

302- إسناده حسن، وهو مكرر رقم 300 .

303- إسناده ضعيف لضعف النعمان بن راشد . وأخرجه أحمد 4/195، والطحاوی فی شرح معانی الآثار 4/261 عن ابن مرزوق، كلاهما عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/195، والنسائی 8/171 فی الزينة : باب خاتم الذهب.

ہوئے غلطی کرجاتے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُنْكَرَ وَالظُّلْمَ اِذَا ظَهَرَا كَانَ عَلٰى مَنْ عَلِمَ تَغْيِيرُهُمَا حَذَرَ عُمُومِ الْعُقُوبَةِ اِيَّاهُمْ بِهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ منکر اور ظلم جب غالب آجائیں' تو جس شخص کو یہ علم ہو' تو اس پر یہ بات لازم ہے: وہ انہیں ختم کرنے کی کوشش کرے' تاکہ ان دونوں کی وجہ سے لوگوں پر نازل ہونے والے عذاب نازل سے بچا جاسکے

304 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَرَاَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: 105) قَالَ: اِنَّ النَّاسَ يَضَعُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ عَلٰى غَيْرِ مَوْضِعِهَا اَلَا وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْ قَالَ المنكر فلم يغيروه عمهم الله بعقابه . (3:66)

❁❁ قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''اے ایمان والو! تم پر اپنا خیال رکھنا لازم ہے۔ جب تم ہدایت حاصل کرلو' تو گمراہ ہونے والا شخص تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔''

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لوگ اس آیت کا غلط مفہوم مراد لیتے ہیں۔ خبردار! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک جب لوگ کسی ظالم کو دیکھیں گے اور اس کے ہاتھوں کو نہیں پکڑیں گے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جب وہ کسی گناہ کو دیکھیں گے اور اسے روکیں گے نہیں' تو اللہ تعالیٰ ان سب لوگوں پر عذاب نازل کرے گا''۔

ذكر البيان بأن المتأول للآى قد يخطىء فِيْ تَاْوِيْلِهِ لَهَا وَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْفَضْلِ وَالْعِلْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آیات کی تاویل کرنے والا شخص' اپنی تاویل میں بعض اوقات غلطی کرجاتا ہے' اگرچہ وہ اہل فضل اور اہل علم ہو

304- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه الحميدى 3 ، وأحمد 1/2 و5 و7،وأبو داوٗد 4338 فى الملاحم: باب الأمر والنهى، والترمذى 2168 فى الفتن: باب ما جاء فى نزول العذاب إذا لم يغيّر المنكر، و 3057 فى التفسير: باب ومن سورة المائدة، وابن ماجة 4005 فى الفتن: باب الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر، والبيهقى فى السنن 10/91 من طرق عن إسماعيل بن أبى خالد.

305 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ عن أبى بكر الصديق رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَؤُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَتَضَعُوْنَهَا عَلٰى غَيْرِ مَا وَضَعَهَا اللّٰهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: 105) اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُا الْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ يُوْشِكُ اَنْ يعمهم اللّٰه بعقاب . (3:66)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے لوگو! تم لوگ یہ آیت تلاوت کرتے ہو اور اس کا اس سے مختلف مفہوم مراد لیتے ہیں' جو اللہ تعالیٰ کی مراد ہے۔''

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اے لوگو تم پر اپنا خیال رکھنا لازم ہے' جب تم ہدایت حاصل کرلو تو گمراہ ہونے والا شخص تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) لوگ جب منکر (یعنی گناہ) کو دیکھیں گے اور اسے روکنے کی کوشش نہیں کریں گے' تو عنقریب اللہ تعالیٰ ان سب پر عذاب نازل کرے گا۔

ذِكْرُ وَصْفِ النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ اِذَا رَاٰهُ الْمَرْءُ اَوْ عَلِمَهُ

منکر سے روکنے کی صفت کا تذکرہ' جب آدمی اسے دیکھے یا آدمی کو اس کا علم ہو

306 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ الْاَحْمَسِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): اَوَّلُ مَنْ بَدَاَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ يَوْمَ الْعِيْدِ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: الصَّلَاةُ قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَمَدَّ بِهَا صَوْتَهُ فَقَالَ: تُرِكَ مَا هُنَاكَ اَبَا فُلَانٍ فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ: اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى

305- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 1/9 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد . وتقدم قبله من طريق جرير. فانظر تخريجه ثمت.

306- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 3/54، ومسلم 49 فى الإيمان: باب كون النهى عن المنكر من الإيمان، عن أبى بكر بن أبى شيبة، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/49، والترمذى 2172 فى الفتن: باب ما جاء فى تغيير المنكر باليد، والنسائى 8/111 فى الإيمان: باب تفاضل أهل الإيمان، عن محمد بن بشار، كلاهما عن عبد الرحمٰن بن مهدى، عن سفيان، به . وأخرجه الطيالسى 2196 ، وأحمد 3/20، ومسلم 49 ، ثلاثتهم من طريق شعبة، والنسائى 8/112 فى الإيمان وشرائعه: باب تفاضل أهل الإيمان . وسيورده المؤلف بعده من طريق الأعمش، عن أبى سعيد، ويرد تخريجه فى موضعه.

مَـا عَلَيْهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ رَاٰى مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يستطع فبقلبه وذاك أضعف الإيمان . (1:37)

❁❁ طارق بن شہاب احمسی بیان کرتے ہیں: عید کے دن نماز سے پہلے خطبہ دینے کا آغاز مروان بن حکم نے کیا' تو ایک شخص اس کے سامنے کھڑا ہوا اور بولا: خطبے سے پہلے نماز پڑھی جائے گی؟ اس نے بلند آواز میں یہ بات کہی' تو مروان نے کہا: اے ابوفلاں! یہاں یہ طریقہ ترک کر دیا گیا ہے۔

تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس شخص نے اپنے ذمے لازم چیز کو ادا کر دیا ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جب کوئی شخص کوئی منکر دیکھے' تو اسے اپنے ہاتھ کے ذریعے ختم کرے' اگر وہ اس کی استطاعت نہیں رکھتا تو اپنی زبان کے ذریعے کرے' اگر وہ اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو اپنے دل میں اسے برا جانے اور یہ ایمان کا سب سے زیادہ کمزور درجہ ہے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ طَارِقُ بْنُ شِهَابٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں طارق بن شہاب نامی راوی منفرد ہے

307 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَخْرَجَ مَرْوَانُ الْمِنْبَرَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ وَبَدَاَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا مَرْوَانُ خَالَفْتَ السنة اَخْرَجْتَ الْمِنْبَرَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ وَلَمْ يَكُنْ يَّخْرُجُ وَبَدَاْتَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ وَلَمْ يَكُنْ يُّبْدَاُ بِهَا فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ مَنْ هٰذَا قَالُوْا: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: اَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ زَادَ اِسْحَاقُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُّغَيِّرَهُ بِيَدِهٖ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الإيمان . (1:37)

307- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أبو داؤد 434 في الملاحم: باب الأمر والنهي، عن هنّاد بن السري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/10، ومسلم 49 79 في الإيمان: باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان، وأبو داؤد 1140 في الصلاة: باب الخطبة يوم العيد، و 4340 في الملاحم: باب الأمر والنهي، وابن ماجة 1275 في الإقامة: باب ما جاء في صلاة العيدين، و 4013 في الفتن: باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، عن أبي كريب محمد بن العلاء ، كلاهما أحمد وأبو كريب عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/52، والبيهقي في السنن 10/90؛ من طريق محمد بن عبيد، عن الأعمش، عن إسماعيل بن رجاء ، به.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مروان نے عید کے دن منبر نکلوایا اور اس نے نماز ادا کرنے سے پہلے خطبہ دیا' تو ایک شخص کھڑا ہوا اور بولا: اے مروان! تم سنت کے برخلاف کر رہے ہو' تم نے عید کے دن منبر نکالا ہے' حالانکہ عید کے دن اسے نہیں نکالا جاتا اور تم نماز سے پہلے خطبہ دے رہے ہو' حالانکہ اس سے آغاز نہیں کیا جا سکتا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یہ شخص کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ فلاں بن فلاں ہے' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس شخص نے اپنے ذمے لازم فرض کو ادا کر لیا ہے۔

یہاں اسحاق نامی راوی نے یہ الفاظ زائد نقل کئے ہیں۔

(حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:)

''تم میں سے جو شخص کوئی منکر دیکھے' تو وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے اسے ختم کرے اگر وہ اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو' تو اپنی زبان کے ذریعے کرے اور اگر وہ اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو اپنے دل کے اندر سے برا سمجھے اور یہ ایمان کا سب سے زیادہ کمزور مرتبہ ہے۔''

2- بَابُ مَا جَاءَ فِي الطَّاعَاتِ وَثَوَابِهَا

طاعات اوران کے ثواب کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ اَهْلَ كُلِّ طَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا يُدْعَوْنَ اِلَى الْجَنَّةِ مِنْ بَابِهَا

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق دنیا میں ہر قسم کی نیکی کرنے والے شخص کو جنت کی طرف اس نیکی کے مخصوص دروازے سے بلایا جائے گا

308 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ بن شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ .عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، نُوْدِيَ فِي الْجَنَّةِ، يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَيْرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ، دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ،

دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّيَامِ، دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَلٰى من دُعِيَ مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، فَهَلْ يُدْعَى اَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ كُلِّهَا؟ قَالَ: نعم، وأرجو أن تكون

309- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البغوى فى شرح السنة 1635 من طريق أبى إسحاق الهاشمى، عن أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد، وهو فى الموطأ 2/24، 25 فى الجهاد: باب ما جاء فى الخيل والمسابقة بينها والنفقة فى الغزو، ومن طريق مالك أخرجه البخارى 1897 فى الصوم: باب الريان للصائمين، والترمذى 3674 فى المناقب: باب مناقب أبى بكر وعمر رضى الله عنهما كليهما،

والنسائى 4/168، 169 فى الصوم: باب ذكر الاختلاف على محمد بن أبى يعقوب فى حديث أبى أمامة فى فضل الصائم، و 6/47، 48 فى الجهاد: باب فضل النفقة فى سبيل الله تعالى. وأخرجه البخارى 3666 فى فضائل الصحابة: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذًا خليلًا ، والنسائى 5/9 فى الزكاة: باب وجوب الزكاة، والبيهقى فى السنن 9/171، من طريق شعيب،

ومسلم 1027 فى الزكاة: باب من جمع الصدقة وأعمال البر، والنسائى 6/22، 23 فى الجهاد: باب فضل من أنفق زوجين فى سبيل الله عز وجل، من طريق صالح بن كيسان، كلاهما عن الزهرى، به . وأخرجه ابن أبى شيبة 3/7 من طريق محمد بن إسحاق، عن الزهرى، به، مختصرًا. وأخرجه أحمد 2/366 من طريق أبى إسحاق الفزارى، عن الأعمش، عن أبى صالح، عن أبى هريرة. وسيورده المؤلف فى باب فضل الصوم من طريق معمر، وفى مناقب الصحابة من طريق يونس، كلاهما عن الزهرى، به، وفى باب

منهم . (3: 78)،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص (کسی بھی چیز کا جوڑا) اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' تو جنت میں یہ اعلان کیا جاتا ہے: اے اللہ کے بندے! یہ چیز زیادہ بہتر ہے' (قیامت کے دن) جو لوگ اہل نماز ہوں گے' انہیں نماز والے دروازے سے بلایا جائے گا' جو لوگ اہل جہاد ہوں گے۔ انہیں جہاد والے دروازے سے بلایا جائے گا' جو لوگ صدقہ کرنے والے ہوں گے۔ انہیں صدقے والے دروازے سے بلایا جائے گا اور جو لوگ روزہ رکھنے والے ہوں گے' انہیں باب ''ریان'' سے بلایا جائے گا''۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کوئی شخص ایسا بھی ہو سکتا ہے' جسے ان تمام دروازوں سے بلایا جائے' تو کیا کسی کو ان تمام دروازوں سے بھی بلایا جائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اور مجھے امید ہے' تم ان لوگوں میں سے ایک ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِجَازَةِ اِطْلَاقِ اسْمِ الْقُنُوتِ على الطاعات

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق اطاعت کے لئے لفظ ''قنوت'' استعمال کرنا جائز ہے

309 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ درّاج، عَنْ اَبِیْ الْهَيْثَمِ - عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ حَرْفٍ فِي الْقُرْآنِ يُذْكَرُ فيه القنوت فهو الطاعة . (3: 66)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قرآن میں موجود ہر وہ حرف جس میں قنوت کا ذکر کیا گیا ہے' تو اس سے مراد فرمانبرداری ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَعَوُّدِ نَفْسِهِ اَعْمَالَ الْخَيْرِ فِیْ اَسْبَابِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے اسباب (یعنی روزمرہ کے معمولات) میں نیکی کے کام کرنے کی عادت بنائے

310 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنَا

309- إسناده ضعيف لضعف دراج في روايته عن أبي الهيثم، وأخرجه أبو نعيم في الحلية 8/325، وابن أبي حاتم فيما ذكره ابن كثير في تفسير قوله تعالى (وَقَالُوْا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ) (البقرة: 116) ، من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/75 عن حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج، به. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد 6/320

الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ جُنَاحٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَلْخَيْرُ عَادَةٌ، وَالشَّرُّ لَجَاجَةٌ، مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدين.

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بھلائی عادت ہے اور برائی لجاجت ہے جس شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرلے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کردیتا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّقُوْمَ فِيْ اَدَاءِ الشُّكْرِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِإِتْيَانِ الطَّاعَاتِ بِاَعْضَائِهٖ دُوْنَ الذِّكْرِ بِاللِّسَانِ وَحْدَهٗ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرنے کی کوشش کرے، یوں کہ اپنے اعضاء کے ذریعے طاعات بجالائے، صرف یہ نہیں' (محض) اپنی زبان کے ذریعے (شکر) کا تذکرہ کرے

311 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهٗ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتَفْعَلُ هٰذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ وَمَا تَاَخَّرَ؟ قَالَ: اَفَلَا اَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا. (**5: 47**)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نوافل ادا کرتے تھے اور اتنا طویل قیام کرتے تھے: آپ کے دونوں پاؤں ورم آلود ہوجاتے تھے آپ کی خدمت میں عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا آپ ایسا کرتے ہیں؟

310- إسناده حسن، وأخرجه ابن ماجة 221 فى المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، والطبرانى فى الكبير /19 904، وابن عدى فى الكامل 3/1005

311- إسناده صحيح، إبراهيم بن بشار وهو الرمادى- أبو إسحاق البصرى حافظ روى له أبو داوٗد والنسائى، وهو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه عبد الرزاق 4746 / والحميدى 759 ، وأحمد 4/251، عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/255 عن وكيع وعبد الرحمٰن، والبخارى 4836 فى التفسير: باب قوله تعالى: (يَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ) عن صدقة بن الفضل، ومسلم 2819 80 فى صفات المنافقين وأحكامهم: باب إكثار الأعمال والاجتهاد فى العبادة، والنسائى 3/219 فى قيام الليل: باب الاختلاف على عائشة فى إحياء الليل، وابن ماجة 1419 فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فى طول القيام فى الصلوات، والبيهقى فى السنن 3/16 وصححه ابن خزيمة برقم 1833 .وأخرجه أحمد 4/255، والبخارى 1130 فى التهجد: باب قيام النبى صلى الله عليه وسلم الليل، و 6471 فى الرقاق: باب الصبر عن محارم الله، والبيهقى فى السنن 7/39 ومسلم 2819 79 ، والترمذى 412 فى الصلاة: باب ما جاء فى الاجتهاد فى الصلاة، وفى الشمائل 258 ، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 931 من طريق أبى عوانة، كلاهما عن زياد بن علاقة، به، وصححه ابن خزيمة برقم 1182 . وفى الباب عن عائشة عند أحمد 6/115، والبُخارى 4837 ، ومسلم 2820 ، والبيهقى فى السنن 7/39

جبکہ آپ کے گزشتہ اور آئندہ (ذنب) کی مغفرت ہوچکی ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَتْرُكُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَعْمَالَ الصَّالِحَةَ بِحَضْرَةِ النَّاسِ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کی موجودگی میں (بعض) نیک اعمال ترک کر دیتے تھے

312 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حدثني الليث، عن عقيل، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كانت تقول: ما كان رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَبِّحُ سُبْحَةَ الضُّحَى. وَكَانَتْ عَائِشَةُ تُسَبِّحُهَا وَكَانَتْ تَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ كَثِيْرًا مِنَ الْعَمَلِ خَشْيَةَ اَنْ يستن به، فيفرض عليهم.

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ چاشت کی نماز باقاعدگی سے (ادا نہیں کرتے تھے) جبکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا یہ نماز ادا کیا کرتی تھیں۔

وہ یہ فرماتی تھیں: نبی اکرم ﷺ بہت سے عمل اس لئے ترک کر دیتے تھے: یں ایسا نہ ہو کہ لوگ اس طریقے کی پیروی کرنا شروع کر دیں اور یہ بات ان پر لازم ہو جائے۔"

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَتْرُكُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ الطَّاعَاتِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے (بعض) نیک اعمال ترک کئے

313- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ الزهري بن شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ

312- إسناده صحيح، يزيد بن موهب وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب ثقة، روى له أبو داوُد والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 6/223 عن حجاج، عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/406، وأحمد 6/169، 170، وأبو عوانة 2/267 من طريق ابن جريج، وعبد الرزاق 4867 ،

313-إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البغوي في شرح السنة 1004 من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد . وهو في الموطأ 1/166، 167 في صلاة الضحى، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 6/178، والبخاري 1128 في التهجد: باب تحريض النبي صلى الله عليه وسلم على صلاة الليل والنوافل من غير إيجاب، ومسلم 717 في المسافرين، باب استحباب صلاة الضحى، وأبو داوُد 1293 في الصلاة: باب صلاة الضحى، وأبو عوانة 2/267، والبيهقي في السنن 3/50. وتقدم قبله من طريق عُقَيل بن خالد الأيلي، عن الزهري، به، فانظره.

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ليدع الْعَمَلَ، وَهُوَ يُحِبُّ أَنْ يَعْمَلَ بِهِ، خَشْيَةَ أن يعمل به الناس، فيفرض عليهم (5: 29)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات کوئی عمل ترک کر دیتے تھے حالانکہ ان کو اس پر عمل کرنا پسند ہوتا تھا آپ اس اندیشے کے تحت ایسا کرتے تھے کہ لوگ بھی وہ عمل کرنا شروع کر دیں گے اور یہ ان پر لازم ہو جائے گا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الشُّكْرِ لِلّٰهِ، جَلَّ وَعَلَا، بِأَعْضَائِهِ عَلَى نِعَمِهِ، وَلَا سِيَّمَا إِذَا كَانَتِ النِّعْمَةُ تَعْقُبُ بَلْوَى تَعْتَرِيهِ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرنا لازم ہے

کہ آدمی اس کی نعمتوں پر اپنے اعضاء کے ذریعے (شکر کرے) بطور خاص (اس وقت) جب کوئی نعمت کسی آزمائش کا سامنا کرنے کے بعد آدمی کو ملے (تو اس وقت آدمی ضرور شکر کرے)

314 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَعْلَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): إِنَّ ثَلَاثَةً فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ: أَبْرَصَ وَأَقْرَعَ وَأَعْمَى، فَأَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ مَلَكًا، فَأَتَى الْأَبْرَصَ، فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: لَوْنٌ حَسَنٌ، وجلد حسن. قال: فأى المال أحب إِلَيْكَ قَالَ الْإِبِلُ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَأُعْطِيَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا.

قَالَ وَأَتَى الْأَقْرَعَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي هٰذَا الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ وَأُعْطِيَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْبَقَرُ قَالَ فَأُعْطِيَ بَقَرَةً حَافِلَةً قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا.

قَالَ وَأَتَى الْأَعْمَى فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ أَنْ يَرُدَّ اللّٰهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَأُبْصِرَ بِهِ النَّاسَ فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ قَالَ فَأُعْطِيَ شَاةً وَالِدًا وَأُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْإِبِلِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الغنم.

قَالَ ثُمَّ أَتَى الْأَبْرَصَ فِي صُوْرَتِهِ وَهَيْئَتِهِ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ وَابْنُ سَبِيْلٍ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِي فَلَا بَلَاغَ بِيَ الْيَوْمَ بِالَّذِي أَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيْرًا أَتَبَلَّغُ بِهِ فِي سَفَرِي فَقَالَ

314- إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن فروخ، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما.

الْحُقُوقُ كَثِيرَةٌ فقالَ كَاَنِّي اَعرِفُكَ اَلَمْ تكُنْ اَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيرًا فَاَعْطَاكَ اللّٰهُ الْمَالَ فقالَ اِنَّمَا وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فقال إن كنت كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا كُنْتَ.

قَالَ ثُمَّ اَتَى الْاَقْرَعَ فِيْ صُوْرَتِهٖ فقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا فَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ هٰذَا فقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا كُنْتَ.

وَاَتَى الْاَعْمَى فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْئَتِهٖ فقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ وابن سب الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فقَالَ قَدْ كُنْتُ اَعْمَى فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ بَصَرِيْ فَخُذْ مَا شِئْتَ ودع ما شئت فوالله لَا اَجْهَدُكَ الْيَوْمَ شَيْئًا اَخَذْتَهٗ لِلّٰهِ فقَالَ اَمْسِكْ مَالَكَ فَاِنَّمَا ابْتُلِيتُمْ فَقَدْ رُضِيَ عَنْكَ وسخط على صاحبيك.

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بنی اسرائیل میں تین آدمی تھے۔ایک پھلبہری کا مریض تھا ایک لنگڑا تھا' اور ایک اندھا تھا۔اللہ تعالیٰ نے انہیں آزمائش میں مبتلا کرنے کا ارادہ کیا' تو ان کی طرف ایک فرشتے کو بھیجا وہ پھلبہری کے مریض کے پاس آیا اور دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سی چیز زیادہ پسندیدہ ہے۔اس نے جواب دیا: صاف رنگ اور صاف جلد''۔

فرشتے نے دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سا مال زیادہ پسندیدہ ہوگا؟ اس نے جواب دیا: اونٹ۔

فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس کی بیماری ختم ہوگئی پھر اس شخص کو دس ماہ کی حاملہ اونٹنی دی گئی فرشتے نے کہا: اللہ تمہارے لئے اس میں برکت عطا کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر وہ فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور کہا تمہیں کون سی چیز پسندیدہ ہے؟ اس نے جواب دیا: اچھے بال اور مجھ سے یہ برائی ختم ہوجائے' جس کی وجہ سے لوگ مجھے برا سمجھتے ہیں۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس کی بیماری ختم ہوگئی اور اسے اچھے بال عطا کردیئے گئے۔

فرشتے نے دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سا مال زیادہ پسندیدہ ہے؟ اس نے جواب دیا: گائے' تو اسے ایک حاملہ گائے دے دی گئی۔

فرشتے نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہارے لئے اس میں برکت پیدا کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر وہ فرشتہ نابینا شخص کے پاس آیا اور دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سی چیز زیادہ محبوب ہے؟ اس نے جواب دیا: یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے میری بصارت واپس کردے تاکہ میں اس کے ذریعے لوگوں کو دیکھ سکوں فرشتے نے اس شخص پر ہاتھ پھیرا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی لوٹا دی۔

فرشتے نے دریافت کیا: تمہارے نزدیک کون سا مال زیادہ پسندیدہ ہے؟ اس نے جواب دیا: بکریاں' تو اس شخص کو ایک حاملہ بکری دے دی گئی۔

ان تینوں کے ہاں جانوروں کے بچے پیدا ہوئے' تو اس شخص کے پاس بہت سے اونٹ ہوگئے۔

اس شخص کے پاس بہت سی گائیں ہوگئیں اوراس کے پاس بہت سی بکریاں ہوگئیں۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: پھر وہ فرشتہ اپنی مخصوص صورت میں اور ہیئت میں پھلبہری کے (سابقہ) مریض کے پاس آیا اور کہا میں ایک غریب اور مسافر شخص ہوں سفر کے دوران میرا زادِ سفر ختم ہوگیا ہے۔اب اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور تمہارے علاوہ میرا کوئی آسرا نہیں ہے میں تم سے اس ذات کے وسیلے سے مانگتا ہوں جس نے تمہیں خوبصورت رنگ اور خوبصورت جلد اور مال عطا کیا ہے۔ تم مجھے ایک اونٹ دے دو تاکہ میں اس کے ذریعے اپنا سفر جاری رکھ سکوں۔اس شخص نے کہا: میرے اور بہت سے اخراجات ہیں۔(میں تمہاری مدد نہیں کرسکتا)

فرشتے نے کہا: میں شاید تمہیں جانتا ہوں کیا تم پھلبہری کے مریض نہیں تھے؟ لوگ تمہیں برا سمجھتے تھے اور تم غریب بھی تھے' تو اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال عطا کردیا' تو اس شخص نے کہا: مجھے یہ مال اپنے بڑوں کی طرف سے وراثت میں ملا ہے۔

تو فرشتے نے کہا: اگر تم جھوٹ بول رہے ہو' تو اللہ تعالیٰ تمہیں پہلی صورتحال کی طرف واپس کردے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: پھر وہ فرشتہ گنجے شخص کے پاس اسی شکل میں آیا اور اس سے بھی وہی بات کہی جو اس سے کہی تھی' تو اس نے بھی وہی جواب دیا جو اس نے دیا تھا' تو فرشتے نے کہا: اگر تم جھوٹ بول رہے ہو' تو اللہ تعالیٰ تمہیں پہلی صورتحال کا شکار کردے۔

پھر وہ فرشتہ اسی صورت اور اسی ہیئت میں (سابقہ) نابینا شخص کے پاس آیا اور بولا: میں ایک غریب اور مسافر شخص ہوں میرا زادِ سفر ختم ہوگیا ہے' تو اس شخص نے کہا: میں پہلے نابینا تھا' تو اللہ تعالیٰ نے مجھے بصارت عطا کی اب تم جو چاہو حاصل کرلو اور جو چاہو چھوڑ دو اللہ کی قسم! آج تم اللہ کے نام پر جو کچھ بھی لوگے میں اس معاملے میں تمہارے ساتھ کوئی سختی نہیں کروں گا' تو فرشتے نے کہا: تم اپنا مال اپنے پاس رکھو اور تم لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کیا گیا ہے' تو تم پر رضامندی ہوگئی اور تمہارے دو ساتھیوں پر ناراضگی ہوگئی۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِإِعْطَاءِ اَجْرِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ لِلْمُفْطِرِ اِذَا شَكَرَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا

اللہ تعالیٰ کے اس فضل کا تذکرہ کہ وہ روزہ نہ رکھنے والے شخص کو، صبر کرکے روزہ رکھنے والے، کا سا اجر وثواب عطا کرتا ہے، جب وہ شخص اپنے پروردگار کا شکر بجالاتا ہے

315 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدِ الْعَابِدُ الطَّاحِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ. عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الطَّاعِمُ الشاكر بمنزلة الصائم الصابر

315- إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن فروخ، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما . وأخرجه مسلم 2964 10 في الزهد والرقائق، والبيهقي في السنن 7/219، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 3464 في أحاديث الأنبياء : باب حديث أبرص وأعمى وأقرع في بني إسرائيل، و 6653 في الأيمان والنذور : باب لا يقول ما شاء الله وشئت .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ شُكْرُ الطَّاعِمِ الَّذِىْ يَقُوْمُ بِاِزَاءِ اَجْرِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ هُوَ اَنْ يَّطْعَمَ الْمُسْلِمُ ثُمَّ لَا يَعْصِى بَارِيَهُ يُقَوِّيهِ وَيُتِمُّ شُكْرَهُ بِاِتْيَانِ طَاعَاتِهِ بِجَوَارِحِهِ لِاَنَّ الصَّائِمَ قُرِنَ بِهِ الصَّبْرُ لِصَبْرِهِ عَنِ الْمَحْظُوْرَاتِ وَكَذٰلِكَ قُرِنَ بِالطَّاعِمِ الشُّكْرُ فَيَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ هٰذَا الشُّكْرُ الَّذِىْ يَقُوْمُ بِاِزَاءِ ذٰلِكَ الصَّبْرِ يُقَارِبُهُ اَوْ يُشَاكِلُهُ وَهُوَ تَرْكُ الْمَحْظُوْرَاتِ عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کھا کر شکر ادا کرنے والا صبر کر کے روزہ رکھنے والے کی مانند ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) کھا کر شکر کرنے والے، جس شخص کو صبر کر کے روزہ رکھنے والے کے اجر کے بالمقابل قرار دیا گیا ہے یہ وہ مسلمان شخص ہے، جو کچھ کھاتا ہے، اور پھر وہ اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کرتا ہے وہ اپنی ذات کو قوت پہنچاتا ہے وہ شکر کو مکمل کرتا ہے کہ اپنے اعضاء کے ذریعے نیکیوں کا ارتکاب کرتا ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: روزہ دار اس کے ساتھ صبر کے حوالے سے مل جاتا ہے، کیونکہ وہ ممنوعہ چیزوں سے صبر کرتا ہے۔

اسی طرح اسے صبر شکر کرنے والے کے ساتھ ملایا گیا ہے۔

تو اب یہ بات لازم ہے کہ یہ شکر جس سے اس صبر کے مقابلے میں رکھا گیا ہے۔ یہ وہ ہو، جو اس کے قریب ہو یا اس کے ساتھ مناسبت رکھتا ہو اور یہ ممنوعہ چیزوں کا ترک کرنا ہے جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْقِيَامِ فِىْ اَدَاءِ الْفَرَائِضِ مَعَ اِتْيَانِ النَّوَافِلِ ثُمَّ اِعْطَائِهِ عَنْ نَفْسِهِ وَعِيَالِهِ فِيْمَا بَعْدُ

اس روایت کا تذکرہ، جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ نوافل کی ادائیگی کے ہمراہ فرائض کی ادائیگی کی کوشش کرے اور اس کے بعد اپنی جان اور اپنے اہل خانہ کو ان کا حق دے

316 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ الْبَلَدِيُّ الزَّاهِدُ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَتِ امْرَاَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ عَلٰى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْنَهَا سَيِّئَةَ الْهَيْئَةِ فَقُلْنَ مَا لَكِ مَا فِىْ قُرَيْشٍ رَجُلٌ اَغْنٰى مِنْ بَعْلِكِ قَالَتْ مَا لَنَا مِنْهُ شَىْءٌ اَمَّا نَهَارُهُ فَصَائِمٌ وَاَمَّا لَيْلُهُ فَقَائِمٌ قَالَ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَ ذٰلِكَ لَهُ فَلَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا عُثْمَانُ اَمَا لَكَ فِىْ اُسْوَةٍ قَالَ وَمَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِدَاكَ اَبِىْ وَاُمِّىْ قَالَ اَمَّا اَنْتَ فَتَقُوْمُ اللَّيْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ وَاِنَّ لِاَهْلِكَ

316- حسن لغيره، وأخرجه ابن سعد فى الطبقات 3/394، 395 من طريقين عن أبى إسحاق، عن أبى بردة مرسلًا . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد 4/301، 302: وقال: رواه أبو يعلى والطبرانى بأسانيد، وبعض أسانيد الطبرانى رجالها ثقات. وفى الباب عن عائشة تقدم برقم 9

عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا صَلِّ وَنَمْ وَصُمْ وَافْطِرْ قَالَ فَاَتَتْهُمُ الْمَرْاَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ عَطِرَةً كَاَنَّهَا عَرُوسٌ فَقُلْنَ لَهَا مَهْ قَالَتْ اَصَابَنَا مَا اَصَابَ الناس .

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی خدمت میں حاضر ہوئیں' تو ان ازواج نے دیکھا کہ ان کی ظاہری حالت ٹھیک نہیں ہے' تو ازواج نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ قریش میں تمہارے شوہر سے زیادہ خوشحال اور کوئی شخص نہیں ہے' تو اس خاتون نے جواب دیا: ہمارا ان کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے۔

وہ دن کے وقت روزہ رکھ لیتے ہیں اور رات کے وقت نفل پڑھتے رہتے ہیں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لائے' تو ازواج مطہرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ سے ہوئی' تو آپ نے فرمایا۔

اے عثمان! کیا تمہارے لئے میرے طریقے میں نمونہ نہیں ہے؟ انہوں نے دریافت کیا۔ کیا ہوا؟ یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم رات بھر نفل پڑھتے رہتے ہو' اور دن کے وقت نفلی روزہ رکھ لیتے ہو؟ تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے تم (رات کے وقت) نفل نماز پڑھ بھی لیا کرو اور سو بھی جایا کرو اور دن کے وقت نفل روزہ رکھ بھی لیا کرو اور نہ بھی رکھا کرو۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد ان کی اہلیہ ازواج مطہرات کے پاس آئیں' تو انہوں نے عطر لگایا ہوا تھا یوں جیسے وہ دلہن ہوں۔

ازواج مطہرات نے ان سے کہا: کیا ہوا؟ تو انہوں نے بتایا: ہمیں بھی وہی چیز ملی ہے' جو لوگوں کو ملی ہے۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ خَالَفَ السُّنَّةَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا

ہم نے جو سنت ذکر کی ہے اس کی خلاف ورزی کرنے والے کی شدید مذمت کا تذکرہ

317 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ الطَّوِيلُ اَنَّهُ سَمِعَ أنس بن مالك يَقُولُ:

(متن حدیث): جاء ثلاث رَهْطٍ اِلٰى بُيُوتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُونَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُخْبِرُوا كَاَنَّهُمْ تَقَالُّوهَا فَقَالُوا وَاَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَاَخَّرَ قَالَ اَحَدُهُمْ اَمَّا اَنَا فَاِنِّي اُصَلِّي اللَّيْلَ اَبَدًا وَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَصُومُ الدَّهْرَ وَلَا اُفْطِرُ

317- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في صحيح البخاري 5063 في النكاح: باب الترغيب في النكاح. وأورده المؤلف برقم 14 من طريق حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس، فانظر تخريجه ثمت.

وَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَعْتَزِلُ النِّسَاءَ وَلَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال أنتم الذى قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَتْقَاكُمْ لَهُ لٰكِنِّيْ اَصُومُ وَاُفْطِرُ وَاُصَلِّي وَاَرْقُدُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ . (3:11)

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تین آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے گھر آئے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے بارے میں دریافت کریں جب انہیں اس بارے میں بتایا گیا' تو انہوں نے اسے کم سمجھا انہوں نے کہا: ہمارا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا واسطہ؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے' تو گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت ہو چکی ہے۔

تو ان میں سے ایک شخص نے کہا: میں ہمیشہ رات بھر نوافل ادا کرتا رہوں گا۔

دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ نفلی روزے رکھتا رہوں گا کبھی روزہ افطار نہیں کروں گا۔

تیسرے نے کہا: میں خواتین سے علیحدگی اختیار کروں گا اور کبھی شادی نہیں کروں گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے آپ کو یہ باتیں بتائیں گئیں' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

کیا تم لوگوں نے یہ بات کہی ہے؟ خدا کی قسم! میں تم سب کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اور اس کا سب سے زیادہ تقویٰ رکھنے والا ہوں۔

لیکن میں نفلی روزے رکھ بھی لیتا ہوں اور ترک بھی کر دیتا ہوں میں نوافل ادا بھی کرتا ہوں اور سو بھی جاتا ہوں۔

اور میں نے خواتین کے ساتھ شادی بھی کی ہے۔

تو جو شخص میری سنت سے منہ موڑے گا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے"۔

ذِكْرُ مَا يَقُومُ مَقَامَ الْجِهَادِ النَّفْلُ مِنَ الطَّاعَاتِ لِلْمَرْءِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کی کچھ نفلی نیکیاں جہاد کی قائم مقام بن جاتی ہیں

318 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ غَيْلَانَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِىْ حَبِيْبُ بْنُ اَبِىْ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ وَهُوَ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوْخ الشاعر المكى يَقُوْلُ: سمعت

318– إسناده صحيح على شرط البخارى . وأخرجه البيهقى فى شرح السنة 2638 وأخرجه الطيالسى 2254 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/188 عن محمد بن جعفر، و 2/193 و 197 و221 'والبخارى 3004 فى الجهاد: باب الجهاد بإذن الأبوين، والبيهقى فى السنن 9/25 من طريق آدم بن أبى إياس، ومسلم 2549 فى البر والصلة: باب بر الوالدين، والبغوى فى شرح السنة 2638 أيضًا . وأخرجه البخارى 5972 فى الأدب: باب لا يجاهد إلا بإذن الأبوين، ومسلم 2549 أيضًا، والنسائى 6/10 فى الجهاد: باب الرخصة فى التخلف لمن له والدان، والترمذى 1671 فى الجهاد: باب فيمن خرج فى الغزو وترك أبويه . وسيورده المؤلف برقم 420 من طريق سفيان الثورى، عن حبيب، به، فانظره . وأخرجه الحميدى 585 ، وأحمد 2/165 و 193، ومسلم 2549 6 ، والبيهقى فى السنن 9/25 من طريق مسعر والأعمش، عن حبيب بن أبى ثابت، به.

عبد الله بن عمر يَقُوْلُ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُهُ فِي الْجِهَادِ فقَالَ: اَحَيٌّ والداك ؟ قال نعم قال ففيهما فجاهد .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ آپ سے جہاد میں شرکت کی اجازت مانگے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی اچھی طرح خدمت کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُبَاحٌ لَهٗ اَنْ يُّظْهِرَ مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِنَ التَّوْفِيقِ لِلطَّاعَاتِ اِذَا قَصَدَ بِذٰلِكَ التَّاَسِّى فِيْهِ دُوْنَ اِعْطَاءِ النَّفْسِ شَهْوَتَهَا مِنَ الْمَدْحِ عَلَيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لئے یہ بات مباح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے نیکیوں کی

جو توفیق عطا کی ہے، اس کا اظہار کرے جبکہ اس کا مقصد یہ ہو کہ لوگ اس حوالے سے اس کی پیروی کریں گے اس کا مقصد یہ نہ ہو کہ لوگ اس کی تعریف کریں گے' تو اس کے نفس کی خواہش پوری ہوگی

319 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ:

(متن حدیث): وَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَثَرَ الْوَجَعِ عَلَيْكَ بَيِّنٌ قَالَ اِنِّي عَلٰى مَا تَرَوْنَ قَرَاْتُ البارحة السبع الطول . (5: 47)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف کا سامنا کرنا پڑا اگلے دن صبح آپ کی خدمت میں عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ پر تکلیف کے آثار واضح ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری وہ صورتحال ہے' جو تم دیکھ رہے ہو' (اس حالت میں) میں نے گزشتہ رات (نوافل میں) سات لمبی سورتوں کی تلاوت کی تھی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ مَعَ قِيَامِهٖ فِي النَّوَافِلِ اِعْطَاءَ الْحَظِّ لِنَفْسِهٖ وَعِيَالِهٖ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی جان اور اہل خانہ کے حقوق کی ادائیگی کے ہمراہ رات کے وقت نوافل ادا کرے

320 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا

320– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري 1968 في الصوم: باب من أقسم على أخيه ليفطر في التطوع ولم ير عليه قضاء إذا كان أوفق له، و 6139 في الأدب: باب صنع الطعام والتكلف للضيف، والترمذي 2413 في الزهد، عن محمد بن بشار، والبيهقي في السنن 4/276 من طريق أحمد بن حازم، كلاهما عن جعفر بن عون، بهذا الإسناد.

اَبُوْ عُمَيْسٍ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰخَى بَيْنَ سَلْمَانَ وَاَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ فَجَاءَ سَلْمَانُ يَزُوْرُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَرَاَى اُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتَبَذِّلَةً فقَالَ مَا شَاْنُكِ قَالَتْ اِنَّ اَخَاكَ ليست له حَاجَةٌ فِى الدُّنْيَا فَلَمَّا جَاءَ اَبُو الدَّرْدَاءِ رحب به سليمان وقرب إليه الطعام فقَالَ لَهُ سَلْمَانُ اطْعَمْ قَالَ اِنِّىْ صَائِمٌ قَالَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ اِلَّا طَعِمْتَ فَاِنِّىْ مَا اَنَا بِاٰكِلٍ حَتّٰى تَاْكُلَ قَالَ فَاَكَلَ مَعَهٗ وَبَاتَ عِنْدَهٗ فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ قَامَ اَبُو الدَّرْدَاءِ فَحَبَسَهٗ سَلْمَانُ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ اِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَلِاَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَلِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا اَعْطِ كُلَّ ذِىْ حَقٍّ حَقَّهٗ صُمْ وَاَفْطِرْ وَقُمْ وَنَمْ وَائْتِ اَهْلَكَ فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الصُّبْحِ قَالَ قُمِ الْاٰنَ فَقَامَا فَصَلَّيَا ثُمَّ خَرَجَا اِلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا صَلَّى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ اِلَيْهِ اَبُو الدَّرْدَاءِ فَاَخْبَرَهٗ بِمَا قَالَ سَلْمَانُ فقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا قَالَ سَلْمَانُ .

عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کر دیا۔

ایک دن حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لئے آئے' تو سیدہ اُم درداء رضی اللہ عنہا کو بکھرے ہوئے حلیے میں دیکھا تو دریافت کیا: آپ کو کیا ہوا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: آپ کے بھائی کو دنیا کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جب حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ آئے' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو انہوں نے خوش آمدید کہا اور ان کے سامنے کھانا رکھ دیا' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کھائیے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہم نے' تو روزہ رکھا ہوا ہے۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ آپ کھائیں' کیونکہ میں بھی اس وقت تک نہیں کھاؤں گا' جب تک آپ نہیں کھائیں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ کھانا کھالیا پھر وہ رات کو ان کے پاس ہی ٹھہر گئے جب رات کا وقت ہوا' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ اٹھ کر نوافل ادا کرنے لگے' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے انہیں روک دیا' انہوں نے فرمایا: اے ابودرداء! تمہارے پروردگار کا بھی تم پر حق ہے تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے۔

تم ہر حق دار کو اس کا حق دو تم نفلی روزہ رکھو اور چھوڑ بھی دیا کرو تم نوافل ادا کیا بھی کرو اور سو بھی جایا کرو اور تم اپنی بیوی کے پاس بھی جایا کرو۔

جب صبح صادق کا وقت قریب آیا' تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اب آپ اٹھ جائیں پھر یہ دونوں حضرات اٹھ کھڑے ہوئے ان دونوں نے نوافل ادا کئے اور نماز ادا کرنے کے لئے چلے گئے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا کی تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی بات کے بارے میں بتایا تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے وہی بات کہی جو حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہی تھی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِتْيَانُ الْمُبَالَغَةِ فِي الطَّاعَاتِ وَكَذٰلِكَ اجْتِنَابُ الْمَحْظُورَاتِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نیکیاں کرتے ہوئے ان میں اہتمام کرے اور ممنوعہ چیزوں سے بھرپور طریقے سے بچے

321 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ يَعْفُوْرِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ اَيْقَظَ اَهْلَهُ وَاَحْيَى اللَّيْلَ وَشَدَّ الْمِئْزَرَ.

وَقَدْ ذَكَرَ سُفْيَانُ مَرَّةً فِيْهِ وَجَدَّ اَبُوْ يَعْفُوْرِ اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ نسطاس. (5: 47)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب (رمضان کا آخری) عشرہ آجاتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اہلیہ کو بھی بیدار رکھتے تھے اور رات کے وقت نوافل ادا کرتے تھے اور کمر ہمت باندھ لیتے تھے۔

سفیان نامی راوی نے ایک مرتبہ "لفظ کوشش کرتے تھے" استعمال کیا۔

ابویعفور نامی راوی کا نام عبدالرحمٰن بن عبید نسطاس ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ لُزُوْمُ الْمُدَاوَمَةِ عَلٰى اِتْيَانِ الطَّاعَاتِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نیکیوں پر عمل پیرا ہونے میں باقاعدگی اختیار کرے

322 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ:

321- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 6/40، 41 عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاری 2024 فی فضل ليلة القدر: باب العمل فی العشر الأواخر من رمضان، ومن طريقه البغوی فی شرح السنة 1829 عن علی بن عبد الله، ومسلم 1174 فی الاعتكاف: باب الاجتهاد فی العشر الأواخر، وأبو داؤد 1376 فی الصلاة: باب فی قيام شهر رمضان، والنسائی 3/217، 218 فی قيام الليل: باب الاختلاف على عائشة فی إحياء الليل وابن ماجة 1768 فی الصيام: باب فی فضل العشر الأواخر' والبيهقی فی السنن 4/313 .

322- إسناده صحيح، محمود بن خداش وثقه ابن معين والمصنف وأبو الفتح الأزدی، روى له الترمذی وابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد فی المسند 6/43، وفی الزهد ص 8، عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاری 6466 فی الرقاق: باب القصد والمداومة على العمل، وأبو داؤد 1370 فی الصلاة: باب ما يؤمر به من القصد فی الصلاة، ومسلم 783 فی صلاة المسافرين: باب فضيلة العمل الدائم من قيام الليل وغيره، والنسائی فی السنن الكبرى فی الرقائق عن حسين بن حريث كما فی تحفة الأشراف 12/245 . وأخرجه أحمد 6/55، والبخاری 1987 فی الصوم: باب هل يخص شيئًا من الأيام، من طريق يحيى القطان، وأحمد 6/189، والترمذی فی الشمائل 303 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدی.

(متن حدیث): سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ عَمَلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: كَانَ عَمَلُهُ صَلَّى اللّٰه عليه وسلم ديمة.

علقمہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل کے بارے میں دریافت کیا: توانہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل باقاعدگی سے ہوا کرتا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَحَبَّ الطَّاعَاتِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا وَاظَبَ عَلَيْهِ الْمَرْءُ وَاِنْ قَلَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نیکی وہ ہے جسے کرنے والا شخص باقاعدگی سے اسے سرانجام دے اگرچہ وہ نیکی تھوڑی ہو

323 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ يدوم عليه صاحبه.

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل وہ تھا جسے کرنے والا شخص اسے باقاعدگی کے ساتھ کرتا رہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِجْتِهَادِ فِىْ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ فِىْ اَيَّامِ الْعَشْرِ مِنْ ذِى الْحِجَّةِ

ذوالحج کے پہلے عشرے میں، مختلف طرح کی نیکیوں میں اہتمام کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

324 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ ابْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ بِوَاسِطَ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ اَيَّامٍ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيْهَا اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ الْعَشْرِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الْجِهَادُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ ثم لم يرجع من ذلك

323- إسناده صحيح على شرط الشيخين، والحديث فى الموطأ برواية يحيى الليثى المتداولة 1/187 فى الصلاة: باب جامع الصلاة، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 6/176، والبخارى 6462 فى الرقاق: باب القصد والمداومة فى العمل . وأخرجه عبد الرزاق 20566 ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 934 عن معمر، وأحمد 6/46 عن أبى معاوية، و 6/51، وفى الزهد ص24، 25، والبخارى 43 فى الإيمان: باب أحب الدين إلى الله أدومه، ومسلم 785 221 فى صلاة المسافرين: باب أمر من نعس فى صلاته أو استعجم عليه القرآن أو الذكر بأن يرقد أو يقعد حتى يذهب عنه ذلك، والنسائى 8/123 فى الإيمان وشرائعه: باب أحب الدين إلى الله عز وجل، والبيهقى فى السنن 3/17، من طريق يحيى بن سعيد، ومسلم 785-221 أيضًا، وابن ماجة 4238 فى الزهد: باب المداومة على العمل، من طريق أبى أسامة، والترمذى 2856 فى الأدب، وفى الشمائل 304 ومن طريقه البغوى فى شرح السنة 933 من طريق عبدة بن سليمان، والبيهقى 3/17 من طريق أنس بن عياض.

بِشَیْءٍ . (1:2)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''کوئی بھی ایام ایسے نہیں ہیں، جن میں کوئی نیک عمل کرنا اللہ کے نزدیک ان دس دنوں (میں عمل کرنے سے) زیادہ پسندیدہ ہو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں۔
البتہ جو شخص اپنی جان اور مال کو لے کر نکلے اور پھر کچھ بھی لے کر واپس نہ آئے۔ (اس کا اجر و ثواب اس سے زیادہ ہے)''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ عَشْرَ ذِي الْحِجَّةِ وَشَهْرَ رَمَضَانَ فِي الْفَضْلِ يَكُونَانِ سِيَّانَ

اس روایت کا تذکرہ، جس کے مطابق ذوالحج کا پہلا عشرہ اور رمضان کا مہینہ فضیلت کے اعتبار سے برابر کی حیثیت رکھتے ہیں

325 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ عَبْدِ الرحمٰن بن أبی بکرة عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
(متن حدیث): شَهْرَا عِيدٍ لَا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وذو الحجة . (1:1)

عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(متن حدیث): قَالَ اُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَعْنِیْ نَفْسَهُ لَاَقُوْمَنَّ اللَّيْلَ وَلَاَصُوْمَنَّ النَّهَارَ مَا عِشْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أنت الذى تقول ذلك؟ فَقُلْتُ لَهُ قَدْ قُلْتُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ صُمْ وَاَفْطِرْ وَنَمْ وَقُمْ وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ قَالَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمَيْنِ قَالَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمًا وَذٰلِكَ صِيَامُ دَاوُدَ وَهُوَ اَعْدَلُ الصِّيَامِ قَالَ فَقُلْتُ فَاِنِّیْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَلَاَنْ اَكُوْنَ قَبِلْتُ الثَّلَاثَةَ الْاَيَّامِ الَّتِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ اَهْلِیْ وَمَالِیْ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ يُرِيْدُ بِ[ه] لَكَ لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِمَ ضَعْفَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَمًّا وَطَّنَ نَفْسَهُ عَلَيْهِ من الطاعات. (1: 95)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پتہ چلی کہ میں نے یہ کہا ہے: مَیں جب تک زندہ رہا' رات بھر نفل پڑھتا رہوں گا اور دن بھر روزہ رکھتا رہوں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے یہ بات ک[ہی ہے]

352- إسناده صحيح على شرط مسلم؛ حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه مسلم 1159 181 في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر . وأخرجه مسلم 1159 181 أيضًا عن أبي الطاهر، والنسائي 4/211 في الصيام: باب صوم ... وإفطار يوم. وأخرجه عبد الرزاق 7862 ، ومن طريقه أحمد 2/187، 188، وأبو داوُد 2427 في الصوم: باب في صوم الدهر تطوعًا، عن معـ... والبخاري 1976 في الصوم: باب صوم الدهر، و 3418 في أحاديث الأنبياء : باب (وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ) والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/86، والبغوي في شرح السُّنة 1808 ، والطحاوي 2/85 من طريق محمد بن أبي حفصة، وسيو... المؤلف في آخر باب صوم التطوع من طريق شعيب، عن الزهري، به . وأخرجه أحمد 2/201، والنسائي 4/212، والطحاوي 2/86، من ... محمد بن إبراهيم، وأحمد 2/200 .

ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے یہ بات کہی ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی استطاعت نہیں رکھو گے تم نفلی روزہ رکھ بھی لیا کرو اور چھوڑ بھی دیا کرو (رات کے وقت) سو بھی جایا کرو اور نفل بھی پڑھ لیا کرو۔ ہر مہینے میں تین روزے رکھ لیا کرو نیکی کا بدلہ دس گنا ہوتا ہے تو یہ ہمیشہ روزہ رکھنے کی مانند ہو جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایک دن روزہ رکھا کرو اور ایک دن روزہ نہ رکھا کرو۔ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے اور یہ روزہ رکھنے کا سب سے مناسب طریقہ ہے۔ میں نے عرض کی: میں اس سے بھی زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس سے زیادہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے تین دن روزہ رکھنے کی جو بات ارشاد فرمائی تھی اگر میں اسے قبول کر لیتا تو یہ میرے نزدیک اپنے اہل خانہ اور مال سے زیادہ پسندیدہ ہوتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان:

''اس سے زیادہ فضیلت اور کسی چیز میں نہیں ہے''۔

نبی اکرم ﷺ کی اس سے مراد یہ ہے: تمہارے لیے ایسا نہیں ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم ﷺ کو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے بارے میں اس بات کا پتہ تھا کہ وہ اپنے آپ کو جن نیکیوں کا پابند کر رہے ہیں وہ ان کے حوالے سے کمزور ہو جائیں گے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا ہے

353 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِي الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متنِ حدیث): خُذُوْا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا

353- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم هو الدمشقي، الملقب برحيم من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد صرح الوليد بالسماع من الأوزاعي. وأخرجه الطبراني 29/50. وأخرجه أحمد 6/84، وابن خزيمة في صحيحه 1283. وأخرجه أحمد 6/189 و244، والبخاري 1970 في الصوم: باب صوم شعبان، ومسلم 2/811 782 في الصيام: باب صيام النبي، وأحمد 6/233 من طريق أبان بن يزيد، كلاهما عن يحيى بن أبي كثير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/176 و180، والبخاري 6465 في الرقاق: باب القصد والمداومة على العمل. وسيورده برقم 2571 من طريق سعيد المقبري، عن أبي سلمة، به، ويخرج هناك. وسيورده أيضًا برقم 359 و2586 من طريقين عن الزهري، عن عروة، عن عائشة. فانظرهما. وتقدم برقم 323 من طريق هشام بن عروة، عن أبيه، عن عائشة. وسيعيده برقم 1578 بالإسناد المذكور هنا.

قَالَتْ وَكَانَ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا دَامَ عَلَيْهِ وَاِنْ قَلَّ وَكَانَ اِذَا صَلّٰى صَلَاةً دَامَ عَلَيْهَا.

قَالَ يَقُوْلُ اَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَلَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَائِمُوْنَ) (المعارج:23).

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ الَّتِيْ لَا يَتَهَيَّأُ لِلْمُخَاطَبِ اَنْ يَّعْرِفَ صِحَّةَ مَا خُوطِبَ بِهٖ فِي الْقَصْدِ عَلَى الحقيقة إلا بهذه الألفاظ. (1: 95)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اتنا عمل اختیار کرو جس کی تم طاقت رکھتے ہو' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فضل اس وقت تک تم سے منقطع نہیں ہوتا جب تک تم تھکاوٹ کا شکار نہیں ہو جاتے''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل وہ تھا' جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باقاعدگی سے سرانجام دیں' اگرچہ وہ تھوڑا ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کوئی (نفل) نماز ادا کرتے تھے' تو آپ اسے باقاعدگی سے ادا کیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اور وہ لوگ اپنی نمازیں باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''بے شک اللہ تعالیٰ تھکتا نہیں ہے۔ یہاں تک کہ تم تھک جاتے ہو''۔

یہ لوگوں کے محاورے کے الفاظ میں سے ہیں' کیونکہ مخاطب شخص کو صرف اسی حوالے سے مفہوم منتقل کیا جاسکتا ہے۔ اس سے مراد اس کا حقیقی مفہوم نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ قَبُوْلِ مَا رُخِّصَ لَهٗ بِتَرْكِ التَّحَمُّلِ عَلَى النَّفْسِ مَا لَا تُطِيْقُ مِنَ الطَّاعَاتِ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی کے لئے یہ بات لازم ہے کہ وہ اس رخصت کو قبول کرے جو اسے اپنی ذات پر بوجھ لادنے کو ترک کرنے کے حوالے سے دی گئی ہے' جو ان نیکیوں کے حوالے سے ہے' جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا

354 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ الذَّارِعُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مِحْصَنٍ حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ تُؤْتَى رُخَصُهُ كَمَا يحب أن تؤتى عزائمه . (3: 68)

32

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کی دی ہوئی رخصت کو قبول کیا جائے۔ جس طرح وہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کی لازم کی ہوئی چیزوں پر عمل کیا جائے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ قَبُولَ رُخْصَةِ اللّٰهِ لَهُ فِيْ طَاعَتِهٖ دُوْنَ التَّحَمُّلِ عَلَى النَّفْسِ مَا يَشُقُّ عَلَيْهَا حَمْلُهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے حوالے سے ملنے والی رخصت کو قبول کرے' نہ کہ وہ اپنے اوپر ایسا بوجھ لاد دے' جس کو اٹھانا اس کے لئے مشقت کا باعث ہو

355 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ

(متن حدیث): رَاَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فِيْ سَفَرٍ فِيْ ظِلِّ شَجَرَةٍ يَرُشُّ عَلَيْهِ الْمَاءُ فَقَالَ مَا بَالُ صَاحِبِكُمْ قَالُوْا صَائِمٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ليس من البر الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ فَعَلَيْكُمْ بِرُخْصَةِ اللّٰهِ الَّتِيْ رخص لكم فاقبلوها . (3: 68)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کے دوران ایک شخص کو دیکھا جو ایک درخت کے سائے میں موجود تھا' اور اس پر پانی چھڑکا جا رہا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے ساتھی کو کیا ہوا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے روزہ رکھا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر کے دوران روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے تم لوگوں پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ رخصت قبول کرو جو اس نے تمہیں عطا کی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ التَّرَفُّقُ بِالطَّاعَاتِ وَتَرْكُ الْحَمْلِ عَلَى النَّفْسِ مَا لَا تُطِيقُ

354- إسناده صحيح، الحسين بن محمد وثقه النسائي، وقَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: صدوق، ومن فوقه من رجال الصحيح .. وأخرجه الطبراني في الكبير 11880 ، وأبو نعيم في الحلية 8/276 .

355- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 2/62، من طريق الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 4/176 في الصيام: باب العلة التي من أجلها قيل ذلك، من طريق شعيب، عن الأوزاعي، به . وفي الباب عن ابن عمر، سيورده المؤلف في أول باب صوم المسافر. وعن أبي مالك كعب بن عاصم الأشعري عند أحمد 5/434، والنسائي 4/174-175، وابن ماجة 1664 ، والطحاوي 2/63، والبيهقي 4/242 وسنده صحيح.

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ نیکیوں میں نرمی اختیار کرے اور اپنے اوپر ایسا بوجھ لادے' جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا

356 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِيْنَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

(متن حدیث): مَا صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا كَامِلًا مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ اِلَّا اَنْ يكون رمضان. (5: 29)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بعد کبھی بھی پورا مہینہ روزے نہیں رکھے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف رمضان میں (پورا مہینہ) روزے رکھتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْقَصْدِ فِي الطَّاعَاتِ دُوْنَ اَنْ يَّحْمِلَ عَلَى النَّفْسِ مَا لَا تُطِيقُ

نیکیوں میں میانہ روی اختیار کرنے کا حکم ہونا' نہ یہ کہ آدمی اپنے اوپر ایسا بوجھ لادے' جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا

357- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يعلى الموصلى حدثنا أبو الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُمِّيُّ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ جَارِيَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَجُلٍ قَائِمٍ يُصَلِّي عَلٰى صَخْرَةٍ فَاَتَى نَاحِيَةَ مَكَّةَ فَمَكَثَ مَلِيًّا ثُمَّ اَقْبَلَ فَوَجَدَ الرَّجُلَ عَلٰى حَالِهِ يُصَلِّي فَجَمَعَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حتى تملوا. (1: 63)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا جو ایک چٹان پر کھڑا نماز ادا کر رہا تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے ایک کنارے (کسی کام کے سلسلے میں) تشریف لائے وہاں آپ تھوڑی دیر ٹھہرے رہے۔ جب آپ واپس تشریف لائے' تو آپ نے اس شخص کو اسی حالت میں نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ ملائے اور یہ ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! تم پر میانہ روی اختیار کرنا لازم ہے تم پر میانہ روی اختیار کرنا لازم ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ تھکاوٹ کا شکار

356- إسناده صحيح. وأخرجه مسلم 1156 174 في الصيام: باب صيام النبي صلى الله عليه وسلم في غير رمضان. وأخرجه مسلم 1156 174 أيضا، والنسائي 4/199 في الصيام: باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي. وأخرجه مسلم 1156 173 من طريق كهمس، عن عبد الله بن شقيق، به. وسيورده المصنف في أول باب صوم الدهر. وسيورده في باب صوم التطوع برقم 3651 من طريق مالك. وفي الباب عن ابن عباس عند البخاري 1971 في الصيام: باب ما يذكر من صوم النبي صلى الله عليه وسلم وإفطاره.

357- إسناده ضعيف وأخرجه ابن ماجة 4241 في الزهد: باب المداومة على العمل.

نہیں ہوتا ہے اور تم لوگ تھکاوٹ کا شکار ہو جاتے ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ التَّسْدِيدِ فِي أَسْبَابِهِ مَعَ الِاسْتِبْشَارِ بِمَا يَأْتِي مِنْهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے کاموں میں میانہ روی کو لازم پکڑے اور جو نیکیاں وہ کرتا ہے' ان سے بشارت حاصل کرے

358- (سندحدیث): سَمِعْتُ الْفَضْلَ بْنَ الْحُبَابِ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ بَكْرِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ مُسْلِمٍ يَقُولُ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَهْطٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ يَضْحَكُوْنَ فقال لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قليلا ولبكيتم كثيرا فأتاه جبريل فقال إن اللّٰهَ قَالَ لَكَ لِمَ تُقَنِّطُ عِبَادِيْ قَالَ فرجع إليهم وقال سددوا وأبشروا . (3 :20)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر اپنے اصحاب کے کچھ افراد کے پاس سے ہوا جو ہنس رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میں جانتا ہوں اگر وہ تم جان لو' تو تم تھوڑا ہنسا کرو اور زیادہ رویا کرو۔

تو حضرت جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے آپ سے یہ ارشاد فرمایا ہے: آپ میرے بندوں کو کیوں مایوس کر رہے ہیں؟ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے پاس واپس تشریف لے گئے' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم ٹھیک رہو اور خوشخبری حاصل کرو۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الرِّفْقِ فِي الطَّاعَاتِ وَتَرْكِ الْحَمْلِ عَلَى النَّفْسِ مَا لَا تُطِيقُ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ نیکیاں کرتے ہوئے نرمی سے کام لے اور اپنے اوپر ایسا بوجھ نہ لادے' جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا

359 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ الْحَوْلَاءَ بِنْتَ تُوَيْتِ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى مَرَّتْ بِهَا وَعِنْدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَقُلْتُ هٰذِهِ الْحَوْلَاءُ بِنْتُ تُوَيْتٍ وَزَعَمُوا اَنَّهَا لَا تَنَامُ بِاللَّيْلِ فقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

358- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر 113 . وسيعيده المؤلف برقم 662 .

359- إسناده صحيح، عمرو بن عثمان ثقة، وكذا أبوه، روى لهما أصحاب السُّنن، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 6/247 عن أبي اليمان، عن شعيب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/247 أيضًا من طريق النعمان، عن الزهري، به . وسيورده المؤلف برقم 2586 من طريق يونس.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنَامُ بِاللَّيْلِ خُذُوْا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ فَوَاللّٰهِ لَا يسأم الله حتى تسأموا .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسْاَمُ اللّٰهُ حَتّٰى تَسْاَمُوْا مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ الَّتِىْ لَا يَتَهَيَّأُ لِلْمُخَاطَبِ اَنْ يَّعْرِفَ الْقَصْدَ فيما يخاطب به إلا بهذه الألفاظ. (3:65)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ حولاء بنت تویت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزری' اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ کے پاس موجود تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یہ حولاء بنت تویت ہے' یہ رات بھر سوتی نہیں ہیں بلکہ نفل پڑھتی رہتی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ رات بھر سوتی نہیں ہیں؟ تم لوگ اتنا عمل کیا کرو جس کی تم میں طاقت ہو۔ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ کا فضل اس وقت تک تم سے منقطع نہیں ہوتا جب تک تم تھک نہیں جاتے ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''اللہ تعالیٰ تھکتا نہیں ہے' یہاں تک کہ تم تھک جاتے ہو''۔

یہ لوگوں کے محاورے کے الفاظ ہیں' جو مخاطب تک مفہوم منتقل کرنے کے لئے استعمال کیے گئے ہیں' اور وہ مفہوم انہی الفاظ کے ذریعے منتقل ہوسکتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الِاغْتِرَارِ بِالْفَضَائِلِ الَّتِىْ رُوِيَتْ لِلْمَرْءِ عَلَى الطَّاعَاتِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کو نیکیوں کے حوالے سے' جو فضائل دکھائے جاتے ہیں ان کے حوالے سے کسی غلط فہمی کا شکار ہو

360 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنِىْ شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ حُمْرَانُ مَوْلٰى عُثْمَانَ قَالَ

(متن حدیث): رَاَيْتُ عُثْمَانَ قَاعِدًا فِى الْمَقَاعِدِ فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَقْعَدِىْ هٰذَا تَوَضَّاَ مِثْلَ وُضُوْئِىْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ مِثْلَ وُضُوْئِىْ هٰذَا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَغْتَرُّوْا . (3:23)

حمران بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مقاعد میں بیٹھے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے وضو کا پانی منگوا کر وضو کیا پھر یہ بات بیان کی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی جگہ پر دیکھا آپ نے میرے اس وضو کی طرح وضو کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

360- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن الملقب بدحيم، ثقة حافظ متقن روى له البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه ابن ماجة 285 في الطهارة: باب ثواب الطهور . وأخرجه أحمد 1/66 عن أبي المغيرة، عن الأوزاعي، به . وسيورده المؤلف برقم 1041 وبرقم 1058 و 1060 .

نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''جو شخص میرے اس وضو کی مانند وضو کرے گا اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہو جائے گی''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: ''تم لوگ غلط فہمی کا شکار نہ ہو جانا''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ لَهُ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ حَظٌّ رَجَاءَ التَّخَلُّصِ فِي الْعُقْبٰى بِشَيْءٍ مِّنْهَا

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' اس کا ہر بھلائی میں کوئی حصہ ہو' اس امید کے تحت کہ اس میں سے کسی ایک کی وجہ سے اسے آخرت میں نجات مل جائے

361- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ وَابْنُ قُتَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالُوْا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِشَامِ بن يحيى بن يحيى بن الْغَسَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ جَدِّي عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ

(متن حدیث): دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَحْدَهُ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّ لِلْمَسْجِدِ تَحِيَّةً وَاِنَّ تَحِيَّتَهُ رَكْعَتَانِ فَقُمْ فَارْكَعْهُمَا قَالَ فَقُمْتُ فَرَكَعْتُهُمَا ثُمَّ عُدْتُ فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ اَمَرْتَنِيْ بِالصَّلَاةِ فَمَا الصَّلَاةُ قَالَ خَيْرُ مَوْضُوعٍ اسْتَكْثِرْ اَوِ اسْتَقِلَّ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ اِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَكْمَلُ اِيمَانًا قَالَ اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ المؤمنين اَسْلَمُ قَالَ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهٖ ويده قال الصَّلَاةِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوتِ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ السَّيِّئَاتِ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰه فما الصيام قال فرض مجزىء وَعِنْدَ اللّٰهِ اَضْعَافٌ كَثِيْرَةٌ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ وَاُهْرِيقَ دَمُهُ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جَهْدُ الْمُقِلِّ يُسَرُّ اِلٰى فَقِيْرٍ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيُّ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ اَعْظَمُ قَالَ اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ مَا السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ مَعَ الْكُرْسِيِّ اِلَّا كَحَلْقَةٍ مُلْقَاةٍ بِاَرْضِ فَلَاةٍ وَفَضْلُ الْعَرْشِ عَلَى الْكُرْسِيِّ كَفَضْلِ الْفَلَاةِ عَلَى الْحَلْقَةِ قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمِ الْاَنْبِيَاءُ قَالَ مِائَةُ اَلْفٍ وَعِشْرُوْنَ اَلْفًا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمِ الرُّسُلُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيرًا قَالَ

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ كَانَ اَوَّلُهُمْ قَالَ اٰدَمُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَبِيٌّ مُرْسَلٌ قَالَ نَعَمْ خَلَقَهُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ

361- إسناده ضعيف جدًا، وأخرجه بطوله أبو نعيم في الحية 1/166- 168 أخرجه الطبراني في الكبير 1651

فِيهِ مِنْ رُوحِهِ وَكَلَّمَهُ قِبَلًا ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَرْبَعَةٌ سُرْيَانِيُّونَ اٰدَمُ وَشِيثُ وَاَخْنُوخُ وَهُوَ اِدْرِيسُ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ خَطَّ بِالْقَلَمِ وَنُوحٌ وَاَرْبَعَةٌ مِنَ الْعَرَبِ هُودٌ وَشُعَيْبٌ وَصَالِحٌ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَمْ كِتَابًا اَنْزَلَهُ اللّٰهُ قَالَ مِائَةُ كِتَابٍ وَاَرْبَعَةُ كُتُبٍ اُنْزِلَ عَلٰى شِيثٍ خَمْسُونَ صَحِيفَةً وَاُنْزِلَ عَلٰى اَخْنُوخَ ثَلَاثُونَ صَحِيفَةً وَاُنْزِلَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ عَشْرُ صَحَائِفَ وَاُنْزِلَ عَلٰى مُوسٰى قَبْلَ التَّوْرَاةِ عَشْرُ صَحَائِفَ وَاُنْزِلَ التَّوْرَاةُ والإنجيل والزبور والقرآن

قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا كَانَتْ صَحِيفَةُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ كَانَتْ اَمْثَالًا كُلُّهَا اَيُّهَا الْمَلِكُ الْمُسَلَّطُ الْمُبْتَلَى الْمَغْرُورُ اِنِّي لَمْ اَبْعَثْكَ لِتَجْمَعَ الدُّنْيَا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَلٰكِنِّي بَعَثْتُكَ لِتَرُدَّ عَنِّي دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَاِنِّي لَا اَرُدُّهَا وَلَوْ كَانَتْ مِنْ كَافِرٍ وَعَلَى الْعَاقِلِ مَا لَمْ يَكُنْ مَغْلُوبًا عَلٰى عَقْلِهِ اَنْ تَكُونَ لَهُ سَاعَاتٌ سَاعَةٌ يُنَاجِي فِيهَا رَبَّهُ وَسَاعَةٌ يُحَاسِبُ فِيهَا نَفْسَهُ وَسَاعَةٌ يَتَفَكَّرُ فِيهَا فِي صُنْعِ اللّٰهِ وَسَاعَةٌ يَخْلُو فِيهَا لِحَاجَتِهِ مِنَ الْمَطْعَمِ وَالْمَشْرَبِ وَعَلَى الْعَاقِلِ اَنْ لَا يَكُونَ ظَاعِنًا اِلَّا لِثَلَاثٍ تَزَوُّدٍ لِمَعَادٍ اَوْ مَرَمَّةٍ مَعَاشٍ اَوْ لَذَّةٍ فِي غَيْرِ مُحَرَّمٍ وَعَلَى الْعَاقِلِ اَنْ يَكُونَ بَصِيرًا بِزَمَانِهِ مُقْبِلًا عَلٰى شَاْنِهِ حَافِظًا لِلِسَانِهِ وَمَنْ حَسَبَ كَلَامَهُ مِنْ عَمَلِهِ قَلَّ كَلَامُهُ اِلَّا فِيمَا يَعْنِيهِ

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَمَا كَانَتْ صُحُفُ مُوسٰى قَالَ كَانَتْ عِبَرًا كُلُّهَا عَجِبْتُ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالْمَوْتِ ثُمَّ هُوَ يَفْرَحُ وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالنَّارِ ثُمَّ هُوَ يَضْحَكُ وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالْقَدَرِ ثُمَّ هُوَ يَنْصَبُ عَجِبْتُ لِمَنْ رَاَى الدُّنْيَا وَتَقَلُّبَهَا بِاَهْلِهَا ثُمَّ اطْمَاَنَّ اِلَيْهَا وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَيْقَنَ بِالْحِسَابِ غَدًا ثُمَّ لَا يَعْمَلُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي قَالَ اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهُ رَاْسُ الْاَمْرِ كُلِّهِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ نُورٌ لَكَ فِي الْاَرْضِ وَذُخْرٌ لك فى السماء قلت: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ اِيَّاكَ وَكَثْرَةَ الضَّحِكِ فَاِنَّهُ يُمِيتُ الْقَلْبَ وَيَذْهَبُ بِنُورِ الْوَجْهِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّمْتِ اِلَّا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّهُ مَطْرَدَةٌ لِلشَّيْطَانِ عَنْكَ وَعَوْنٌ لَكَ عَلٰى اَمْرِ دِينِكَ

قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ عَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فَاِنَّهُ رَهْبَانِيَّةُ اُمَّتِي قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ اَحِبَّ الْمَسَاكِينَ وَجَالِسْهُمْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ انْظُرْ اِلٰى مَنْ تَحْتَكَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰى مَنْ فَوْقَكَ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تُزْدَرٰى نِعْمَةُ اللّٰهِ عِنْدَكَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ لِيَرُدَّكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْرِفُ مِنْ نَفْسِكَ وَلَا تَجِدْ عَلَيْهِمْ فِيمَا تَاْتِي وَكَفٰى بِكَ عَيْبًا اَنْ تَعْرِفَ مِنَ النَّاسِ مَا تَجْهَلُ مِنْ نَفْسِكَ اَوْ تَجِدَ عَلَيْهِمْ فِيمَا تَاْتِي ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلٰى صَدْرِي فَقَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ أبو إدريس الخولانى هذا هو عائذ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وُلِدَ عَامَ حُنَيْنٍ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَاتَ بِالشَّامِ سَنَةَ ثَمَانِينَ.

وَيَحْيَى بْنُ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ مِنْ كِنْدَةَ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ مِنْ فُقَهَاءِ اَهْلِ الشَّامِ وَقُرَّائِهِمْ سَمِعَ اَبَا إدريس الخولاني وهو بن خمس عَشْرَةَ سَنَةً وَمَوْلِدُهُ يَوْمَ رَاهِطَ فِيْ اَيَّامِ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَزِيْدَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَسِتِّيْنَ وَوَلَّاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَضَاءَ الْمَوْصِلِ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَاَهْلَ الْحِجَازِ فَلَمْ يَزَلْ عَلَى الْقَضَاءِ بِهَا حَتّٰى وَلِيَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْخِلَافَةَ فَاَقَرَّهُ عَلَى الْحُكْمِ فَلَمْ يَزَلْ عَلَيْهَا اَيَّامَهُ وَعُمِّرَ حَتّٰى مَاتَ بدمشق سنة ثلاث وثلاثين ومئة. (1: 2)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا' تو وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تنہا تشریف فرما تھے آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! مسجد کے لئے ایک نفلی (نماز) ہوتی ہے اور اس کی نفلی (نماز) دو رکعات ہے۔ تم اٹھ کر انہیں ادا کرلو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ان دو رکعات کو ادا کرلیا پھر میں واپس آ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے مجھے نماز کا حکم دیا نماز کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک بھلائی رکھ دی گئی ہے۔ (اب تمہاری مرضی ہے) کہ تم زیادہ حاصل کرتے ہو یا کم حاصل کرتے ہو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا عمل زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اہل ایمان میں سے ایمان کے اعتبار سے سب سے زیادہ کامل کون شخص ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اہل ایمان میں سے سب سے زیادہ سلامتی والا کون شخص ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ سلامت ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی نماز زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میں قیام طویل ہو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی ہجرت زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص گناہوں سے لاتعلق ہو جائے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! روزہ کیا چیز ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک فرض ہے' جو کافی ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں (اس کا اجر و ثواب) کئی گنا ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا جہاد زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میں (گھوڑے کے) پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور اس کا خون بہا دیا جائے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا صدقہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے پاس پیسے کم ہوں اور جسے یہ اندیشہ ہو کہ وہ غریب ہو جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر جو کچھ بھی نازل کیا ہے۔ اس میں سب سے عظیم چیز کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آیت الکرسی' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: (اللہ تعالیٰ کی) کرسی کے مقابلے میں سات آسمان اس طرح ہیں' جیسے کسی بے آب و گیاہ جگہ کے اوپر ایک چھلہ (انگوٹھی) ہو اور عرش کو کرسی پر وہی فضیلت حاصل ہے۔ جس طرح اس آب و گیاہ جگہ کو اس چھلے (انگوٹھی) پر فضیلت حاصل ہے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انبیاء کتنے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک لاکھ بیس ہزار میں نے عرض کی: اس میں سے رسول کتنے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین سو تیرہ کا گروہ ہے۔ میں نے عرض کی: ان میں سب سے پہلے کون سے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا وہ رسول نبی ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ اللہ تعالیٰ نے

انہیں اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا اور ان میں اپنی رُوح کو پھونکا اور سامنے آ کر ان سے کلام کیا۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! چار حضرات سریانی ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام' حضرت شیث علیہ السلام' حضرت اخنوخ علیہ السلام یہ حضرت ادریس علیہ السلام اور یہ وہ پہلے شخص ہیں' جنہوں نے قلم کے ذریعے لکھا تھا' اور حضرت نوح علیہ السلام چار حضرات کا تعلق عرب سے ہے۔ حضرت ہود علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام' حضرت صالح علیہ السلام اور تمہارے نبی حضرت محمد ﷺ۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے کتنی کتابیں نازل کی ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک سو چار کتابیں حضرت شیث علیہ السلام پر پچاس صحیفے نازل ہوئے۔ حضرت اخنوخ علیہ السلام پر تیس صحیفے نازل ہوئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دس صحیفے نازل ہوئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات سے پہلے دس صحیفے نازل ہوئے پھر تورات' انجیل' زبور اور قرآن نازل ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت ابراہیم علیہ السلام کا صحیفہ کیا تھا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کا سارا مثالوں والا تھا' لیکن اس میں یہ تحریر تھا۔

''اے بادشاہ! جسے اقتدار عطا کیا گیا ہے اور آزمائش میں مبتلا کیا گیا ہے اور غلط فہمی کا شکار کیا گیا میں نے تمہیں اس لئے نہیں بھیجا تاکہ تم ایک دوسرے کے مقابلے میں دنیا جمع کرو' میں نے تمہیں اس لئے بھیجا ہے' تاکہ تم مظلوم کی بددعا کو مجھ تک نہ آنے دو' کیونکہ میں مظلوم کی دعا کو مسترد نہیں کرتا۔ خواہ وہ کوئی کافر ہی کیوں نہ ہو اور عقل مند شخص پر یہ بات لازم ہے کہ جب تک اس کی عقل مغلوب نہیں ہوتی وہ اپنے وقت کو مختلف حصوں میں تقسیم کرے کچھ وقت میں وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کرتا رہے۔ کچھ وقت میں وہ اپنے نفس کا محاسبہ کرتا رہے کچھ وقت میں وہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق پر غور و فکر کرتا رہے اور کچھ وقت وہ اپنے کھانے پینے کی تیاری کے لئے مخصوص رکھے۔ عقلمند شخص پر یہ بات لازم ہے کہ وہ تین چیزوں کی تیاری رکھے۔ اپنے انجام (یعنی آخرت) کے لئے زادراہ کی' اپنی زندگی گزارنے کے لئے ضروریات زندگی کی' یا پھر ایسی لذت کی جو حرام نہ ہو اور عقلمند شخص پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے زمانے کی بصیرت رکھتا ہوا اپنے حال کی طرف متوجہ رہے۔ اپنی زبان کی حفاظت کرے اور جو شخص اپنے عمل کے مقابلے میں اپنے کلام کا حساب رکھتا ہے اس کا کلام کم ہوتا ہے اور صرف وہی کلام ہوتا ہے' جو انتہائی ضروری ہو''۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں کیا تھا؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ ساری کی ساری عبرت آمیز باتیں تھیں۔ (جن میں سے کچھ باتیں یہ ہیں)

''مجھے اس شخص پر حیرانگی ہوتی ہے' جو موت پر یقین رکھتا ہے اور پھر بھی وہ خوش رہتا ہے۔ مجھے اس شخص پر بھی حیرانگی ہوتی ہے' جو جہنم پر بھی یقین رکھتا ہے اور پھر بھی وہ ہنستا ہے مجھے اس شخص پر بھی حیرانگی ہوتی ہے' جو تقدیر پر یقین رکھتا ہے اور پھر بھی وہ نصب کر لیتا ہے۔ مجھے اس شخص پر حیرانگی ہوتی ہے' جو دنیا اور اہل دنیا کی حالات کی تبدیلی کو دیکھتا ہے اور پھر بھی وہ دنیا سے مطمئن ہوتا ہے۔ مجھے اس شخص پر بھی حیرانگی ہوتی ہے' جو حساب پر یقین رکھتا ہے اور پھر بھی عمل نہیں کرتا''۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کی نصیحت

کرتا ہوں کیونکہ یہ تمام معاملے کی بنیاد ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مزید کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر قرآن کی تلاوت کرنا اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا لازم ہے اور کیونکہ یہ زمین میں تمہارے لئے نور ہوگا اور آخرت میں تمہارے لئے ذخیرہ ہوگا۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مزید عطا کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ زیادہ ہنسنے سے بچو کیونکہ یہ چیز دل کو مردہ کر دیتی ہے اور چہرے کے نور کو رخصت کر دیتی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مزید عطا کیجئے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر خاموشی اختیار کرنا لازم ہے البتہ بھلائی کی بات کا حکم مختلف ہے کیونکہ یہ چیز تم سے شیطان کو پرے کر دے گی اور تمہارے دین کے معاملے میں تمہارے لئے مددگار رہوگی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مزید عطا کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم پر جہاد کرنا لازم ہے کیونکہ یہ میری امت کی رہبانیت ہے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مزید عطا کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے سے نیچے والے کی طرف دیکھو اپنے سے اوپر والے کی طرف نہ دیکھو کیونکہ اس طرح تم اپنے پاس موجود اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو کم تر نہیں سمجھو گے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مزید عطا کیجئے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم حق بات کہو اگرچہ وہ کڑوی ہو۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مزید عطا کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہونا یہ چاہئے کہ وہ چیز تمہیں لوگوں سے پرے کر دے جسے تم اپنی ذات کے حوالے سے جانتے ہو اور جو کام تم خود کرتے ہو اس کی وجہ سے لوگوں کے خلاف جذبات نہ رکھو۔ اور تمہارے عیب دار ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ تم لوگوں کے حوالے سے اس چیز کی شناخت رکھو جس سے تم اپنے حوالے سے ناواقف ہو یا لوگوں کے خلاف اس حوالے سے جذبات رکھو جو تم خود کرتے ہو۔

پھر نبی اکرم ﷺ اپنا دست مبارک میرے سینے پر مار کر ارشاد فرمایا:

''اے ابوذر! تدبیر کی مانند کوئی عقلمندی نہیں ہے اور رکنے کی مانند کوئی ورع (پرہیز) نہیں ہے اور اچھے اخلاق کی مانند کوئی حسب نہیں ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوادریس خولانی نامی یہ راوی عائذ اللہ بن عبداللہ ہے یہ نبی اکرم ﷺ کی زندگی میں غزوہ حنین کے سال پیدا ہوئے تھے اور سن **80** ھ میں ان کا شام میں انتقال ہوا تھا۔

یحییٰ بن یحییٰ غسانی نامی راوی کا تعلق کندہ سے ہے اور یہ دمشق کا رہنے والا ہے۔

یہ شام کے علم فقہ اور علم قرأت کے ماہرین میں سے ایک ہے انہوں نے ابوادریس خولانی سے احادیث کا سماع پندرہ سال کی عمر میں کیا تھا ان کی پیدائش راہط کے دن معاویہ بن یزید کے دور خلافت میں **64** ھ میں ہوئی تھی۔

سلیمان بن عبدالملک نے انہیں موصل کا قاضی مقرر کیا تھا۔ انہوں نے سعید بن مسیّب اور اہل حجاز سے احادیث کا سماع کیا ہے یہ وہاں قاضی کے منصب پر اس وقت تک فائز رہے جب تک عمر بن عبدالعزیز خلیفہ نہیں بن گئے پھر حکم نے انہیں برقرار رکھا اور اس کے عہد خلافت میں یہ مسلسل اسی عہدے پر فائز رہے ان کی عمر طویل ہوئی تھی یہاں تک کہ ان کا انتقال **133** ھ میں دمشق میں ہوا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ الْعِبَادَةِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ رَجَاءَ النَّجَاةِ فِي الْعُقْبَى بِهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ خفیہ اور اعلانیہ طور پر عبادت کو لازم پکڑے اس امید کے تحت کہ آخرت میں اسے اس کی وجہ سے نجات مل جائے گی

362 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ اِلَّا مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ فَقَالَ يَا مُعَاذُ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ يَا مُعَاذُ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ هَلْ تَدْرِىْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرِىْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حق العباد على الله إذا فعلوا ذلك أن لا يعذبهم. (3: 53)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے (سواری پر) سوار تھا میرے اور آپ کے درمیان صرف پالان کی پچھلی لکڑی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے معاذ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر چلتے رہے' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو۔ اللہ تعالیٰ کا بندوں پر کیا حق ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

362– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخارى 5967 فى اللباس: باب إرداف الرجل خلف الرجل، و 6267 فى الاستئذان: باب من أجاب بلبيك وسعديك، و 6500 فى الرقاق: باب من جاهد نفسه فى طاعة الله، ومسلم 30 فى الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا، والطبرانى فى الكبير /20 81 . وأخرجه أحمد 5/242 من طريق عفان، والبخارى 6267 عن همام بن يحيى، به. وأخرجه البخارى فى الإيمان 128 باب: من خص بالعلم قومًا دون قوم كراهية ألا يفهموا، ومسلم فى الإيمان 32 ، والبغوى فى شرح السُّنة 49 ، من طريق هشام بن أبى عبد الله الدستوائى، عن قتادة، به . وأخرجه أحمد 5/228، 236، والطبرانى فى الكبير /20 83 و 84 و 85 و 76 و 87 ، من طرق عن الأعمش، عن أبى سفيان، عن أنس، عن معاذ . وأخرجه عبد الرزاق 20546 ، وأحمد 5/228، والبخارى 2856 فى الجهاد: باب اسم الفرس والحمار ، ومسلم 30 49 ، والطبرانى /20 254 و 255 و 256 و 257 ، والترمذى 2643 فى الإيمان: باب ما جاء فى افتراق هذه الأمة، والبغوى 48 ، من طرق عن أبى إسحاق، عن عمرو بن ميمون، عن معاذ بن جبل، ونسبه المزى فى تحفة الأشراف 8/411 إلى النسائى فى كتاب العلم من السُّنن الكبرى. وأخرجه أحمد 5/229، 230، والبخارى 7373 فى التوحيد: باب ما جاء فى دعاء النبى صلى الله عليه وسلم أمته إلى توحيد الله، ومسلم، 30 50 ، والطبرانى /20 317 و 318 و 319 و 320 من طرق عن أبى حصين والأشعث بن سليم، عن الأسود بن هلال، عن معاذ . وأخرجه أحمد 5/230، والطبرانى فى الكبير /20 273 من طريق شعبة، وابن ماجة 4296 فى الزهد: باب ما يرجى من رحمة الله يوم القيامة.

فرمایا: یہ کہ وہ اس کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کچھ دیر چلتے رہے پھر آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم جانتے ہو جب بندے ایسا کرلیں' تو پھر بندوں کا اللہ تعالیٰ پر کیا حق ہے؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بندوں کا اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ جب وہ ایسا کرلیں' تو اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہ دے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ اِصْلَاحِ اَحْوَالِهِ حَتّٰى يُؤَدِّيَهُ ذٰلِكَ اِلٰى مَحَبَّةِ لِقَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے احوال کی اصلاح کرے' تاکہ یہ بات اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرنے تک لے جائے

363 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا اَحَبَّ عَبْدِىْ لِقَائِىْ اَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ فإذا كره لقائى كرهت لقاءه. (3: 68)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: جب میرا بندہ میری بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے' تو میں بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہوں اور جب وہ میری بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے' تو میں بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ الْاِسْتِدْلَالِ عَلٰى مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِتَعْظِيْمِ النَّاسِ عِنْدَهُ بِمَحَبَّةِ خَوَاصِّ اَهْلِ الْعَقْلِ وَالدِّيْنِ اِيَّاهُ

اہل عقل اور اہل دین میں سے خواص لوگ جب کسی شخص سے محبت کریں اور لوگ کسی شخص کی تعظیم کریں' تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی اس شخص سے محبت رکھنے پر استدلال کرنے کا تذکرہ

364 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ

363- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البغوي في شرح السُّنة 1448 . وهو في الموطأ 1/240 في الجنائز: باب جامع الجنائز، ومن طريق مالك أخرجه البخاري 7504 في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلامَ اللّٰهِ)، والنسائي 4/10 في الجنائز: باب فيمن أحب لقاء الله. وأخرجه أحمد 2/418، والنسائي 4/10 عن قتيبة بن سعيد، عن المغيرة بن عبد الرحمٰن القرشي، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/451 . وسيورده المؤلف برقم 3008 من حديث أبي هريرة أيضًا. وفي الباب عن عبادة بن الصامت، سيورده المؤلف برقم 3009 ، وعن عائشة سيورده برقم 3010 .

زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا نَادَى جِبْرِيْلَ اِنِّىْ قَدْ اَحْبَبْتُ فُلَانًا فأحبه قال فيقول جِبْرِيْلُ لِاَهْلِ السَّمَاءِ اِنَّ رَبَّكُمْ اَحَبَّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهُ اَهْلُ السَّمَاءِ قَالَ وَيُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِى الْاَرْضِ وَاِذَا اَبْغَضَ عَبْدًا فَمِثْلُ ذلك. (1:2)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے' تو جبرائیل سے فرماتا ہے: میں فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت کرو' تو حضرت جبرائیل اہل آسمان سے کہتے ہیں: بیشک تمہارا پروردگار فلاں بندے سے محبت کرتا ہے' تو تم لوگ بھی اس سے محبت کرو' تو آسمان والے اس شخص سے محبت کرنے لگتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' پھر اس شخص کے لئے زمین میں قبولیت رکھ دی جاتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو ناپسند کرتا ہے' تو پھر بھی اسی طرح ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ مَّحَبَّةِ اَهْلِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ الْعَبْدَ الَّذِىْ يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق اہل آسمان اور اہل زمین اس بندے سے محبت کرتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے

365- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

(متن حدیث): اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ الْعَبْدَ قَالَ لِجِبْرِيْلَ قَدْ اَحْبَبْتُ فُلَانًا فَاَحِبَّهُ فَيُحِبُّهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِىْ فِىْ اَهْلِ السَّمَاءِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهُ اَهْلُ السَّمَاءِ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِى الْاَرْضِ وَاِذَا اَبْغَضَ اللّٰهُ الْعَبْدَ قَالَ مَالِكٌ لَا اَحْسِبُهُ اِلَّا قَالَ فِى الْبُغْضِ مِثْلَ ذٰلِكَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تعالى عَنْهُ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ سُهَيْلٌ عَنْ اَبِيْهِ وَسَمِعَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ

364- إسناده صحيح على شرط مسلم .' وأخرجه البخاري 7485 في التوحيد: باب كلام الرب مع جبريل ونداء الله الملائكة

365- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البغوي في شرح السُّنة 3470 من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وهو في الموطأ 3/128 باب ما جاء في المتحابين في الله، ومن طريق مالك أخرجه مسلم 2637 في البر والصلة، باب إذا أحب الله عبدًا حببه إلى عباده. وأخرجه الطيالسي 2436 ، عن وهيب، وعبد الرزاق 19673 ومن طريقه أحمد 2/267 عن معمر، وأحمد 2/341 من طريق ليث، و 2/413 من طريق أبي عوانة، و 2/509، ومسلم 2637 158 من طريق عبد العزيز بن عبد الله بن أبي سلمة الماجشون، ومسلم 2637 ، والترمذي 3161 في التفسير: باب ومن سورة مريم

حَكِيمٍ عَنْ اَبِيهِ (3: 68)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے' تو وہ جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے: میں فلاں شخص سے محبت کرتا ہوں تم بھی اس سے محبت رکھو' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت رکھنے لگتے ہیں۔ پھر وہ آسمان والوں کے درمیان اعلان کرتے ہیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت رکھتا ہے' تو تم لوگ بھی اس سے محبت رکھو' تو آسمان والے بھی اس سے محبت رکھنے لگتے ہیں پھر اس شخص کے لئے زمین میں قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔

''اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو ناپسند کرتا ہے'' مالک نامی راوی نے یہ کہا ہے میرا گمان ہے کہ روایت میں ناپسند کرنے کے الفاظ ہیں۔اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت سہیل نے اپنے والد کے حوالے سے نقل کی ہے اور انہوں نے یہ روایت کا قعقاع بن حکیم کے حوالے سے ان کے والد سے نقل کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَحَبَّةَ مَنْ وَصَفْنَا قَبْلُ لِلْمَرْءِ عَلَى الطَّاعَاتِ اِنَّمَا هُوَ تَعْجِيلُ بُشْرَاهُ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے پہلے جس محبت کا تذکرہ کیا ہے' جو نیکیوں کے حوالے سے آدمی کو ملتی ہے' تو یہ اسے دنیا میں پہلے ہی مل جانے والی خوشخبری ہے

366 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَّحْيَى الْقَطَّانِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ يَعْمَلُ لِنَفْسِهِ وَيُحِبُّهُ النَّاسُ قَالَ تِلْكَ عَاجِلُ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ . (1: 2)

عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! ایک شخص اپنے لئے عمل کرتا ہے' لیکن لوگ اس سے محبت کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ مومن کو جلدی مل جانے والی خوشخبری ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَحْمَدَةَ النَّاسِ لِلْمَرْءِ وَثَنَاءَ هُمْ عَلَيْهِ اِنَّمَا هُوَ بُشْرَاهُ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' لوگوں کا کسی شخص کی اچھائی بیان کرنا اور اس کی تعریف کرنا اسے دنیا میں مل جانے والی خوشخبری ہے

366- إسناده صحيح على شرط الصحيح، مسدد من رجال البخاري، وعبد الله بن الصامت من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما .وأخرجه أحمد 5/157 و168 عن وكيع ومحمد بن جعفر، ومسلم 2642 في البر والصلة: باب إذا أثنى على الصالح وابن ماجة 4225 في الزهد: باب الثناء الحسن: والبغوي في شرح السُّنة 4139 و 4140.

367 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ

(متن حدیث): قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الرَّجُلَ يَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَيْرِ يَحْمَدُهُ النَّاسُ قَالَ ذٰلِكَ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ . (1: 2)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جوکوئی نیکی کا عمل کرتا ہے اورلوگ اس کی تعریف کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مومن کو ملنے والی خوشخبری ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُثْنِىْ عَلٰى مَنْ يُّحِبُّهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِاَضْعَافِ عَمَلِهِ مِنَ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جو مسلمان اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی تعریف یوں کرتا ہے کہ بھلائی یا برائی کے حوالے سے اس کے عمل کو دگنا کر دیتا ہے (یا کئی گنا کر دیتا ہے)

368 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَشِيْطٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ قال حدثنا المقرىء عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا السَّمْحِ عَنْ اَبِى الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا اَثْنَى عَلَيْهِ بِسَبْعَةِ اَضْعَافٍ مِّنَ الْخَيْرِ لَمْ يَعْمَلْهَا وَاِذَا سَخِطَ عَلٰى عَبْدٍ اَثْنَى عَلَيْهِ بِسَبْعَةِ اَضْعَافٍ مِّنَ الشَّرِّ لَمْ يَعْمَلْهَا . (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو ایسی سات ہزار بھلائیوں کے ہمراہ اس کی تعریف کرتا ہے جس کا اس بندے نے ارتکاب بھی نہیں کیا اور جب وہ کسی بندے پر ناراض ہوتا ہے تو ایسی سات ہزار برائیوں کے ساتھ اس کا ذکر کرتا ہے جس کا اس شخص نے ارتکاب نہیں کیا''۔

367- إسناده صحيح على شرط الصحيح، أحمد بن المقدام العجلي: خرج له البخاري فقط .وأخرجه أحمد 5/156 عن بهز، ومسلم 2642 في البر والصلة: باب إذا أثنى على الصالح .

368- إسناده ضعيف . وأخرجه أحمد 3/38 عن أبي عبد الرحمن المقرىء، وأخرجه أحمد 3/40 عن أبي عاصم. وأخرجه أحمد 3/76 عن حسن بن موسى. قال الهيثمي في المجمع 10/272، 273 بعد أن زاد نسبته إلى أبي يعلى: ورجاله وثقوا على ضعف في بعضهم.

فَصْلٌ

(فصل)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِعْدَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِعِبَادِهِ الْمُطِيْعِينَ مَا لَا يَصِفُهُ حِسٌّ مِنْ حَوَاسِّهِمْ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق اللہ تعالیٰ نے اپنے فرمانبردار بندوں کے لئے وہ چیز تیار کی ہے جس کی صفت ان کے حواس میں سے کوئی بھی حس بیان نہیں کرسکتی

369 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِيْنَ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ وَمِصْدَاقُ ذٰلِكَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِیَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ) (السجدة: 17). (3: 78)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا پتہ چلا ہے۔

''اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیز تیار رکھی ہے جو کسی آنکھ نے دیکھی نہیں ہے۔ کسی کان نے اس کے بارے میں سنا نہیں ہے۔ کسی انسان کے ذہن میں اس کا خیال تک نہیں آیا۔ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یا شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا:) اس کا مصداق اللہ تعالیٰ کی کتاب میں موجود (یہ آیت ہے)

''کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کیلئے کیا چیز پوشیدہ رکھی گئی ہے جو ان کے کئے ہوئے عمل کا بدلہ ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا وَعَدَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ فِی الْعُقْبٰى مِنَ الثَّوَابِ عَلٰى اَعْمَالِهِمْ فِی الدُّنْيَا

369- إسناده صحيح، إبراهيم بن بشار: هو الرمادى أبو إسحاق البصرى حافظ روى له أبو داوُد والترمذى، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه الحميدى 133، ومن طريقه البخارى 3244 فى بدء الخلق: باب ما جاء فى صفة الجنة وأنها مخلوقة، وأخرجه البخارى 4779 فى التفسير: باب (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ)، ومسلم 2824 فى الجنة وصفة نعيمها وأهلها، باب ومن سورة السجدة. وأخرجه مسلم 2824 3. وأخرجه ابن أبى شيبة 13/109، ومن طريقه مسلم 2824 4، وابن ماجة 4328 فى الزهد: باب صفة الجنة. عن أبى معاوية، وأحمد 2/466 من طريق سفيان، و 2/495 عن ابن نمير، والبخارى 4780 ومن طريقه البغوى فى شرح السُّنة 4371.

اس روایت کا تذکرہ جو اس بارے میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مومن بندوں کے ساتھ ان کے دنیا میں کئے گئے اعمال کے بدلے میں آخرت میں جس اجر وثواب کا وعدہ کیا ہے

370- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَةَ

(متن حدیث): عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فِیْ قَوْلِهٖ (اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِیْنًا لِیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ) (الفتح: 1، 2) قَالَ نَزَلَتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرْجِعَهٗ مِنَ الْحُدَیْبِیَةِ وَاِنَّ اَصْحَابَهٗ قَدْ اَصَابَتْهُمُ الْكَآبَةُ وَالْحُزْنُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتْ عَلَیَّ اٰیَةٌ هِیَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا فَتَلَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْهِمْ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَیَّنَ اللّٰهُ لَكَ مَا یَفْعَلُ بِكَ فَمَاذَا یَفْعَلُ بِنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ الْاٰیَةَ بَعْدَهَا: (لِیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ) الآیة (الفتح: 5)، (3: 64)

حضرت انس رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نقل کرتے ہیں۔(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''بیشک ہم نے تمہیں واضح فتح عطا کردی ہے' تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کردے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ آیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر حدیبیہ سے واپسی پر نازل ہوئی تھی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو پریشانی اور غم کا سامنا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھ پر ایسی آیت نازل ہوئی ہے' جو میرے نزدیک دنیا اور اس میں موجود تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ان لوگوں کے سامنے تلاوت کی' تو لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے یہ بات' تو بیان کردی ہے کہ اس نے آپ کے ساتھ کیا کیا ہے' لیکن اس نے ہمارے ساتھ کیا کرنا ہے۔(یہ بیان نہیں کیا)' تو اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد والی یہ آیت نازل کردی۔

''تا کہ وہ مومن مردوں اور مومن خواتین کو ایسی جنتوں میں داخل کردے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کرنے میں قتادہ نامی راوی منفرد ہے

394- إسناده صحيح، رجاله على شرط مسلم، غير عمرو بن هشام فقد روى له النسائي وهو ثقة . وأخرجه أحمد 2/539، وفي الزهد ص 59، ومسلم 2564 34 في البر والصلة: باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره، ومن طريقه البغوي في شرح السنة 4150 عن عمرو الناقد، وابن ماجة 4143 في الزهد: باب القناعة . وأخرجه [illegible] 256[illegible] 33 من طريق أسامة بن زيد، عن أبي سعيد مولى عبد الله بن عامر بن كريز، عن أبي هريرة.

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: اَنَا خَيْرُ الشُّرَكَاءِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا فأشرك فيه غيرى فأنا منه برىء هو للذى أشرك به . (3: 68)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: میں تمام شراکت داروں سے زیادہ بہتر ہوں' جو شخص کوئی عمل کرتا ہے اور وہ اس میں میرے علاوہ دوسرے کو شریک کر لیتا ہے' تو میں اس عمل سے لاتعلق ہوں یہ عمل اس کے لئے ہوگا۔ جس کو اس شخص نے شریک کیا ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ يَنْفَعُهُ إِخْلَاصُهُ حَتّٰى يُحْبِطَ مَا كَانَ قَبْلَ الْاِسْلَامِ مِنَ السَّيِّئَةِ وَاَنَّ نِفَاقَهُ لَا تَنْفَعُهُ مَعَهُ الْاَعْمَالُ الصَّالِحَةُ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق مسلمان شخص کا اخلاص اسے فائدہ دیتا ہے' یہاں تک کہ یہ اس کی اسلام سے پہلے کی برائیوں کو بھی ختم کر دیتا ہے' اور آدمی کے نفاق کے ہمراہ نیک اعمال اسے فائدہ نہیں دیں گے

396- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُؤَاخِذُ اللّٰهُ اَحَدَنَا بِمَا كَانَ يَعْمَلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ مَنْ اَحْسَنَ فِي الْاِسْلَامِ لَمْ يُؤَاخَذْ بِمَا عَمِلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَمَنْ اَسَاءَ فِي الْاِسْلَامِ اُخِذَ بِالْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ . (3: 65)

395- عبد الرحمٰن بن عثمان هو البكراوى أبو بحر، ضعفه غير واحد، وباقى رجاله ثقات . العلاء : هو ابن عبد الرحمٰن . فقد أخرجه أحمد فى المسند 2/301، وفى الزهد ص 57 عن محمد بن جعفر، و 2/301 أيضًا عن روح، و 2/435 عن يحيى القطان، ثلاثتهم عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى 2559 عن ورقاء ، ومسلم 2985 فى الزهد والرقائق: باب من أشرك فى عمله غير الله، من طريق روح بن القاسم، وابن ماجة 4202 فى الزهد: باب الرياء والسمعة، من طريق عبد العزيز بن أبى حازم، ثلاثتهم عن العلاء بن عبد الرحمٰن بن يعقوب، بهذا الإسناد، بلفظ أنا أغنى الشركاء ... . وأخرجه البغوى فى شرح السُّنة 4136 من طريق سعيد بن المسيب، عن أبى هريرة، و 4137 من طريق أبى سعيد المقبرى، عن أبى هريرة . وفى الباب عن أبى سعيد بن أبى فضالة الأنصارى سيرد برقم 404 . وعن شداد بن أوس عند الطيالسى 1120 . وعن محمود بن لبيد عند أحمد 5/428 و 429، والبغوى 4135 وسنده قوى.

396- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 1/409 عن عبد الرزاق، و 1/429 عن يحيى القطان، والبخارى 6921 فى استتابة المرتدين: باب إثم من أشرك بالله ، والبيهقى فى السُّنن 9/123 . وأخرجه عبد الرزاق 19686 ومن طريقه البغوى فى شرح السُّنة 28 عن معمر، وأحمد 1/379، 380، ومسلم 120 189 فى الإيمان: باب هل يؤاخذ بأعمال الجاهلية، وأخرجه أحمد 1/429، والبخارى 6921 أيضًا، الدارمى 1/3 من طريق سفيان، وأحمد 1/431و 462 من طريق شعبة، وأحمد 1/379 عن أبى معاوية، وأحمد 1/431، ومسلم 120 190 ، وابن ماجة 4242 فى الزهد: باب ذكر الذنوب، والبيهقى فى السُّنن 9/123 ومسلم 120 191 من طريق على بن مسهر . وفى الباب عن جابر عند البزار 73 .

ⵘⵘ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ ہم میں سے کسی ایک شخص کے ان اعمال کا بھی مواخذہ کرے گا' جو وہ زمانہ جاہلیت میں کیا کرتا تھا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اسلام میں اچھائی کرے گا۔اس نے زمانہ جاہلیت میں جو کچھ کیا اس پر اس کا مواخذہ نہیں ہوگا اور جو شخص اسلام میں برائی کرے گا' تو اس کے پہلے اور بعد والے (تمام اعمال) کا مواخذہ ہوگا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ التَّعَاهُدِ لِسَرَائِرِهٖ وَتَرْكِ الْاِغْضَاءِ عَنِ الْمُحَقَّرَاتِ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے پوشیدہ معاملات کا خیال رکھے اور حقیر نظر آنے والی چیزوں سے صرف نظر کرنے کو ترک کرے

397 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدِ الْبِرْتِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نفير بْنِ الْحَضْرَمِيّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ سَمِعْتُ النَّوَّاسَ بْنَ سَمْعَانَ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَكَّ فِيْ نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ . (3: 65)

ⵘⵘ حضرت نواس بن سمعان انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: نیکی اچھے اخلاق ہیں اور گناہ وہ چیز ہے' جو تمہارے دل میں کھٹکے اور تمہیں یہ بات بری لگے کہ لوگ اس سے واقف ہوں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ قَدْ يَنَالُ بِحُسْنِ السَّرِيْرَةِ وَصَلَاحِ الْقَلْبِ مَا لَا يَنَالُ بِكَثْرَةِ الْكَدِّ فِي الطَّاعَاتِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بعض اوقات آدمی اپنے پوشیدہ معاملات کی اچھائی اور قلبی کیفیت کی بہتری کی وجہ سے اس مرتبے تک پہنچ جاتا ہے

جہاں وہ طاعت میں زیادہ کوشش کرنے سے نہیں پہنچتا

397- إسناده صحيح على شرط الصحيح .وأخرجه أحمد 4/182 . وأخرجه الترمذي 2389 في الزهد: باب ما جاء في البر والإثم، والبيهقي في السُّنن 10/192، والبغوي في شرح السُّنة 3494 . وأخرجه أحمد 4/182، ومسلم 2553 14 في البر والصلة: باب تفسير البر والإثم، والترمذي 3389 أيضًا، من طريق ابن مهدي، ومسلم 2553 15 من طريق عبد الله بن وهب، والبخاري في الأدب المفرد 295 و 302 . وأخرجه أحمد 4/182، والدارمي 2/322 .

398 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بن يحيى حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ دَرَّاجًا حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): لَيَذْكُرَنَّ اللّٰهُ قَوْمًا فِي الدُّنْيَا على الفرش الممهدة يدخلهم الدرجات العلى . (3: 9)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ دنیا میں ایک قوم کا ذکر ضرور کرے گا جو آراستہ بچھونوں پر ہوں گے اور وہ انہیں بلند درجات میں داخل ضرور کرے گا''۔

ذِكْرُ بَعْضِ الْخِصَالِ الَّتِيْ يَسْتَوْجِبُ الْمَرْءُ بِهَا مَا وَصَفْنَاهُ دُوْنَ كَثْرَةِ النَّوَافِلِ وَالسَّعْيِ فِي الطَّاعَاتِ

بعض ایسے خصال کا تذکرہ، جس کی وجہ سے آدمی اس مرتبے تک پہنچ جاتا ہے، جس کا ہم نے تذکرہ کیا ہے حالانکہ وہ نوافل اور نیکیوں میں زیادہ اہتمام کی وجہ سے وہاں تک نہیں پہنچتا

399 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ . (3/ 9)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان سلامت رہیں''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ فَعَلَ مَا وَصَفْنَا كان من خير المسلمين

اس بات کے بیان کا تذکرہ، جو شخص وہ کچھ کرتا ہے، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، تو وہ بہترین مسلمانوں میں سے ہے

400 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنُ سَلْمٍ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِی الْخَيْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ

(متن حدیث): اِنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرٌ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ

398- إسناده ضعيف، وأورده السيوطي في الجامع وزاد نسبته إلى أبي يعلى.

399- إسناده صحيح على شرط مسلم. وتقدم تخريجه برقم 196 ، وسيرد بعده من طريق أبي الخيره.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! مسلمانوں میں سے کون شخص ... نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان سلامت رہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ الرِّيَاضَةِ وَالْمُحَافَظَةِ عَلَى أَعْمَالِ السِّرِّ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے پوشیدہ اعمال میں ریاضت اوران پر باقاعدگی کو لازم اختیار کرے

401 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ بِالْأُبُلَّةِ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الجوزاء عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): أَنَّهُ قَالَ كَانَتْ تُصَلِّي خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ حَسْنَاءُ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ فَكَانَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَتَقَدَّمُ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ لِأَنْ لَا يَرَاهَا وَيَسْتَأْخِرُ بَعْضُهُمْ حَتَّى يَكُونَ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ فَكَانَ إِذَا رَكَعَ نَظَرَ مِنْ تَحْتِ إِبْطِهِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ فِي شَأْنِهَا (وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ایک انتہائی خوب صورت عورت نماز ادا کیا کرتی تھی' تو حاضرین میں سے بعض لوگ پہلی صف میں کھڑے ہوا کرتے تھے تاکہ وہ اسے نہ دیکھ سکیں اور بعض حضرات پچھلی صف میں کھڑے ہوا کرتے تھے تاکہ جب رکوع میں جائیں' تو اپنی بغل کے نیچے سے اسے دیکھ لیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

''اور ہم تم میں سے آگے ہونے والوں کو بھی جانتے ہیں اور پیچھے ہونے والوں کو بھی جانتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ أَنْ تحفظ مِنْ تَحَفُّظِ أَحْوَالِهِ فِي أَوْقَاتِ السِّرِّ

اس روایت کا تذکرہ' جس کے مطابق آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ پوشیدہ اوقات میں اپنے احوال کی

400- إسناده صحيح على شرط مسلم . . وأخرجه مسلم 40 في الإيمان: باب بيان تفاضل الإسلام . وأخرجه أحمد 2/187 عن حسن بن موسى . وأخرجه ابن أبي شيبة 9/64، 65 من طريق شعبة، وأحمد 2/191 من طريق المسعودى . وفي الباب عن أبي موسى الأشعرى عند البخارى 11 في الإيمان: باب أى الإسلام أفضل، ومسلم 42 ، وابن مندة 307 ، والبغوى في شرح السُّنة 13 وعن جابر عند ابن أبي شيبة 9/64، والطيالسي 1777 ، وأحمد 3/154و 372، ومسلم 41 ، والبغوى 15 . وعن فضالة بن عبيد عند أحمد 6/21، وابن مندة 315 ، والبغوى 14 . وعن عمير بن قتادة عند أبي نعيم في الحلية 3/357.

401- إسناده حسن، من أجل عمرو بن مالك -فإنه صدوق له أوهام، وباقي رجاله على شرط مسلم . وأخرجه الطيالسي 2712 ، ومن طريقه البيهقي في السُّنن 3/98 . وأخرجه أحمد 1/305 عن سريج، والترمذى 3122 في التفسير: باب ومن سورة الحجر، والنسائى 2/118 في الإمامة: باب المنفرد خلف الصف، وابن ماجة 1046 في الإقامة: باب الخشوع في الصلاة، والحاكم 2/353، والبيهقي 3/98 .

حفاظت کرے

402- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَىْءٍ يُكَفِّرُ الْخَطَايَا وَيَزِيْدُ فِى الْحَسَنَاتِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ اَوِ الطُّهُوْرِ فِى الْمَكَارِهِ وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلٰى هٰذَا الْمَسْجِدِ وَالصَّلَاةُ بَعْدَ الصَّلَاةِ ، وَمَا مِنْ اَحَدٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهٖ مُتَطَهِّرًا حَتّٰى يَاْتِىَ الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّى مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ اَوْ مَعَ الْاِمَامِ ثُمَّ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ الَّتِىْ بَعْدَهَا اِلَّا قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ.

فَاِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ فَاعْدِلُوْا صُفُوفَكُمْ وَسُدُّوا الْفُرَجَ فَاِذَا كَبَّرَ الْاِمَامُ فَكَبِّرُوْا فَاِنِّىْ اَرَاكُمْ مِنْ وَرَائِى وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ. وَخَيْرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ الْمُقَدَّمُ وَشَرُّ صُفُوفِ الرِّجَالِ الْمُؤَخَّرُ وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ الْمُؤَخَّرُ وَشَرُّ صُفُوفِ النِّسَاءِ الْمُقَدَّمُ.

يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ اِذَا سَجَدَ الرِّجَالُ فاحفظن أبصاركن من عورات الرجال

فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ مَا يعنى بذلك قال ضيق الأزر. (3: 66)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"کیا میں تمہاری رہنمائی ایسی چیز کی طرف کروں؟ جو گناہوں کو ختم کر دیتی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب طبیعت آمادہ نہ ہو' اس وقت اچھی طرح وضو کرنا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے کہ لفظ وضو استعمال ہوا ہے یا طہارت استعمال ہوا ہے) اور اس مسجد کی طرف زیادہ چل کر آنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز ادا کرنا جو بھی شخص اچھی طرح وضو کر کے اپنے گھر سے نکل کر مسجد تک آتا ہے اور مسلمانوں کے ساتھ (راوی کو یہ شک ہے شاید) امام کی اقتداء میں نماز ادا کرتا ہے اور پھر وہ اس سے بعد والی نماز کا انتظار کرتا ہے' تو فرشتے یہ کہتے ہیں: اے اللہ! تو اس کی مغفرت کر دے۔ اے اللہ! تو اس پر رحم کر۔

جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو' تو اپنی صفوں کو سیدھا کر لو اور درمیان میں خالی جگہ کو پر کر دو جب امام تکبیر کہے' تو تم بھی تکبیر کہو' کیونکہ میں تم لوگوں کو اپنے پیچھے بھی دیکھ لیتا ہوں جب امام سمع اللّٰہ لمن حمدہ کہے' تو تم ربنا لك الحمد کہو۔

402- إسناده صحيح على شرط البخارى، محمد بن عبد الرحيم من رجال البخارى، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه ابن خزيمة 177 و 357، والحاكم 1/191، 192 . وأخرجه أحمد 3/3، وابن خزيمة 117 والبيهقى فى السُّنن 2/16 .

مردوں کی سب سے زیادہ بہتر صف آگے والی ہے اور مردوں کی کم بہتر صف سب سے پیچھے والی ہے اور خواتین کی سب سے بہتر صف سب سے پیچھے والی ہے اور سب سے کم بہتر صف سب سے آگے والی ہے۔

اے خواتین کے گروہ! جب مرد سجدے میں جائیں' تو تم لوگ مردوں کی شرم گاہ کے حوالے سے اپنی نگاہوں کی حفاظت کرو'۔

راوی کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن ابوبکر سے دریافت کیا: اس سے مراد کیا ہے؟ (یعنی اس حکم کی وجہ کیا ہے)' تو انہوں نے فرمایا: کیونکہ ان کے تہبند چھوٹے ہوتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ ارْتِكَابِ الْمَرْءِ مَا يَكْرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَا مِنْهُ فِي الْخَلاءِ كَمَا قَدْ لَا يَرْتَكِبُ مِثْلَهُ فِي الْمَلاءِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی خلوت میں ایسے عمل کا ارتکاب کرے' جسے اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا بالکل اسی طرح جس طرح آدمی اس جیسا عمل لوگوں کی موجودگی میں نہیں کرسکتا

(**403**) (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ مِنْ كِتَابِهٖ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَا كَرِهَ اللّٰهُ مِنْكَ شَيْئًا فَلَا تَفْعَلْهُ اِذَا خَلَوْتَ . (**3:2**)

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کو تمہاری طرف سے جو بات پسند نہیں ہے تم اسے تنہائی میں بھی نہ کرو'۔

ذِكْرُ نَفْيِ وُجُوْدِ الثَّوَابِ عَلَى الْاَعْمَالِ فِي الْعُقْبٰى لِمَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ فِيْ عَمَلِهٖ

جو شخص اپنے عمل میں کسی اور کو اللہ کا شریک ٹھہرائے اس شخص کو آخرت میں اس کا ثواب ملنے کی نفی کا تذکرہ

404 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ زِيَادِ بْنِ مِيْنَاءَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ فَضَالَةَ الْاَنْصَارِيِّ وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

(متن حدیث): اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيْهِ نَادٰى مُنَادٍ مَنْ كَانَ اَشْرَكَ فِيْ عَمَلِهٖ لِلّٰهِ اَحَدًا فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهٗ مِنْ عِنْدِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ أغنى الشركاء عن الشرك . (**109:2**)

403- إسناده ضعيف، مؤمل بن إسماعيل سيء الحفظ، وأورده السيوطي في"الجامع الكبير : ونسبه إلى ابن حبان والباوردي، ورمز له بالضعيف.

حضرت ابوسعید بن فضالہ انصاری رضی اللہ عنہ' جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک ہیں، وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ پہلے والوں اور بعد والوں کو اکٹھا کرے گا یہ ایک ایسا دن ہوگا' جس میں کوئی شک نہیں ہے' تو ایک منادی یہ اعلان کرے گا' جو شخص اپنے عمل میں کسی کو اللہ کا شریک قرار دیتا تھا' تو وہ اپنا ثواب اسی سے طلب کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ شریک سے' سب سے زیادہ بے نیاز ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ اِشْرَاكِ الْمَرْءِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي عَمَلِهِ

عمل میں کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرانے کے طریقے کا تذکرہ

405 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدُّورِيُّ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): بَشِّرْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ بِالنَّصْرِ وَالسَّنَاءِ وَالتَّمْكِينِ فَمَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ عَمَلَ الْاٰخِرَةِ لِلدُّنْيَا لَمْ يَكُنْ لَهُ فِي الْاٰخِرَةِ نصيب . (2: 109)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اس اُمت کو مدد' چمک اور تمکین (یعنی دنیا میں اثر و رسوخ) کی خوشخبری دیدو' ان لوگوں میں سے جو بھی شخص آخرت کا عمل' دنیا کے لئے کرے گا اسے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ملے گا''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ نَفْيِ الثَّوَابِ فِي الْعُقْبٰى عَمَّنْ رَاءٰى وَسَمَّعَ فِي اَعْمَالِهِ فِي الدُّنْيَا

ایسے شخص کے لیے آخرت میں ثواب کی نفی کے اثبات کا تذکرہ' جو دکھاوا کرتا ہے' اور دنیا میں اپنے اعمال کی نمود و نمائش کرتا ہے

406 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا [illegible] قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

404- إسناده حسن. وأخرجه أحمد 3/466 و4/215 عن محمد بن بكر البُرساني، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي 3154 في التفسير: باب ومن سورة الكهف، وابن ماجة 4203 في الزهد: باب الرياء والسمعة، والطبراني في الكبير 22/ 778

405- إسناده حسن. الربيع بن أنس هو البكري صدوق له أوهام، وباقي رجال السند ثقات . وأخرجه أحمد في المسند 5/134، وفي الزهد ص 41، 42 ، وابنه عبد الله في زيادات المسند 5/134، والبغوي في شرح السُّنة 4144. وأخرجه أحمد وابنه عبد الله 5/134، والبغوي في شرح السُّنة 4145 . والحاكم 4/311 و318، وصححه الحاكم. ووافقه الذهبي.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا غَيْرَهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَنَوْتُ قَرِيبًا مِنْهُ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنْ سَمَّعَ يُسَمِّعُ اللّٰهُ بِهِ وَمَنْ راءى يرائى اللّٰه به . (2: 109)

سلمہ بن کہیل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جندب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میں نے ان کے علاوہ اور کسی کو یہ کہتے ہوئے نہیں سنا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اس لئے میں حضرت جندب رضی اللہ عنہ کے قریب ہوگیا۔ میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص شہرت کے لئے کام کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی شہرت کروا دے گا اور جو کوئی دکھاوے کے لئے کام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا دکھاوا ظاہر کر دے گا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ جُنْدُبٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں جندب نامی راوی منفرد ہے

407 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ اَبُو الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ سُمَيْعٍ عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنْ سَمَّعَ يُسَمِّعُ اللّٰهُ به ومن راءى يرائى اللّٰه به .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص شہرت کے لئے کام کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی شہرت کروا دے گا اور جو کوئی دکھاوے کے لئے کام کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا دکھاوا ظاہر کر دے گا''۔

406- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مسلم 2987 في الزهد والرقائق: باب من أشرك في عمله غير الله، وأخرجه البخارى 6499 في الرقاق: باب الرياء والسمعة، ومن طريقه البغوي في شرح السّنة 4134 . وأخرجه أحمد 4/313 عن وكيع وعبد الرحمن بن مهدى، والبخارى 6499 أيضًا من طريق يحيى القطان، ومسلم 2987 48 من طريق وكيع، وابن ماجة 4207 في الزهد: باب الرياء والسمعة. وأخرجه الحميدى 7152 ، ومسلم 2987 . وأخرجه البخارى 7152 في الأحكام: باب من شاقّ شق الله عليه

407- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه برقم 2976 في الزهد والرقائق: باب من أشرك في عمله غير الله . وأخرجه أبو نعيم في الحلية 4/201 من طريق جعفر بن محمد الصائغ، عن عمر بن حفص، بهذا الإسناد . وفي الباب عن جندب بن عبد الله البجلي تقدم قبله 406 . وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند أحمد 2/162 و195 و 212 و223، 224، وأبي نعيم في الحلية 4/123، 124 و5/99 ، البغوى في شرح السّنن 4138 . وعن أبي سعيد الخدرى عند الترمذى 2381 . وعن أبي بكرة نفيع بن الحارث عند أحمد 5/45.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ رَاءَ ى فِيْ عَمَلِهٖ يَكُوْنُ فِي الْقِيَامَةِ مِنْ اَوَّلِ مَنْ يَّدْخُلُ النَّارَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص اپنے عمل کا دکھاوا کرے گا قیامت کے دن وہ سب سے پہلے جہنم میں داخل ہوگا ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

408 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَنْبَاَنَا حيوة بن شريح قال حدثنى الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِى الْوَلِيْدِ اَبُوْ عُثْمَانَ الْمَدَنِيُّ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ شُفَيًّا الْاَصْبَحِيَّ حَدَّثَهٗ

(متن حدیث): اَنَّهٗ دَخَلَ مَسْجِدَ الْمَدِيْنَةِ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَدِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالُوْا اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ فَدَنَوْتُ مِنْهُ حَتّٰى قَعَدْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُحَدِّثُ النَّاسَ فَلَمَّا سَكَتَ وَخَلَا قُلْتُ لَهٗ اَنْشُدُكَ بِحَقِّي لَمَا حَدَّثْتَنِيْ حَدِيْثًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عقلته وعلمته

فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عقلته وَعَلِمْتُهٗ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً فَمَكَثَ قَلِيْلًا ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَهُوَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ مَا مَعَنَا اَحَدٌ غَيْرِيْ وَغَيْرُهٗ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً اُخْرٰى فَمَكَثَ كَذٰلِكَ ثُمَّ اَفَاقَ فَمَسَحَ عَنْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَهُوَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ مَا مَعَهٗ اَحَدٌ غَيْرِيْ وَغَيْرُهٗ ثُمَّ نَشَغَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً ثُمَّ مَالَ خَارًّا عَلٰى وَجْهِهٖ وَاشْتَدَّ بِهٖ طَوِيْلًا ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَنْزِلُ اِلَى الْعِبَادِ لِيَقْضِيَ بَيْنَهُمْ وَكُلُّ اُمَّةٍ جَاثِيَةٌ

فَاَوَّلُ مَنْ يَّدْعُوْ بِهٖ رَجُلٌ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ وَرَجُلٌ يُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ كَثِيْرُ الْمَالِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى للقارىء اَلَمْ اُعَلِّمْكَ مَا اَنْزَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَمَاذَا عَمِلْتَ فِيْمَا عَلِمْتَ قَالَ كُنْتُ اَقُوْمُ بِهٖ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَهٗ كَذَبْتَ وَتَقُوْلُ

408– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى صحيحه برقم 2976 فى الزهد والرقائق: باب من أشرك فى عمله غير الله. وأخرجه أبو نعيم فى الحلية 4/301 .بهذا الاسناد . وفى الباب عن جندب بن عبد الله البجلى تقدم قبله 406 . وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند أحمد 2/162 و195 و 212 و223، 224، وأبى نعيم فى الحلية 4/123، 124 و5/99، والبغوى فى شرح السُّنن 4138 . وعن أبى سعيد الخدرى عند الترمذى 2381 . وعن أبى بكرة نفيع بن الحارث عند أحمد .5/45 إسناده صحيح . الوليد بن أبى الوليد، من رجال مسلم، وباقى رجاله ثقات. وأخرجه الترمذى 2382 فى الزهد: باب ما جاء فى الرياء والسمعة، فى شرح السُّنة 4143 . وأخرجه مسلم 1905 فى الإمارة: باب من قاتل للرياء والسمعة استحق النار، والنسائى 6/23 فى الجهاد: باب من قاتل ليقال فلان جرىء، من طريق خالد بن الحارث، ومسلم 1905، والبيهقى فى السُّنن 9/168 من طريق عبد الوهاب بن عطاء.

لَهُ الْمَلَائِكَةُ كَذَبْتَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ بَلْ اَرَدْتَ أن يقال فلان قارىء فَقَدْ قِيْلَ ذَاكَ.

وَيُؤْتَى بِصَاحِبِ الْمَالِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ اَلَمْ اُوَسِّعْ عَلَيْكَ حَتّٰى لَمْ اَدَعْكَ تَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ قَالَ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَمَاذَا عَمِلْتَ فِيْمَا اٰتَيْتُكَ قَالَ كُنْتُ اَصِلُ الرَّحِمَ وَاَتَصَدَّقُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ كَذَبْتَ وَتَقُوْلُ الْمَلَائِكَةُ لَهُ كَذَبْتَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ بل إنما أردت أن يقال فُلَانٌ جَوَادٌ فَقَدْ قِيْلَ ذَاكَ.

وَيُؤْتَى بِالَّذِىْ قُتِلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقَالُ لَهُ فِىْ مَاذَا قُتِلْتَ فَيَقُوْلُ اُمِرْتُ بِالْجِهَادِ فِىْ سَبِيْلِكَ فَقَاتَلْتُ حَتّٰى قُتِلْتُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ كَذَبْتَ وَتَقُوْلُ لَهُ الْمَلَائِكَةُ كَذَبْتَ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ بَلْ أردت أن يقال فلان جرىء فَقَدْ قِيْلَ ذَاكَ ثُمَّ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُكْبَتِىْ فقَالَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اُولٰئِكَ الثَّلَاثَةُ اَوَّلُ خَلْقِ اللّٰهِ تسعر بهم النار يوم القيامة.

قَالَ الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِى الْوَلِيْدِ فَاَخْبَرَنِىْ عُقْبَةُ اَنَّ شُفَيًّا هُوَ الَّذِىْ دَخَلَ عَلٰى مُعَاوِيَةَ فَاَخْبَرَهُ بِهٰذَا الْخَبَرِ.

قَالَ اَبُوْ عُثْمَانَ الْوَلِيْدُ وَحَدَّثَنِى الْعَلَاءُ بْنُ اَبِىْ حَكِيْمٍ اَنَّهٗ كَانَ سَيَّافًا لِمُعَاوِيَةَ قَالَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ فَحَدَّثَهٗ بِهٰذَا عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فقَالَ مُعَاوِيَةُ قَدْ فُعِلَ بِهٰؤُلَاءِ مِثْلُ هٰذَا فَكَيْفَ بِمَنْ بَقِىَ مِنَ النَّاسِ ثُمَّ بَكٰى مُعَاوِيَةُ بُكَاءً شَدِيْدًا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ هَالِكٌ وَقُلْنَا قَدْ جَاءَ نَا هٰذَا الرَّجُلُ بِشَرٍّ ثُمَّ اَفَاقَ مُعَاوِيَةُ وَمَسَحَ عَنْ وَجْهِهٖ فقَالَ صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ: (مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ) (هود: 15، 16).

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تعالى عَنْهُ اَلْفَاظُ الْوَعِيْدِ فِى الْكِتَابِ وَالسُّنَنِ كُلُّهَا مَقْرُوْنَةٌ بِشَرْطٍ وَهُوَ اِلَّا اَنْ يَتَفَضَّلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مُرْتَكِبِ تِلْكَ الْخِصَالِ بِالْعَفْوِ وَغُفْرَانِ تِلْكَ الْخِصَالِ دُوْنَ الْعُقُوْبَةِ عَلَيْهَا وَكُلُّ مَا فِى الْكِتَابِ وَالسُّنَنِ مِنْ اَلْفَاظِ الْوَعْدِ مَقْرُوْنَةٌ بِشَرْطٍ وَهُوَ اِلَّا اَنْ يَّرْتَكِبَ عَامِلُهَا مَا يَسْتَوْجِبُ بِهِ الْعُقُوْبَةَ عَلٰى ذٰلِكَ الْفِعْلِ حَتّٰى يُعَاقَبَ اِنْ لَمْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ ثُمَّ يُعْطَى ذٰلِكَ الثَّوَابَ الَّذِىْ وُعِدَ بِهٖ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ الْفِعْلِ. (2: 109)

عقبہ بن مسلم بیان کرتے ہیں: شفی اصجی نے انہیں یہ بات بتائی کہ ایک مرتبہ وہ مدینہ منورہ کی مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں ایک صاحب موجود تھے جن کے اردگرد لوگ بھی موجود تھے۔ شفی نے دریافت کیا: یہ کون صاحب ہیں؟ تو لوگوں نے بتایا: یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ شفی کہتے ہیں: میں ان کے قریب ہو کر ان کے سامنے آ کر بیٹھ گیا۔ وہ لوگوں کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے جب وہ خاموش ہوئے اور تنہا رہ گئے تو میں نے ان سے دریافت کیا: میں آپ کو اپنے حق کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو اور آپ نے اسے سمجھا ہو اور جان لیا ہو تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ایسا کرتا ہوں میں تمہیں ایک ایسی حدیث بتاتا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بتائی تھی اور میں نے اسے سمجھا بھی تھا اور جان بھی لیا تھا پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک سسکی لی پھر تھوڑا وقت گزر گیا جب ان کی طبیعت سنبھلی تو انہوں نے فرمایا میں

تمہیں ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جو نبی اکرم ﷺ نے مجھے سنائی تھی اس وقت اس گھر میں میں اور نبی اکرم ﷺ موجود تھے۔ میرے اور نبی اکرم ﷺ کے علاوہ ہمارے ساتھ اور کوئی موجود نہیں تھا پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دوسری مرتبہ سسکی لی پھر وہ تھوڑی دیر خاموش رہے جب ان کی طبیعت سنبھلی تو انہوں نے اپنے چہرے سے پسینہ صاف کیا اور بولے: میں ایسا کرتا ہوں میں ایک ایسی حدیث بیان کروں گا جو نبی اکرم ﷺ نے مجھے بیان کی تھی۔ اس وقت اس گھر میں میں اور نبی اکرم ﷺ تھے۔ میرے ساتھ کوئی موجود نہیں تھا پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے زیادہ زور سے سسکی لی اور وہ اپنے چہرے کے بل گرنے کی طرح آگے کی طرف جھکے اس مرتبہ ان کی یہ کیفیت طویل ہوئی پھر جب ان کی طبیعت سنبھلی تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے مجھے یہ بات بتائی تھی:

''جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے لئے نزول فرمائے گا اور ہر اُمت گھٹنوں کے بل موجود ہوگی تو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو بلائے گا جس نے قرآن کو جمع کیا (یعنی اس کا علم حاصل کیا) اور ایک ایسے شخص کو جس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید کیا گیا ہو اور ایک ایسے شخص کو جس کے پاس مال بہت زیادہ تھا (انہیں بلایا جائے گا) اللہ تعالیٰ قرآن کے عالم سے کہے گا: میں نے اپنے رسول پر جو نازل کیا تھا کیا اس کا علم میں نے تمہیں نہیں دیا تھا؟ وہ جواب دے گا: جی ہاں! میرے پروردگار اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے جو علم حاصل کیا ہے اس بارے میں تم نے کیا عمل کیا؟ وہ جواب دے گا۔ میں رات دن اس کے ساتھ مصروف رہا۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تم نے جھوٹ کہا ہے۔ فرشتے بھی اس شخص سے کہیں گے کہ تم نے جھوٹ کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم یہ چاہتے تھے کہ یہ کہا جائے: فلاں شخص قرآن کا عالم ہے تو یہ بات کہہ دی گئی۔

پھر مال دار شخص کو لایا جائے گا پھر اللہ تعالیٰ دریافت کرے گا کیا میں نے تمہیں کشادگی عطا نہیں کی تھی یہاں تک کہ میں نے تمہیں ایسی حالت میں رکھا تھا کہ تمہیں کسی کی بھی ضرورت نہ ہو؟ وہ عرض کرے گا جی ہاں! میرے پروردگار! اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے جو کچھ تمہیں دیا تھا اس بارے میں تم نے کیا عمل کیا؟ وہ جواب دے گا میں صلہ رحمی کرتا رہا اور خیرات کرتا رہا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے غلط کہا ہے۔ فرشتے بھی اس سے یہ کہیں گے تم نے غلط کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم یہ چاہتے تھے کہ یہ کہا جائے: فلاں شخص سخی ہے تو یہ بات کہہ دی گئی۔

پھر اس شخص کو لایا جائے گا جسے (دنیا میں) اللہ کی راہ میں قتل کیا گیا تھا تو اس سے یہ دریافت کیا جائے گا تمہیں کیوں قتل کیا گیا؟ وہ جواب دے گا مجھے تیری راہ میں جہاد کرنے کا حکم دیا گیا میں نے جنگ میں حصہ لیا یہاں تک کہ مجھے قتل کر دیا گیا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تم نے غلط کہا ہے فرشتے بھی اس سے کہیں گے تم نے غلط کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم یہ چاہتے تھے کہ یہ کہا جائے کہ فلاں شخص کتنا بہادر ہے تو یہ بات کہہ دی گئی۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے میرے گھٹنوں پر ہاتھ مار کر ارشاد فرمایا:

''اے ابوہریرہ! یہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے پہلے تین لوگ ہوں گے جن کے ذریعے قیامت کے دن جہنم کو بھڑکایا جائے گا''۔ (یعنی انہیں سب سے پہلے جہنم میں ڈالا جائے گا)

ولید بن ابوولید بیان کرتے ہیں عقبہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے ''شفی'' نامی راوی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں اس حدیث کے بارے میں بتایا۔

ابوعثمان ولید نے یہ بات بیان کی ہے۔علاء بن ابوحکیم نے یہ بات بیان کی ہے کہ وہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے جلاد تھے وہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ ایک شخص ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث ان کے سامنے بیان کی' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا ان لوگوں کے ساتھ اس طرح ہوگا' تو باقی لوگوں کے ساتھ کیا ہوگا' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ انتہائی زیادہ روئے یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ کہیں وہ ہلاکت کا شکار نہ ہو جائیں۔

ہم نے کہا: یہ شخص ایک برائی لے کر آیا ہے پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو افاقہ ہوا' تو انہوں نے اپنے چہرے کو پونچھا اور کہا اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے۔

''جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کا ارادہ کرتا ہے' تو ہم دنیا میں اسے اس کے اعمال کا پورا بدلہ دے دیں گے اور انہیں اس میں کوئی کمی نہیں کی جائیگی' یہ وہ لوگ ہیں' جن کا آخرت میں حصہ صرف جہنم میں ہوگا' اور انہوں نے دنیا میں' جو کچھ کیا وہ ضائع ہو جائیگا' اور جو عمل وہ کرتے رہے وہ باطل ہوں گے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) کتاب اور سنت میں وعید کے جتنے بھی الفاظ ہیں' وہ سب شرط کے ساتھ ملے ہوئے ہیں' اور وہ یہ ہے: اگر اللہ تعالیٰ چاہے' تو اپنے فضل کے ساتھ ان باتوں کے مرتکب شخص کو معاف کرسکتا ہے' اور ان غلطیوں کی مغفرت کر سکتا ہے۔ان پر (آدمی کو سزا نہ دے)

اور کتاب وسنت میں وعدے کے جتنے بھی الفاظ ہیں' وہ اس شرط کے ساتھ ملے ہوئے ہیں کہ اس پر عمل کرنے والا شخص کسی ایسی چیز کا مرتکب نہیں ہوگا' جو اس فعل کے ارتکاب پر سزا کو لازم کردے' یہاں تک کہ اسے سزا دی جائے اگر اس پر معافی کا فضل نہیں کیا جاتا۔

پھر اس شخص کو اس چیز کا ثواب ملے گا' جو وعدہ اس فعل کے حوالے سے اس شخص کے ساتھ کیا گیا ہے۔

4- بَابُ حَقِّ الْوَالِدَيْنِ

باب4: والدین کے حق کے بارے میں روایات

409 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحِ الْبُخَارِيُّ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ

(متن حدیث): صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَلَمَّا رَقِيَ عَتَبَةً قَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ عَتَبَةً اُخْرٰى فَقَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ عَتَبَةً ثَالِثَةً فَقَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْتُ اٰمِيْنَ قَالَ وَمَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَدَخَلَ النَّارَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْتُ اٰمِيْنَ فَقَالَ وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ اٰمِيْنَ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ قَدِ اسْتَحَبَّ لَهُ تَرْكُ الْاِنْتِظَارِ لِنَفْسِهِ وَلَا سِيَّمَا اِذَا كَانَ الْمَرْءُ مِمَّنْ يُتَاَسّٰى بِفِعْلِهِ وَذَاكَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَالَ لَهُ جِبْرِيْلُ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ بَادَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنْ قَالَ آمِيْنَ وَكَذٰلِكَ فِيْ قَوْلِهِ وَمَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَدَخَلَ النَّارَ اَبْعَدَهُ اللّٰهُ فَلَمَّا قَالَ لَهُ وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ فَلَمْ يُبَادِرْ اِلٰى قَوْلِهِ اٰمِيْنَ عِنْدَ وُجُوْدِ حَظِّ النَّفْسِ فِيْهِ حَتّٰى قَالَ جِبْرِيْلُ قُلْ اٰمِيْنَ قَالَ قُلْتُ اٰمِيْنَ اَرَادَ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّاَسِّيَ بِهِ فِيْ تَرْكِ الْاِنْتِصَارِ لِلنَّفْسِ بِالنَّفْسِ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا هُوَ نَاصِرُ اَوْلِيَائِهِ فِي الدَّارَيْنِ وَاِنْ كَرِهُوا نُصْرَةَ الْاَنْفُسِ فِي الدُّنْيَا . (3: 20)

ملک بن حسن اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا (حضرت مالک بن حورث رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے جب آپ نے پہلے زینے پر قدم رکھا' تو آپ نے کہا: آمین اور جب آپ نے دوسرے زینے پر قدم رکھا' تو آپ نے کہا: آمین جب آپ نے تیسرے زینے پر قدم رکھا' تو آپ نے کہا: آمین پھر آپ نے ارشاد فرمایا: جبرائیل میرے پاس آئے اورانہوں نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! جو شخص رمضان کا مہینہ پائے اوراس کی مغفرت نہ ہو' تو اللہ تعالیٰ اسے (اپنی رحمت سے) دورکردے' تو میں نے کہا: آمین، جبرائیل نے کہا: جو شخص اپنے ماں باپ یاان دونوں میں سے کسی ایک کو پائے

409- حديث صحيح لغيره، وهذا إسناد ضعيف، وأخرجه الطبراني في الكبير 19/291 من طريق عبيد العجلي، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/166 عن الطبراني. وأخرجه ابن عدي في الضعفاء 6/2378 .

اور پھر بھی جہنم میں داخل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے (اپنی رحمت سے) دور کرے تو میں نے کہا: آمین، جبرائیل نے کہا: جس شخص کے سامنے آپ کا تذکرہ ہو اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے تو اللہ تعالیٰ اسے (اپنی رحمت سے) دور کر دے آپ آمین کہیں تو میں نے آمین کہا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ اپنی ذات کے لئے مدد حاصل کرنے کو ترک کر دے خصوصاً اس صورت میں جب آدمی ایسی شخصیت کا مالک ہو جس کے فعل کی پیروی کی جاتی ہو اس کی وجہ یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب حضرت جبرائیل علیہ السلام نے یہ کہا

''جو شخص رمضان کا مہینہ پالے اور اس کی مغفرت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی مغفرت سے دور کر دے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی سے یہ کہا: آمین۔

اسی طرح جب حضرت جبرائیل علیہ السلام نے یہ کہا:

''جو شخص اپنے ماں باپ یا ان دونوں میں سے کسی ایک کو پائے اور جہنم میں داخل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کر دے''۔

(تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً آمین کہہ دیا)

لیکن جب حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کے سامنے یہ کہا: جس شخص کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے تو اللہ تعالیٰ اسے (اپنی رحمت سے دور کر دے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً آمین نہیں کہا۔

کیونکہ اس جملے میں آپ کی ذات کا حصہ موجود تھا۔

یہاں تک کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ سے گزارش کی کہ آپ آمین کہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے آمین کہہ دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے مراد یہ تھی: اس بارے میں آپ اسوہ قائم کریں کہ اپنی ذات کے لئے کسی دوسرے سے مدد حاصل نہیں کرنی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اپنے دوستوں کا مددگار رہے اگرچہ وہ دنیا میں لوگوں کی مدد کو ناپسند کرتے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ مَالَ الِابْنِ يَكُوْنُ لِلْاَبِ

وہ روایت جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے: بیٹے کا مال باپ کی ملکیت ہوتا ہے

410 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّاجِرُ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عَطَاءٍ عن عائشة رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَاصِمُ اَبَاهُ فِيْ دَيْنٍ عَلَيْهِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أنت ومالك لأبيك .

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ مَعْنَاهُ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَجَرَ عَنْ مُعَامَلَتِهِ اَبَاهُ بِمَا يُعَامِلُ بِهِ الْاَجْنَبِيِّيْنَ وَاَمَرَ بِبِرِّهِ وَالرِّفْقِ بِهِ فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ مَعًا اِلٰى اَنْ يَّصِلَ اِلَيْهِ مَالُهُ فَقَالَ لَهُ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ لَا اَنَّ مَالَ الِابْنِ يَمْلِكُهُ الْاَبُ فِيْ حَيَاتِهِ عَنْ غَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِّنَ الِابْنِ به. (3: 42)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس نے اپنے والد کے ذمے لازم قرض کی وجہ سے اپنے والد کے ساتھ جھگڑا کیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کی ملکیت ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اس چیز سے منع کیا ہے کہ وہ باپ کے ساتھ ایسا طرز عمل اختیار کرے جس طرح کا سلوک اجنبی لوگوں کے ساتھ کیا جاتا ہے' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے والد کے ساتھ بھلائی کرنے اور زبان اور فعل کے حوالے سے نرمی کرنے کا حکم دیا ہے یہاں تک کہ آپ نے اس کے مال کو اس کے والد کے ساتھ ملا دیا ہے' اور آپ نے اس سے یہ فرمایا:

''تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کی ملکیت ہے''۔

لیکن اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ بیٹے کے مال کا مالک باپ بن جاتا ہے' جبکہ بیٹا زندہ ہو اور بیٹے کی یہ خواہش بھی نہ ہو کہ (اس کا باپ اس کی مرضی کے بغیر اس کے مال کو استعمال کرے)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِیْ يَسُبُّ الْمَرْءُ وَالِدَيْهِ بِهِ

اس سبب سے ممانعت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے کوئی شخص اپنے ماں باپ کو گالی دیتا ہے

(411) (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ

410- حديث صحيح، عبد الله بن كيسان، صدوق يخطء كثيرًا. وباقي رجاله ثقات. وله شاهد من حديث عبد الله بن عمرو عند أحمد 2/179 و204 و214، وأبي داوٗد 2291 ، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 4/158، وابن ماجة 2292 ، وابن الجارود 995 ، وسنده حسن. وآخر من حديث جابر عند ابن ماجة 2291 ، والطحاوى 4/158، وفى مشكل الآثار 2/230، وإسناده صحيح على شرط البخارى كما قال البوصيرى فى مصباح الزجاجة ورقة 141.

411- حديث صحيح، الحسين بن حسن لم أتبينه، ويحيى بن زكريا ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 2/164عن وكيع. وأخرجه أحمد 2/216، والبخارى 5973 فى الأدب: باب لا يسب الرجل والديه، وأبو داوٗد 5141 فى الأدب: باب فى بر الوالدين، من طريق إبراهيم بن سعد بن إبراهيم، وأحمد 2/214 من طريق حماد بن سلمة، وأحمد 2/164، ومسلم 90 فى الإيمان: باب بيان الكبائر وأكبرها، والبخارى فى الأدب المفرد 27 من طريق سفيان الثورى، ومسلم 90 أيضًا، والترمذى 1902 فى البر والصلة: باب ما جاء فى عقوق الوالدين، وأبو نعيم فى الحلية 3/172 من طريق ابن الهاد.

اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مِنَ الْكَبَائِرِ اَنْ يَّسُبَّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قِيْلَ وَكَيْفَ يَسُبُّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ يَتَعَرَّضُ لِلنَّاسِ فَيَسُبُّ والديه . (2: 109)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کبیرہ گناہوں میں سے ایک چیز یہ ہے کہ آدمی اپنے ماں باپ کو برا کہے عرض کی گئی: کوئی شخص اپنے ماں باپ کو کیسے برا کہہ سکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ لوگوں کے ماں باپ کے درپے ہوتا ہے اور وہ اس کے ماں باپ کو برا کہتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ وَهَمَ فِيْهِ مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں مسعر بن کدام نامی راوی کو وہم ہوا ہے

412- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

(متن حدیث): اِنَّ مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ اَنْ يَّسُبَّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ وَكَيْفَ يَسُبُّ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ يَسُبُّ اَبَا الرَّجُلِ فيسب أباه ويسب أمه فيسب أمه . (2: 109)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بیشک بڑے کبیرہ گناہوں میں سے ایک یہ ہے کہ آدمی اپنے ماں باپ کو برا کہے (حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ) نے عرض کی: کوئی شخص اپنے ماں باپ کو کیسے برا کہہ سکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی دوسرے کے باپ کو برا کہتا ہے، تو وہ اس کے باپ کو برا کہتا ہے۔ وہ اس کی ماں کو برا کہتا ہے، تو وہ اس کی ماں کو برا کہتا ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّرْغَبَ الْمَرْءُ عَنْ اٰبَائِهِ اِذِ اسْتِعْمَالُ ذٰلِكَ ضَرْبٌ مِنَ الْكُفْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، آدمی اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑے، کیونکہ ایسا کرنا کفر کی ایک قسم ہے

413- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ

412- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مسلم 90 في الإيمان: باب بيان الكبائر وأكبرها، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 2269 ، ومن طريقه أبو عوانة 1/55 عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/195، وأبو عوانة 1/55، والبغوي في شرح السُّنة 3427

يُحَدِّثُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ انْقَلَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ إِلٰى مَنْزِلِهِ بِمِنًى فِي اٰخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنَّ فُلَانًا يَقُوْلُ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ بَايَعْتُ فُلَانًا.

قَالَ عُمَرُ إِنِّيْ قَائِمٌ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ وَأُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَّغْصِبُوْهُمْ أَمْرَهُمْ.

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ لَا تَفْعَلْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَإِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَهُمْ وَإِنَّ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى مَجْلِسِكَ إِذَا أَقَمْتَ فِي النَّاسِ فَيَطِيْرُوْا بِمَقَالَتِكَ وَلَا يَضَعُوْهَا مَوَاضِعَهَا أَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَإِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ فَتَخْلُصَ بِعُلَمَاءِ النَّاسِ وَأَشْرَافِهِمْ وَتَقُوْلُ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا وَيَعُوْنَ مَقَالَتَكَ وَيَضَعُوْنَهَا مَوَاضِعَهَا.

فَقَالَ عُمَرُ لَئِنْ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ سَالِمًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا تَكَلَّمَنَّ فِيْ أَوَّلِ مَقَامٍ أَقُوْمُهُ.

فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فِيْ عَقِبِ ذِي الْحِجَّةِ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ عَجَّلْتُ الرَّوَاحَ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ فَوَجَدْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَدْ سَبَقَنِيْ فَجَلَسَ إِلٰى رُكْنِ الْمِنْبَرِ الْأَيْمَنِ وَجَلَسْتُ إِلٰى جَنْبِهِ تَمَسُّ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهُ فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ طَلَعَ عُمَرُ فَقُلْتُ لِسَعِيْدٍ أَمَا إِنَّهُ سَيَقُوْلُ الْيَوْمَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا مُنْذُ اسْتُخْلِفَ قَالَ وَمَا عَسٰى أَنْ يَّقُوْلَ فَجَلَسَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ:

أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّيْ قَائِلٌ لَكُمْ مَقَالَةً قُدِّرَ لِيْ أَنْ أَقُوْلَهَا لَا أَدْرِيْ لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ أَجَلِيْ فَمَنْ عَقَلَهَا وَوَعَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ وَمَنْ لَمْ يَعْقِلْهَا فَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَّكْذِبَ عَلَيَّ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ فِيْمَا أَنْزَلَ عَلَيْهِ اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَأَ بِهَا وَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ وَأَخَافُ إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ أَنْ يَّقُوْلَ قَائِلٌ مَا نَجِدُ اٰيَةَ الرَّجْمِ فِي كتاب الله فيضلوا بترك فريضة أنزله اللّٰهُ وَالرَّجْمُ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ حَمْلٌ أَوِ اعْتِرَافٌ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْلَا أَنْ يَّقُوْلَ النَّاسُ زَادَ عُمَرُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَتَبْتُهَا.

أَلَا وَإِنَّا كُنَّا نَقْرَأُ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ فَإِنَّ كُفْرًا بِكُمْ أَنْ تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ ثُمَّ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُطْرُوْنِيْ كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارٰى عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ ورسوله.

أَلَا وَإِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّ فُلَانًا قَالَ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ بَايَعْتُ فُلَانًا فَمَنْ بَايَعَ امْرَأً مِنْ غَيْرِ مَشُوْرَةٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَإِنَّهُ لَا بَيْعَةَ لَهُ وَلَا لِلَّذِيْ بَايَعَهُ فَلَا يَغْتَرَّنَّ أَحَدٌ فَيَقُوْلُ إِنَّ بَيْعَةَ أَبِيْ بَكْرٍ كَانَتْ فَلْتَةً أَلَا وَإِنَّهَا كَانَتْ فَلْتَةً إِلَّا أَنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا وَلَيْسَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَنْ تُقْطَعُ إِلَيْهِ الْأَعْنَاقُ مِثْلَ أَبِيْ بَكْرٍ أَلَا وَإِنَّهُ كَانَ مِنْ خَيْرِنَا يَوْمَ تَوَفَّى اللّٰهُ رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

إِنَّ الْمُهَاجِرِيْنَ اجْتَمَعُوْا إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ وَتَخَلَّفَ عَنَّا الْأَنْصَارُ فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ فَقُلْتُ لِأَبِيْ بَكْرٍ انْطَلِقْ

بِنَا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ نَنْظُرُ مَا صَنَعُوا فَخَرَجْنَا نَؤُمُّهُمْ فَلَقِيَنَا رَجُلَانِ صَالِحَانِ مِنْهُمْ فَقَالَا أَيْنَ تَذْهَبُونَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ نُرِيدُ إِخْوَانَنَا مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ فلا عليكم أن لا تأتوهم اقضوا أَمْرَكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا نَرْجِعُ حَتّٰى نَأْتِيَهُمْ فَجِئْنَاهُمْ فَإِذَا هُمْ مُجْتَمِعُونَ فِي سَقِيفَةِ بَنِي سَاعِدَةَ وَإِذَا رَجُلٌ مُزَمَّلٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالُوا سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ قُلْتُ مَا لَهُ قَالُوا وَجِعٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا قَامَ خَطِيبُهُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ أَنْصَارُ اللّٰهِ وَكَتِيبَةُ الْإِسْلَامِ وَقَدْ دَفَّتْ إِلَيْنَا يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مِنْكُمْ دَافَّةٌ وَإِذَا هُمْ قَدْ أَرَادُوا أَنْ يَخْتَصُّوا بِالْأَمْرِ وَيُخْرِجُونَا مِنْ أَصْلِنَا.

قَالَ عُمَرُ فَلَمَّا سَكَتَ أَرَدْتُ أَنْ أَتَكَلَّمَ وَقَدْ كُنْتُ زَوَّرْتُ مَقَالَةً قَدْ أَعْجَبَتْنِي أُرِيدُ أَنْ أَقُولَهَا بَيْنَ يَدَيْ أَبِي بَكْرٍ وَكُنْتُ أُدَارِي مِنْهُ بَعْضَ الْحَدِّ وَكَانَ أَحْلَمَ مِنِّي وَأَوْقَرَ فَأَخَذَ بِيَدِي وَقَالَ اجْلِسْ فَكَرِهْتُ أَنْ أُغْضِبَهُ فَتَكَلَّمَ فَوَاللّٰهِ مَا تَرَكَ مِمَّا زَوَّرْتُهُ فِي مَقَالَتِي إِلَّا قَالَ مِثْلَهُ فِي بَدِيهَتِهِ أو أفضل ،فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَا ذَكَرْتُمْ مِنْ خَيْرٍ فَأَنْتُمْ أَهْلُهُ وَلَنْ يَعْرِفَ الْعَرَبُ هٰذَا الْأَمْرَ إِلَّا لِهٰذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ هُمْ أَوْسَطُ الْعَرَبِ دَارًا وَنَسَبًا وَقَدْ رَضِيتُ لَكُمْ أَحَدَ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ فَبَايِعُوا أَيَّهُمَا شِئْتُمْ وَأَخَذَ بِيَدِي وَيَدِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَهُوَ جَالِسٌ بَيْنَنَا فَلَمْ أَكْرَهْ شَيْئًا مِنْ مَقَالَتِهِ غَيْرَهَا كَانَ وَاللّٰهِ لَأَنْ أُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِي فِي أَمْرٍ لَا يقربني ذلك إلى إثم أحب إلي من أَنْ أُؤَمَّرَ عَلَى قَوْمٍ فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ فقال فَتَى الْأَنْصَارِ أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ مِنَّا أَمِيرٌ وَمِنْكُمْ أَمِيرٌ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ فَكَثُرَ اللَّغَطُ وَخَشِيتُ الِاخْتِلَافَ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا بَكْرٍ فَبَسَطَهَا فَبَايَعْتُهُ وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ وَنَزَوْنَا عَلَى سَعْدٍ فقَالَ قَائِلٌ قَتَلْتُمْ سَعْدًا فَقُلْتُ قَتَلَ اللّٰهُ سَعْدًا فَلَمْ نجد شيئاهُوَ أَفْضَلَ مِنْ مُبَايَعَةِ أَبِي بَكْرٍ خَشِيتُ إِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ أَنْ يُحْدِثُوا بَعْدَنَا بَيْعَةً فَإِمَّا أَنْ نُبَايِعَهُمْ عَلَى مَا لَا نَرْضَى وَإِمَّا أَنْ نُخَالِفَهُمْ فَيَكُونُ فَسَادًا وَاخْتِلَافًا فَبَايَعْنَا أَبَا بَكْرٍ جَمِيعًا وَرَضِينَا بِهِ.

قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُ عُمَرَ: قَتَلَ اللّٰهُ سَعْدًا يُرِيدُ بِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جو آخری حج کیا تھا اس کے دوران حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ اپنی منیٰ میں موجود رہائش گاہ سے واپس آئے اور بولے: فلاں شخص یہ کہہ رہا ہے اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا' تو میں فلاں کی بیعت کرلوں گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آج شام میں لوگوں کے درمیان کھڑا ہوں گا (یعنی ان سے خطاب کروں گا) اور انہیں ان لوگوں سے بچاؤں گا' جو ان کے معاملے کو غصب کرنا چاہتے ہیں۔ حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: آپ ایسا نہ کیجئے۔ امیر المومنین صبح کے موقع پر ہر طرح کے لوگ اکٹھے ہوجاتے ہیں۔ جب

413- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه بطوله ابن أبي شيبة 14/563- 567 والبخاري 6830 في الحدود: باب رجم الحبلى من الزنا إذا أحصنت، عن عبد العزيز بن عبد الله، عن إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد. وسيرد بعده من طريق مالك، عن الزهري. وأخرجه مختصرًا ابن أبي شيبة 14/563 ، بهذا الإسناد.

آپ لوگوں کے درمیان (خطاب کرنے کے لئے) کھڑے ہوں گے' تو یہ لوگ آپ کی محفل میں غالب آجائیں گے اور آپ کی گفتگو کو آگے اپنے رنگ میں پیش کریں گے اور اسے درست طور پر بیان نہیں کریں گے۔ آپ ابھی ٹھہر جائیں۔ جب آپ مدینہ منورہ تشریف لے آئیں' تو وہ ہجرت کی جگہ ہے وہاں صرف لوگوں میں سے اہل علم اور معززین ہوں گے۔ وہاں آپ جو بھی کہیں پورے اطمینان سے کہیں گے۔ وہ لوگ آپ کی بات کو سمجھیں گے اور اسے صحیح جگہ استعمال کریں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں مدینہ منورہ پہنچ گیا' تو اللہ نے چاہا' تو میں اپنی سب سے پہلی گفتگو (یا خطاب) میں اسی بارے میں بات کروں گا۔

پھر ذوالحجہ کے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ آگئے جب جمعہ کا دن آیا' تو شدید گرمی کے دن کے باوجود میں جلدی مسجد چلا گیا' تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو پایا کہ وہ مجھ سے بھی پہلے وہاں پہنچ چکے تھے۔ وہ منبر کے دائیں کنارے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ میں ان کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا تھوڑی ہی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے' تو میں نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آج حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسی بات چیت اس منبر پر کرنی ہے' جو انہوں نے خلیفہ بننے کے بعد کبھی نہیں کی' تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کیا بات کریں گے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق ان کی حمد وثناء بیان کی پھر انہوں نے یہ فرمایا:

''میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی بات کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے مجھے نہیں معلوم ہو سکتا ہے میری موت کا وقت میرے قریب آچکا ہو اور جو شخص اس بات کو سمجھ لے اور اسے محفوظ رکھ لے وہ اس بات کو یہاں تک پہنچا دے جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہے' جو شخص اس کو نہیں سمجھ پاتا' تو کسی مسلمان کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔ بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس نے آپ پر کتاب نازل کی۔ اس نے جو چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی اس میں سنگسار کرنے' کے حکم والی آیت بھی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تلاوت بھی کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔ بھی آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے' جب طویل زمانہ گزر جائے گا' تو کوئی شخص یہ کہے گا ہمیں اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے سے حکم سے متعلق آیت نہیں ملتی' تو وہ لوگ ایک ایسے فریضے کو ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہو جائیں گے' جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا حالانکہ ہر ایسے شخص کو سنگسار کرنا لازم ہے' جو مرد ہو یا عورت ہو اور اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ ثبوت کے ذریعے یہ بات ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا (مرد یا عورت) اعتراف کر لیں' اگر اللہ کی قسم! اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ عمر نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اضافہ کر دیا ہے' تو میں اس چیز کو نوٹ کروا دیتا۔

خبردار! ہم پہلے یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے۔

''تم لوگ اپنے آباؤاجداد سے منہ نہ موڑو' کیونکہ اپنے آباؤاجداد سے تمہارا منہ موڑنا تمہارا کفر ہے''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم مجھے اس طرح نہ بڑھا دینا' جس طرح عیسائیوں نے عیسیٰ بن مریم کو بڑھا دیا تھا۔ بیشک میں بندہ ہوں' تو تم لوگ

یہ کہنا: اللہ کے بندے اور اس کے رسول"۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) خبردار! مجھے یہ بات پتہ چلی ہے کہ فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' تو میں فلاں کا بیعت کرلوں گا' جو بھی شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی بھی امیر کی بیعت کرے گا' تو اس کی کوئی بیعت نہیں ہو گی اور نہ ہی اس شخص کی ہو گی' جس کی اس نے بیعت کی ہے۔ کوئی بھی شخص اس غلط فہمی کا شکار ہو کر یہ نہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہو گئی تھی۔ خبردار وہ اچانک ہوئی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے بچا کے رکھا اور آج تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح کی حیثیت حاصل ہو' خبردار! جس دن اللہ کے رسول کا انتقال ہوا تھا۔ اس وقت وہ ہم میں سب سے زیادہ بہتر تھے۔

بیشک مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کی بیعت کرنے کے لئے) اکٹھے ہوئے تھے' لیکن انصار ہم سے الگ سقیفہ بنو ساعدہ میں اکٹھے ہوئے میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمارے ساتھ انصار بھائیوں کے ساتھ چلیں تاکہ ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں' تو ہم لوگ روانہ ہوئے۔ ہمارا ارادہ ان کی طرف جانے کا تھا ہماری ملاقات ان میں سے دو نیک آدمیوں سے ہوئی' تو ان دونوں نے دریافت کیا: اے مہاجرین کے گروہ آپ لوگ کہاں جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا: ہم اپنے انصار بھائیوں کے پاس جا رہے ہیں' تو ان صاحب نے کہا: آپ پر کوئی گناہ نہیں ہو گا اگر آپ ان کے پاس نہ جائیں آپ اپنا معاملہ خود نمٹا لیں اے مہاجرین کے گروہ' تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم اس وقت تک واپس نہیں جائیں گے جب تک ہم ان لوگوں کے پاس چلے نہیں جاتے پھر ہم ان کے پاس آئے' تو وہ لوگ سقیفہ بنو ساعدہ میں اکٹھے ہو چکے تھے وہاں ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: کون ہے؟ یہ تو لوگوں نے بتایا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں میں نے دریافت کیا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا انہیں تکلیف ہے' جب ہم بیٹھ گئے' تو ان کا خطیب کھڑا ہوا۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر اس نے یہ کہا: اما بعد! ہم اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں۔ اے مسلمانوں کے گروہ! اب ہمیں پیچھے ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور وہ لوگ حکومت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں سرے سے ہی نکال دینا چاہتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ خاموش ہوا' تو میں نے کلام کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے بہت پسند آیا کہ اگر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے اس بیان کو کروں گا' تو یہ بہت عمدہ ہو گا اور میں اس کی وجہ سے ان لوگوں کی ناراضگی کو کسی حد تک کم کر دوں گا' لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: تم بیٹھے رہو۔ مجھے انہیں ناراض کرنا پسند نہیں آیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلام کرنا شروع کیا۔ اللہ کی قسم! جو بھی گفتگو میں نے سوچی ہوئی تھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فی البدیہہ اس کی مانند بلکہ اس سے بھی بہتر گفتگو کی اور کوئی پہلو نہیں چھوڑا۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ بات ارشاد فرمائی:

امابعد! تم نے جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو' لیکن اہل عرب حکومت کے معاملے میں صرف قریش قبیلے سے واقف ہیں' کیونکہ اپنی رہائش اور نسب کے اعتبار سے یہ عربوں میں سب سے نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان

دو میں سے کسی ایک شخص سے راضی ہوں تم ان دونوں میں سے جسے چاہو اس کی بیعت کرلو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا وہ ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہ بات اچھی نہیں لگی۔ اس وقت صورت حال یہ تھی کہ اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کرکے میری گردن اڑا دی جاتی جو بغیر کسی جرم کے ہوتی' تو یہ بات میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ تھی کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے' جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی موجود ہوں۔ انصار کے ایک نوجوان نے کہا: میں ایک ایسی شاخ ہوں جس کے ساتھ خارش کی جاتی ہے (یعنی اُمور میں میری رائے اور مشورے پر عمل کیا جاتا ہے) اور ایک ایسی کھجور ہوں جسے بچایا جاتا ہے (یعنی میرے قبیلے کے لوگ میرے پسِ پشت نہ ہیں) ایک امیر ہم میں سے ہوا اے قریش کے گروہ! اور ایک امیر آپ لوگوں میں سے ہو' اس پر آوازیں بلند ہوئیں' لوگوں کے درمیان اختلاف ہوگیا' تو میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنا ہاتھ آگے بڑھایئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کرلی پھر مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کرلی۔ ہم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بالکل نظرانداز کردیا' تو کسی شخص نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کردیا ہے' تو میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے' تو ہمیں اس وقت کوئی ایسی چیز نہیں ملی جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کرنے سے افضل ہو۔ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ اگر ہم ان لوگوں سے جدا ہوگئے' تو وہ کہیں ہمارے بعد نئے سرے سے بیعت نہ کرلیں' تو یا' تو ہمیں اس چیز پر بیعت کرنی پڑے گی' جس سے ہم راضی نہیں ہیں' یا' پھر مخالفت کرنی پڑے گی' تو فساد اور اختلاف ہوگا اس لئے ہم سب نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کرلی اور اس سے راضی ہوگئے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ہے: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: اللہ کی راہ میں ایسا ہوا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الرَّغْبَةِ عَنِ الْاٰبَاءِ اِذْ رَغْبَةُ الْمَرْءِ عَنْ اَبِيهِ ضَرْبٌ مِنَ الْكُفْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑے' کیونکہ آدمی کا اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑنا کفر کی ایک قسم ہے

414 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِنَسَا وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ وَالْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ بن اَخِي جُوَيْرِيَةَ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ كَانَ يقرىء عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فِيْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ فَلَمْ اَرَ رَجُلًا يَجِدُ مِنَ الْاَقْشَعْرِيْرَةِ مَا يَجِدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَجِئْتُ اَلْتَمِسُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ يَوْمًا فَلَمْ اَجِدْهُ فَانْتَظَرْتُهُ فِيْ بَيْتِهٖ حَتّٰى رَجَعَ مِنْ عِنْدِ عُمَرَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ لِيْ لَوْ رَاَيْتَ رَجُلًا اٰنِفًا قَالَ لِعُمَرَ كَذَا وَكَذَا وَهُوَ يَوْمَئِذٍ بِمِنًى فِيْ اٰخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ بْنُ

الْخَطَّابِ فَذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى اِلٰى عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَوْ مَاتَ عُمَرُ لَقَدْ بَايَعْتُ فُلَانًا قَالَ عُمَرُ حِيْنَ بَلَغَهُ ذٰلِكَ اِنِّيْ لَقَائِمٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ فَمُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَغْتَصِبُوْنَ الْاُمَّةَ اَمْرَهُمْ. فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فقلت يا أمير المؤمنين لَا تَفْعَلْ ذٰلِكَ يَوْمَكَ هٰذَا فَاِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَ هُمْ وَاِنَّهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى مَجْلِسِكَ فَاَخْشٰى اِنْ قُلْتَ فِيْهِمُ الْيَوْمَ مَقَالًا اَنْ يَّطِيْرُوْا بِهَا وَلَا يَعُوْهَا وَلَا يَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا اَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ وَتَخْلُصَ لِعُلَمَاءِ النَّاسِ وَاَشْرَافِهِمْ فَتَقُوْلَ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا فَيَعُوْا مَقَالَتَكَ وَيَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا.

قَالَ عُمَرُ وَاللّٰهِ لَئِنْ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ صَالِحًا لَاُكَلِّمَنَّ بِهَا النَّاسَ فى أول مقام أقومه.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِيْ عَقِبِ ذِى الْحِجَّةِ وَجَاءَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ هَجَّرْتُ صَكَّةَ الْاَعْمٰى لِمَا اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَوَجَدْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَدْ سَبَقَنِيْ بِالتَّهْجِيْرِ فَجَلَسَ اِلٰى رُكْنِ جَانِبِ الْمِنْبَرِ الْاَيْمَنِ فَجَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ تَمَسُّ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهُ فَلَمْ يَنْشَبْ عُمَرُ اَنْ خَرَجَ فَاَقْبَلَ يَؤُمُّ الْمِنْبَرَ فَقُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَعُمَرُ مُقْبِلٌ وَاللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ الْيَوْمَ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا اَحَدٌ قَبْلَهُ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ وَقَالَ مَا عَسٰى اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَمْ يَقُلْهُ اَحَدٌ قَبْلَهُ فَلَمَّا جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَلَمَّا اَنْ سَكَتَ قَامَ عُمَرُ فَتَشَهَّدَ وَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ قَائِلٌ لَكُمْ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِيْ اَنْ اَقُوْلَهَا لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِيْ فَمَنْ عَقَلَهَا وَوَعَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهُ وَمَنْ خَشِيَ اَنْ لَا يَعِيَهَا فَلَا اُحِلُّ لَهُ اَنْ يَّكْذِبَ عَلَيَّ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَاْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ وَاَخْشٰى اِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ اَنْ يَّقُوْلَ قَائِلٌ وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ اٰيَةَ الرَّجْمِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَيَتْرُكَ فَرِيْضَةً اَنْزَلَهَا اللّٰهُ وَاِنَّ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى اِذَا اُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ.

ثُمَّ اِنَّا قَدْ كُنَّا نَقْرَاُ اَنْ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ فَاِنَّ كُفْرًا بِكُمْ اَنْ تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ.

ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لا تطرونى كما أطرى بْنَ مَرْيَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ.

ثُمَّ اِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّ فُلَانًا مِنْكُمْ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ لقد بايعت فلانا فلا يغرن امرءًا أن يقول إن بيعة أبى بكر كانت فَلْتَةً فَتَمَّتْ فَاِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذٰلِكَ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا وَلَيْسَ فِيْكُمْ مَنْ تُقْطَعُ اِلَيْهِ الْاَعْنَاقُ مِثْلَ اَبِيْ بَكْرٍ وَاِنَّهُ كَانَ مِنْ خَيْرِنَا حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ وَمَنْ مَّعَهُمَا تَخَلَّفُوْا عَنَّا وَتَخَلَّفَتِ الْاَنْصَارُ عَنَّا بِاَسْرِهَا وَاجْتَمَعُوْا فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُوْنَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَبَيْنَا نَحْنُ فِيْ مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رَجُلٌ يُنَادِيْ مِنْ وَرَاءِ الْجِدَارِ اخْرُجْ إلى يا

بن الخطاب فقلت اليك عنى فانا مشاغيل عنك فقال انه قد حدث امر لا بد منك فيه ان الانصار قد اجتمعوا في سقيفة بني ساعدة فادركوهم قبل ان يحدثوا امرا فيكون بينكم وبينهم فيه حرب فقلت لابي بكر انطلق بنا الى اخواننا هؤلاء من الانصار فانطلقنا نؤمهم فلقينا ابو عبيدة بن الجراح فاخذ ابو بكر بيده فمشى بيني وبينه حتى اذا دنونا منهم لقينا رجلان صالحان فذكرا الذى صنع القوم وقالا اين تريدون يا معشر المهاجرين فقلت نريد اخواننا من هؤلاء الانصار قالا لا عليكم ان لا تقربوهم يا معشر المهاجرين اقضوا امركم فقلت والله لناتينهم فانطلقنا حتى اتيناهم فاذا هم في سقيفة بني ساعدة فاذا بين اظهرهم رجل مزمل فقلت من هذا قالوا سعد بن عبادة قلت فما له قالوا هو وجع فلما جلسنا تكلم خطيب الانصار فاثنى على الله بما هو اهله ثم قال اما بعد فنحن انصار الله وكتيبة الاسلام وانتم يا معشر المهاجرين رهط منا وقد دفت دافة من قومكم قال عمر واذا هم يريدون ان يختزلونا من اصلنا ويحطوا بنا 1 منه قال فلما قضى مقالته اردت ان اتكلم وكنت قد زورت مقالة اعجبتني اريد ان اقوم بها بين يدى ابي بكر وكنت اداري من ابي بكر بعض الحدة فلما اردت ان اتكلم قال ابو بكر على رسلك فكرهت ان اغضبه فتكلم ابو بكر وهو كان احلم مني واوقر والله ما ترك من كلمة اعجبتني في تزويري الا تكلم بمثلها او افضل في بديهته حتى سكت فتشهد ابو بكر واثنى على الله بما هو اهله ثم قال اما بعد ايها الانصار فما ذكرتم فيكم من خير فانتم اهله ولن تعرف العرب هذا الامر الا لهذا الحي من قريش هم اوسط العرب نسبا ودارا وقد رضيت لكم احد هذين الرجلين فبايعوا ايهما شئتم فاخذ بيدي وبيد ابي عبيدة بن الجراح فلم اكره من مقالته غيرها كان والله ان اقدم فتضرب عنقي لا يقربني ذلك الى اثم أحب إلى من أن اومر على قوم فيهم ابو بكر الا ان تغير نفسي عند الموت فلما قضى ابو بكر مقالته قال قائل من الانصار انا جذيلها المحكك وعذيقها المرجب منا امير ومنكم امير يا معشر قريش قال عمر فكثر اللغط وارتفعت الاصوات حتى اشفقت الاختلاف قلت ابسط يدك يا ابا بكر فبسط ابو بكر يده فبايعه وبايعه المهاجرون والانصار ونزونا على سعد بن عبادة فقال قائل من الانصار قتلتم سعدا قال عمر فقلت وانا مغضب قتل الله سعدا فانه صاحب فتنة وشر وانا والله ما راينا فيما حضر من امرنا امر اقوى من بيعة ابي بكر فخشينا ان فارقنا القوم قبل ان تكون بيعة ان يحدثوا بعدنا بيعة فاما ان نبايعهم على ما لا نرضى واما ان نخالفهم فيكون فسادا فلا يغترن امرؤ ان يقول إن بيعة أبى بكر كانت فلتة فتمت فقد كانت فلتة ولكن الله وقى شرها الا وانه ليس فيكم اليوم مثل ابي بكر.

قال مالك اخبرني الزهري ان عروة بن الزبير اخبره ان الرجلين الانصاريين اللذين لقيا المهاجرين هما عويم بن ساعدة ومعن بن عدي وزعم مالك ان الزهري سمع سعيد بن المسيب يزعم ان الذي قال

يَوْمَئِذٍ اَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ سَلِمَةَ يُقَالُ لَهٗ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُ عُمَرَ اِنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَتْ فَلْتَةً وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا يُرِيْدُ اَنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَ ابْتِدَاؤُهَا مِنْ غَيْرِ مَلَأٍ وَالشَّىْءُ الَّذِىْ يَكُوْنُ عَنْ غَيْرِ مَلَأٍ يُقَالُ لَهُ الْفَلْتَةُ وَقَدْ يُتَوَقَّعُ فِيْمَا لَا يَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْمَلَأُ الشَّرُّ فَقَالَ وَقَى اللّٰهُ شَرَّهَا يُرِيْدُ الشَّرَّ الْمُتَوَقَّعَ فِى الْفَلَتَاتِ لَا اَنَّ بَيْعَةَ اَبِىْ بَكْرٍ كَانَ فِيْهَا شر. (1/101)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو قرآن پڑھایا کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کی وہ حالت ہو جاتی ہو جو حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ کی قرأت کرتے وقت ہوتی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو تلاش کرتا ہوا آیا۔ وہ مجھے نہیں ملے میں ان کے گھر میں ان کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے واپس آنے کا انتظار کرتا رہا۔ جب وہ واپس آ گئے' تو انہوں نے مجھ سے کہا کاش تم اس شخص کو بھی دیکھتے جس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہی ہے' وہ ان دنوں منیٰ میں مقیم تھے۔ یہ اس آخری حج کی بات ہے' جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اس بات کا تذکرہ کیا کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اور اس نے یہ بتایا کہ ایک شخص یہ کہہ رہا ہے کہ اللہ کی قسم! اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' تو میں فلاں کی بیعت کرلوں گا' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی' تو انہوں نے فرمایا کہ آج شام میں لوگوں سے خطاب کرنے کے لئے کھڑا ہوں گا اور انہیں اس طرح کے لوگوں سے بچنے کی تلقین کروں گا' جو اس امت سے اس کے معاملے کو غصب کرنا چاہتے ہیں' حضرت عبدالرحمٰن کہتے ہیں' میں نے کہا: اے امیر المومنین آپ آج کے دن ایسا نہ کیجئے' کیونکہ حج کے موقع پر ہر طرح کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ یہ لوگ آپ کی محفل میں غالب آ جائیں اور مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آج ان کے درمیان آپ جو بات کہیں گے یہ اس کا فسانہ بنا دیں گے۔ یہ اسے محفوظ نہیں رکھیں گے اور غلط جگہ استعمال کر دیں گے۔ ابھی آپ ٹھہر جائیں جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائیں' تو وہ ہجرت اور سنت کا گھر ہے۔ وہاں لوگوں کے علماء اور اشراف کے سامنے آپ جو مناسب سمجھیں وہ بات آرام سے کریں وہ لوگ آپ کی بات کو محفوظ بھی رکھیں گے اور درست استعمال بھی کریں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم' اگر میں صحیح سلامت مدینہ منورہ پہنچ گیا' تو میں لوگوں سے اپنے پہلے خطاب میں اسی موضوع پر بات کروں گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ذوالحجہ کے آخر میں ہم مدینہ منورہ آ گئے جب جمعہ کا دن آیا' تو میں ایک نابینا شخص کی طرح (یعنی) وقت اور موسم کی پرواہ کئے بغیر جلدی (مسجد کی طرف) چلا گیا' کیونکہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ مجھے اس بارے میں بتا چکے تھے وہاں مجھے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ مجھ سے پہلے آ چکے تھے وہ منبر کے دائیں طرف والے کنارے کے پاس بیٹھے

414- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو عند مالك مختصرًا في الموطأ 2/823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم، ومن طريقه أخرجه أحمد بطوله 1/55 بنحو منه.

ہوئے تھے۔میں ان کے پہلو میں آ کر بیٹھ گیا' تو میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا۔تھوڑی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے وہ منبر کی طرف تشریف لائے' تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس وقت آ رہے تھے۔اللہ کی قسم! آج امیر المومنین اس منبر پر ایسی گفتگو کریں گے' جوانہوں نے اس سے پہلے کبھی نہیں کی' تو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے میری بات کو تسلیم نہیں کیا اور بولے: وہ آج ایسی کون سی بات کریں گے' جو اس سے پہلے انہوں نے کبھی نہیں کی۔جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر بیٹھ گئے اور مؤذن نے اذان دی جب مؤذن خاموش ہوا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' تو انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا۔اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثناء بیان کی۔پھر یہ بات ارشاد فرمائی:

''امابعد آج میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی گفتگو کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے۔ہوسکتا ہے کہ یہ میرے مرنے سے پہلے (کی آخری بڑی اہم) گفتگو ہو' تو شخص اسے سمجھ لے وہ اسے محفوظ رکھے اور جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہو وہاں تک اسے پہنچا دے اور جس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اس نے اسے محفوظ نہیں رکھا' تو میں اس کے لئے اس بات کو جائز قرار نہیں دوں گا کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔

بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔اس نے ان پر کتاب نازل کی۔اس نے ان پر جو چیز نازل کی تھی اس میں سنگسار کرنے والی آیت بھی تھی۔ہم نے اس کی تلاوت کی اور اسے سمجھا اور اسے محفوظ رکھا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔مجھے یہ اندیشہ ہے کہ جب طویل زمانہ گزر جائے گا' تو کوئی شخص یہ نہ کہے۔اللہ کی قسم! ہمیں' تو اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کی آیت نہیں ملتی ہے' تو وہ شخص ایک ایسے فریضے کو ترک کر دے گا' جسے اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا۔اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کا حکم ایسے شخص کے بارے میں ہے' جس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ وہ مرد ہو یا عورت ہو' لیکن محصن ہو جب ثبوت قائم ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا اعتراف کر لے پھر ہم یہ بھی پڑھتے رہے ہیں۔

''تم لوگ اپنے آباؤ اجداد سے منہ نہ موڑو' کیونکہ تمہارا آباؤ اجداد سے منہ موڑنا تمہارا کفر کرنا ہے''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم لوگ مجھے اس طرح نہ بڑھا دو' جس طرح ابن مریم کو بڑھا دیا گیا۔میں بندہ ہوں' تو تم لوگ یہ کہو: اللہ کا بندہ اور اس کا رسول''۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) مجھے اس بات کا پتہ چلا ہے کہ تم میں سے فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر عمر فوت ہو گیا' تو میں فلاں کی بیعت کرلوں گا۔یہ بات کسی کو بھی دھوکے کا بھی شکار نہ کرے۔کوئی شخص یہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہو گئی اور مکمل ہو گئی' وہ ہوئی اچانک ہی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے خرابی سے محفوظ رکھا تھا' اور تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جسے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسی نمایاں حیثیت حاصل ہو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا اس وقت وہ ہم میں سب سے بہتر تھے۔بیشک علی' زبیر اور ان کے ساتھ کے دیگر افراد ہم سے پیچھے رہ گئے تھے اور انصار بھی ہم سے کچھ پیچھے رہے تھے۔وہ لوگ بنو ساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہوئے مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اردگرد اکٹھے ہو گئے تھے۔ابھی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہائش گاہ میں تھے کہ

دیوار کے پرے سے ایک شخص نے بلند آواز میں کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرے پاس باہر تشریف لائیں میں نے کہا: تم مجھ سے دور رہو۔ میری تمہارے علاوہ اور بھی مصروفیات ہیں' تو وہ شخص بولا ایک ایسا معاملہ رونما ہو گیا ہے جہاں آپ کی موجودگی ضروری ہے۔ انصار بنو ساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہو چکے ہیں۔ آپ لوگ ان کے پاس پہنچ جائیں۔ اس سے پہلے کہ وہ کوئی نیا فیصلہ کر لیں اور بعد میں آپ کے اور ان کے درمیان جنگ ہو' تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا آپ بھی ہمارے ساتھ ہمارے ان انصار بھائیوں کی طرف چلیں' تو ہم لوگ ان لوگوں کی طرف جانے کے ارادے سے روانہ ہوئے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کی ہم سے ملاقات ہوئی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا۔ وہ میرے اور ان کے درمیان چلنے لگے' یہاں تک کہ ہم لوگ ان لوگوں کے قریب ہوئے' تو دو نیک آدمی ہم سے ملے ان دونوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' جو ان کی قوم کے افراد کر رہے ہیں ان دونوں نے دریافت کیا۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ کہاں جا رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: ہم لوگ اپنے ان انصار بھائیوں کی طرف جا رہے ہیں۔ ان دونوں نے کہا: آپ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ آپ ان کے قریب جائیں۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ لوگ اپنا فیصلہ خود کر لیں۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم ان کے پاس ضرور جائیں گے۔ پھر ہم لوگ روانہ ہوئے اور ان لوگوں کے پاس آ گئے' تو وہ بنو ساعدہ کے سقیفے میں موجود تھے۔ ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو لوگوں نے بتایا یہ سعد بن عبادہ ہیں۔ میں نے کہا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا یہ بیمار ہیں۔ جب ہم بیٹھ گئے' تو انصار کے خطیب نے گفتگو شروع کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثنا بیان کی پھر یہ بات کہی۔ اما بعد! ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں اور تم لوگ اے مہاجرین کے گروہ! ہمارا ایک گروہ ہو تمہیں تمہاری قوم نے پرے کر دیا تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ یہ چاہتے تھے کہ وہ ہمیں اصل سے دور کر دیں اور ہمیں ایک طرف کر دیں جب اس شخص نے اپنی گفتگو مکمل کر لی' تو میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں ایک مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے پسند بھی آیا۔ میں یہ چاہتا تھا کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑا ہو جاؤں اور میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف سے کچھ صورت حال کو بہتر کر سکوں۔ جب میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم ٹھہر جاؤ۔ مجھے انہیں ناراض کرنا اچھا نہ لگا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات چیت شروع کی وہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔ اللہ کی قسم! میں نے اپنے ذہن میں جو مضمون سوچا تھا' اور جو مجھے اچھا لگا تھا۔ انہوں نے اس میں سے کوئی بھی بات ترک نہیں کی۔ انہوں نے اس کی مانند یا اس سے زیادہ عمدہ انداز میں بات کی' یہاں تک کہ جب وہ خاموش ہو گئے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ کہا۔

اما بعد! اے انصار! تم لوگوں نے اپنے اندر موجود جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو' لیکن عرب اس معاملے (یعنی حکومت) کے بارے میں صرف اسی قبیلے قریش سے واقف ہیں' کیونکہ یہ نسب اور رہائش کے اعتبار سے عربوں میں سب سے ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان دو میں سے کسی ایک فرد سے راضی ہوں تم جس کی چاہو بیعت کر لو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہی بات اچھی نہیں لگی۔

اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کر دیا جائے اور میری گردن اڑا دی جائے اور وہ کسی گناہ کی پاداش میں نہ ہو۔ یہ بات میرے نزدیک اسے زیادہ پسندیدہ ہے کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ موجود ہوں البتہ اگر مرنے کے قریب میری صورتحال تبدیل ہو جائے تو اس کا معاملہ مختلف ہے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی بات مکمل کر لی تو انصار میں سے ایک شخص نے کہا: میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے اور وہ کھجور ہوں جس کی حفاظت کی جاتی ہے (یعنی مشکل وقت میں مجھ سے مشورہ لیا جاتا ہے اور میری قوم میرے ساتھ ہوتی ہے) اے قریش کے گروہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک ایک امیر تم میں سے ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس پر شور شرابا شروع ہو گیا اور آوازیں بلند ہو گئیں یہاں تک کہ میں نے اس اختلاف کو چیرا اور میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کر لی۔ مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کر لی۔ ہم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا تو انصار میں سے ایک صاحب نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میں اس وقت غصے میں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے سعد کو قتل کیا ہے کیونکہ یہ فتنہ اور شر پیدا کرنا چاہتا تھا۔ بے شک ہم لوگ اللہ کی قسم! ہم نے اپنے معاملے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت سے زیادہ بہتر اور کوئی چیز نہیں دیکھی۔ ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ اگر ہم لوگ ان لوگوں سے الگ ہو گئے اس سے پہلے کے بیعت ہو جائے تو کہیں ہمارے بعد وہ نئی بیعت نہ کر لیں تو پھر یا تو ہمیں ایسی بیعت کرنی پڑے گی جس سے ہم راضی نہیں ہوں گے یا ان کی مخالفت کرنی پڑے تو پھر فساد پیدا ہوگا تو کسی بھی شخص کا یہ کہنا ہرگز غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت بھی اچانک ہو گئی تھی لیکن وہ مکمل ہو گئی تھی۔ وہ اچانک ہوئی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے محفوظ رکھا تھا۔ خبردار! اب تمہارے درمیان ابوبکر جیسا اور کوئی شخص نہیں ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: زہری نے عروہ بن زبیر کی یہ بات نقل کی ہے کہ وہ دو انصاری افراد جن کی مہاجرین سے ملاقات ہوئی تھی وہ حضرت عویم بن ساعدہ اور حضرت معن بن عدی تھے۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: زہری نے سعید بن مسیّب کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک دن انہوں نے یہ کہا روایت کے یہ الفاظ: ''میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے''۔ یہ بات کہنے والا شخص بنو سلمہ سے تعلق رکھتا تھا جس کا نام حباب بن المنذر تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوئی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو برائی سے محفوظ رکھا اس سے مراد یہ ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کے آغاز میں سب لوگ شامل نہیں تھے اور وہ چیز جس میں سب لوگ شامل نہ ہوں اس کے لیے لفظ اچانک استعمال ہوتا ہے اور جس چیز میں سب لوگ شریک نہ ہوں اس کے بارے میں خرابی کا اندیشہ بھی ہوتا ہے اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کو خرابی سے محفوظ رکھا۔

اس سے مراد وہ خرابی ہے جو اچانک ہو جانے والی چیزوں میں متوقع ہوتی ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت میں کوئی خرابی تھی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ عَمَّنِ ادَّعَى اَبًا غَيْرَ اَبِيْهِ

اس روایت کا تذکرہ‘ جس کے مطابق ایسے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کی گئی ہے
جو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتا ہے

415 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا ادُّعِيَ زِيَادٌ لَقِيتُ اَبَا بَكْرَةَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِيْ صَنَعْتُمْ اِنِّيْ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ سَمِعَ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال من ادَّعَى اَبًا فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ غَيْرُ اَبِيْهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ فقَالَ اَبُوْ بَكْرَةَ وَاَنَا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (3: 19)

ابوعثمان بیان کرتے ہیں: جب زیاد کے بارے میں دعویٰ کیا گیا‘ تو میری ملاقات حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا: یہ آپ لوگ کیا کررہے ہیں۔ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: میرے دونوں کانوں نے اس بات کو سنا اور میرے دل نے اسے محفوظ رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

”جو شخص اسلام میں کسی باپ کی طرف خود کو منسوب کرے اور وہ یہ جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے‘ تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوگی“۔

تو حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔

ذِكْرُ تَحْرِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ عَلَى الْمُنْتَمِيْ اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ فِي الْاِسْلَامِ

ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ نے جنت کو حرام قرار دیا ہے‘ جو اسلام میں اپنے باپ کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے

416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

415- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 5/46، ومسلم 63 114 في الإيمان: باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403 من طريق عمرو بن عون . وأخرجه أحمد 1/169 عن هشام، وأبو عوانة 1/30 . وأخرجه الطيالسي 199 عن ثابت أبي زيد وسلام بن سليم، وأحمد 1/174 و179 و5/38، وأبو عوانة 2/30 من طريق إسماعيل بن علية، وأحمد 1/174، والبخاري 4326 و 4327 في المغازي: باب غزوة الطائف، وأبو عوانة 1/29، والدارمي 2/244و 343، والبغوي في شرح السُّنة 2376 ، من طريق شعبة، وأحمد 1/174، وأبو عوانة 1/28 من طريق سفيان، ومسلم 63 115 ، وابن ماجة 2610 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه، وأبو عوانة 1/29 من طريق أبي معاوية ويحيى بن زكريا بن أبي زائدة، وأبو داوُد 5113 في الأدب: باب في الرجل ينتمي إلى غير مواليه.

(متن حدیث): مَنِ ادَّعَى اَبًا فِي الْإِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ غَيْرُ اَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ

قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِي بَكْرَةَ قَالَ وَاَنَا سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (2: 109)

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دونوں کانوں کے ساتھ یہ بات سنی ہے اور میرے دل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر اسے محفوظ رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں کسی باپ (کی اولاد ہونے) کا دعویٰ کرے اور وہ شخص یہ بات جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے' تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوگئی''۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے کیا' تو انہوں نے کہا: میں نے بھی اپنے دونوں کانوں کے ذریعے اس بات کو سنا تھا' اور میرے دل نے بھی اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر محفوظ رکھا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ لَعْنَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَمَلَائِكَتِهِ عَلَى الْفَاعِلِ الْفِعْلَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

ہم نے اس سے پہلے جن دو افعال کا تذکرہ کیا ہے ان کے مرتکب شخص پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی لعنت واجب ہونے کا تذکرہ

417 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنِ ادَّعَى اِلٰى غَيْرِ اَبِيهِ اَوْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (2: 109)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے یا اپنے آزاد کرنے والے آقا کے علاوہ کسی اور کی

416- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، خالد الأول هو ابن عبد الله الواسطي الطحان، وخالد الثاني هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه البخاري 6766، 6767 في الفرائض: باب من ادعى إلى غير أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403، من طريق مسدد، عن خالد الواسطي، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله . وفي الباب عن ابن عباس في الحديث التالي. وعن علي عند أحمد 1/181 و126، والبخاري 6755 ، ومسلم 1370 . وعن أبي ذر عند البخاري 3508 في المناقب، ومسلم 61 ، والبيهقي .7/403 وعن أنس بن مالك عند أبي داوُد 5115 وسنده صحيح. وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند الطيالسي 2274 ، وأحمد 2/171 و194، وابن ماجة 6211 ، أورده الهيثمي في المجمع 1/98، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح. وعن أبي أمامة الباهلي عند الطيالسي 1127 ، وأحمد 5/267 وعن عمرو بن خارجة الخشني عند أحمد 4/187 و 238 و.239

417- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الله بن عثمان بن خثيم من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد 1/328 عن عفان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 2609 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه . وأخرجه أحمد 1/318 عن أبي النضر.

طرف خود کو منسوب کرے، تو ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ، تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو"۔

ذِكْرُ وَصْفِ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ لِمَنْ تُوُفِّيَ اَبَوَاهُ فِي حَيَاتِهِ

جس شخص کی زندگی میں اس کے ماں باپ فوت ہو جائیں، اس کے لئے ماں باپ سے حسن سلوک کرنے کے طریقے کا تذکرہ

418 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ

(متنِ حدیث): اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ وَاَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَوَيَّ قَدْ هَلَكَا فَهَلْ بَقِيَ لِيْ بَعْدَ مَوْتِهِمَا مِنْ بِرِّهِمَا شَيْءٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ الصَّلَاةُ عَلَيْهِمَا وَالِاسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عُهُوْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا وَصِلَةُ رَحِمِهِمَا الَّتِيْ لَا رَحِمَ لَكَ اِلَّا مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَ الرَّجُلُ مَا اَكْثَرَ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَطْيَبَهُ قَالَ فَاعْمَلْ بِهِ. (1: 2)

حضرت ابو اُسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنو سلمہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں اس وقت نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ انتقال کر چکے ہیں۔ کیا ان کے انتقال کے بعد ان کے ساتھ نیکی کرنے کی کوئی صورت ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! تم ان کے لئے دعائے رحمت کرو ان کے لئے دعائے مغفرت کرو اور ان کے بعد ان کے کئے ہوئے عہد کو پورا کرو۔ ان کے دوستوں کی عزت افزائی کرو ان کے رشتے داروں کے حقوق کا خیال رکھو وہ رشتے دار جن کے ساتھ تمہارا رشتہ صرف انہی کے حوالے سے ہے۔

اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کتنی زبردست اور عمدہ بات ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس پر عمل کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اِدْخَالَ الْمَرْءِ السُّرُوْرَ عَلٰى وَالِدَيْهِ فِيْ اَسْبَابِهِ يَقُوْمُ مَقَامَ جِهَادِ النَّفْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، آدمی کا اپنے والدین کو خوش کرنا اس کیلئے نفل جہاد میں حصہ لینے کے قائم مقام ہے

419 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ السَّرَّادُ بِتُسْتَرَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

418- على بن عبيد مجهول . وأخرجه أحمد 3/497، 498 'وأبو داؤد 5142 في الأدب: باب في بر الوالدين، وابن ماجة 3664 في الأدب: باب صل من كان أبوك يصل، والبخارى في الأدب المفرد 35 عن أبي نعيم، والطبراني في المعجم الكبير /19 592 .

419- إسناده صحيح . وأخرجه الحميدى 584 ، وأحمد 2/198، وعبد الرزاق 9285 ومن طريقه أحمد 2/160، ثلاثتهم عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد 2528 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان، والبخارى في الأدب المفرد 19 ، والبيهقي في السُّنن 9/26 من طريق محمد بن كثير، والبخارى في الأدب المفرد 13 ، عن أبي نعيم، والحاكم 4/152 ' والبغوى في شرح السُّنَّة 2639 . وأخرجه أحمد 2/194 عن إسماعيل ابن علية، وأحمد 2/204، والحاكم 4/153 من طريق شعبة، والنسائي 7/143 في البيعة: باب البيعة على الهجرة من طريق حماد بن زيد، وابن ماجة 2782 في الجهاد: باب الرجل يغزو.

مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابن جُرَیْجٍ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَسُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُبَایِعَكَ عَلَی الْهِجْرَةِ وَتَرَكْتُ اَبَوَیَّ یَبْکِیَانِ فقَالَ ارجع إليهما فأضحكهما كما أبكيتهما . (1: 2)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہجرت پر آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح، تم نے انہیں رُلایا ہے اس طرح انہیں ہنساؤ۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ یُّؤْثِرَ بِرَّ الْوَالِدَیْنِ عَلَی الْجِهَادِ النَّفْلِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے ماں باپ کی خدمت کرنے کو اللہ کی راہ میں نفل جہاد کرنے پر ترجیح دے

420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ الْعَبْدِیُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِی الْعَبَّاسِ وَهُوَ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوْخٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُجَاهِدُ فقَالَ لَكَ اَبَوَانِ قَالَ نَعَمْ قَالَ ففيهما فجاهد . (1: 2)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جہاد میں حصہ لینا چاہتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی بھرپور (خدمت کرو)

ذِكْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ مُجَاهَدَةَ الْمَرْءِ فِیْ بِرِّ وَالِدَیْهِ هُوَ الْمُبَالَغَةُ فِیْ بِرِّهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک میں مجاہدہ کرنے سے مراد یہ ہے: وہ ان کے ساتھ اچھائی کرنے میں مبالغہ کرے

421 (سند حدیث): حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا یعلى بن عطاء عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

420- إسناده صحيح. وأخرجه البخاري 5972 في الأدب: باب لا يجاهد إلا بإذن الأبوين، وأبو داؤد 2529 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان. وأخرجه عبد الرزاق 9284 عن سفيان الثوري، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ فِي الْجِهَادِ؟ قَالَ اَلَكَ وَالِدَانِ قَالَ نعم قال اذهب فبرهما فذهب وهو يحمل الركاب. (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے جہاد کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اوران کے ساتھ اچھا سلوک کرو، تو وہ شخص چلا گیا حالانکہ وہ رکاب اٹھا کر آیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بِرَّ الْوَالِدَيْنِ اَفْضَلُ مِنْ جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، والدین کے ساتھ حسن سلوک، نفل جہاد سے افضل ہے

422 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيُّ حدثنا أبو الطاهر بن السرح حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا هَاجَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ هَاجَرْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ هَجَّرْتَ الشِّرْكَ وَلٰكِنَّهُ الْجِهَادُ هَلْ لَكَ اَحَدٌ بِالْيَمَنِ قَالَ اَبَوَايَ قَالَ اَذِنَا لَكَ قَالَ لَا قَالَ ارْجِعْ فَاسْتَاْذِنْهُمَا فَاِنْ اَذِنَا لَكَ فَجَاهِدْ وَاِلَّا فَبَرِّهِمَا. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص یمن سے ہجرت کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ہجرت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے شرک سے لاتعلقی اختیار کی ہے لیکن جہاد (کا معاملہ باقی ہے) کیا یمن میں تمہارا کوئی عزیز ہے اس نے عرض کیا میرے ماں باپ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دونوں نے تمہیں اجازت دی تھی؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم واپس جاؤ اوران دونوں سے اجازت لو اگر وہ تمہیں اجازت دیدیں، تو تم جہاد میں حصہ لو ورنہ تم ان کی خدمت کرو"۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰى جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ والدین کے ساتھ حسن سلوک کو نفلی جہاد پر ترجیح دے

423 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

421- إسناده حسن في الشواهد. وأخرجه أحمد 2/197 عن بهز، عن شعبة، بهذا الإسناد.

422- إسناده ضعيف لضعف دراج أبي السمح في روايته عن أبي الهيثم. وأخرجه أبو داوُد 2530 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان، عن سعيد بن منصور، والحاكم 2/103، 104 ومن طريقه البيهقي في السُّنن 9/26. وأخرجه أحمد 3/75، 76.

423- رجاله ثقات، إلا أن رواية مسعر عن عطاء بعد الاختلاط، لكن رواه شعبة وحماد بن زيد وغيرهما عنه، وهم سمعوا منه قبل الاختلاط فالحديث صحيح، انظر 419.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَـى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُهُ عَلَى الْهِجْرَةِ وَقَدْ اَسْلَمَ وَقَالَ قَدْ تَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ قَالَ ارْجِعْ اِلَيْهِمَا فَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَيْتَهُمَا وَاَبٰى اَنْ يَّخْرُجَ مَعَهُ . (5: 28)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہجرت کی بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوا۔ اس نے اسلام قبول کیا' تو اس نے عرض کی: میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح تم نے ان کو رلایا ہے اسی طرح ان دونوں کو ہنساؤ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ وہ آپ کے ساتھ (جہاد کے لئے) جائے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْمُبَالَغَةِ لِلْمَرْءِ فِيْ بِرِّ وَالِدِهٖ رَجَاءَ اللُّحُوقِ بِالْبَرَرَةِ فِيْهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے مبالغہ کرے یہ امید رکھتے ہوئے کہ وہ اس عمل کے ذریعے نیک لوگوں میں شامل ہو جائے گا

424 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَاَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): لَا يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدَهُ اِلَّا اَنْ يَّجِدَهُ مَمْلُوكًا فيشتريه فيعتقه . (1: 2)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"کوئی بھی شخص اپنے باپ کو بدلا نہیں دے سکتا' ماسوائے اس صورت حال کے' کہ وہ اس (باپ) کو غلام کی حیثیت میں پائے اور اسے خرید کر آزاد کر دے"۔

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُولِ الْجِنَانِ لِلْمَرْءِ بِالْمُبَالَغَةِ فِيْ بِرِّ الْوَالِدِ

والد کے ساتھ حسن سلوک میں مبالغہ کرنے والے شخص کے لئے جنت میں داخلے کی امید ہونے کا تذکرہ

425 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى اَبَا الدَّرْدَاءِ فقَالَ اِنَّ اَبِيْ لَمْ يَزَلْ بِيْ حَتّٰى تَزَوَّجْتُ وَاِنَّهُ الْاٰنَ يَاْمُرُنِيْ بِطَلَاقِهَا

424– إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه الطيالسي 2405 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/230 و376 و445، ومسلم 1510 في العتق: باب فضل عتق الوالد، وأبو داؤد 5137 في الأدب: باب في بر الوالدين، والبخاري في الأدب المفرد 10 ، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/109، والبيهقي في السُّنن 10/189 من طرق . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/539، ومن طريقه مسلم 1510 ، وابن ماجة 3659 في الأدب: باب بر الوالدين، والبغوي في شرح السُّنَّة 2425 ، وأخرجه الترمذي 1906 في البر: باب ما جاء في حق الوالدين، والبيهقي في السُّنن 10/189 .

قَالَ مَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تَعُقَّ وَالِدَكَ وَلَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تُطَلِّقَ امْرَاَتَكَ غَیْرَ اَنَّكَ اِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ یَقُوْلُ

اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَحَافِظْ عَلٰی ذٰلِكَ اِنْ شِئْتَ اَوْ دَعْ قَالَ فَاَحْسِبُ عَطَاءً قَالَ فَطَلَّقَهَا . (2 :1)

ابوعبدالرحمان سلمی بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: میرے والد نے بہت اصرار کر کے میری شادی کروائی اور اب وہ مجھے کہہ رہے ہیں کہ میں اس عورت کو طلاق دیدوں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تمہیں اس بات کی ہدایت نہیں کروں گا کہ تم اپنے باپ کی نافرمانی کرو اور میں تمہیں یہ بھی نہیں کہوں گا کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دیدو' البتہ اگر تم چاہو' تو میں تمہیں وہ بات سنا دیتا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''والد جنت کے دروازوں میں سے درمیانی دروازہ ہے' اب اگر تم چاہو' تو اس کی حفاظت کرو اور اگر چاہو' تو چھوڑ دو''۔

راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے' عطاء نامی راوی نے یہ بات بیان کی تھی: پھر اس شخص نے اس عورت کو طلاق دیدی تھی۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ طَلَاقِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ بِاَمْرِ اَبِیْهِ اِذَا لَمْ یُفْسِدْ ذٰلِكَ عَلَیْهِ دِیْنَهُ وَلَا كَانَ فِیْهِ قَطِیْعَةُ رَحِمٍ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اگر اس کا باپ اسے حکم دے' تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدے' جب کہ اس صورت میں اس کے دین کو نقصان نہ ہو اور قطع رحمی کی کوئی صورت نہ پائی جاتی ہو

426 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَى الْقَطَّانُ وعمر بن علی عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متنِ حدیث): تَزَوَّجَ اَبِیْ امْرَاَةً وَكَرِهَهَا عُمَرُ فَاَمَرَهُ بِطَلَاقِهَا فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَطِعْ اَبَاكَ .

425- حدیث صحیح . فقد أخرجه أحمد 5/196، وابن ماجة 2089 فی الطلاق: باب الرجل یأمره أبوه بطلاق امرأتهن عن محمد بن بشار، والحاکم 4/152 . وأخرجه من غیر قصة الطلاق: الطیالسی 981 ، ومن طریقه البغوی فی شرح السُّنَّة 3422 . وأخرجه الحمیدی 395 ، ومن طریقه الحاکم 4/152، وأخرجه الترمذی 1900 فی البر: باب ما جاء فی الفضل فی رضا الوالدین . وأخرجه أحمد 6/445، والطحاوی فی مشکل الآثار 2/158 وأخرجه البغوی فی شرح السُّنَّة 3421 . وأخرجه من غیر قصة الطلاق ابن أبی شیبة 8/540 ، وأحمد 6/451، وابن ماجة 3663 فی الأدب: باب بر الوالدین. وأخرجه أحمد 5/197، 198 عن حسین بن محمد، عن شریك، عن عطاء ، به.

426- إسناده صحیح . رجاله ثقات رجال الشیخین غیر الحارث بن عبد الرحمٰن، فقد روى له الأربعة . وأخرجه أحمد 2/20، وأبو داوُد 5138 فی الأدب: باب فی بر الوالدین، وابن ماجة 2088 فی الطلاق: باب الرجل یأمره أبوه بطلاق امرأته. وأخرجه الطیالسی 1822 ، ومن طریقه البیهقی فی السُّنن 7/322 . وأخرجه أحمد 2/42 و53 و157، والترمذی 1189 فی الطلاق: باب ما جاء فی الرجل یسأله أبوه أن یطلق زوجته، والحاکم 2/197 و4/152، 153 .

حمزہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو وہ عورت اچھی نہیں لگی۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس عورت کو طلاق دیدیں۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے والد کی بات مان لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أمر بن عُمَرَ بِطَلَاقِهَا طَاعَةً لِاَبِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے والد کی اطاعت کرتے ہوئے اپنی اہلیہ کو طلاق دینے کا حکم دیا تھا

427 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوْفِيُّ حَدَّثَنَا علی بن الجعد أنبأنا بن اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): كَانَتْ تَحْتِيْ امْرَاَةٌ وَكُنْتُ اُحِبُّهَا وَكَانَ اَبِيْ يَكْرَهُهَا فَاَمَرَنِيْ بِطَلَاقِهَا فَاَبَيْتُ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ طَلِّقْهَا . (2 :1)

حمزہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میری ایک بیوی تھی جس سے میں بہت محبت کرتا تھا' لیکن میرے والد اسے پسند نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے مجھے اسے طلاق دینے کی ہدایت کی۔ میں نے ان کی بات تسلیم نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! تم اس عورت کو طلاق دیدو۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ بِرِّ الْمَرْءِ وَالِدَهٗ وَاِنْ كَانَ مُشْرِكًا فِيمَا لَا يَكُوْنُ فِيْهِ سَخَطُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لئے اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ' اگرچہ وہ والد مشرک ہو اور یہ حسن سلوک ان چیزوں کے بارے میں ہوگا' جن میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی نہ ہو

428 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ شَبِيْبُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أبي بن سَلُوْلَ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ اَجَمَةٍ فَقَالَ قَدْ غبر عَلَيْنَا ابْنُ اَبِيْ كَبْشَةَ فَقَالَ ابْنُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ اَكْرَمَكَ وَالَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَئِنْ شِئْتَ لَاٰتِيَنَّكَ بِرَاْسِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَلٰكِنْ بِرَّ اَبَاكَ وَاَحْسِنْ صُحْبَتَهٗ .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَبُوْ كَبْشَةَ هٰذَا وَالِدُ اُمِّ اُمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

427– إسناده صحيح، وهو في مسند ابن الجعد 2859 ، وهو مكرر ما قبله.

428–وأخرجه البزار 2708 عن محمد بن بشار وأبي موسى.

وَسَلَّمَ كَانَ قَدْ خَرَجَ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَحْسَنَ دِيْنَ النَّصَارٰى فَرَجَعَ اِلٰى قُرَيْشٍ وَاَظْهَرَهُ فَعَاتَبَتْهُ قُرَيْشٌ حَيْثُ جَاءَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُعَيِّرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَنْسِبُهُ اِلَيْهِ يَعْنُونَ بِهٖ اَنَّهٗ جَاءَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ كَمَا جَاءَ اَبُوْ كَبْشَةَ بِدِيْنٍ غَيْرِ دِيْنِهِمْ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر عبداللہ بن اُبی کے پاس سے ہوا۔ وہ اس وقت ایک گنجان درخت کے سائے میں بیٹھا ہوا تھا۔ وہ بولا ابن ابی کبشہ (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) ہم پر غبار اڑایا ہے' تو اس کے بیٹے عبداللہ نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں) عرض کی اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو عزت عطا کی ہے۔ اس ذات کی قسم! جس نے آپ پر کتاب نازل کی ہے۔ اگر آپ چاہیں' تو میں اس کا سر لے کر آپ کی خدمت میں آجاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ تم اپنے باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور اس کی خدمت کرو۔

ابو کبشہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نانی کے والد تھے یہ شام تشریف لے گئے تھے۔ انہیں عیسائیوں کا دین اچھا لگا' جب یہ قریش کی طرف واپس تشریف لائے' تو انہوں نے عیسائیت کی تبلیغ شروع کی' تو قریش نے ان پر ناراضگی کا اظہار کیا کہ یہ ان لوگوں کے دین سے مختلف دین پیش کر رہے ہیں' یہی وجہ ہے کہ قریش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حوالے سے عار دلاتے تھے اور ان کی طرف منسوب کیا کرتے تھے' اس سے قریش کی مراد یہ ہوتی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان لوگوں کے دین کے علاوہ نیا دین لے کے آئے ہیں۔ جس طرح جناب ابو کبشہ ان لوگوں کے دین سے مختلف دین لے کے آئے تھے۔

ذِكْرُ رَجَاءِ تَمَكُّنِ الْمَرْءِ مِنْ رِضَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِرِضَاءِ وَالِدِهٖ عَنْهُ

اس بات کی امید کا تذکرہ' آدمی والد کو اپنے سے راضی کر کے اللہ تعالیٰ کو اپنے سے راضی کر سکتا ہے

690 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ بِبَيْرُوتَ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا بن جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ رَبِّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا بَلَاءٌ وَفِتْنَةٌ .(3: 66)

ابوعبدرب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اس منبر پر یہ بیان کرتے ہوئے سنا وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''دنیا میں سے صرف آزمائش اور فتنہ باقی رہ گیا ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ قِلَّةِ الْاِغْتِرَارِ بِمَنْ اُوتِيَ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةَ الزَّائِلَةَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ اسے اس فانی اور زائل ہونے والی دنیا میں سے' جو کچھ دیا گیا ہے اس کے حوالے سے کم غلط فہمی کا شکار ہو

691 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قال حدثنا بْنِ اَبِىْ عُمَرَ الْعَدَنِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ هِنْدٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَمَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ هِنْدٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ وَمَاذَا فُتِحَ مِنَ الْخَزَائِنِ اَيْقِظُوا صَوَاحِبَ الْحُجَرِ فَرُبَّ كَاسِيَةٍ فِى الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .(3: 6)

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے' کتنے ہی فتنے نازل کر دیئے گئے ہیں اور کتنے ہی خزانوں کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ حجرے میں رہنے والی خواتین کو بیدار کردو' کیونکہ دنیا میں بہت سی باپردہ عورتیں قیامت کے دن بے پردہ ہوں گی''۔

690- إسناده قوى . وأخرجه ابن المبارك فى الزهد 596 ، ومن طريقه أحمد 4/94، والطبرانى 9/86، والقضاعى فى مسند الشهاب 1175 ، والرامهرمزى فى الأمثال 59 ، وأخرجه ابن ماجة 4035 فى الفتن: باب شدة الزمان، وابن أبى عاصم فى الزهد 146 من طريق الوليد بن مسلم، كلاهما عن ابن جابر، بهذا الإسناد . قال البوصيرى فى مصباح الزجاجة 4/190: هذا إسناد صحيح رجاله ثقات. وسيعيده المؤلف برقم 2899 من طريق بشر بن بكر، عن ابن جابر، به . وتقدمت تتمة الحديث وهى قوله: وإنما مثل أحدكم مثل الوعاء ... برقم 339 من طريق الوليد بن مسلم، وبرقم 392 من طريق صدقة بن جابر، كلاهما عن ابن جابر، بهذا الإسناد، فانظرهما.

691- إسناده صحيح على شرط الصحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 6/297، والبخارى 115 فى العلم، و 1126 فى التهجد، و 5844 فى اللباس، و 6218 فى الأدب، و 7069 فى الفتن، والترمذى 2196 فى الفتن من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد . ورواه مالك فى الموطأ 2/913 باب ما يكره للنساء لبسه من الثياب.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اغْتِرَارِ الْمَرْءِ بِمَا اُوتِيَ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا مِنَ النِّسَاءِ وَالنِّعَمِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کو اس حوالے سے غلط فہمی کا شکار نہیں ہونا چاہیے جو اسے اس دنیا میں سے خواتین اور مختلف نعمتیں دی گئی ہیں

692 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ

عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ اَنَّهُ حَدَّثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ وَاِذَا اَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ وَاَصْحَابُ النَّارِ قَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ وَنَظَرْتُ اِلَى النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَآءُ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَرَنَ عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى بِاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ الْمُعْتَمِرِ مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ. (2: 55)

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا اس میں داخل ہونے والے زیادہ تر لوگ غریب لوگ تھے اور خوشحال لوگوں کو وہاں روک لیا گیا تھا' اور جب اہل جہنم کو جہنم میں جانے کا حکم ہوا اور میں نے جہنم کا جائزہ لیا' تو اس میں داخل ہونے والی اکثر خواتین تھیں''۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عمران بن موسیٰ نامی راوی نے اس روایت میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے ساتھ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو بھی ملا دیا ہے۔

یہاں معتمر نامی راوی سے مراد معتمر بن سلیمان ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ تَعْزُفَ نَفْسُهُ عَمَّا يُؤَدِّيْ اِلَى اللَّذَّاتِ مِنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الْغَرَّارَةِ وَاِنْ اُبِيْحَ لَهُ ارْتِكَابُهَا حَذَرَ الْوُقُوْعِ فِي الْمَحْذُوْرِ مِنْهَا

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ اپنے آپ کو ان چیزوں سے بچائے' جو اس فنا ہونے والی اور دھوکے دینے والی (دنیا) کی لذات کی طرف لے جاتی ہیں

اگرچہ ان کا ارتکاب آدمی کے لئے مباح ہو' آدمی اپنے آپ کو ان چیزوں سے بچانے کے لئے ایسا کرے' جو ممنوع ہیں

693 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ

692- هو مكرر 675.

مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نَافِعٍ قَالَ

(متن حدیث):سمع بن عمر صوت زمارة راعی قَالَ فَجَعَلَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَعَدَلَ عَنِ الطَّرِيْقِ وَجَعَلَ يَقُوْلُ يَا نَافِعُ اَتَسْمَعُ فَاَقُوْلُ نَعَمْ فَلَمَّا قُلْتُ لَا رَاجَعَ الطَّرِيْقَ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ. (5: 47)

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک چرواہے کی بانسری کی آواز سنی' تو انہوں نے اپنی دونوں انگلیاں اپنے کانوں میں رکھ لیں اور راستے سے ایک طرف ہٹ گئے وہ یہ فرماتے جارہے تھے: اے نافع! کیا تمہیں آواز آرہی ہے؟ میں جواب دیتا تھا جی ہاں! جب میں نے کہا: اب نہیں آرہی' تو وہ واپس راستے پر آ گئے پھر انہوں نے فرمایا

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

ذكر الإخبار عما يجب على المؤمن من حِفْظِ نَفْسِهِ عَمَّا لَا يُقَرِّبُهُ اِلٰى بَارِئِهٖ جَلَّ وَعَلَا دُوْنَ نَوَالِهٖ شَيْئًا مِنْ حُطَامِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' مومن پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کی اس چیز سے حفاظت کرے' جو اسے اس کے پروردگار کی بارگاہ میں قرب نہیں دلاتی ہے

اور وہ فنا ہونے والی دنیا کے ساز وسامان میں سے کچھ بھی حاصل کرنے سے بچے

694 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ

عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اَلَا اِنَّ الدِّيْنَارَ وَالدِّرْهَمَ اَهْلَكَا مَنْ كَانَ قبلكم وهما مهلكاكم. (3: 66)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''خبردار! بیشک درہم اور دینار نے تم سے پہلے لوگوں کو بھی ہلاکت کا شکار کردیا اور یہ تم لوگوں کو بھی ہلاکت کا شکار کردیں گے''۔

693- رجاله ثقات رجال الصحيح، غير سليمان بن موسى – وهو الأشدق– فقد روى له مسلم في المقدمة والأربعة. وأخرجه أحمد 2/8 و38، وأبو داؤد 4924 في الأدب: باب كراهية الغناء والزمر. وأخرجه أبو داؤد 4925. وأخرجه أبو داؤد 4926 .

694-إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأورده الهيثمي في المجمع 10/245، وقال: رواه الطبراني في الكبير و الأوسط وإسناده حسن

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّذُودَ نَفْسَهُ مِنْ هٰذِهِ الْغَرَّارَةِ الزَّائِلَةِ بِبَذْلِ مَا يَمْلِكُ مِنْهَا لِغَيْرِهِ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے آپ کو اس دھوکہ دینے والی زائل ہونے والی (دنیا) سے بچائے

وہ یوں کہ دنیا میں سے وہ جس چیز کا مالک بنتا ہے اسے دوسرے پر خرچ کرے

695 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خالد حدثنا همام عن قتادة عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ بَعَثَتْ بِقِنَاعٍ فِيهِ رُطَبٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَقْبِضُ الْقَبْضَةَ فَيَبْعَثُ بِهَا اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهِ ثُمَّ يَقْبِضُ الْقَبْضَةَ فَيَبْعَثُ بِهَا اِلٰى اَزْوَاجِهِ ثُمَّ يَبْعَثُ بِهَا وَاِنَّهُ لَيَشْتَهِيهِ فَعَلَ ذلك غير مرة وإنه ليشتهيه. (5: 47)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تازہ کھجوروں کا ایک تھال بھیجا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹھی میں کھجوریں لے کر انہیں اپنی ایک زوجہ محترمہ کی طرف بھجوادیا پھر آپ نے مٹھی میں کھجوریں لیں اور اپنی ازواج کی طرف بھجوادیا پھر آپ نے انہیں بھجوادیا اور آپ کو اس بات کی خواہش بھی تھی آپ نے کئی مرتبہ ایسا کیا اور آپ کو اس بات کی خواہش بھی تھی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ رِعَايَةُ عِيَالِهِ بِذَبِّهِمْ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِي يُخَافُ عَلَيْهِمْ مُتَعَقَّبُهَا

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے اہلخانہ کا اس حوالے سے خیال رکھے انہیں ان چیزوں سے بچائے جن کے بارے میں یہ اندیشہ ہو کہ ان پر سزا ہو سکتی ہے

696/697 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الْاَدَمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ قُعَيْسٍ عَنْ نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ فِي غَزَاةٍ كَانَ اٰخِرُ عَهْدِهِ بِفَاطِمَةَ وَاِذَا قَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ كَانَ اَوَّلُ عَهْدِهِ بِفَاطِمَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا فَاِنَّهُ خَرَجَ لِغَزْوِ تَبُوكَ وَمَعَهُ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَقَامَتْ فَاطِمَةُ فَبَسَطَتْ فِي بَيْتِهَا بِسَاطًا وَعَلَّقَتْ عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا وَصَبَغَتْ مِقْنَعَتَهَا بِزَعْفَرَانٍ فَلَمَّا قَدِمَ اَبُوهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاٰى مَا اَحْدَثَتْ رَجَعَ فَجَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ فَاَرْسَلَتْ اِلٰى بِلَالٍ فَقَالَتْ يَا بِلَالُ اذْهَبْ اِلٰى اَبِي

695- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه 3/125 و269 .

فَسَلْهُ مَا يَرُدُّهُ عَنْ بَابِي فَاَتَاهُ فَسَاَلَهُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي رَاَيْتُهَا اَحْدَثَتْ ثَمَّ شَيْئًا فَاَخْبَرَهَا فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَرَفَعَتِ الْبِسَاطَ وَاَلْقَتْ مَا عَلَيْهَا وَلَبِسَتْ أطمارها فَاَتَاهُ بِلَالٌ فَاَخْبَرَهُ فَاَتَاهُ فَاعْتَنَقَهَا وَقَالَ: هٰكَذَا كُوْنِي فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي . (5: 8)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کسی جنگ میں شریک ہونے کے لئے تشریف لے جاتے تھے تو آپ سب سے آخر میں سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملتے تھے اور جب بھی آپ کسی جنگ سے واپس تشریف لاتے تھے تو سب سے پہلے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملتے تھے جب آپ غزوہ تبوک میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے تو آپ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کھڑی ہوئیں۔ انہوں نے اپنے گھر میں ایک چٹائی بچھالی اور گھر کے دروازے پر پردہ لٹکا دیا۔ انہوں نے اس پردے کو زعفران کے ساتھ رنگ دیا تھا جب ان کے والد تشریف لائے اور انہوں نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے اس عمل کو دیکھا تو وہ واپس تشریف لے گئے اور مسجد میں تشریف فرما ہوئے۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا اور کہا: اے بلال! تم میرے والد کے پاس جاؤ اور ان سے دریافت کرو کہ آپ میرے دروازے سے واپس کیوں چلے گئے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی اکرم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے دیکھا ہے کہ اس نے وہاں ایک نیا کام کیا تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اس پردے کو اتار دیا اور اس بچھونے کو اٹھا دیا اور اس پر موجود چیزوں کو ایک طرف رکھ کے خود پرانے سے کپڑے پہن لئے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہاں تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں (سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو) انہوں نے گلے لگالیا اور ارشاد فرمایا:

''تم اسی طرح رہا کرو میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْوَصْفِ الَّذِيْ يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ الْمَرْءُ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے کہ آدمی کو اس فانی اور زائل ہو جانے والی (دنیا) میں اس طرح سے ہونا چاہئے

698 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزْعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عن مجاهد عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

(متن حدیث): اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْكِبِيْ اَوْ قَالَ بِمَنْكِبَيَّ فَقَالَ: كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سبيل قال فكان بن عُمَرَ يَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لمرضك وَمِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ.

697- وأخرجه أحمد 2/21، وأبو داوٗد 4149 و 4150 في اللباس: باب في اتخاذ الستور،

وَقَالَ اِسْحَاقُ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ مَا سَاَلَنِیْ یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ اِلَّا هٰذَا الْحَدِیْثَ. (3: 66)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے کندھے کو پکڑا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) میرے دونوں کندھوں کو پکڑا اور فرمایا: ''تم دنیا میں یوں رہو جیسے تم اجنبی ہو یا تم مسافر ہو''۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرمایا کرتے تھے جب تم صبح کرلو تو شام کا انتظار نہ کرو اور جب شام کرلو تو صبح کا انتظار نہ کرو اور بیماری سے پہلے اپنی صحت کو اور مرنے سے پہلے اپنی زندگی کو غنیمت سمجھو۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: حسن بن قزعہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن معین نے مجھ سے صرف اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَحْسَابِ اَهْلِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ اس فانی اور زائل ہونے والی (دنیا سے محبت رکھنے والوں) کے نزدیک حسب (یعنی فضیلت کا معیار کیا ہے؟)

699 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سُوَيْدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): أحساب أهل الدنيا المال. (3: 66)

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اہل دنیا کے نزدیک حسب (برتری کا معیار) مال ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَابُ اَهْلِ الدُّنْيَا الْمَالُ اَرَادَ بِهِ الَّذِيْنَ يَذْهَبُوْنَ اِلَيْهِ عِنْدَهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اہل دنیا کا حسب مال ہے'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد وہ لوگ ہیں جو اس کی طرف جاتے ہیں

698–وأخرجه البخاري 6416 في الرقاق: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم كن في الدنيا كأنك غريب ... والبيهقي في السُّنن 3/369

699– وأخرجه أحمد 5/361 عن علي بن الحسين بن شقيق، والنسائي 6/64 في النكاح: باب الحسب. وصححه الحاكم 2/163، ووافقه الذهبي. وسيرد بعده من طريق زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، به، فانظره.

700 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اَحْسَابَ اَهْلِ الدُّنْيَا الَّذِىْ يَذْهَبُوْنَ اِلَيْهِ لهذا المال. (3: 66)

❀❀ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اہل دنیا کے نزدیک حسب (یعنی برتری) کا معیار مال ہے جس کی طرف وہ جاتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَؤُوْلُ مُتَعَقِّبُ اَمْوَالِ اَهْلِ الدُّنْيَا الَّتِىْ هِىَ اَحْسَابُهُمْ اِلَيْهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ اہل دنیا کے وہ اموال جوان کے نزدیک عزت کا معیار ہیں ان کا انجام کیا ہوگا؟

701- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَهُوَ غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): اِنْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُ: (اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ) (التكاثر: 1) قَالَ: يَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِىْ مَالِىْ وَاِنَّمَا لَكَ مِنْ مَّالِكَ مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ اَوْ تصدقت فأمضيت

❀❀ مطرف اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ یہ آیت تلاوت کررہے تھے۔

700- إسناده على شرط مسلم، إلا أن الحسين بن واقد ثقة له أوهام، فالسند حسن، وأخرجه أحمد 5/353، والخطيب فى تاريخ بغداد 1/318، والحاكم فى المستدرك 2/163 من طريق زيد بن الحباب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى. وتقدم قبله من طريق عَلِيِّ بْنُ الْحُسَيْنِ به، فانظره. وأوردت أحاديث الباب فى التعليق على الحديث المتقدم برقم 483 من حديث أبى هريرة كرم المرء دينه، ومروء ته عقله، وحسبه خلقه فانظره.

701- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير صحابى أبى مطرف عبد الله بن الشخير، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم 2958 فى الزهد والرقائق، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد فى المسند 4/24، وفى الزهد ص 17، ومسلم 2958 عن ابن المثنى، كلاهما عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه ابنُ المبارك فى الزهد 497، وأحمد 4/24، والترمذى 2342 فى الزهد، و 3354 فى التفسير: باب ومن سورة التكاثر، والنسائى 6/238 فى الوصايا: باب الكراهية فى تأخير الوصية، والبيهقى فى السُّنن 4/61، وأبو نعيم فى الحلية 6/281، والبغوى فى شرح السُّنة 4055، والقضاعى فى مسند الشهاب 1217 عن طرق عن شعبة، به. وأخرجه الطيالسى 1148، وأحمد 4/24، ومسلم 2958، وأبو نعيم فى الحلية 6/281، والخطيب فى تاريخ بغداد 1/359 من طريق هشام الدستوائى، وأحمد 4/26، ومسلم 2958 من طريق سعيد بن أبى عروبة، وأحمد فى المسند 4/26، وفى الزهد ص 40، ومسلم 2958 من طريق همام، وأبو نعيم فى الحلية 6/281 من طريق أبان بن يزيد، كلهم عن قتادة، به. وصححه الحاكم 2/533، 534 و4/322، 323. وسيعيده المؤلف برقم 3327 فى باب صدقة التطوع من طريق الدستوائى، عن قتادة. وذكره السيوطى فى الدر المنثور 6/386، وزاد نسبته لسعيد بن منصور، وعبد بن حميد، وابن جرير، وابن المنذر، والطبرانى، وابن مردويه. وفى الباب عن أبى هريرة سيورده المؤلف برقم 3328.

''کثرت تمہیں غفلت کا شکار کردے گی''۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابن آدم کہتا ہے: یہ میرا مال ہے یہ میرا مال ہے حالانکہ تمہارا مال وہ ہے جو کھا کر تم فنا کر دو یا جسے پہن کر تم پرانا کر دو یا جسے صدقہ کر کے تم آگے بھیج دو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَعَلَ مُتعقَّبَ طَعَامِ ابْنِ اٰدَمَ فِي الدُّنْيَا مَثَلًا لَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ اللہ تعالیٰ دنیا میں ابن آدم کے کھانے کا انجام کیا بناتا ہے جو اس کے لئے مثال کی حیثیت رکھتا ہے

702 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ بِسْطَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُتَيٍّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): إن مطعم بن اٰدَمَ ضُرِبَ لِلدُّنْيَا مَثَلًا بِمَا خَرَجَ مِنِ ابْنِ اٰدَمَ وَاِنْ قَزَّحَهُ وَمَلَّحَهُ فَانْظُرْ مَا يَصِيرُ إِلَيْهِ .(3: 66)

❀❀ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''ابن آدم نے جو کچھ کھایا ہے اس کے ذریعے دنیا کی مثال بیان کی جاسکتی ہے جو ابن آدم کے جسم سے نکلتا ہے۔ وہ اگرچہ اس میں مصالحہ ڈالتا ہے اور نمک ڈالتا ہے لیکن تم اس بات کا جائزہ لو (کہ آدمی کے پیٹ میں رہ کر) وہ کیا بن جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا ارْتَفَعَ مِنْ هٰذِهِ الأشياء لا بد لَهُ اَنْ يَّتَّضِعَ لِاَنَّهَا قَذِرَةٌ خُلِقَتْ لِلْفَنَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس دنیا میں سے جو چیز بھی بلند ہوتی ہے اس کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ پست بھی ہو کیونکہ یہ گندگی ہے جسے فنا ہونے کے تخلیق کیا گیا ہے

703 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّةِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ

(متنِ حدیث): كَانَتْ نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَضْبَاءُ لَا تُسْبَقُ كُلَّمَا سَابَقُوْهَا سَبَقَتْ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُوْدٍ فسبقها فَسَبَقَهَا فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى

702– حديث صحيح، وأخرجه الطبراني 531 ، والبيهقي في الزهد الكبير 414 ، وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند 5/136 وأبو نعيم في الحلية 1/254، من طريق أبي حذيفة بهذا الإسناد. وأخرجه ابن المبارك في الزهد برقم 493 و 494 و 495 .

رَاٰى ذٰلِكَ فِيْ وُجُوْهِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَا يَرْتَفِعَ شَيْءٌ مِنْ هٰذِهِ الْقَذِرَةِ اِلَّا وَضَعَهَا اللّٰهُ. (3: 66)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی عضباء سے آگے کوئی نہیں نکل سکتا تھا جب بھی اس کے ساتھ مقابلہ ہوتا تھا وہ آگے نکل جاتی تھی۔ ایک مرتبہ ایک دیہاتی ایک اونٹ پر بیٹھ کر آیا۔ اس نے اس اونٹنی کے ساتھ مقابلہ کیا' تو وہ آگے نکل گیا یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو گراں گزری جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے چہرے پر یہ چیز ملاحظہ کی' تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ پر یہ بات لازم ہے کہ اس دنیا میں جب کسی چیز کو سر بلندی عطا کرے' تو اسے پستی بھی عطا کرے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يَجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يُّقْنِعَ نَفْسَهُ عَنْ فُضُوْلِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ بِتَذَكُّرِهَا عَاقِبَةَ الْخَيْرِ وَاَهْلِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو بھلائی اور اہل بھلائی کے انجام کے ذریعے نصیحت حاصل ہونے سے اس فنا ہونے والی اور زائل ہونے والی دنیا کی اضافی چیزوں سے بچا کے رکھے

704- (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حرملة بن يحيى حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنِي الْمَاضِي بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

(متنِ حدیث): كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيْرٌ مُشَبَّكٌ بِالْبَرْدِيِّ عَلَيْهِ كِسَاءٌ اَسْوَدُ قَدْ حَشَوْنَاهُ بِالْبَرْدِيِّ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ عَلَيْهِ فَاِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَائِمٌ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَآهُمَا اسْتَوَى جَالِسًا فَنَظَرَا فَاِذَا اَثَرُ السَّرِيْرِ فِيْ جَنْبِ رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَبَكَيَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُؤْذِيكَ خُشُوْنَةُ مَا نَرٰى مِنْ سَرِيْرِكَ وَفِرَاشِكَ وَهٰذَا كِسْرٰى وَقَيْصَرُ عَلٰى فُرُشِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيبَاجِ فَقَالَ: لَا تَقُوْلَا هٰذَا فَاِنَّ فِرَاشَ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ فِي النَّارِ وَاِنَّ فِرَاشِيْ وَسَرِيْرِيْ هذا عاقبته إلى الجنة. (5: 47)

703- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي خالد الأحمر. وأخرجه البخاري 6501 في الرقائق: باب التواضع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/103 من طريق ابن أبي عدي، والبخاري 2871 في الجهاد: باب ناقة النبي صلى الله عليه وسلم من طريق أبي إسحاق الفزاري، و 2872 و 6501 أيضًا، وأبو داؤد 4803 في الأدب: باب في كراهية الرفعة في الأمور، من طريق زهير بن معاوية، والنسائي 6/227 في الخيل: باب السبق من طريق خالد، و 6/228 باب الجنب، من طريق شعبة، والبيهقي في السُّنن 10/16، 17 من طريق محمد بن عبد الله الأنصاري، و 10/25 من طريق عبد الله بن بكر السهمي، وأبو الشيخ في أخلاق النبي ص 153 ومن طريقه البغوي في شرح السُّنة 2652. وأخرجه أحمد 3/253، وأبو داوُد 4802، والبغوي في شرح السُّنة 2651 من طريق حماد، والقضاعي في مسند الشهاب 1009 من طريق سفيان بن حسين، كلاهما عن ثابت، عن أنس.

704- انظر الحديث بطوله ورواياته في المسند 1/33- 34، والبخاري 2468 في المظالم، و 5191 في النكاح، ومسلم 1479 في الطلاق، والترمذي 3315، والنسائي 4/137- 138 في الصوم، و جامع الأصول 2/400-410 الطبعة الدمشقية.

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مخصوص پلنگ تھا' جسے مخصوص قسم کے (کے پتوں' یا شاخوں) کے ذریعے بنا گیا تھا۔ اس پر سیاہ رنگ کی چادر موجود تھی جس کے اندر ہم نے اس قسم کے پتے بھرے ہوئے تھے ایک مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر سوئے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں حضرات کو دیکھا' تو آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ ان دونوں صاحبان نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر پلنگ کا نشان موجود ہے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کا جو پلنگ اور جو بستر ہم دیکھ رہے ہیں کیا اس کی سختی آپ کو تکلیف نہیں دیتی ہے' جبکہ قیصر اور کسریٰ ریشم اور دیباج کے اوپر آرام کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں یہ بات نہ کرو' کیونکہ قیصر اور کسریٰ کے بستر جہنم میں ہوں گے اور میرا پلنگ اور میرا بستر ان کا ٹھکانہ جنت میں ہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِاقْتِنَاعِ لِلْمَرْءِ بِمَا أُوتِيَ مِنَ الدُّنْيَا مَعَ الْإِسْلَامِ وَالسُّنَّةِ

اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' آدمی کو دنیا میں سے' جو کچھ دیا گیا ہے وہ اسلام اور سنت کے ہمراہ اس پر قناعت کرے

705 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الْعَابِدُ الطَّاحِيُّ بِالْبَصْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ الْجَهْضَمِيُّ قال أَخْبَرَنَا المقرىء قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِئٍ اَنَّ اَبَا عَلِيٍّ الْجَنْبِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ يَقُوْلُ

(متن حدیث): اِنَّـهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: طُوبٰى لِمَنْ هُدِىَ اِلَى الْاِسْلَامِ وَكَانَ عيشه كفافا وقنعه الله به . (1: 2)

❁❁ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''اس شخص کے لئے مبارکباد ہے' جسے اسلام کی طرف ہدایت دی گئی۔ ضروریات کے مطابق اسے چیزیں دی گئیں اور اس کو اللہ تعالیٰ نے اس چیز پر قناعت عطا کی''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّخَلِّي عَنِ الدُّنْيَا وَالِاقْتِنَاعِ مِنْهَا بِمَا يُقِيْمُ اَوَدَ الْمُسَافِرِ فِيْ رِحْلَتِهِ

اس بات کا حکم ہونا کہ آدمی دنیا سے خالی ہو جائے' اور دنیا سے وہ چیز حاصل کرے

705- إسناده صحيح .وأخرجه أحمد 6/19، والترمذي 2349 في الزهد: باب ما جاء في الكفاف والصبر عليه، والطبراني في الكبير 18/ 786 ، والحاكم في المستدرك 1/34، 35 من طريق المقرء بهذا الإسناد .وأخرجه ابن المبارك في الزهد 553 ومن طريقه القضاعي في مسند الشهاب 616' بهذا الإسناد.وأخرجه الطبراني في الكبير 18/787، والقضاعي 617، بهذا الإسناد.وفي الباب عن عبد الله بن عمرو بن العاص تقدم برقم 670 .

جومسافرشخص زادراہ کے طور پر لیتا ہے

706 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بن موهب الرملى حدثنا بن وَهْبٍ عَنْ اَبِىْ هَانِىءٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىُّ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّ سَلْمَانَ الْخَيْرَ حِيْنَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ عَرَفُوا مِنْهُ بَعْضَ الْجَزَعِ قَالُوْا مَا يُجْزِعُكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَقَدْ كَانَتْ لَكَ سَابِقَةٌ فِى الْخَيْرِ شَهِدْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَغَازِىَ حَسَنَةً وَفُتُوحًا عِظَامًا قَالَ يُجْزِعُنِىْ اَنَّ حَبِيْبَنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ فَارَقَنَا عَهِدَ اِلَيْنَا قَالَ: لِيَكْفِ الْيَوْمَ مِنْكُمْ كَزَادِ الرَّاكِبِ فَهٰذَا الَّذِىْ اَجْزَعَنِىْ فَجُمِعَ مَالُ سَلْمَانَ فَكَانَ قِيْمَتُهُ خَمْسَةَ عَشَرَ دِيْنَارًا .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ عَامِرٌ هٰذَا هُوَ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ قَيْسٍ وَسَلْمَانُ الْخَيْرُ هُوَ سَلْمَانُ الْفَارِسِىُّ. (1:63)

✿✿ عامر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت سلمان الخیر (یعنی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ) کے انتقال کا وقت قریب آیا' تو لوگوں نے ان پر گھبراہٹ محسوس کی۔ لوگوں نے دریافت کیا: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں گھبرا رہے ہیں؟ جبکہ آپ کو بھلائی کی طرف سبقت لے جانے کا شرف حاصل ہے۔ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوات میں شرکت کی ہے اور بڑی فتوحات میں حصہ لیا ہے' تو حضرت سلمان فارسی نے فرمایا مجھے یہ چیز گھبراہٹ کا شکار کر رہی ہے کہ ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم جب ہم سے جدا ہوئے تھے' تو آپ نے ہم سے یہ عہد لیا تھا آپ نے فرمایا تھا۔

''تم میں سے کسی شخص کے لئے ایک دن کے لئے اتنی چیز کافی ہے' جو کسی سوار کا زادِ سفر ہوتی ہے''۔

تو یہ چیز مجھے گھبراہٹ کا شکار کر رہی ہے' پھر جب حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا مال جمع کیا گیا' تو اس کی قیمت پندرہ دینار بنتی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عامر نامی راوی عامر بن عبد قیس ہیں' جبکہ سلمان خیر سے مراد حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ قِلَّةِ التَّلَهُّفِ عِنْدَ فَوْتِهِ الْبُغْيَةَ فِىْ غَدْوِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ صبح کے وقت اپنے مقصود کی فوتگی کی صورت میں غم کا اظہار کم کرے

706– إسناده صحيح، وأخرجه الطبراني في الكبير 182 من طريق أحمد بن صالح، وأبو نعيم في الحلية 1/197 وأخرجه ابن ماجة 4104 في الزهد: باب الزهد في الدنيا، والطبراني في الكبير 6069، وأبو نعيم في الحلية 1/197. وأخرجه عبد الرزاق 20632، وأحمد 5/438، وأبو نعيم في الحلية 1/196 من طريق الحسن البصري، عن سلمان. وأخرجه الطبراني 6160، وأبو نعيم في الحلية 1/196 و2/237، والقضاعي في مسند الشهاب 728، من طريق مورق العجلي، وأبو نعيم 1/196، والقضاعي 718 من طريق سعيد بن المسيب، كلاهما أن سعد بن أبي وقاص وابن مسعود دخلا على سلمان ... وأخرجه أحمد في الزهد ص 190، وأبو نعيم في الحلية 1/195 .

707 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ

(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَنَزَلَتْ عليه (وَالْمُرْسَلاتِ عُرْفًا) فَاَخَذْتُهَا مِنْ فِيْهِ وَاِنَّ فَاهُ رَطْبٌ بِهَا فَمَا اَدْرِيْ بِاَيِّهَا خَتَمَ (فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُوْنَ) (المرسلات: **50**) اَوْ (اِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُوْنَ) (المرسلات: **48**) فَسَبَقَتْنَا حَيَّةٌ فَدَخَلَتْ فِيْ جُحْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وقيتم شرها كما وقيت شركم. (**3: 66**)

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غار میں موجود تھے آپ پر یہ سورۃ نازل ہوئی۔

”والمرسلت عرفا“

تو میں نے آپ کی زبانی اس سورۃ کو سیکھ لیا حالانکہ یہ ابھی کچھ دیر پہلے آپ پر نازل ہوئی تھی: مجھے نہیں معلوم کہ آپ نے کون سی آیت پر اسے ختم کیا تھا؟ فبای حدیث بعده یومنون پر یا پھر اس آیت پر واذا قیل لهم ارکعوا لا یرکعون

اسی دوران ایک سانپ نکل کر آ گیا اور پھر اپنے بل میں داخل ہو گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کو اس کے شر سے بچا لیا گیا جس طرح اسے تمہاری طرف سے پہنچنے والے نقصان سے بچایا گیا۔

708 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ عَدِيٍّ بِنَسَا قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْجُعْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ الْاَسْوَدِ

(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ (وَالْمُرْسَلاتِ عُرْفًا) فَاِنَّهُ لَيَتْلُوْهَا وَاِنِّيْ لَاَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ وَاِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا اِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ

707- إسناده حسن. وأخرجه أحمد 1/377، وعبد الرزاق 8389 ومن طريقه الطبراني في الكبير 10154. وأخرجه أحمد 1/453 عن عفان، عن حماد بن سلمة، عن عاصم، به. وأخرجه الطبراني 10153 من طريق الأعمش، عن أبي رزين، عن زر، به. وأخرجه أحمد 1/462 من طريق الأعمش، عن أبي رزين، عن ابن مسعود. وسيرد بعده من طريق الأسود، عن ابن مسعود. فانظره.

708- إسناده صحيح، وهو في صحيح البخاري 1830 في جزاء الصيد: باب ما يقتل المحرم من الدواب، و 4934 في التفسير: باب (هٰذَا يَوْمُ لا يَنْطِقُونَ). وأخرجه مسلم 2234 في السلام: باب قتل الحيات وغيرها، عن عمر بن حفص بن غياث، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 2235 عن أبي كريب، والنسائي 5/208 في الحج: باب قتل الحية في الحرم، من طريق يحيى بن آدم، والطبراني في الكبير 10149، أخرجه الحاكم 1/453. وأخرجه البخاري 4931 في التفسير: باب سورة المرسلات، ومسلم 2234 من طريق أبي معاوية، والطبراني 10148 من طريق زيد بن أبي أنيسة، ثلاثتهم عن الأعمش، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري 4931 أيضًا. وأخرجه الطبراني 10156 من طريق جابر، عن عبد الرحمٰن بن الأسود، عن أبيه، به. وأخرجه الطبراني 10150 من طريق حفص بن غياث، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن علقمة، عن عبد الله. وأخرجه البخاري 4930 من طريق إسرائيل، والطبراني في الكبير 10159 من طريق ورقاء، و 10160 من طريق شيبان. وأخرجه الطبراني 10158. وأخرجه الطبراني 10151 من طريق حفص بن غياث، و 10152 من طريق المسعودي. وأخرجه أحمد 1/385، والنسائي 5/209 في الحج: باب قتل الحيات، والطبراني 10157، وأبو نعيم في الحلية 4/207.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتُلُوهَا فَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا . (4: 5)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غار میں موجود تھے۔ آپ پر سورۃ مرسلت نازل ہوئی۔ آپ نے اس کی تلاوت کی میں نے آپ کی زبانی اس کو سیکھ لیا یہ کچھ دیر پہلے آپ پر نازل ہوئی تھی: اسی دوران ایک سانپ نکل کر ہمارے سامنے آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے مار دو! ہم تیزی سے اس کی طرف لپکے تو وہ چلا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تمہارے نقصان سے بچا لیا گیا جس طرح تمہیں اس کے شر سے بچا لیا گیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْإِمْعَانَ فِي الدُّنْيَا يَضُرُّ فِي الْعُقْبٰى كَمَا اَنَّ الْإِمْعَانَ فِيْ طَلَبِ الْاٰخِرَةِ يَضُرُّ فِيْ فُضُولِ الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' دنیا میں غور وفکر کرنا آخرت میں نقصان دیتا ہے' جس طرح آخرت کی طلب میں غور وفکر کرنا دنیا کی اضافی چیزوں کے حوالے سے نقصان دیتا ہے

709 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِآخِرَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَهٗ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ فَاٰثِرُوْا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يفنى .

(66:3)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص دنیا سے محبت رکھتا ہے یہ چیز اس کی آخرت کو نقصان پہنچاتی ہے' جو شخص آخرت سے محبت رکھتا ہے' تو یہ چیز اس کی دنیا کو نقصان پہنچاتی ہے' تو جو چیز باقی رہنے والی ہے' تم اسے اس چیز پر ترجیح دو' جو فنا ہو جائے گی''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الضِّيَاعِ اِذِ اتِّخَاذُهَا يُرَغِّبُ فِي الدُّنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی عمارات بنائے' کیونکہ انہیں بنانا دنیا کی طرف راغب کرتا ہے' ماسوائے اس شخص کے جسے اللہ تعالیٰ بچالے

709- إسناده ضعيف لانقطاعه . وأخرجه البغوى فى شرح السُّنة 438 ، والقضاعى فى مسند الشهاب 418 من طريق محمد بن خلاد الإسكندرى . وأخرجه أحمد 4/412، والحاكم فى المستدرك 4/308، والبيهقى فى السُّنن 3/370 من طريق الداوردى، والبغوى فى شرح السُّنة 4038 ، والحاكم 4/319 من طريق إسماعيل بن جعفر . وأورده الهيثمى فى المجمع 10/249، وزاد نسبته إلى البزار والطبرانى، وقال: رجالهم ثقات، وكون رجاله ثقات لا يعنى صحة الحديث، فإنه لا بد من شرط اٰخر، وهو اتصال السند، وهو هنا مفقود.

710 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْاَخْرَمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تتخذوا الضيعة فترغبوا فی الدنيا .

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَبِالْمَدِيْنَةِ وَمَا بِالْمَدِيْنَةِ وَبِرَاذَانَ وما براذان. (2: 23)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''زیادہ ساز و سامان نہ بناؤ' تم دنیا کی طرف راغب ہو جاؤ گے''۔

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں جو کچھ ''مدینہ'' میں ہے وہ مدینے میں ہے اور جو کچھ ''رازان'' میں ہے وہ ''رازان'' میں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالنَّظَرِ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَ الْمَرْءِ فِيْ اَسْبَابِ الدُّنْيَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' آدمی اس شخص کی طرف دیکھے' جو دنیاوی مال و اسباب کے حوالے سے اس سے کمتر حیثیت کا مالک ہو

711- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الليث بن سعد عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْخَلْقِ اَوِ الرِّزْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُ مِمَّنْ فضل هو عليه . (1: 78)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص کسی ایسے شخص کی طرف دیکھے' جس کو تخلیق (یعنی شکل و صورت) یا رزق کے حوالے سے اس پر فضیلت دی گئی ہو' تو اسے اس شخص کا بھی جائزہ لینا چاہئے جو اس شخص سے نیچے ہے' جس پر اسے فضیلت دی گئی ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ دُوْنَ مَنْ فَوْقَهٗ فِيْهِمَا

710–وأخرجه الطيالسي 379 ، وأحمد في المسند 1/377 ، 426، وفي الزهد ص 37، والترمذي 2328 في الزهد، وأبو الشيخ في طبقات المحدثين بأصبهان الورقة 150 ، وأبو نعيم في أخبار أصبهان 2/116، والبغوي في شرح السنة 4035 ، ويحيى بن آدم في الجرح والتعديل 1254 ، والخطيب في تاريخ بغداد 1/18 من طريق شمر بن عطية، بهذا الإسناد.

711– إسناده حسن من أجل ابن عجلان، فقد روى له مسلم متابعة، وهو صدوق. وباقي رجاله على شرط الشيخين. وسيورده المؤلف برقم 714 من طريق أبي الزناد، عن الأعرج، به، ويخرج هناك. وسيورده أيضًا بعده 712 من طريق همام بن منبه، و 713 من طريق أبي صالح، كلاهما عن أبي هريرة. وفي الباب عن أبي سعيد الخدري عند أبي نعيم في أخبار أصبهان 1/257.

آدمی کے لئے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ مال اور تخلیق کے اعتبار سے
اپنے سے نیچے والے شخص کو دیکھے اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھے

712 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حدثنا بْنُ اَبِى السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِى الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُ مِمَّنْ فُضِّلَ هو عليه . (1: 78)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص کسی ایسے شخص کی طرف دیکھے جسے مال اور تخلیق کے لحاظ سے اس پر فضیلت دی گئی ہے' تو اسے اس شخص کا بھی جائزہ لینا چاہئے جو اس شخص سے بھی نیچے ہے' جس پر اسے فضیلت دی گئی ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّنْظُرَ الْمَرْءُ اِلٰى مَنْ فَوْقَهُ فِىْ اَسْبَابِ الدُّنْيَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی دنیا کے اسباب کے حوالے سے اپنے سے اوپر والے شخص کو دیکھے

713 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ وَانْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْكُمْ فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ . (2: 43)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم ان لوگوں کی طرف نہ دیکھو' جو تم سے اوپر ہیں تم ان کی طرف دیکھو' جو تم سے نیچے ہیں' کیونکہ یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے کہ تم اس طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو مسترد نہیں کرو گے۔ (یعنی انہیں کم تر نہیں سمجھو گے)''

ذِكْرُ وَصْفِ الْفَوْقِ الَّذِىْ فِىْ خَبَرِ اَبِىْ صَالِحٍ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

اس اوپر والے شخص کی صفت کا تذکرہ جس کا تذکرہ ابوصالح کی نقل کردہ اس روایت میں ہے' جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

714 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بَحْرِ الْبَزَّارُ قَالَ حدثنا بن أبى عمرو الْعَدَنِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا

712– حديث صحيح، ابن أبى السرح: صدوق له أوهام، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . وهو فى مصنف عبد الرزاق 714 ، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/314، ومسلم 2963 فى الزهد، والبغوى فى شرح السُّنة 4099 .

713– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخارى . وأخرجه أحمد فى المسند 2/254 و482، وفى الزهد ص 25، ومسلم 2963 9 فى الزهد، والترمذى 2513 فى صفة القيامة، وابن ماجة 4142 فى الزهد: باب القناعة، والبغوى فى شرح السُّنة 4101 .

سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ مَنْ فَوْقَهُ فِي الْمَالِ وَالْحَسَبِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ فِي الْمَالِ وَالْحَسَبِ. (2: 43)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''جب کوئی شخص مال اور حسب کے اعتبار سے اپنے سے اوپر والے شخص کو دیکھے تو اسے مال اور حسب کے اعتبار سے اپنے سے نیچے والے شخص کو بھی دیکھنا چاہئے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ خُرُوْجُهُ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ وَهُوَ صِفْرُ الْيَدَيْنِ مِمَّا يُحَاسَبُ عَلَيْهِ مِمَّا فِي عُنُقِهٖ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ جب آدمی فنا ہونے والی زائل ہونے والی دنیا سے نکلے' تو وہ خالی ہاتھ ہو اس چیز کے حوالے سے' جس کے حوالے سے اس سے حساب لیا جا سکتا ہے' جو اس کی گردن میں ہے

715- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ بِالْفُسْطَاطِ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ بن عَجْلَانَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتِ اشْتَدَّ وَجَعُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ سَبْعَةُ دَنَانِيرَ اَوْ تِسْعَةٌ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ مَا فَعَلَتْ تِلْكَ الذَّهَبُ فَقُلْتُ هِيَ عِنْدِي قَالَ: تَصَدَّقِي بِهَا قَالَتْ فَشُغِلْتُ بِهٖ ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ مَا فَعَلَتْ تِلْكَ الذَّهَبُ فَقُلْتُ هِيَ عِنْدِي فَقَالَ: ائْتِينِي بِهَا قَالَتْ فَجِئْتُ بِهَا فَوَضَعَهَا فِي كَفِّهٖ ثُمَّ قَالَ: مَا ظَنُّ مُحَمَّدٍ اَنْ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ وَهٰذِهٖ عِنْدَهُ مَا ظَنُّ مُحَمَّدٍ اَنْ لَوْ لقى اللّٰه وَهٰذِهٖ عِنْدَهُ. (5: 48)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف زیادہ ہوگئی آپ کے پاس سات یا شاید نو دینار موجود تھے۔ آپ نے فرمایا: اے عائشہ! تم نے اس سونے کا کیا کیا ہے؟ میں نے عرض کی: وہ میرے پاس ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے صدقہ کردو' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں مشغولیت کی وجہ سے یہ کام نہ کرسکی پھر آپ نے دریافت کیا: اے عائشہ! تم نے اس سونے کے ساتھ کیا کیا ہے۔ میں نے عرض کی: وہ میرے پاس ہے آپ نے ارشاد فرمایا: اسے میرے پاس لے

714- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي عمر - فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 2/243، والبغوى في شرح السُّنة 4100 من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى 6490 في الرقاق باب لينظر إلى من هو أسفل منه، . وأخرجه مسلم 2963 8 في الزهد والرقائق. وانظر 711 و 712 و 713.

715- إسناده حسن، ابن عجلان صدوق، روى له مسلم متابعة، وباقي رجاله على شرط الصحيح . وأخرجه أحمد 6/49 و182 من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي في المجمع 10/239، 240، وقال: رواه أحمد بأسانيد، ورجال أحدها رجال الصحيح.

کے آؤ۔ سیّدہ عائشہ کہتی ہیں: میں وہ لے کر آئی' تو نبی اکرم ﷺ نے اسے اپنی ہتھیلی میں لیا اور ارشاد فرمایا:

''محمد کے بارے میں کیا گمان کیا جائے گا کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں حاضر ہو کہ یہ کچھ اس کے پاس ہو' محمد ﷺ کے بارے میں کیا گمان کیا جائے گا کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں حاضر ہو کہ یہ اس کے پاس ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ ذَمِّهِ نَفْسَهُ عَنْ شَهَوَاتِهَا وَاحْتِمَالِهِ الْمَكَارِهَ فِي مَرْضَاةِ الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو نفسانی خواہشات سے بچا کے رکھے اور پروردگار کی رضا کے حصول کے لئے (اپنے نفس پر ناپسندیدہ صورتحال کا وزن ڈالے)

716 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ وَحُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وحفت النار بالشهوات . (3: 10)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جنت کو ناپسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے اور جہنم کو پسند آنے والی چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الشَّدِيدَ الَّذِي غَلَبَ نَفْسَهُ عِنْدَ الشَّهَوَاتِ وَالْوَسَاوِسِ لَا مَنْ غَلَبَ النَّاسَ بِلِسَانِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' طاقتور وہ شخص ہوتا ہے' جو نفسانی خواہش اور وسوسے کے وقت اپنے آپ پر غالب آئے وہ شخص نہیں ہوتا' جو زبان کے حوالے سے لوگوں پر غالب آئے

717 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

716– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/153 عن حسن بن موسى، و 3/254 عن غسان بن الربيع، و3/284، والبغوي في شرح السُّنة 4114 من طريق عفان، ومسلم 2822 في الجنة وصفة نعيمها، عن القعنبي، والترمذي 2559 في صفة الجنة: باب ما جاء حفت الجنة بالمكاره، من طريق عمرو بن عاصم، والدارمي 2/339 من طريق سليمان بن حرب، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وسيورده برقم 718 من طريق أبي نصر التمار، عن حماد، به. وفي الباب عن أبي هريرة سيورده برقم 719 .

(متن حدیث): لَيْسَ الشَّدِيْدُ مَنْ غَلَبَ إِنَّمَا الشَّدِيْدُ مَنْ غَلَبَ نَفْسَهُ . (3: 66)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''طاقتور وہ نہیں ہوتا جو غالب آجائے طاقتور وہ ہوتا ہے جو اپنے آپ کو قابو میں رکھے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ الْاِحْتِرَازِ مِنَ النَّارِ مُجَانَبَةَ الشَّهَوَاتِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دنیا میں نفسانی خواہشات سے لاتعلق رہ کر جہنم سے بچنے کی کوشش کرے

718 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بِنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرِ التَّمَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ . (3: 79)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت کو ناپسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے اور جہنم کو پسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

719 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْمَرْوَزِيُّ بِالْبَصْرَةِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): حُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَحُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جہنم کو پسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے اور جنت کو ناپسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے''۔

717- إسناده صحيح على شرط مسلم . هَـنَّاد من رجاله، ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه الطيالسي 2525 ، والبغوي في شرح السُّنة 3582 من طريق مسدد، كلاهما عن أبي الأحوص، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 3/98، 99 باب جاء في الغضب، ومن طريقه أحمد 2/236، والبخاري 6114 في الأدب: باب الحذر من الغضب، .

718- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه القضاعي في مسند الشهاب 568 . وتقدم برقم 716 من طريق هدبة بن خالد القيسي، عن حماد، به. فانظره.

6- بَابُ الْوَرَعِ وَالتَّوَكُّلِ

باب 6: ورع اور توکل کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ لِلْمَرْءِ اسْتِعْمَالَ التَّوَرُّعِ فِيْ اَسْبَابِهٖ دُوْنَ التَّعَلُّقِ بِالتَّاْوِيْلِ وَاِنْ كَانَ لَهٗ ذٰلِكَ

اس روایت کا تذکرہ' جواس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی کواس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنے اسباب میں تورع کو استعمال کرے اور تاویل سے متعلق ہونے کو ترک کردے' اگرچہ اس کواس کا حق حاصل ہو

720 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بن قتيبة حدثنا بن اَبِي السَّرِيِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اشْتَرٰى رَجُلٌ مِنْ رَجُلٍ عَقَارًا فَوَجَدَ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ فِيْ عَقَارِهٖ جَرَّةَ ذَهَبٍ فَقَالَ لَهُ الَّذِيْ اشْتَرَى الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ عَنِّيْ اِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ اَرْضًا وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ ذَهَبًا وَقَالَ الَّذِيْ بَاعَ الْاَرْضَ اِنَّمَا بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا قَالَ فَتَحَاكَمَا اِلٰى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِيْ تَحَاكَمَا اِلَيْهِ اَلَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا غُلَامٌ وَقَالَ الْاٰخَرُ جَارِيَةٌ فَقَالَ اَنْكِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِيَةَ وَاَنْفِقُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمَا وَتَصَدَّقَا . (1: 6)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک شخص نے دوسرے شخص سے ایک زمین خریدی اس نے جو زمین خریدی تھی اس زمین میں اس نے سونے کا ایک مٹکا پایا' تو اس نے اس شخص سے یہ کہا' جس سے اس نے یہ زمین خریدی تھی کہ تم اپنا یہ سونا مجھ سے لے لو میں نے تم سے زمین خریدی تھی میں نے تم سے سونا نہیں خریدا جس شخص نے زمین فروخت کی تھی اس نے یہ کہا کہ میں نے تمہیں زمین اور اس میں موجود ساری چیزیں فروخت کردی تھیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ان دونوں نے ایک تیسرے شخص کو اپنا ثالث مقرر کیا' تو جس شخص کو ثالث مقرر کیا تھا اس

720- حديث صحيح، ابن أبي السرح متابع، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 2/316، والبخاري 3472 في أحاديث الأنبياء ، ومسلم 1721 في الأقضية: باب استحباب إصلاح الحاكم بين المتخاصمين، والبغوي في شرح السُّنة 2412 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 2511 في اللفظة: باب من أصاب ركازًا.

نے دریافت کیا: کیا تمہاری اولاد ہے؟ ان میں سے ایک نے کہا: میرا بیٹا ہے۔ دوسرے نے کہا: میری بیٹی ہے اس شخص نے کہا: تم اس لڑکے کا نکاح اس لڑکی کے ساتھ کردو اور اس (دولت) کو اپنے اوپر بھی خرچ کرو اور صدقہ بھی کرو"۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ حَالَةِ مَنْ يَتَوَرَّعُ عن الشبهات في الدنيا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس حالت کی صفت کے بارے میں ہے جس میں آدمی دنیا کی مشتبہ چیزوں سے بچ جاتا ہے

721 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا محمد بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يزيد بن زريع حدثنا بن عَوْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَ ذٰلِكَ اُمُوْرٌ مُشْتَبِهَةٌ وَرُبَّمَا قَالَ مُتَشَابِهَةٌ وَسَاضْرِبُ لَكُمْ فِيْ ذٰلِكَ مَثَلًا اِنَّ اللّٰهَ حَمَى حِمًى وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ وَاِنَّهُ مَنْ يَرْتَعْ حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يُخَالِطَ الْحِمَى وَرُبَّمَا قَالَ مَنْ يَرْتَعْ حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يَرْتَعَ وَاَنَّ مَنْ خَالَطَ الرِّيبَةَ يُوشِكُ أن يجسر . (3: 28)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"حلال واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) میں تمہارے سامنے اس کی مثال بیان کرتا ہوں۔ بیشک اللہ کی چراگاہ ہی چراگاہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں تو جو شخص چراگاہ کے اردگرد جانور چرانے کی کوشش کرتا ہے تو ہوسکتا ہے وہ چراگاہ کے اندر داخل ہو جائیں (بعض اوقات راوی نے یہ الفاظ استعمال کئے) جو شخص چراگاہ کے اردگرد جانور چراتا ہے تو آگے جا کر وہ چراگاہ کے اندر چرنے لگ پڑتے ہیں تو جو شخص مشکوک چیزوں کے ساتھ ملاپ اختیار کرتا ہے وہ آگے چل کر اسے عبور بھی کر لیتا ہے"۔

721- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي 8/327 في الأشربة: باب الحث على ترك الشبهات. وأخرجه البخاري 2051 في البيوع: باب الحلال بين والحرام بين وبينهما شبهات، وأبو داوٗد 3329 في البيوع: باب في اجتناب الشبهات، والنسائي 7/241 في البيوع: باب اجتناب الشبهات، وأبو نعيم في الحلية 4/270 و326، وابن المستوفي في تاريخ إربل 1/147 و204 من طرق عن عبد الله بن عون، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/270، والبخاري 52 في الإيمان: باب فضل من استبرأ لدينه، ومسلم 1599 في المساقاة: باب أخذ الحلال وترك الشبهات، وأبو داوٗد 3330 ، وابن ماجة 3984 في الفتن: باب الوقوف عند الشبهات، والدارمي 2/245، والبيهقي في السُّنن 5/64، وأبو نعيم في الحلية 4/336، والبغوي في شرح السُّنة 2031 من طريق زكريا بن أبي زائدة، وأحمد 4/269 و271، والترمذي 1205 في البيوع: باب ما جاء في ترك الشبهات، من طريق مجالد، وأحمد 4/271، والبخاري 2051 في البيوع: باب الحلال بين والحرام بين، ومسلم 1599 ، والبيهقي في السُّنن 5/264 من طريق أبي فروة الهمداني عروة بن الحارث، وأحمد 4/267 من طريق عاصم، ومسلم 1599 . وأخرجه أحمد 4/267 من طريق خيثمة، وأبو نعيم في الحلية 5/105 . وفي الباب عن جابر عند الخطيب في تاريخ بغداد 9/70.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَمَّا يُرِيبُ الْمَرْءَ مِنْ اَسْبَابِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بات کا تذکرہ اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا کے اسباب میں سے جو چیز آدمی کو شک میں مبتلا کرتی ہے اس سے بچنا چاہیے

722- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ التِّرْمِذِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ قَالَ

(متن حدیث): قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حَدِّثْنِي بِشَيْءٍ حَفِظْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُحَدِّثْكَ بِهِ اَحَدٌ قَالَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ دَعْ مَا يُرِيبُكَ اِلٰى مَا لَا يُرِيبُكَ قَالَ الْخَيْرُ طُمَانِيْنَةٌ وَالشَّرُّ رِيبَةٌ.

وَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَاَخَذْتُ تَمْرَةً فَاَلْقَيْتُهَا فِي فِيَّ فَاَخَذَهَا بِلُعَابِهَا حَتّٰى اَعَادَهَا فِي التَّمْرِ فَقِيلَ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا كَانَ عَلَيْكَ مِنْ هٰذِهِ التَّمْرَةِ مِنْ هٰذَا الصَّبِيِّ فَقَالَ: اِنَّا اٰلَ مُحَمَّدٍ لَا يَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا فِيمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنَا فِيمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنَا فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لَنَا فِيمَا اَعْطَيْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهُ لَا يذل من واليت تباركت وتعاليت. (2: 23)

ابوحوراء سعدی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے کہا آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر یاد رکھی ہو وہ کسی اور نے آپ کو نہ سنائی ہو تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''تم اس چیز کو چھوڑ دو جو تمہیں شک میں مبتلا کرتی ہے اور اس چیز کی طرف جاؤ جو تمہیں شک میں مبتلا نہیں کرتی ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے:

722- حديث صحيح، مؤمل بن إسماعيل وإن كان سيء الحفظ فقد تابعه غير واحد، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه بتمامه أحمد 1/200 . وأخرجه بتمامه عبد الرزاق 4984 ومن طريقه الطبراني في الكبير 2711 من طريق الحسن بن عمارة، والطبراني 2708 ، وأبو نعيم في الحلية 8/264 من طريق الحسن بن عبيد الله . والقسم الأول وهو قوله: دع ما يريبك إلى ما يريبك فإن الصدق طمأنينة والشر ريبة أخرجه الطيالسي 1178 ، والترمذي 2518 في صفة القيامة، والحاكم في المستدرك 2/13و4/99 من طريق شعبة، به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وقوله دع ما يريبك إلى ما لا يريبك دون تتمته أخرجه النسائي 8/327 في الأشربة: باب الحث على ترك الشبهات، والدارمي 2/245، والبغوي في شرح السُّنة 2032 ، من طريق شعبة، به . وفي الباب عن ابن عمر عند الطبراني في الصغير 1/102. وأبي الشيخ في الأمثال 40 ، وأبي نعيم في أخبار أصبهان 2/243، وفي الحلية 6/352، والخطيب في تاريخ بغداد 2/220 و387 و6/386، والقضاعي في مسند الشهاب 645 . وقوله الصدق طمأنينة والشر ريبة أخرجه القضاعي في مسند الشهاب 275 من طريق شعبة، به. بلفظ والكذب بدل والشر .

''بھلائی اطمینان ہوتا ہے اور برائی مشکوک ہوتی ہے''۔

(حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے یہ بھی بتایا) ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں صدقے کی کچھ کھجوریں پیش کی گئیں میں نے ان میں سے ایک کھجور لی اور اپنے منہ میں ڈال لی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کھجور کو پکڑا اس کا لعاب لیا اور واپس اس کھجور میں ڈال دیا۔ آپ کی خدمت میں عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس بچے نے جو کھجور لی تھی اس کے حوالے سے آپ کو تو کوئی نقصان نہیں ہوتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارے' آل محمد کے لئے صدقہ حلال نہیں ہے۔

(حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی بتائی) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا ہے:

''اے اللہ! جنہیں' تو نے ہدایت عطا کی ہے ان میں ہمیں بھی ہدایت پر ثابت قدم رکھ! جنہیں' تو نے عافیت عطا کی ہے ان میں ہمیں بھی عافیت عطا کر' جن کا تو نگران بنا ہے ان میں سے ہمارا بھی نگران بن' ہمیں تو نے جو کچھ عطا کیا ہے ان میں ہمارے لئے برکت رکھ دے اور جو تو نے فیصلہ کیا ہے' اس کے شر سے ہمیں بچالے۔ بیشک تو فیصلہ دیتا ہے تیرے خلاف فیصلہ نہیں دیا جاسکتا' جس کا تو نگران ہو وہ رسوا نہیں ہوسکتا' تو برکت والا اور بلند و برتر ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عَلَى الْمَرْءِ اَنْ لَا يَعْتَاضَ عَنْ اَسْبَابِ الْاٰخِرَةِ بِشَيْءٍ مِّنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ عِنْدَ حُدُوثِ حَالَةٍ بِهِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ کسی بھی صورتحال میں اس فنا ہوجانے والی

اور زائل ہوجانے والی دنیا کا کوئی ساز و سامان آخرت کے اسباب میں سے کسی چیز کے عوض میں حاصل نہ کرے

723 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا محمد بن يزيدالرفاعى حدثنا بن فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ

(متن حدیث): اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيًّا فَاَكْرَمَهُ فَقَالَ لَهُ ائْتِنَا فَاَتَاهُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلْ حَاجَتَكَ قَالَ نَاقَةٌ نَرْكَبُهَا وَاَعْنُزٌ يَحْلِبُهَا اَهْلِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعَجَزْتُمْ اَنْ تَكُوْنُوْا مِثْلَ عَجُوْزِ بَنِىْ اِسْرَائِيلَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا عَجُوْزُ بَنِىْ اِسْرَائِيلَ قَالَ اِنَّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا سَارَ بِبَنِىْ اِسْرَائِيلَ مِنْ مِصْرَ ضَلُّوا الطَّرِيْقَ فَقَالَ مَا هٰذَا فَقَالَ عُلَمَاؤُهُمْ اِنَّ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ اَخَذَ عَلَيْنَا مَوْثِقًا مِنَ اللّٰهِ اَنْ لَا نَخْرُجَ مِنْ مِصْرَ حَتّٰى نَنْقُلَ عِظَامَهُ مَعَنَا قَالَ فَمَنْ يَعْلَمُ مَوْضِعَ قَبْرِهِ قَالَ عَجُوْزٌ مِنْ بَنِىْ اِسْرَائِيلَ فَبَعَثَ اِلَيْهَا فَاَتَتْهُ فَقَالَ دُلِّيْنِىْ عَلٰى قَبْرِ يُوْسُفَ قَالَتْ حَتّٰى

723-وأخرجه الحاكم 2/404، 405 من طريق أبي نعيم، عن يونس بن عمرو، بهذا الإسناد. وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .وأورده السيوطي في الدر المنثور 5/87، 88، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، والفريابي.

تُعْطِيَنِیْ حُكْمِی قَالَ وَمَا حُكْمُكِ قَالَتْ اَكُوْنُ مَعَكَ فِي الْجَنَّةِ فَكَرِهَ اَنْ يُّعْطِيَهَا ذٰلِكَ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنْ اَعْطِهَا حُكْمَهَا فَانْطَلَقَتْ بِهِمْ اِلٰى بُحَيْرَةٍ مَوْضِعِ مُسْتَنْقَعِ مَاءٍ فَقَالَتْ اَنْضِبُوا هٰذَا الْمَاءَ فَاَنْضَبُوْهُ فَقَالَتْ احْتَفِرُوْا فَاحْتَفَرُوْا فَاسْتَخْرَجُوا عِظَامَ يُوْسُفَ فَلَمَّا اَقَلُّوهَا اِلَى الْاَرْضِ وإذا الطريق مثل ضوء النهار . (3: 6)

49
49

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیہاتی کے پاس تشریف لائے اس نے آپ کی عزت افزائی کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا: اسے ہمارے پاس لے کے آؤ وہ آپ کی خدمت میں آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: اپنی حاجت طلب کرو۔ اس نے عرض کی: ایک اونٹنی چاہئے جس پہ ہم سوار ہوسکیں اور کچھ بکریاں چاہئیں جن کا دودھ میرے گھر والے دوہ لیا کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ اتنے عاجز ہو گئے ہو کہ تم بنی اسرائیل کی بوڑھیوں کی مانند بھی نہیں ہو سکتے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بنی اسرائیل کی بوڑھیوں کا کیا معاملہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر مصر سے روانہ ہوئے' تو وہ لوگ راستہ بھول گئے۔ حضرت موسیٰ نے دریافت کیا: اس کی وجہ کیا ہے' تو ان کے علماء نے بتایا: حضرت یوسف علیہ السلام کے انتقال کا وقت جب قریب آیا تھا' تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم سے یہ پختہ عہد لیا تھا کہ جب ہم لوگ مصر سے نکلیں گے' تو اپنے ساتھ ان کی میت بھی ساتھ لے کے جائیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا: ان کی قبر کی جگہ کو کون جانتا ہے' تو اس شخص نے بتایا بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والی ایک بوڑھی عورت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس عورت کو بلوایا وہ عورت آپ کے پاس آئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: تم حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر کی طرف میری رہنمائی کرو۔ اس عورت نے کہا: جب تک آپ مجھے میرا معاوضہ نہیں دیں گے۔ (میں ایسا نہیں کروں گی) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا: تمہارا معاوضہ کیا ہے۔ اس نے جواب دیا: یہ کہ میں جنت میں آپ کے ساتھ ہوں' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ بات اچھی نہیں لگی کہ اسے یہ بات کہیں' تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف یہ وحی کی کہ وہ جو مانگ رہی ہے وہ اسے دیدو' پھر وہ عورت ان لوگوں کو لے کر ایک جگہ پر آئی جہاں سے پانی پھوٹ رہا تھا۔ عورت نے کہا: اس پانی کو بند کردو' ان لوگوں نے پانی کو بند کر دیا۔ اس عورت نے کہا: اب اسے کھولو ان لوگوں نے اسے کھولا' تو وہاں سے حضرت یوسف علیہ السلام کی ہڈیاں نکل آئیں جب وہ اس سرزمین کی طرف واپس آئے' تو راستہ یوں تھا جیسے دن کی روشنی ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ الْعُدْمِ النَّظَرَ اِلٰى مَا ادُّخِرَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ دُوْنَ التَّلَهُّفِ عَلٰى مَا فَاتَهُ مِنْ بُغْيَتِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ جب اس کے پاس کوئی چیز نہ ہو' تو پھر وہ اس بات کا جائزہ لے کہ اس کے لئے اجر و ثواب محفوظ رکھا گیا ہے؟

ایسا نہیں ہے کہ وہ اپنی پسندیدہ چیز نہ ملنے کی وجہ سے افسوس کا اظہار کرے

724 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ

حدثنا المقرىء قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هَانِيءٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِيءٍ أَنَّ أَبَا عَلِيِّ الْجَنْبِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ يُحَدِّثُ قَالَ

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِي الصَّلَاةِ لِمَا بِهِمْ مِنَ الْحَاجَةِ وَهُمْ أَصْحَابُ الصُّفَّةِ حَتَّى يَقُولَ الْأَعْرَابُ إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَمَجَانِينَ فَإِذَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ: لَوْ تَعْلَمُونَ مَا لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ لَأَحْبَبْتُمْ أَنْ تَزْدَادُوا فَاقَةً وَحَاجَةً . قَالَ فَضَالَةُ وَأَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ.

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کو نماز پڑھا رہے ہوتے تھے تو بعض لوگ بھوک کی شدت کی وجہ سے نماز کے دوران گر پڑا کرتے تھے یہ اہل صفہ تھے یہاں تک کہ دیہاتی یہ کہا کرتے تھے: یہ لوگ پاگل ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''اگر تم لوگوں کو یہ بات پتہ چل جائے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہارا کیا اجر وثواب ہے تو تم لوگ اس بات کو پسند کرو گے کہ تمہارے فاقہ اور بھوک میں اضافہ ہو جائے''۔

حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس دن میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْاِتِّكَالِ عَلَى تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي أَسْبَابِ دُنْيَاهُ دُونَ التَّأَسُّفِ عَلَى مَا فَاتَهُ مِنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل پر تکیہ کر لے اور جو چیز اس میں نہیں ملتی ہے اس پر افسوس کا اظہار نہ کرے

725 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حدثنا بْنُ أَبِي السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَمِينُ اللّٰهِ مَلْأَى لَا يَغِيضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَمِينِهِ وَالْيَدُ الْأُخْرَى الْقَبْضُ يرفع ويخفض وعرشه على الماء .

724–وأخرجه أحمد 6/18 عن أبي عبد الرحمٰن المقرء، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي 2368 في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي صلى الله عليه وسلم من طريق عباس الدوري، والطبراني في الكبير 18/ 798 عن هارون بن ملول، وأبو نعيم في الحلية 2/17 من طريق بشر بن موسى، ثلاثتهم عن المقرء، به، قال الترمذي: هذا حديث صحيح . وأخرجه الطبراني 18/ 799 من طريق ابن وهب، و 18/ 800 من طريق ابن لهيعة.

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ هٰذِهِ اَخْبَارٌ اُطْلِقَتْ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ تُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ اَصْحَابَ الْحَدِيْثِ مُشَبِّهَةٌ عَائِذٌ بِاللّٰهِ اَنْ يَّخْطُرَ ذٰلِكَ بِبَالِ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ وَلٰكِنْ اَطْلَقَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ بِاَلْفَاظِ التَّمْثِيْلِ لِصِفَاتِهٖ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ فِيْمَا بَيْنَهُمْ دون تكييف صفات الله جل رَبُّنَا عَنْ اَنْ يُّشَبَّهَ بِشَيْءٍ مِّنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ اَوْ يُكَيَّفَ بِشَيْءٍ مِّنْ صِفَاتِهٖ اِذْ لَيْسَ كمثله شيء . (3: 67)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے رات اور دن میں مسلسل خرچ کرنا اس میں کوئی کمی نہیں کرتا کیا تم نے یہ بات نوٹ نہیں کی ہے کہ جس دن سے اس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہے وہ اس دن سے خرچ کرر ہا ہے اور اس چیز نے اس کے ہاتھ میں موجود چیز میں کوئی کمی نہیں کی ہے' جبکہ اس کا دوسرا ہاتھ قبض کرنے والا ہے وہ بلندی اور پستی عطا کرتا ہے اور اس کا عرش پانی پر ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان روایات کو اس قسم میں مطلق طور پر ذکر کیا گیا ہے' جو شخص علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوا کہ محدثین عظام مشبہہ فرقے سے تعلق رکھتے ہیں حالانکہ ہم اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' کہ محدثین میں سے کسی ایک کے ذہن میں بھی اس کے حوالے سے خیال آیا ہو۔

لیکن یہ روایات اللہ تعالیٰ کی صفات کے لئے مثالی الفاظ کے ہمراہ اسی طرح مطلق طور پر منقول ہیں' جو لوگوں کے آپس کے محاورے کے مطابق ہیں۔

ان میں اللہ تعالیٰ کی صفات کی کیفیت بیان نہیں کی گئی ہے۔

ہمارا پروردگار اس بات سے بلند و برتر ہے کہ اسے مخلوق میں سے کسی چیز کے مشابہ قرار دیا جائے' یا اس کی صفات میں سے کسی صفت کی کیفیت بیان کی جائے' کیونکہ اس کی مانند اور کوئی چیز نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ جَمِيْعِ اَسْبَابِهٖ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جنت ایسے شخص پر لازم ہو جاتی ہے' جو تمام اسباب میں اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے

726 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الْاَشْعَثِ بِسَمَرْقَنْدَ وَيَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ بِبُخَارٰى قَالَا

725- حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرطهما، وهو في مصنف عبد الرزاق، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/313، والبخاري 7419 في التوحيد: باب (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) ، ومسلم 993 37 في الزكاة: باب الحث على النفقة وتبشير المنفق بالخلف، والبغوي في شرح السُّنة 1656 ، والبيهقي في الأسماء والصفات ص 395، 396. وأخرجه أحمد 2/242و 500، والبخاري 4684 في التفسير: باب (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) ، و 411 في التوحيد: باب قول الله تعالى: (لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ) ، ومسلم 993 36 ، والترمذي 3045 في التفسير: باب ومن سورة المائدة، وابن ماجة 197 في المقدمة.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بِنِ حَيَّانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): دَخَلَتْ اُمَّةٌ الْجَنَّةَ بِقَضِّهَا وَقَضِيضِهَا كَانُوْا لَا يكتوون ولا يسترقُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ. (3: 6)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک امت ساری کی ساری اس وجہ سے جنت میں داخل ہوگئی وہ لوگ داغ نہیں لگواتے تھے' جھاڑ پھونک نہیں کرتے تھے اور اپنے پروردگار پر توکل رکھتے تھے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَسْلِيمِ الْاَشْيَاءِ اِلٰى بَارِئِهٖ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ تمام اشیاء کو اپنے خالق کے سپرد کردے

727- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ سِنَانٍ عن وهب بن خالد عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ اُبَىَّ بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ لَهُ وَقَعَ فِىْ نَفْسِىْ شَىْءٌ مِنَ الْقَدَرِ فَحَدِّثْنِىْ بِشَىْءٍ لَعَلَّهُ اَنْ يَذْهَبَ مِنْ قَلْبِىْ فقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَوْ عَذَّبَ اَهْلَ سَمَاوَاتِهٖ وَاَهْلَ اَرْضِهٖ عَذَّبَهُمْ غَيْرَ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ اَعْمَالِهِمْ وَلَوْ اَنْفَقْتَ مِثْلَ اُحُدٍ فِىْ سَبِيلِ اللّٰهِ مَا قَبِلَهُ اللّٰهُ مِنْكَ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ وَتَعْلَمَ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَاَنَّ مَا أخطئك لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ وَلَوْ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ هٰذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ.

قَالَ ثُمَّ اَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فقَالَ مِثْلَ قَوْلِهٖ ثُمَّ اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ فقَالَ مِثْلَ قَوْلِهٖ ثُمَّ اَتَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِىْ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ. (3: 66)

ابن دیلمی بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے ان سے کہا: میرے ذہن میں تقدیر کے حوالے سے کچھ الجھن ہے' تو آپ مجھے کوئی حدیث بیان کیجئے تاکہ اس کے ذریعے سے میرے ذہن کی یہ الجھن

726- إسناده ضعيف، لضعف محمد بن عيسى بن حيان المدائنى، قال الدارقطنى والحاكم: متروك، لكن يشهد له حديث ابن عباس فى البخارى 5752 فى الطب: باب من لم يرق، ومسلم 220 فى الإيمان، وحديث عمران بن حصين عند مسلم 218 . وانظر شرح الحديث فى فتح البارى 10/211، و11/408- 410.

727- إسناده قوى وأخرجه أبو داؤد 4699 فى السُّنة: باب فى القدر. وأخرجه أحمد 5/182 عن يحيى القطان، عن سفيان الثورى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/189 عن قران بن تمام، و 5/185، وابن ماجه 77 فى المقدمة: باب فى القدر، وابن أبى عاصم فى السُّنة 245 ، والبيهقى فى السُّنن 10/204 من طريق إسحاق بن سليمان الرازى . وأخرجه الطبرانى فى الكبير 4940 من طريق إسحاق بن سليمان الرازى، عن أبى سنان، عن وهب بن خالد، عن ابن الديلمى، عن زيد بن ثابت.

ختم ہو جائے تو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اگر اللہ تعالیٰ آسمانوں کے رہنے والے اور زمین کے رہنے والے تمام لوگوں کو عذاب دیدے تو وہ انہیں عذاب دیتے ہوئے ان کے ساتھ ظلم کرنے والا نہیں ہوگا اور اگر وہ ان سب پر رحم کردے تو اس کی رحمت ان لوگوں کے لئے ان کے اعمال سے زیادہ بہتر ہے اگر تم اللہ کی راہ میں اُحد پہاڑ جتنا خرچ کرو تو بھی اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے اسے اس وقت تک قبول نہیں کرے گا جب تک تم تقدیر پر ایمان نہیں رکھتے اور تم یہ بات جان نہیں لیتے کہ جو صورت حال تمہیں لاحق ہوئی ہے وہ تمہیں لاحق ہو کے رہنی تھی اور جو صورتحال تمہیں لاحق نہیں ہوئی ہے وہ تمہیں کبھی لاحق نہیں ہونی تھی اگر تم اس کے علاوہ کسی اور عقیدے پر مروگے تو تم جہنم میں جاؤ گے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے بھی اس کی مانند الفاظ بیان کئے پھر میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے بھی اسی طرح کی بات کہی پھر میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند حدیث مجھے بیان کی۔

ذكر الإخبار عما يجب على المؤمن من السُّكُوْنِ تَحْتَ الْحُكْمِ وَقِلَّةِ الِاضْطِرَابِ عِنْدَ وُرُوْدِ ضِدِّ الْمُرَادِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ (اللہ تعالیٰ کے) حکم کے تحت پرسکون رہے اور اپنی مراد کے متضاد صورتحال پیش آنے پر اضطراب کا اظہار نہ کرے

728 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ لَا يَقْضِي اللّٰهُ لَهُ شَيْئًا إِلَّا كَانَ خَيْرًا لَّهُ . (3: 66)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مجھے مومن کے معاملے پر حیرت ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں جو بھی فیصلہ دیتا ہے وہ اس کے حق میں بہتر ہوتا ہے''۔

728- إسناده جيد .وأخرجه أحمد 5/24 عن نوح بن حبيب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/117 و184، من طريق القاسم بن شريح، وأبو يعلى في مسنده /198ب، والقضاعي في مسند الشهاب 596 ، والذهبي في السير 15/342 من طريق الحسن بن عبيد الله، كلاهما عن ثعلبة بن عاصم، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي في المجمع 7/209، 210، وقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورجال أحمد ثقات، وأحد أسانيد أبي يعلى رجاله رجال الصحيح، غير أبي بحر ثعلبة، وهو ثقة . وفي الباب عن صهيب سيرد برقم 2896 . وعن سعد بن أبي وقاص عند الطيالسي 211 ، وأحمد 1/173 و177 و182، والبغوي في شرح السُّنة 1540 ، والبيهقي في السُّنن 3/375، 376. وأورده الهيثمي في المجمع 7/209،

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ وَاِنْ كَانَ مُجِدًّا فِي الطَّاعَاتِ اِذَا وَرَدَتْ عَلَيْهِ حَالَةُ الضِّيقِ وَالْمَنْعِ يَجِبُ اَنْ يَسْتَوِيَ قَلْبُهُ عِنْدَهَا مَعَ حَالَةِ الْوُسْعِ وَالْاِعْطَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اگر نیکیوں کے حوالے سے بزرگ ہے' اور اس پر تنگی اور نہ ملنے کی کیفیت وارد ہو جاتی ہے' تو اب یہ بات لازم ہے کہ ایسی صورتحال میں اس کے دل کی وہی کیفیت ہو' جو وسعت اور نعمتیں ملنے کی صورت میں ہوتی تھی

729 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

(متن حدیث): لَقَدْ كَانَ الُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرَوْنَ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ مَا يَسْتَوْقِدُوْنَ فِيهِ بِنَارٍ مَا هُوَ اِلَّا الْمَاءُ وَالتَّمْرُ وَكَانَ حَوْلَنَا اَهْلُ دُوْرٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ لَهُمْ دَوَاجِنُ فِي حَوَائِطِهِمْ فَكَانَ اَهْلُ كُلِّ دَارٍ يَبْعَثُوْنَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَزِيرِ شَاتِهِمْ فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ اللبن . (5: 27)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت محمد ﷺ کے گھر والوں کو تین مہینے بعض اوقات ایسے گزر جاتے تھے کہ اس دوران وہ آگ نہیں جلا پاتے تھے۔ ان کی خوراک صرف پانی اور کھجور ہوتی تھی۔ ہمارے اردگرد انصار کے کچھ گھرانے تھے جن کے باغات میں ان کی بکریاں ہوتی تھیں' تو بعض اوقات ان میں سے کسی گھرانے کے لوگ اپنی بکریوں کا تازہ دودھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بھجوادیا کرتے تھے' تو نبی اکرم ﷺ اس دودھ کو پی لیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ قَطْعِ الْقَلْبِ عَنِ الْخَلَائِقِ بِجَمِيعِ الْعَلَائِقِ فِي اَحْوَالِهِ وَاَسْبَابِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے دل کو مخلوق سے لاتعلق کرے جو اس کے احوال اور اس کے اسباب میں ہر حوالے سے ہو

730 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا المقرىء عَنْ

729- إسناده صحيح على شرط مسلم، الوليد بن شجاع من جال مسلم، ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه عبد الرزاق 20625 ، وابن أبي شيبة 13/361، وأحمد 6/108، والبخاري 6458 في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه وتخليهم عن الدنيا، ومسلم 2972 في الزهد والرقائق، وابن ماجة 4144 في الزهد: باب معيشة آل محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وأبو الشيخ في أخلاق النبي ص 274 و2078 من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 2567 في الهبة، و 6459 في الرقاق، ومسلم 2972 في الزهد والرقائق، وأخرجه أحمد 6/182 و237، وابن ماجة 4145 في الزهد: باب معيشة آل محمد صلى الله عليه وسلم وأخرج البخاري 5383 في الأطعمة: باب من أكل حتى شبع، و 5442 باب الرطب والتمر، ومسلم 2975 في الزهد . وانظر الحديث المتقدم برقم 684 .

حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ عَنْ اَبِىْ تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):لَوْ تَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمُ اللّٰهُ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُو خماصا وتعود بطانا. (3: 66)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم لوگ اللہ تعالیٰ پر اس طرح توکل کرو جس طرح توکل کرنے کا حق ہے' تو وہ تمہیں اس طرح رزق دے گا' جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے' جو صبح کے وقت خالی پیٹ جاتے ہیں اور پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يَجِبُ عَلَيْهِ مَعَ تَوَكُّلِ الْقَلْبِ الْاِحْتِرَازُ بِالْاَعْضَاءِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دل کے ساتھ' توکل کرے اعضاء کے ذریعے ایسا کرنے سے احتراز کرلے' یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جس نے اسے متروک قرار دیا ہے

731 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرْسِلُ نَاقَتِيْ وَاَتَوَكَّلُ؟ قال: اعقلها وتوكل.

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَعْقُوْبُ هٰذَا هُوَ يَعْقُوْبُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضمرى من أهل الحجاز مشهور مأمون. (3: 65)

جعفر بن عمرو بن امیہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کیا میں اپنی اونٹنی کو کھول کر توکل کروں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے باندھ کر توکل کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یعقوب نامی یہ راوی یعقوب بن عمرو بن عبداللہ بن عمرو بن امیہ ضمری ہے۔ یہ اہل حجاز سے تعلق رکھتے ہیں۔ مشہور اور مامون ہیں۔

730- إسناده جيد، وأخرجه أحمد 1/30، والحاكم في المستدرك 4/318، وأبو نعيم في الحلية 10/69 من طريق المقرء، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن المبارك في الزهد 559 ، ومن طريقه الترمذى 2344 في الزهد: باب في التوكل على الله، وأبو نعيم في الحلية 10/69، والبغوى في شرح السُّنة 4108 ، والقضاعي في مسند الشهاب 1444 عن حيوة بن شريح، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/52، وابن ماجة 4164 في الزهد: باب التوكل واليقين من طريق ابن وهب، عن ابن لهيعة، عن ابن هبيرة، به .وفي الباب عن ابن عمر عند أبي نعيم في أخبار أصبهان 2/297.

731- حديث حسن، يعقوب بن عبد الله: ذكره المؤلف في الثقات 7/640، وروى عنه اثنان، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الحاكم في المستدرك 3/623، والقضاعي في مسند الشهاب 633 .وأورده الهيثمي في المجمع 10/303 .

7- بَابُ قِرَاءَةِ الْقُرْآن

باب 7: قرآن کی تلاوت کرنا

732 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِقْرَؤُوا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوبُكُمْ فإذا اختلفتم فيه فقوموا عنه

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم قرآن کی تلاوت اس وقت تک کرو' جب تک تمہارے دل اس کی طرف مائل ہوں اور جب تمہاری توجہ منتشر ہونے لگے' تو تم (اس کی تلاوت چھوڑ کر) اٹھ جاؤ''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قِرَاءَةَ الْمَرْءِ بَيْنَ الْقِرَاءَتَيْنِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَهْرِ وَالْمُخَافَتَةِ جَمِيْعًا بِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' بلند آواز اور پست آواز کی بجائے ان دونوں کے درمیان میں آدمی کا قرأت کرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک زیادہ پسندیدہ تھا

733 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِيْنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ

732– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير خلف بن هشام، فمن رجال مسلم، وهو في مسند أبي يعلى 1519، وسيورده المؤلف برقم 759. وأخرجه البخاري 5060 في فضائل القرآن، والطبراني 1673، والبغوي في شرح السنة 1224، وأخرجه أحمد 4/312، والبخاري 5061 و 7364 من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، حدثنا سلام بن أبي مطيع، عن أبي عمران الجوني به. وأخرجه البخاري 7365، ومسلم 2667 4، من طريق عبد الصمد، والدارمي 2/442 عن يزيد بن هارون، كلاهما عن همام، عن أبي عمران الجوني، به. وأخرجه الدارمي 2/441 من طريق أبي النعمان، حدثنا هارون الأعور، عن أبي عمران، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/528، والدارمي 2/442، عن أبي غسان مالك بن إسماعيل، عن أبي قدامة، عن أبي عمران، به. وأخرجه مسلم 2667 من طريق الحارث بن عبيد، عن أبي عمران، ومن طريق أبان عن أبي عمران، به. وأخرجه الطبراني في الكبير 1674 و 1675 من طريق هارون النحوي،

(متن حدیث): عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّ بِاَبِیْ بَكْرٍ وَهُوَ یُصَلِّی یَخْفِضُ صَوْتَهُ، وَمَرَّ بِعُمَرَ یُصَلِّی رَافِعًا صَوْتَهُ . قَالَ: فَلَمَّا اجْتَمَعَا عِنْدَ النَّبِیِّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِاَبِیْ بَكْرٍ: یَا اَبَا بَكْرٍ مَرَرْتُ بِكَ وَاَنْتَ تُصَلِّی تَخْفِضُ مِنْ صَوْتِكَ . قَالَ: قَدْ اَسْمَعْتُ مَنْ نَاجَیْتُ، قَالَ: وَمَرَرْتُ بِكَ یَا عُمَرُ، وَاَنْتَ تَرْفَعُ صَوْتَكَ قَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُوقِظُ الْوَسْنَانَ، وَاَحْتَسِبُ بِهٖ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ بَكْرٍ: ارْفَعْ مِنْ صَوْتِكَ شَیْئًا ، وَقَالَ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، لِعُمَرَ: اخْفِضْ مِنْ صوتك شیئًا .

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا وہ نماز ادا کررہے تھے اور پست آواز میں قرأت کررہے تھے۔ آپ کا گزر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا' تو وہ بلند آواز میں قرأت کرتے ہوئے نماز ادا کررہے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب یہ دونوں حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوبکر! میں تمہارے پاس سے گزرا تھا تم پست آواز میں قرأت کرتے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اس ذات کو سنا رہا تھا جس کی بارگاہ میں' میں مناجات کررہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! میں تمہارے پاس سے بھی گزرا تھا' اور تم بلند آواز میں قرأت کررہے تھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سوئے ہوئے شخص کو جگانا چاہتا تھا' اور اس کے ذریعے ثواب کی امید رکھتا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اپنی آواز کو کچھ بلند کرو اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اپنی آواز کو کچھ پست کرلو۔

ذِكْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ قِرَاءَةَ الْمَرْءِ الْقُرْآنَ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ نَفْسِهٖ تَكُوْنُ اَفْضَلَ مِنْ قِرَاءَتِهٖ بِحَیْثُ یُسْمَعُ صَوْتُهٗ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اس طرح قرآن کی تلاوت کرنا' جو اس کے اور اس کے نفس کے درمیان ہو' یہ اس کے لئے اس طرح قرأت کرنے سے افضل ہے کہ اس کی آواز دوسرا شخص بھی سنے

734 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَیْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی، حدثنا بن وَهْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ بَحِیرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ كَثِیرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

733- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن عبد الرحيم، فمن رجال البخاري وهو في صحيح ابن خزيمة 1161 ، وأخرجه أبو داوُد 1329 في الصلاة: باب في رفع الصوت بالقراءة في صلاة الليل، عن الحسن بن الصباح، والترمذي 447 في الصلاة: باب ما جاء في قراءة الليل، عن محمود بن غيلان، والحاكم 1/310 من طريق جعفر بن محمد بن شاكر.

734- إسناده حسن، من أجل معاوية بن صالح، وأخرجه النسائي 5/80 في الزكاة: باب المُسِرّ بالصدقة . وأخرجه أحمد 4/151 و 158 عن حماد بن خالد، عن معاوية بن صالح، به . وأخرجه الطبراني في الكبير 1/3347 من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح به . وأخرجه أبو داوُد 1333 في الصلاة: باب في رفع الصوت بالقراءة في صلاة الليل، والترمذي 2919 في فضائل القرآن، والطبراني /17 334 من طرق. وأخرجه أحمد 4/201، والطبراني 17/334 .

وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اَلْجَاهِرُ بِالْقُرْآنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ، وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْآنِ كَالْمُسِرِّ بالصدقة.

❁❁ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بلند آواز میں قرآن کی تلاوت کرنے والا' ظاہر کرکے صدقہ کرنے والے کی مانند ہے اور پست آواز میں قرأت کرنے والا پوشیدہ کرکے صدقہ کرنے والے کی مانند ہے''۔

ذِكْرُ اَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ اُمَّتِهٖ اَنْ يَّقْرَاَ عَلَيْهِ الْقُرْآنَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی اُمت کے ایک فرد کو اس بات کی ہدایت کرنا کہ وہ آپ کے سامنے قرآن کی تلاوت کرے

735- (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث):قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَاْ عليَّ. قَالَ: قُلْتُ: اَقْرَاُ عَلَيْكَ، وَاِنَّمَا اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِيْ. فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ سُوْرَةَ النِّسَاءِ حَتّٰى اِذَا بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا) (النساء :41)

نظرت إليه فإذا عيناه تهراقان.

❁❁ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میرے سامنے تلاوت کرو میں نے عرض کی: کیا میں آپ کے سامنے تلاوت کروں جبکہ قرآن آپ پر نازل ہوا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں یہ چاہتا ہوں میں دوسرے کی زبانی اسے سنوں۔

735- إسناده صحيح. وأخرجه مسلم 800 في صلاة المسافرين: باب فضل استماع القرآن، والطبراني 8461. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/1563، وأحمد 1/380 و 433، والبخاري 4582 في التفسير: باب (فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا) و 5049 في فضائل القرآن: باب من أحب أن يستمع القرآن من غيره، و 5050 باب قول المقرء للقارء: حسبك، و 5055 و 5056 باب البكاء عند قراءة القرآن، ومسلم 800 في صلاة المسافرين، وأبو داؤد 3668 في العلم: باب في القصص، والترمذي 3028 في التفسير: باب ومن سورة النساء، وفي الشمائل برقم 316، والبيهقي 10/231، والبغوي في شرح السنة 1220، والطبراني 8460، و 8461 وأبو يعلى 5228 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه مسلم 800 248 من طريق عمرو بن مرة، والطبراني 8462 من طريق إبراهيم بن مهاجر، كلاهما عن إبراهيم، به. وأخرجه الطبراني 8463 و 8467 من طريق الأعمش، ومغيرة عَنْ اِبْرَاهِيْمَ؛ عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ. وأخرجه الطبراني 8464 وأبو نعيم في الحلية 7/203 من طريق عمرو بن مرزوق، والطبراني 8465 من طريق سليمان بن حرب، كلاهما عن شعبة، عن إبراهيم بن المهاجر، عن إبراهيم النخعي عن علقمة وأخرجه الحميدي 101 عن سفيان، عن المسعودي، عن القاسم، عن عبد الله بن مسعود. وأخرجه ابن أبي شيبة /10 564، والطبراني 8459. وأخرجه أحمد 1/374، والطبراني 8466 من طريق هشيم. وأخرجه أبو يعلى 5150 وصححه الحاكم 3/319 ووافقه الذهبي.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں آپ کے سامنے سورۂ نساء پڑھنی شروع کی جب میں نے اس آیت کی تلاوت کی۔
''اس وقت کیا عالم ہوگا' جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لے کر آئیں گے اور تمہیں ان سب پر گواہ بنا کر لے آئیں گے''۔
میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا' تو آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاَخْذِ الْقُرْآنِ عَنْ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَرَجُلَيْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ

قرآن کا علم مہاجرین سے تعلق رکھنے والے دو افراد اور انصار سے تعلق رکھنے والے دو افراد سے حاصل کرنے کا حکم ہونا

736 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُوْدٍ بِحَرَّانَ، قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مَّسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمْ اَزَلْ أحب عبد الله بن مَسْعُوْدٍ مُنْذُ سَمِعْتُ النَّبِىَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اقرؤوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ: عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِىْ حُذَيْفَةَ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وأبى بن كعب .

۞۞ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے اس کے بعد سے ہمیشہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
''قرآن کی تلاوت چار لوگوں سے سیکھو' عبداللہ بن مسعود' ابوحذیفہ کا غلام سالم' معاذ بن جبل اور اُبی بن کعب''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا اُبِيْحَ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ فِىْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ عَلَى الْاَحْرُفِ السَّبْعَةِ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق اس اُمت کے لئے سات حروف میں قرأت کو مباح قرار دیا گیا ہے

736- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبى يزيد الحرانى وأخرجه الطيالسى 2/4، وأحمد 2/195، والبخارى 3758 فى فضائل الصحابة: باب مناقب سالم مولى أبى حذيفة، و 3806 باب مناقب معاذ بن جبل، و 3808 باب مناقب أبى بن كعب، و 4999 فى فضائل القرآن: باب القراء من أصحاب النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم 2464 118 فى فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن مسعود، وأبو نعيم فى حلية الأولياء 1/176، والفسوى فى المعرفة والتاريخ 2/537 من طريق عمرو بن مرة، عن إبراهيم النخعى، عن مسروق، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى 2/4، وابن أبى شيبة 10/518، وأحمد 2/163 و 175 و 190 و 191، والبخارى 3760 فى فضائل الصحابة: باب مناقب عبد الله بن مسعود رضى الله عنه، ومسلم 2464 ، والترمذى 3810 فى المناقب: باب مناقب عبد الله بن مسعود، والطبرانى 8410 و 8411 و 8412 ، من طريق الأعمش، عن أبى وائل شقيق بن سلمة، عن مسروق، به . رفى الباب عن عبد الله بن مسعود أخرجه البزار 2703 ، والحاكم 5/225، وصححه، ووافقه الذهبى، وأورده الهيثمى فى المجمع 9/311، وقال: رجاله ثقات . قال الحافظ ابن حجر فى الفتح 9/48: الظاهر أنه أمر بالأخذ عنهم فى الوقت الذى صدر فيه ذلك القول، ولا يلزم من ذلك أن لا يكون أحد فى ذلك الوقت شاركهم فى حفظ القرآن. بل كان الذين يحفظون مثل الذى حفظوه وأزيد منهم جماعة من الصحابة، وقد تقدم فى غزوة بئر معونة أن الذين قتلوا بها من الصحابة كان يقال لهم القراء ، وكانوا سبعين رجلًا.

737- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ،

قَالَ: قَرَاَ رَجُلٌ اٰيَةً وَقَرَاْتُهَا عَلٰى غَيْرِ قِرَاءَ تِهٖ فَقُلْتُ: مَنْ اَقْرَاَكَ هٰذِهٖ؟ فَقَالَ: اَقْرَاَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقْرَاْتَنِي آيَةَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: نَعَم ، قَالَ الرَّجُلُ: اَقْرَاْتَنِيْ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ؛ اِنَّ جِبْرِيْلَ وَمِيكَائِيلَ اَتَيَانِي، فَجَلَسَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ يَّمِيْنِي، وَمِيكَائِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ يَّسَارِي، فَقَالَ جِبْرِيْلُ: يَا مُحَمَّدُ، اقْرَاِ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ، فَقَالَ مِيكَائِيلُ: اَسْتَزِدْهُ، فَقُلْتُ: زِدْنِي، فَقَالَ: اقْرَاْهُ عَلٰى حَرْفَيْنِ، فَقَالَ مِيكَائِيلُ: اسْتَزِدْهُ. حَتّٰى بَلَغَ سَبْعَةَ اَحْرُفٍ، وَقَالَ: اقْرَاْهُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ، كُلٌّ شَافٍ كَافٍ .

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے ایک آیت تلاوت کی۔ میں نے وہ آیت اس سے مختلف طور پر تلاوت کی ہوئی تھی۔ میں نے اس سے دریافت کیا: تمہیں یہ آیت پڑھنی کس نے سکھائی ہے؟ اس نے جواب دیا: یہ مجھے اللہ کے رسول نے پڑھنی سکھائی ہے۔ حضرت اُبی کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے مجھے فلاں فلاں آیت پڑھنی سکھائی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اس شخص نے عرض کی: آپ نے مجھے فلاں فلاں آیت پڑھنی سکھائی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! جبرائیل اور میکائیل میرے پاس آئے تھے۔ جبرائیل میرے دائیں طرف بیٹھ گئے اور میکائیل میرے بائیں طرف بیٹھ گئے تو جبرائیل نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ایک حرف کے مطابق قرآن کی تلاوت کیجئے۔ میکائیل نے کہا: آپ مزید کے لئے کہیں تو میں نے کہا: مزید طریقہ بتائیں تو جبرائیل نے کہا: آپ دو حرف کے مطابق اس کی تلاوت کیجئے تو میکائیل نے کہا: آپ مزید کے لئے کہیں یہاں تک کہ سات حروف تک بات پہنچ گئی تو جبرائیل نے کہا: آپ سات حروف تک میں اس کی تلاوت کیجئے۔ ان میں سے ہر ایک شافی اور کافی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ مِّنَ الْاَحْرُفِ السَّبْعَةِ كَانَ مُصِيبًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جو شخص بھی ان سات حروف میں سے کسی ایک طریقے کے مطابق قرآن کی تلاوت کرے گا وہ صحیح تلاوت کرے گا

738 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، (متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيْلَ، عَلَيْهِ السَّلَامُ اَتَى النَّبِيَّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ بِاَضَاةِ بَنِيْ غِفَارَ فَقَالَ:

737- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 5/122 عن يحيى بن سعيد القطان، والنسائي 2/154 في الصلاة: باب جامع ما جاء في القرآن، والطبري في تفسيره رقم 26) من طريق يحيى بن أيوب الغافقي، والطبري 27 من طريق حماد بن سلمة.

يَامحمد، إن الله يأمرك أن تقرىء أُمَّتَكَ هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ وَاحِدٍ، فَقَالَ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ، اَوْ مَعُوْنَتَهُ وَمُعَافَاتَهُ، سَلْ لَهُمُ التَّخْفِيفَ، فَاِنَّهُمْ لَنْ يُّطِيقُوْا ذٰلِكَ. فَانْطَلَقَ، ثُمَّ رَجَعَ فقال: إن اللّٰه يأمرك أن تقرىء أُمَّتَكَ هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفَيْنِ، فَقَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ، اَوْ مَعُوْنَتَهُ وَمُعَافَاتَهُ، سَلْ لَهُمُ التَّخْفِيفَ فَاِنَّهُمْ لَنْ يُّطِيقُوْا ذٰلِكَ، فَانْطَلَقَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُقْرِىَء اُمَّتَكَ هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَحْرُفٍ، قَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ، اَوْ مَعُوْنَتَهُ وَمُعَافَاتَهُ، سَلْ لَهُمُ التَّخْفِيفَ، فَاِنَّهُمْ لَنْ يُّطِيقُوْا ذَاكَ، قَالَ: فَانْطَلَقَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَقْرَاَ هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَمَنْ قَرَاَ حَرْفًا مِنهَا فَهُوَ كَمَا قَرَاَ.

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت اضاۃ بنوغفار کے علاقے (یہ مکہ مکرمہ کے قریب ایک جگہ ہے) میں تھے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! بیشک اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک طریقے کے مطابق قرآن کی تلاوت سکھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی اور اس کی مغفرت (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس کی معونت اور اس کی معافات کا سوال کرتا ہوں تم اللہ تعالیٰ سے ان لوگوں کے لیے تخفیف کا سوال کرو' کیونکہ وہ لوگ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے جبرائیل واپس چلے گئے پھر وہ واپس آئے' تو انہوں نے کہا: بیشک اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ اپنی امت کو دوحرف کے مطابق قرآن کی تلاوت سکھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافات اور مغفرت (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس کی معونت اور معافات کا سوال کرتا ہوں تم ان لوگوں کے لئے تخفیف کی درخواست کرو' کیونکہ وہ لوگ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے۔ جبرائیل واپس چلے گئے' پھر وہ واپس آئے اور بولے: بیشک اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ اپنی امت کو یہ قرآن تین حروف میں پڑھنا سکھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے اس کی معافات اور اس کی مغفرت (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس کی معونت اور معافات کا سوال کرتا ہوں تم ان کے لئے تخفیف کی درخواست کرو' کیونکہ وہ لوگ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے۔ جبرائیل واپس چلے گئے پھر وہ واپس آئے اور بولے: بیشک اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ اس قرآن کو سات حروف میں پڑھ سکتے ہیں' جو شخص ان میں سے کسی بھی ایک طریقے سے پڑھے گا' تو وہ ٹھیک پڑھے گا''۔

738 إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عاصم -وهو ابن أبي النجود- فقد روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق حسن الحديث، وهو في مصنف ابن أبي شيبة .10/518 وأخرجه أحمد 5/132 عن حسين بن علي الجعفي بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 2/8 عن حماد بن سلمة، والترمذي 2944 في القراء ات، من طريق شيبان، كلاهما عن عاصم، به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح.

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا سَاَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ مُعَافَاتَهُ وَمَغْفِرَتَهُ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے اپنے پروردگار سے اس کی معافات اور مغفرت طلب کی تھی

739- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جِبْرِيْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ بُعِثْتُ اِلٰى اُمَّةٍ اُمِّيَّةٍ، مِنْهُمُ الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ، وَالْعَجُوْزُ وَالشَّيْخُ الْفَانِي، قَالَ: مُرْهُمْ فليقرؤوا القرآن على سبعة أحرف (20:1)

❀❀ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی ملاقات حضرت جبرائیل علیہ السلام سے ہوئی' تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا:

''مجھے ایک اُمی قوم کی طرف مبعوث کیا گیا ہے جن میں لڑکے اور لڑکیاں بھی ہیں بوڑھی عورتیں اور بوڑھے مرد بھی ہیں' تو جبرائیل نے کہا: آپ انہیں ہدایت کیجئے کہ وہ سات حروف میں سے کسی ایک طریقے کے مطابق تلاوت کر سکتے ہیں''۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكُلِّ مَسْاَلَةٍ سَاَلَ بِهَا التَّخْفِيفَ عَنْ اُمَّتِهِ فِيْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ بِدَعْوَةٍ مُسْتَجَابَةٍ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو عطا کی ہے کہ انہوں نے قرآن کی تلاوت کے حوالے سے اپنی اُمت کے لئے جس تخفیف کا سوال کیا تھا' وہ اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کر دی اور ان کی دعا مستجاب ہوئی

740- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيْسٰى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَقَرَاَ قِرَاءَةً اَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ، ثُمَّ دَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَاَ قِرَاءَةً سِوٰى قِرَاءَةِ صَاحِبِهٖ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ دَخَلَا جَمِيْعًا، عَلَى النَّبِيِّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا قَرَاَ قِرَاءَةً اَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ، ثُمَّ قَرَاَ الْاٰخَرُ قِرَاءَةً سِوٰى قِرَاءَةِ صَاحِبِهٖ، فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،: اقْرَاْ فقرآ (فَقَالَ:) اَحْسَنْتُمَا اَوْ قَالَ اَصَبْتُمَا. قَالَ: فَلَمَّا قَالَ لَهُمَا الَّذِيْ قَالَ، كَبُرَ عَلَيَّ، فَلَمَّا رَاَى النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا غَشِيَنِي، ضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَبِّيْ فَرَقًا، فَقَالَ

740–وأخرجه ابن أبي شيبة 10/516 ومن طريقه مسلم 820 عن محمد بن بشر، وأحمد 5/127 عن يحيى بن سعيد، وابنه عبد الله 5/128– 129 من طريق خالد بن عبد الله، ومسلم 820 في صلاة المسافرين: باب بيان أن القرآن على سبعة أحرف، ومن طريقه البغوي في شرح السنة 1227 من طريق عبد الله بن نمير، والطبري 30 من طريق عبد الله بن نمير، ومحمد بن فضيل، ووكيع.

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُبَيُّ اِنَّ رَبِّي اَرْسَلَ اِلَيَّ: اَنِ اقْرَأِ الْقُرْآنَ عَلٰى حَرْفٍ، فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ اَنْ هَوِّنْ عَلٰى اُمَّتِي مَرَّتَيْنِ، فَرَدَّ عليَّ: اَنِ اقْرَاْهُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَلَكَ بِكُلِّ رَدَّةٍ رَدَدْتُهَا مَسْاَلَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَقُلْتُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّتِي. ثُمَّ اَخَّرْتُ الثَّانِيَةَ اِلٰى يوم يرغب إلي فيه

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا ایک شخص اندر آیا اس نے قرأت کرنا شروع کی۔ مجھے اس کی قرأت نامانوس لگی پھر ایک اور شخص آیا اس نے اپنے اس ساتھی سے کچھ مختلف قرأت کی پھر اس نے نماز مکمل کر لی' پھر وہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس شخص نے اس طریقے کے مطابق قرأت کی ہے' جو مجھے نامانوس لگا ہے' پھر دوسرے شخص نے اپنے ساتھی سے مختلف طریقے سے قرأت کی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا تم لوگ تلاوت کرو۔ انہوں نے تلاوت کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں نے اچھی تلاوت کی ہے۔ (راوی کوشک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ٹھیک تلاوت کی ہے راوی بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو یہ بات کہی' تو مجھے یہ بات بہت گراں گزری جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چیز ملاحظہ کی کہ جو میرے ذہن میں آئی ہے' تو آپ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا' تو مجھے یوں لگا جیسے میں اس وقت اپنے پروردگار کی طرف دیکھ رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُبی! بیشک میرے پروردگار نے مجھے پیغام بھجوایا ہے کہ تم ایک حرف کے مطابق قرآن کی تلاوت کرو' تو میں نے دومرتبہ اس کی بارگاہ میں یہ درخواست کی کہ وہ میری امت کو آسانی فراہم کرے' تو اس نے مجھے یہ حکم دیا کہ تم سات حروف کے مطابق اس کی تلاوت کر سکتے ہو اور تم نے ہر مرتبہ جو دوبارہ کرنے کی درخواست کی ہے۔ اس کے عوض میں' میں تمہیں قیامت کے دن سوال کرنے (یعنی شفاعت کرنے کا مرتبہ) عطا کرتا ہوں۔ میں نے درخواست کی اے میرے پروردگار! تو میری امت کی مغفرت کر دے پھر میں نے دوسری دعا کو اس دن کے لئے مؤخر کر دیا ہے' جس دن مخلوق کو اس کی ضرورت ہوگی' یہاں تک کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بھی (اس کی ضرورت) ہوگی۔

741 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) يُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ، فَكَاَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ اِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ (2:1)

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص کو سورۃ اخلاص بار بار تلاوت کرتے ہوئے سنا۔ اگلے دن وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا وہ شخص اس سورت کو چھوٹی سمجھ رہا تھا نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو فرمایا۔

''اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ تہائی قرآن کے برابر ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَرَبَ فِیْ لُغَتِهَا تَنْسِبُ الْفِعْلَ اِلَى الْفِعْلِ نَفْسِهٖ كَمَا تَنْسِبُهٗ اِلَى الْفَاعِلِ وَالْاَمْرُ سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' عرب اپنی لغت میں بعض اوقات فعل کی نسبت فعل کی طرف ہی کر دیتے ہیں جس طرح کبھی وہ فعل کی نسبت فاعل کی طرف کرتے ہیں اور دونوں صورتیں ایک جیسی ہیں

792 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّیْ اُحِبُّ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّكَ اِيَّاهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ . (2:1)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سورۃ اخلاص سے محبت کرتا ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس سے محبت کرنا تمہیں' جنت میں داخل کر دے گا؟

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ لِمُحِبِّي سُورَةِ الْاِخْلَاصِ

سورۃ اخلاص سے محبت کرنے والے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی محبت کے اثبات کا تذکرہ

793 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، اَنَّ اَبَا الرِّجَالِ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهٗ، عَنْ اُمِّهٖ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا عَلٰى سَرِيَّةٍ، فَكَانَ يَقْرَاُ لِاَصْحَابِهٖ فِيْ صَلَاتِهِمْ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)، فَلَمَّا رَجَعُوا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَلُوْهُ لِاَيِّ شَيْءٍ صَنَعَ هٰذَا؟ فَسَاَلُوْهُ، فَقَالَ: اَنَا اُحِبُّ اَنْ اَقْرَاَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبِرُوْهُ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهٗ.

(2 :1)

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ایک مہم کا امیر بنا کر روانہ کیا۔ وہ اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھاتے ہوئے سورہ اخلاص پڑھا کرتا تھا وہ لوگ واپس آئے۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اس سے دریافت کرو وہ ایسا کیوں کرتا ہے۔ لوگوں نے اس سے دریافت کیا' تو اس نے بتایا مجھے اس سورۃ کی تلاوت کرنا اچھا لگتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اسے بتا دو اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُبَّ الْمَرْءِ سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ بِالْمُدَاوَمَةِ عَلٰى قِرَاءَ تِهَا يُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا سورہ اخلاص سے اس طرح محبت کرنا کہ اس کی با قاعدگی سے تلاوت کرتا رہے' اسے یہ چیز جنت میں داخل کر دیتی ہے

794 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَلْزَمُ قِرَاءَ ةَ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الإخلاص: 1) فِي الصَّلَاةِ مَعَ كُلِّ سُوْرَةٍ، وَهُوَ يَؤُمُّ بِاَصْحَابِهٖ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ، فَقَالَ: اِنِّيْ اُحِبُّهَا، قَالَ: حُبُّهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ.

(2 :1)

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص با قاعدگی کے ساتھ نماز میں ہر سورۃ کے ساتھ سورۃ اخلاص کی تلاوت کیا کرتا تھا وہ شخص اپنے ساتھیوں کی امامت بھی کرتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اس بارے میں دریافت کیا' تو اس نے عرض

794–وقد علقه البخاري (774) في الأذان: باب الجمع بين السورتين في الركعة، وأخرجه الترمذي (2901) في فضائل القرآن: باب ما جاء في سورة الإخلاص، والبيهقي 2/61 في السنن.

کی: میں اس سورہ سے محبت کرتا ہوں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا اس سورۃ سے محبت کرنا تمہیں' جنت میں داخل کر دے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَارِءَ لَا يَقْرَاُ شَيْئًا اَبْلَغَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی چیز قرأت نہیں کرتا جو سورۃ فلق کے مقابلے میں زیادہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچتی ہو

795 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَسْلَمَ اَبِىْ عِمْرَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): تَبِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ رَاكِبٌ، فَوَضَعْتُ يَدِىْ عَلٰى يَدِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقْرِئْنِىْ مِنْ سُوْرَةِ هُوْدٍ وَمِنْ سُوْرَةِ يُوْسُفَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ لَنْ تَقْرَاَ شَيْئًا اَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ . (1: 2)

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم ﷺ کے پیچھے تھا۔ آپ اس وقت سوار تھے میں نے اپنا ہاتھ آپ کے دستِ مبارک پر رکھا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے سورۃ ہود اور سورۃ یوسف پڑھنی سکھا دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ایسی کسی چیز کی تلاوت نہیں سیکھو گے' جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سورۃ فلق سے زیادہ بلیغ ہو۔ (یا زیادہ مرتبے کی حامل ہو)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَارِئَ لَا يَقْرَاُ شَيْئًا يُشْبِهُ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قرأت کرنے والا شخص کوئی ایسی چیز تلاوت نہیں کرتا' جو سورہ فلق اور سورہ ناس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہو

796 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ

795- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 4/159، والنسائي 2/158 في الافتتاح: باب الفضل في قراء ة المعوذتين، و 8/254 في الاستعاذة، والبغوي في شرح السنة (1213)، من طرق عن ليث بن سعد، به. وأخرجه أحمد 4/149 من طريق ليث، به، لكن بزيادة هاشم بين يزيد وأسلم. وأخرجه أحمد 4/155، والدارمي 2/461، 462، من طريق أبي عبد الرحمٰن عبد الله بن يزيد، عن حيوة وابن لهيعة، عن يزيد بن أبي حبيب، به. وإسناده صحيح، ابن لهيعة متابع. وصححه الحاكم 2/540، ووافقه الذهبي، من طريق يحيى بن أيوب، عن يزيد بن أبي حبيب، به. وأخرجه الطبراني 17/286 من طريق ليث، عن يزيد، عن أبي الخير، عن عقبة. وأخرجه أحمد 4/144 و150 و152، ومسلم (814) (265) في صلاة المسافرين: باب فضل قراء ة المعوذتين، والترمذي (2902) في فضائل القرآن: باب ما جاء في المعوذتين، والنسائي 8/254 في الاستعاذة، وفي فضائل القرآن في الكبرى كما في تحفة الأشراف 7/315، والدارمي 2/462، والبيهقي في السنن 2/394، من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس بن حازم، عن عقبة. وأخرجه أحمد 4/149، 150 و153، وأبو داوٗد (1462) في الصلاة: باب في المعوذتين، والنسائي 8/252 في الاستعاذة، والبيهقي 2/394، من طريق معاوية بن صالح، عن العلاء بن الحارث، عن القاسم مولى معاوية، عن عقبة.

بْنِ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ اَبُوْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِقْرَاْ يَا جَابِرُ، قَالَ: قُلْتُ: مَا اَقْرَاُ بِاَبِیْ وَاُمِّیْ اَنْتَ؟، قَالَ: (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) و (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ)، فَقَرَاْتُهُمَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَاْ بِهِمَا، وَلَنْ تَقْرَاَ بِمِثْلِهِمَا. (1: 2)

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جابر تلاوت کرو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ میں کیا تلاوت کروں۔ آپ نے فرمایا: سورۃ فلق اور سورۃ الناس حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان دونوں کی تلاوت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی تلاوت کیا کرو۔ تم ان دونوں (جیسی کسی اور سورۃ) کی تلاوت نہیں کرو گے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ قِرَاءَةُ الْمُعَوِّذَتَيْنِ فِیْ اَسْبَابِهِ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی کے لئے اپنے اسباب میں معوذتین کی تلاوت مستحب ہے

797 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِاُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ: اِنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ لَا يَكْتُبُ فِیْ مُصْحَفِهِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، فَقَالَ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ لِیْ جِبْرِيْلُ: (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) فَقُلْتُهَا، وَقَالَ لِیْ: (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) فَقُلْتُهَا فَنَحْنُ نَقُوْلُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (1: 2)

❁❁ زر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مصحف میں معوذتین تحریر نہیں کرتے' تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا تھا: جبرائیل نے مجھ سے کہا۔

قل اعوذ برب الفلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے اسے پڑھا' تو پھر انہوں نے مجھ سے کہا: قل اعوذ برب الناس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:' تو میں نے اسے پڑھا۔

(حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) ہم وہ کہتے ہیں: جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّقْرَاَ الْقُرْآنَ، وَهُوَ وَاضِعٌ رَاْسَهُ فِیْ حِجْرِ امْرَاَتِهِ اِذَا كَانَتْ حَائِضًا

آدمی کے لئے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ قرآن کی تلاوت ایسی حالت میں کرے

797- إسناده حسن من أجل عاصم بن أبی النجود، وقد تابعه علیه عبدة بن أبی لبابة کما سیرد، فهو صحیح. وأخرجه أحمد 5/129 عن عفان، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحمیدی (374) ومن طریقه البیهقی 2/394، وأحمد 5/130، والبخاری (4977) فی التفسیر: باب سورة قل أعوذ برب الناس

جب کہ اس نے اپنا سر اپنی بیوی کی گود میں رکھا ہوا اور وہ عورت حیض کی حالت میں ہو

798 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ رَاْسَهٗ فِيْ حِجْرِ اِحْدَانَا، فَيَتْلُو الْقُرْآنَ وَهِيَ حَائِضٌ . (1:4)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم (ازواج مطہرات) میں سے کسی ایک کی گود میں سر رکھ کر قرآن کی تلاوت کر لیتے تھے جبکہ وہ خاتون حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِغَيْرِ الْمُتَطَهِّرِ اَنْ يَّقْرَاَ كِتَابَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُنْ جُنُبًا

بے وضو شخص کے لئے اس بات کی اباحت کا تذکرہ وہ قرآن کی تلاوت کر سکتا ہے جبکہ وہ جنبی نہ ہو

799 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُرَيْشٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمُعَةَ الْاَصَمُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَمِسْعَرٍ، وَذَكَرَ اَبُوْ قُرَيْشٍ آخَرَ مَعَهُمَا، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْجُبُهٗ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ مَا خَلَا الْجَنَابَةَ . (1:4)

حضرت علی ارشاد فرماتے ہیں قرآن کی تلاوت کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہوتی ہے۔صرف

798- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه عبد الرزاق (1252) ، والحميدى برقم (169) ، وأحمد 6/148 و190 و204، والبخارى (7549) فى التوحيد: باب قول النبى - صلى الله عليه وسلم -: الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة ، وأبو داؤد (260) فى الطهارة: باب فى مؤاكلة الحائض ومجامعتها، والنسائى 1/147 فى الطهارة: باب فى الذى قرأ القرآن ورأسه فى حجر امرأته وهى حائض، و1/191 فى الحيض: باب الرجل يقرأ القرآن ورأسه فى حجر امرأته وهى حائض، وابن ماجة (634) فى الطهارة: باب الحائض تتناول الشىء من المسجد، وأبو عوانة 1/313، من طرق، عن سفيان، به . وأخرجه أحمد 6/117 و135 و158 و258، والبخارى (297) فى الحيض: باب قراءة الرجل فى حجر امرأته وهى حائض، ومسلم (301) فى الحيض: باب جواز غسل الحائض رأس زوجها، والبيهقى فى السنن 1/312، والبغوى فى شرح السنة برقم (319). وأخرجه أحمد 6/68، 69 و72، من طريق ابن لهيعة.

799-وأخرجه الحميدى (57) ، والطيالسى 1/59، وأحمد 1/83 و84 و107 و124، وأبو داؤد (229) فى الطهارة: باب فى الجنب يقرأ القرآن، والنسائى 1/144 فى الطهارة: باب حجب الجنب من قراءة القرآن، وابن ماجة (594) فى الطهارة: باب ما جاء فى قراءة القران على غير طهارة، والطحاوى 1/87، وابن الجارود فى المنتقى (94) ، والدارقطنى 1/119، والبيهقى فى السنن 1/88، 89، والبغوى فى شرح السنة (273) ، وصححه ابن خزيمة برقم (208) ، والحاكم 4/107، ووافقه الذهبى، من طرق عن شعبة بهذا الإسناد . قال شعبة: هذا الحديث ثلث رأس مالى . وقال: لا أروى أحسن منه عن عمرو بن مرة. وقال الحافظ ابن حجر فى الفتح 1/408: والحق أنه من قبيل الحسن يصلح للحجة. وأخرجه ابن أبى شيبة 1/101، 102، والترمذى (146) فى الطهارة: باب ما جاء فى الرجل يقرأ القرآن على كل حال ما لم يكن جنبًا، والنسائى 1/144 .

جنابت کا معاملہ مختلف ہے۔ (یعنی آپ جنابت کی حالت میں قرآن کی تلاوت نہیں کرتے تھے)

800 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، وَشُعْبَةَ، وَذَكَرَ ابْنُ قُتَيْبَةَ اٰخَرَ مَعَهُمَا، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَحْجُبُهُ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ شَىْءٌ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ جُنُبًا. (5: 31)

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کوئی بھی چیز قرآن کی تلاوت کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے رکاوٹ نہیں بنتی تھی' البتہ اگر آپ جنبی ہوتے تھے (تو آپ قرآن کی تلاوت نہیں کرتے تھے)

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبِ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی ہے' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(وہ غلط فہمی یہ ہے کہ) یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

801 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهٖ. (5: 31)

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِىْ صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبِ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس شخص کو غلط فہمی ہوئی' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ روایت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں)

802 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْبَهِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهِ. (1:4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُ عَائِشَةَ: يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهِ، اَرَادَتْ بِهِ الذِّكْرَ الَّذِىْ هُوَ غَيْرُ الْقُرْآنِ، اِذِ الْقُرْآنُ يَجُوْزُ اَنْ يُّسَمَّى الَّذِىْ ذِكْرٌ، وَقَدْ كَانَ لَا يَقْرَؤُهُ وَهُوَ جُنُبٌ، وَكَانَ يَقْرَؤُهُ فِىْ سَائِرِ الْاَحْوَالِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا: ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اوقات میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے''۔ اس سے ان کی مراد وہ ذکر ہے' جو قرآن کے علاوہ ہو' کیونکہ یہ ممکن ہے' انہوں نے جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس سے مراد قرآن ہو۔ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں اس کی تلاوت نہیں کرتے تھے۔ آپ باقی تمام حالتوں میں اس کی تلاوت کر لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ طَلَبَةِ الْعِلْمِ مِنْ مَّظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ان لوگوں کو یہ وہم ہو' جنہوں نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا گیا ہے روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

803 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَخَالِدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ النَّضْرِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْحُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذِ بْنِ عُمَيْرِ بْنِ جُدْعَانَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَوَضَّاُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَضَّاَ، ثُمَّ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّىْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ، قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ (1:4)

802- إسناده قوى على شرط مسلم، وأخرجه أحمد 6/70 و153، ومسلم (372) في الحيض: باب ذكر الله تعالى في حال الجنابة وغيرها، وأبو داؤد (18) في الطهارة . باب في الرجل يذكر الله تعالى على غير طهر، والترمذي (3384) في الدعاء : باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة، وابن ماجة (302) في الطهارة: باب ذكر الله عز وجل على الخلاء ، وأبو عوانة صحيحه 1/217، والبيهقي في السنن 1/90، والبغوي في شرح السنة برقم (274) ، من طرق عن يحيى بن زكريا، به . وأخرجه أحمد 6/278 من طريق الوليد، حدثنا زكريا بن أبي زائدة، به وصححه ابن خزيمة برقم (207).

803- إسناده صحيح، وهو في صحيح ابن خزيمة برقم (206) . وأخرجه أبو داؤد (17) في الطهارة: باب أَيَرُدُّ السلام وهو يبول، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/167، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 4/345 و 5/80، والنسائي 1/37 في الطهارة: باب رد السلام بعد الوضوء ، وابن ماجة (350) في الطهارة. باب الرجل يُسَلَّم عليه وهو يبول، والبيهقي في السنن 1/90، والطبراني 20/229 (781) ، من طرق عن سعيد به. وأخرجه الدارمي 2/278 من طريق معاذ بن هشام، عن أبيه، عن قتادة، به أخرجه ابن أبي شيبة 8/623 مختصرًا من طريق الحسن، عن المهاجر، به.

وَكَانَ الْحَسَنُ بِهِ يَأْخُذُ.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَرَادَ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَضْلَ، لِاَنَّ الذِّكْرَ عَلَى الطَّهَارَةِ اَفْضَلُ، لَا اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُهُ لِنَفْيِ جَوَازِهِ

❁❁ حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت وضو کر رہے تھے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کا جواب نہیں دیا۔ جب آپ نے وضو مکمل کر لیا' تو (سلام کا جواب دے کر) عذر بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

حسن بصری اس روایت کے مطابق فتویٰ دیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ ''مجھے ناپسند ہوا کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں'' اس سے مراد فضیلت (کے حصول کا ارادہ) ہے کیونکہ باوضو حالت میں ذکر کرنا افضل ہے۔ ایسا نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ناجائز ہونے کی وجہ سے اسے ناپسند کیا۔

8- بَابُ الْاَذْكَارِ

باب 8: اذکار کے بارے میں روایات

804 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): اَخَذَ الْقَوْمُ فِيْ عَقَبَةٍ اَوْ ثَنِيَّةٍ، فَكُلَّمَا عَلَاهَا رَجُلٌ، قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَةٍ يَعْرِضُهَا فِي الْجَبَلِ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، ثُمَّ، قَالَ: يَا اَبَا مُوْسٰى، اَوْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟، قَالَ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (2: 59)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، لَفْظَةُ اِعْلَامٍ عَنْ هٰذَا الشَّيْءِ، مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالدُّعَاءِ

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگ یعنی (صحابہ کرام) جب بھی کسی گھاٹی پر چڑھتے تھے تو جب آدمی اوپر پہنچ جاتا تھا تو لا الٰہ الا اللّٰہ اور اللّٰہ اکبر کہتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت اپنے خچر پر سوار تھے۔ جب آپ اس کے ساتھ پہاڑ پر پہنچے تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم کسی بہرے یا غیر موجود (مبعو) کو نہیں پکار رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے

804- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 4/407 من طريق يحيى القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2704) (45) في الذكر والدعاء: باب استحباب خفض الصوت بالذكر، وأبو داوُد (1527) في الصلاة: باب في الاستغفار، والنسائي في عمل اليوم والليلة برقم (537)، من طرق عن يزيد بن زريع، عن سليمان التيمي، به. وأخرجه أحمد 4/402، والبخاري (6610) في القدر: باب لا حول ولا قوة إلا بالله، ومسلم (2704) (46) من طرق عن خالد الحذاء، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف 10/376، وأحمد 4/403 و 417، 418، والبخاري (4205) في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم (2704) في الذكر والدعاء، وأبو داوُد (1528) في الصلاة، والنسائي في عمل اليوم والليلة (538)، وابن ماجة (3824) في الأدب: باب ما جاء في لا حول ولا قوة إلا بالله، من طرق عن عاصم الأحول، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه البخاري (6384) في الدعوات. باب الدعاء إذا علا عقبة، و (7386) في التوحيد: باب (وكان الله سميعًا بصيرًا)، ومسلم (2704)، من طرق عن حماد بن زيد، عن أيوب السختياني، عن أبي عثمان النهدي، به. وأخرجه أحمد 4/402، 403، ومسلم (2704) (47) من طريقين عن عثمان ابن غياث، عن أبي عثمان، به. وأخرجه أحمد 4/418، 419، وأبو داوُد (1526) في الصلاة، من طريق الجريري، عن أبي عثمان، به. وأخرجه الترمذي (3461) في الدعوات: باب ما جاء في فضل التسبيح والتكبير، والنسائي في عمل اليوم والليلة (552)، كلاهما من طريق محمد بن بشار، حدثنا مرحوم بن عبد العزيز العطار، حدثنا أبو نعامة السعدي، عن أبي عثمان، به.

ابوموسیٰ! (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمہاری رہنمائی جنت کے خزانے کی طرف نہ کروں؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں، یارسول اللہ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (وہ یہ کلمہ ہے) لا حول و لا قوة الا باللہ

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "تم کسی بہرے یا غیر موجود کو نہیں پکار رہے ہو" لفظی طور پر اس بات کی اطلاع ہے، لیکن اس سے مراد دعا کرتے ہوئے آواز لند کرنے کی سے منع کرنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى غَيْرِ طَهَارَةٍ غَيْرُ جَائِزَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ بندے کا اپنے پروردگار کا بے وضو حالت میں ذکر کرنا جائز نہیں ہے

805 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: اَقْبَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَسَارٍ مَوْلٰى مَيْمُونَةَ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اَبِي الْجُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ، فَقَالَ اَبُو الْجُهَيْمِ: اَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَحْوِ بِئْرِ الْجَمَلِ، فَلَقِيَهُ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ عَلَى الْجِدَارِ، فَمَسَحَ بِوَجْهِهِ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ رَدَّ السَّلَامَ

(31 :5)

❀❀ عمیر، جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں اور عبداللہ بن یسار اور حضرت ابوجہیم حاضر ہوئے، تو حضرت ابوجہیم نے بتایا: نبی اکرم ﷺ بئر جمل کی طرف سے تشریف لا رہے تھے۔ ایک شخص آپ کے سامنے آیا۔ اس نے سلام کیا نبی اکرم ﷺ نے اسے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ دیوار کے پاس گئے آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا مسح کیا یعنی (تیمّم کیا) پھر آپ نے سلام کا جواب دیا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا فَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَاهُ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

806 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ الْقُرَشِيُّ بِالْبَصْرَةِ، وَابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

805- إسناده صحيح، وأخرجه النسائي 1/165 في الطهارة: باب التيمم في الحضر، عن الربيع بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد (329) في الطهارة: باب التيمم في الحضر، عن عبد الملك بن شعيب بن الليث، عن أبيه شعيب، به. وأخرجه البخاري (337) في التيمم: باب التيمم في الحضر إذا لم يجد الماء، والبيهقي في السنن 1/205 عن يحيى بن بكير، عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد وأخرجه مسلم (369) تعليقًا في الحيض: باب التيمم، فقال: وروى الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/169 عن حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن عبد الرحمٰن بن هرمز، به. 806- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم (803).

الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ مُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى تَوَضَّاَ، ثُمَّ اعْتَذَرَ، فَقَالَ: اِنِّي كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ، اَوْ، قَالَ: عَلٰى طَهَارَةٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ كَرَاهِيَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذِكْرَ اللّٰهِ اِلَّا عَلٰى طَهَارَةٍ، كَانَ ذٰلِكَ لِاَنَّ الذِّكْرَ عَلٰى طَهَارَةٍ اَفْضَلُ، لَا اَنَّ ذِكْرَ الْمَرْءِ رَبَّهُ عَلٰى غَيْرِ الطَّهَارَةِ غَيْرُ جَائِزٍ، لِاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى اَحْيَانِهِ

حضرت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پیشاب کررہے تھے انہوں نے سلام کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کوسلام کا جواب نہیں دیا۔ پہلے آپ نے وضو کیا پھر آپ نے عذر بیان کرتے ہوئے فرمایا: مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کوشک ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بے وضو حالت میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کو ناپسند کرنا اس وجہ سے تھا کہ باوضو حالت میں ذکر کرنا افضل ہے۔ ایسا نہیں ہے' آدمی کا بے وضو حالت میں اپنے پروردگار کا ذکر کرنا جائز ہی نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اَسَامِي اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اللَّاتِي يَدْخُلُ مُحْصِيهَا الْجَنَّةَ

اللہ تعالیٰ کے ان اسماء کا تذکرہ جنہیں شمار کرنے والا شخص (یعنی انہیں یاد کرنے والا شخص) جنت میں داخل ہوگا

807 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مِائَةً اِلَّا وَاحِدَةً، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ. (1: 2)

807- إسناده صحيح، وأخرجه الترمذی (3506) فی الدعوات .807- وأخرجه أحمد 2/427 و 499 من طرق عن هشام بن حسان، به. وأخرجه الحاكم 1/17، والبيهقی فی الأسماء والصفات ص 7، وأخرجه أحمد 2/267، ومسلم (2677) (6) فی الذكر والدعاء : باب فی أسماء الله تعالی وفضل من أحصاها، والبيهقی فی الأسماء والصفات ص 4، من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن أيوب، عن ابن سيرين، به.وأخرجه أحمد 2/516 من طريق روح، عن ابن عون، عن ابن سيرين، به.وأخرجه أحمد 2/267 و 314، ومسلم (2677) (6) ، والبيهقی فی الأسماء والصفات ص 4، والبغوی (1256) من طريق عبد الرزاق (19656) ، وأخرجه أحمد 2/503، وابن ماجة (3860) فی الدعاء . باب أسماء الله عز وجل، من طريق محمد بن عمرو، عن أبی سلمة، عن أبی هريرة . وأخرجه الترمذی (3506) فی الدعوات. وأورده المؤلف بعده من طريق أبی الزناد، عن الأعرج، عن أبی هريرة. ويرد تخريجه عنده.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں یعنی ایک کم 100' جو انہیں یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ تَفْصِيلِ الْاَسَامِي الَّتِيْ يُدْخِلُ اللّٰهُ مُحْصِيهَا الْجَنَّةَ

ان اسماء کا تفصیلی تذکرہ جنہیں یاد رکھنے والے شخص کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کردے گا

808 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ فَيَّاضٍ بِدِمَشْقَ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا، مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا، اِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ؛ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوْسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْغَفَّارُ، الْقَهَّارُ، الْوَهَّابُ، الرَّزَّاقُ، الْفَتَّاحُ، الْعَلِيْمُ، الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الْخَافِضُ، الرَّافِعُ، الْمُعِزُّ، الْمُذِلُّ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَكَمُ، الْعَدْلُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَظِيْمُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْعَلِيُّ، الْكَبِيْرُ، الْحَفِيْظُ، الْمُقِيْتُ، الْحَسِيْبُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ، الرَّقِيْبُ، الْوَاسِعُ، الْحَكِيْمُ، الْوَدُوْدُ، الْمَجِيْدُ، الْمُجِيْبُ، الْبَاعِثُ، الشَّهِيْدُ، الْحَقُّ، الْوَكِيْلُ، الْقَوِيُّ، الْمَتِيْنُ، الْوَلِيُّ، الْحَمِيْدُ، الْمُحْصِيْ، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، الْمُحْيِيْ، الْمُمِيْتُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاجِدُ، الْمَاجِدُ، الْوَاحِدُ، الْاَحَدُ، الصَّمَدُ، الْقَادِرُ، الْمُقْتَدِرُ، الْمُقَدِّمُ، الْمُؤَخِّرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْمُتَعَالِ، الْبَرُّ، التَّوَّابُ، الْمُنْتَقِمُ، الْعَفُوُّ، الرَّؤُوْفُ، مَالِكُ الْمُلْكِ، ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمُقْسِطُ، الْمَانِعُ، الْغَنِيُّ، الْمُغْنِيْ، الْجَامِعُ، الضَّارُّ، النَّافِعُ، النُّوْرُ، الْهَادِيْ، الْبَدِيْعُ، الْبَاقِيْ، الْوَارِثُ، الرَّشِيْدُ، الصَّبُوْرُ. (1: 2)

808 - حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں یعنی ایک کم 100' اللہ تعالیٰ وتر ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے' جو شخص انہیں' یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

وہ اللہ ہے' اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے' وہ رحمان ہے، رحم کرنے والا ہے، بادشاہ ہے، پاک ہے، سلامتی عطا کرنے والا ہے، امن دینے والا ہے، نگرانی کرنے والا ہے، غالب ہے، زبردست ہے، کبریائی والا ہے، پیدا کرنے والا ہے، بنانے والا ہے، شکل وصورت عطا کرنے والا ہے، مغفرت کرنے والا ہے، قہر والا ہے، عطیہ دینے والا ہے، رزق عطا

808- قال الترمذی بعد أن أخرجه فی سننه (3507) . وقد روی هذا الحديث من غير وجه

کرنے والا ہے، کھولنے والا ہے، علم رکھنے والا ہے، تنگی عطا کرنے والا ہے، کشادگی دینے والا ہے، پست کرنے والا ہے، بلند کرنے والا ہے، عزت دینے والا ہے، ذلت دینے والا ہے، سماعت والا ہے، بصیرت والا ہے، فیصلہ دینے والا ہے، عدل کرنے والا ہے، مہربان ہے، خبر رکھنے والا ہے، بردبار ہے، عظیم ہے، مغفرت کرنے والا ہے شکر کرنے والا ہے، بلند ہے، بڑا ہے، حفاظت کرنے والا ہے، نگرانی کرنے والا ہے، حساب رکھنے والا ہے، عظمت والا ہے، معزز ہے، نگران ہے، وسعت والا ہے، حکمت والا ہے، مہربان ہے، بزرگی والا ہے، دعا قبول کرنے والا ہے، زندہ کرنے والا ہے، گواہ ہے، حق ہے، وکیل ہے، طاقت ور ہے، متین ہے، نگران ہے، لائق حمد ہے، شمار کرنے والا ہے، آغاز کرنے والا ہے، دوبارہ پیدا کرنے والا ہے، زندگی دینے والا ہے، موت دینے والا ہے، زندہ ہے، قیوم ہے، پالنے والا ہے، بزرگی والا ہے، ایک ہے، یکتا ہے، بے نیاز ہے، قدرت والا ہے، اقتدار والا ہے، آگے کرنے والا ہے، پیچھے کرنے والا ہے، پہلا ہے، بعد والا ہے، ظاہر ہے، باطن ہے، بلند و برتر ہے، مہربان ہے، توبہ قبول کرنے والا ہے، انتقام لینے والا ہے، معاف کرنے والا ہے، مہربان ہے، بادشاہ ہے، جلال و اکرام والا ہے، انصاف کرنے والا ہے، روکنے والا ہے، بے نیاز ہے، غنی ہے، جمع کرنے والا ہے، نقصان پہنچانے والا ہے، نفع دینے والا ہے، نور ہے، ہدایت دینے والا (کسی سابقہ شان کے بغیر پیدا کرنے والا ہے، باقی ہے، وارث ہے، ہدایت دینے والا ہے، صبر عطا کرنے والا (برداشت کرنے والا ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ نَفْسِهِ اَفْضَلُ مِنْ ذِكْرِهِ بِحَيْثُ يَسْمَعُ صَوْتَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ پست آواز میں اپنے پروردگار کا ذکر اس سے افضل ہے کہ وہ اتنی بلند آواز میں ذکر کرے کہ دوسرا شخص اس کی آواز کو سن لے

809 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَبِيبَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

809–وأخرجه الترمذي (3507) في الدعوات، والبغوي (1257) ؛ من طريق إبراهيم بن يعقوب الجوزاني، والبيهقي في الأسماء والصفات من طريق جعفر بن محمد الفريابي، كلاهما عن صفوان بن صالح بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 1/16 وسكت عنه الذهبي. وأخرجه بدون سياق الأسماء البخاري (2736) في الشروط: باب ما يجوز من الاشتراط، و (7392) في التوحيد، إن لله مئة اسم إلا واحدة، من طريق أبي اليمان، عن شعيب بن أبي حمزة، به. وأحمد 2/258 من طريق محمد، عن أبي الزناد، به. والحمدي (1130)، والبخاري (6410) في الدعوات، باب لله مئة اسم غير واحدة، ومسلم (2677) (5) في الذكر والدعاء باب أسماء الله تعالى، والترمذي (3508) في الدعوات، والبيهقي في الأسماء والصفات ص4، كلهم من طريق سفيان بن عيينة عن أبي الزناد، به دون سرد الأسماء . وأخرجه ابن ماجة (3861) في الدعاء باب أسماء الله عز وجل، من طريق هشام بن عمار، عن عبد الملك بن محمد الصنعاني، عن زهير بن محمد، عن موسى بن عقبة عن الأعرج، عن أبي هريرة، وفيه سرد الأسماء وهذا إسناد ضعيف لضعف عبد الملك بن محمد. انظر الدر المنثور 3/147–149، تفسير قوله تعالى (ولله الأسماء الحسنى فادعوه بها) .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: خَيْرُ الذِّكْرِ الْخَفِيُّ، وَخَيْرُ الرِّزْقِ، اَوِ الْعَيْشِ، مَا يَكْفِي. (1: 2)
الشَّكُّ مِنِ ابْنِ وَهْبٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''سب سے بہترین ذکر وہ ہے، جو پست آواز میں ہو سب سے بہترین رزق (ضروریات زندگی راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: بہتر زندگی) وہ ہے، جو کہ کفایت کر جائے''۔

یہاں روایت کے الفاظ میں شک ابن وہب نامی راوی کو ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْ نَفْسِهِ اَفْضَلُ مِنْ ذِكْرِهٖ بِحَيْثُ يَسْمَعُ النَّاسُ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بندے کا پست میں ذکر کرنا اس سے افضل ہے کہ وہ یوں ذکر کرے کہ لوگ اسے سن سکیں

810 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ: يَا ابْنَ اٰدَمَ اذْكُرْنِيْ فِيْ نَفْسِكَ اَذْكُرْكَ فِيْ نَفْسِيْ، اذْكُرْنِيْ فِيْ مَلَاٍ مِّنَ النَّاسِ اَذْكُرْكَ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ. (3: 28)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے آدم کے بیٹے! تم اپنے دل میں مجھے یاد کرو میں اپنے دل میں تمہیں یاد کروں گا تم لوگوں کی محفل میں مجھے یاد کرو میں ان سے بہتر گروہ میں تمہیں یاد کروں گا''۔

ذِكْرُ ذِكْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ مَلَكُوْتِهٖ مَنْ ذَكَرَهٗ فِيْ نَفْسِهٖ مِنْ عِبَادِهٖ، مَعَ ذِكْرِهٖ اِيَّاهُمْ فِي الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْ مَّلَائِكَتِهٖ عِنْدَ ذِكْرِهِمْ اِيَّاهُ فِيْ خَلْقِهٖ

اس بات کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ اس شخص کا تذکرہ ملکوت میں کرتا ہے، جو اپنے دل میں اللہ کا ذکر کرتا ہے، نیز اللہ تعالیٰ اس کے ہمراہ وہ اس شخص کا تذکرہ مقرب فرشتوں میں کرتا ہے

810- إسناده حسن على شرط مسلم، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/309، وأحمد 2/405.

جبکہ وہ شخص مخلوق کے درمیان اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے

811 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بِنِ مَرْزُوقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى:

(متن حدیث): اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِىْ بِىْ ، وَاَنَا مَعَهُ حَيْثُ يَذْكُرُنِى، اِنْ ذَكَرَنِىْ فِىْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِىْ نَفْسِىْ، وَاِنْ ذَكَرَنِىْ فِىْ مَلَأٍ ذَكَرْتُهٗ فِىْ مَلَأٍ خَيْرٍ مِّنْهُمْ، وَاِنْ تَقَرَّبَ مِنِّىْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَاِنْ اَتَانِىْ يَمْشِىْ اَتَيْتُهٗ هَرْوَلَةً . (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَللّٰهُ اَجَلُّ وَاَعْلٰى مِنْ اَنْ يُّنْسَبَ اِلَيْهِ شَىْءٌ مِنْ صِفَاتِ الْمَخْلُوْقِ، اِذْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ ، وَهٰذِهِ اَلْفَاظٌ خَرَجَتْ مِنْ اَلْفَاظِ التَّعَارُفِ عَلٰى حَسَبِ مَا يَتَعَارَفُهُ النَّاسُ مِمَّا بَيْنَهُمْ، وَمَنْ ذَكَرَ رَبَّهٗ جَلَّ وَعَلَا فِىْ نَفْسِهٖ بِنُطْقٍ اَوْ عَمَلٍ يَتَقَرَّبُ بِهٖ اِلٰى رَبِّهٖ، ذَكَرَهُ اللّٰهُ فِىْ مَلَكُوتِهٖ بِالْمَغْفِرَةِ لَهٗ تَفَضُّلًا وَجُوْدًا، وَمَنْ ذَكَرَ رَبَّهٗ فِىْ مَلَأٍ مِّنْ عِبَادِهٖ، ذَكَرَهُ اللّٰهُ فِىْ مَلَائِكَتِهِ الْمُقَرَّبِيْنَ بِالْمَغْفِرَةِ لَهٗ، وَقَبُوْلِ مَا اَتٰى عَبْدُهٗ مِنْ ذِكْرِهٖ، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَى الْبَارِىْ جَلَّ وَعَلَا بِقَدْرِ شِبْرٍ مِّنَ الطَّاعَاتِ، كَانَ وُجُوْدُ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ مِنَ الرَّبِّ مِنْهُ لَهٗ اَقْرَبَ بِذِرَاعٍ، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلٰى مَوْلَاهُ جَلَّ وَعَلَا بِقَدْرِ ذِرَاعٍ مِّنَ الطَّاعَاتِ كَانَتِ الْمَغْفِرَةُ مِنْهُ لَهٗ اَقْرَبَ بِبَاعٍ، وَمَنْ اَتٰى فِىْ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ بِالسُّرْعَةِ كَالْمَشْىِ، اَتَتْهُ اَنْوَاعُ الْوَسَائِلِ وَوُجُوْدُ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِالسُّرْعَةِ كَالْهَرْوَلَةِ، وَاللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلُّ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں۔ وہ جب جہاں مجھے یاد کرتا ہے میں وہاں ہوتا ہوں اگر وہ مجھے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے دل میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ لوگوں میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس سے بھی بہترین گروہ میں اسے یاد کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت مجھے یاد کرتا ہے تو میں ایک بالشت اس کے قریب ہوتا ہوں وہ چل کر میری طرف آتا ہے تو میں دوڑ کر اس کی طرف آتا ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کی ذات اس بات سے بلند و برتر ہے مخلوق کی صفات میں سے کوئی چیز اس کی

811– إسناده صحيح وأخرجه مسلم (2675) في الذكر والدعاء . باب الحث على ذكر الله تعالى . وأخرجه أحمد 2/251 و413، والبخاري (7405) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (ويحذركم الله نفسه) ، ومسلم (2675) (21) في الذكر: باب فضل الذكر، والترمذي (3603) في الدعوات: باب في حسن الظن بالله عز وجل، وابن ماجة (3822) في الأدب: باب فضل العمل، وابن خزيمة في التوحيد ص7، والبغوي في شرح السنة برقم (1251) ، من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 2/516 و 517، و 524 و 534، 535، ومسلم (2675) في الوية: باب في الحض على التوبة، والبخاري في خلق أفعال العباد ص 85 .

طرف منسوب کی جائے کیونکہ کوئی بھی چیز اس کی مثل نہیں ہے۔ یہ الفاظ (جو اس روایت میں استعمال ہوئے ہیں) یہ اس عام محاورے کے مطابق ہیں جو لوگوں کے درمیان رائج ہے۔ جو شخص تنہائی میں زبان کے ذریعے یا عمل کے ذریعے اپنے پروردگار کا ذکر کرتا ہے' جس کے ذریعے وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں قرب حاصل کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے تحت' اپنی ملکوت میں مغفرت کے ہمراہ اس کا ذکر کرتا ہے اور جو شخص اپنے پروردگار کا ذکر اس کے بندوں کی موجودگی میں کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اپنے مقرب فرشتوں کے سامنے اس شخص کا ذکر مغفرت کے ہمراہ کرتا ہے۔ اس نے اپنے بندے کے ذکر کو قبول کر لیا ہے (اس کے ہمراہ بندے کا ذکر کرتا ہے) اور جو شخص ایک بالشت جتنی فرمانبرداری کے ہمراہ پروردگار کے قریب ہو' تو پروردگار کی طرف سے مہربانی اور رحمت ایک ذراع (درمیانی بڑی انگلی کے کنارے سے لے کر کہنی تک) جتنا اس کے قریب ہوتی ہیں۔ جو شخص ایک ذراع جتنی فرمانبرداری کے ہمراہ (اپنے) خالق کے قریب ہوتا ہے' تو اس (پروردگار) کی طرف سے مغفرت ایک باع (دونوں بازوؤں کے پھیلاؤ) سے زیادہ اس کے قریب ہوتی ہے' جو شخص مختلف طرح کی نیکیاں پیدل چلنے جتنی سرعت کے ساتھ کرتا ہے' تو وسائل' مہربانی اور رحمت کے وجود اور مغفرت اتنی تیزی سے اس کی طرف آتے ہیں جس طرح دوڑنا ہوتا ہے' تو اللہ تعالیٰ بلند و برتر ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْعَبْدِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ نَفْسِهٖ يَذْكُرُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ بِالْمَغْفِرَةِ فِيْ مَلَكُوْتِهٖ

ان روایات کا تذکرہ (جن کے مطابق) جب بندہ دل میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں مغفرت کے حوالے سے اس شخص کا تذکرہ کرتا ہے

812 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَكْوَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: عَبْدِيْ عِنْدَ ظَنِّهٖ بِيْ، وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا دَعَانِيْ، اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ، وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاٍ ذَكَرْتُهٗ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٌ مِّنْهُ وَاَطْيَبُ. (3: 67)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ جَلَّ وَعَلَا: اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ، يُرِيْدُ بِهٖ: اِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ بِالدَّوَامِ عَلَى الْمَعْرِفَةِ الَّتِيْ وَهَبْتُهَا لَهٗ، وَجَعَلْتُهٗ اَهْلًا لَهَا، ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ، يُرِيْدُ بِهٖ: فِيْ مَلَكُوْتِيْ بِقَبُوْلِ تِلْكَ الْمَعْرِفَةِ مِنْهُ مَعَ غُفْرَانِ مَا تَقَدَّمَهٗ مِنَ الذُّنُوْبِ، ثُمَّ، قَالَ: وَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَاٍ، يُرِيْدُ بِهٖ: وَاِنْ ذَكَرَنِيْ بِلِسَانِهٖ، يُرِيْدُ بِهِ الْاِقْرَارَ الَّذِيْ هُوَ عَلَامَةُ تِلْكَ الْمَعْرِفَةِ فِيْ مَلَاٍ مِّنَ النَّاسِ لِيَعْلَمُوْا اِسْلَامَهٗ، ذَكَرْتُهٗ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُ، يُرِيْدُ بِهٖ: ذَكَرْتُهٗ فِيْ مَلَاٍ خَيْرٍ مِّنْهُ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْجَنَّةِ، بِمَا اَتٰى مِنَ الْاِحْسَانِ فِي الدُّنْيَا الَّذِيْ هُوَ الْاِيْمَانُ اِلٰى اَنِ اسْتَوْجَبَ بِهِ التَّمَكُّنَ مِنَ الْجِنَانِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

812– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد 2/480 عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد وانظر ما قبله.

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے' تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ دل میں مجھے یاد کرتا ہے' تو میں بھی دل میں اسے یاد کرتا ہوں اگر وہ لوگوں میں مجھے یاد کرتا ہے' تو میں بھی اس سے بہتر اور پاکیزہ گروہ میں اس کا تذکرہ کرتا ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''اگر وہ اپنے نفس میں (یعنی دل میں یا تنہائی میں) میرا ذکر کرتا ہے' تو میں اپنے من میں اس کا ذکر کرتا ہوں''۔ اس سے مراد یہ ہے اگر وہ اپنے من میں اس معرفت کی وجہ سے باقاعدگی سے میرا ذکر کرتا ہے' جو (معرفت) میں نے اسے ہبہ کی ہے اور میں نے اسے اس کا اہل بنایا ہے' تو پھر میں اپنے من میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اس سے مراد یہ ہے: میں اپنے ملکوت میں اس کی طرف سے اس معرفت کو قبول کرتا ہوں' اور اس کے ہمراہ اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کردیتا ہوں۔

پھر اس نے یہ فرمایا: ''اگر وہ لوگوں میں میرا ذکر کرے'' اس سے مراد یہ ہے: اگر وہ اپنی زبان کے ہمراہ میرا ذکر کرے گا' اس سے مراد وہ اقرار ہے' جو لوگوں کی موجودگی میں اس معرفت کی علامت ہوگا تاکہ انہیں اس کے اسلام کا پتہ چل جائے۔

تو میں اس سے بہتر گروہ میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔ اس سے مراد یہ ہے میں اس کا ذکر ایسے گروہ میں کرتا ہوں' جو اس سے بہتر ہے' جس میں انبیاء' صدیقین' شہداء اور صالحین ہوں گے جو جنت میں ہوں گے اس (شخص کے ذکر کی صورت یہ ہوگی) اس نے دنیا میں بھلائی کی ہوگی جو ایمان ہے' یہاں تک اس (ایمان) کی وجہ سے وہ جنت میں رہنے کا مستحق ہوجائے گا۔

ذِكْرُ مُبَاهَاةِ نَوْعٍ اٰخَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَلَائِكَتَهُ بِذَاكِرِهٖ اِذَا قَرَنَ مَعَ الذِّكْرِ التَّفَكُّرَ

اللہ تعالیٰ کا اپنے فرشتوں کے سامنے اپنا ذکر کرنے والے شخص پر فخر کا اظہار کرنا جبکہ اس شخص نے ذکر کے ہمراہ غور و فکر کو بھی ساتھ ملایا ہو

813 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَعَامَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ عَلٰى حَلْقَةٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ، قَالَ: اللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِكَ، قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلٰى حَلْقَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهُ عَلٰى مَا

813- إسناده صحيح، وأخرجه الطيالسي 1/249، وابن أبي شيبة 10/305، وأحمد 4/92، ومسلم (2701) في الذكر: باب فضل الاجتماع على تلاوة القرآن، والترمذي (3379) في الدعاء: باب ما جاء في القوم يجلسون فيذكرون الله عز وجل ما لهم من الفضل، والنسائي 8/249 في أدب القضاة: باب كيف يستحلف الحاكم.

هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ وَمَنَّ عَلَيْنَا بِهِ، قَالَ: اللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِكَ، قَالَ: اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ، وَلٰكِنْ جِبْرِيْلُ اَتَانِیْ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ اللّٰهَ يُبَاهِیْ بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ مسجد میں ایک حلقے کے پاس تشریف لائے اور دریافت کیا: تم لوگ یہاں کیوں بیٹھے ہو۔ لوگوں نے بتایا ہم اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اللہ کی قسم! کیا تم لوگ صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھتے ہو؟ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم لوگ صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بتایا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو۔ انہوں نے کہا: ہم اللہ کا ذکر کرنے کے لئے اور اس نے جو اسلام کی ہدایت دی ہے اور ہم پر یہ احسان کیا ہے اس بات پر اس کی حمد بیان کرنے کے لئے بیٹھے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اللہ کی قسم! تم صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہوئے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم صرف اسی مقصد کے لئے بیٹھے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم پر کوئی الزام عائد کرنے کے لئے تم سے قسم نہیں لی ہے' بلکہ جبرائیل میرے پاس آئے انہوں نے مجھے بتایا: اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کا اظہار کر رہا ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ دَوَامَ ذِكْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِی الْاَوْقَاتِ وَالْاَسْبَابِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ وہ تمام اوقات اور تمام اسباب میں باقاعدگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہے

814 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ قَيْسٍ الْكِنْدِیَّ حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيَّانِ اِلَی النَّبِیِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ – فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِیْ بِاَمْرٍ اَتَشَبَّثُ بِهِ، قَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ. (1: 2)

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دو دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے گویا ان میں سے ایک نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کسی ایسی چیز کے بارے میں مجھے بتائیں جو میں مضبوطی سے پکڑلوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری زبان اللہ کے ذکر سے ہمیشہ تر رہنی چاہئے۔

814– إسناده قوى، معاوية بن صالح صدوق له أوهام، أخرج له مسلم، وقد توبع عليه، وباقى رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 4/190 عن عبد الرحمٰن بن مهدى وابن أبى شيبة 10/301، والترمذى (3375) فى الدعاء: باب ما جاء فضل الذكر، وابن ماجة (3793) فى الأدب: باب فضل الذكر، من طريق زيد بن الحباب، كلاهما عن معاوية بن صالح، به، وصححه الحاكم (1) ⁄ 495، وأقره الذهبى. وأخرجه أحمد 4/188 من طريق على بن عياش، سيرد برقم (818).

ذِكْرُ رَجَاءِ سُرْعَةِ الْمَغْفِرَةِ لِذَاكِرِ اللّٰهِ اِذَا تَحَرَّكَتْ بِهٖ شَفَتَاهُ

اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا شخص جب اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے تو اس کی جلدی مغفرت ہونے کی امید کا تذکرہ

815 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ جُوصَا اَبُو الْحَسَنِ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ الْحَسْحَاسِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ فِي بَيْتِ اُمِّ الدَّرْدَاءِ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: اَنَا مَعَ عَبْدِي مَا ذَكَرَنِي وَتَحَرَّكَتْ بِي شَفَتَاهُ . (1: 2)

کریمہ بنت حسحاس بیان کرتی ہیں: میں نے سیّدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کے گھر میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اس کے ہونٹ میرے لئے حرکت کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ مَا يُكْرِمُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ مَنْ ذَكَرَهٗ فِي دَارِ الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ اس شخص کو جو عزت عطا کرے گا جو دنیا میں اس کا ذکر کرتا تھا

816 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو طَاهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ اَبِي السَّمْحِ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: سَيَعْلَمُ اَهْلُ الْجَمْعِ الْيَوْمَ مَنْ اَهْلُ الْكَرَمِ ، فَقِيلَ: مَنْ اَهْلُ الْكَرَمِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟، قَالَ: اَهْلُ مَجَالِسِ الذِّكْرِ فِي الْمَسَاجِدِ . (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: آج کے دن اہل دولت جان لیں گے کہ کون معزز ہیں' تو دریافت کیا گیا کہ یارسول اللہ! کون معزز ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں منعقد کی جانے والی محفل ذکر کے افراد ''معزز'' ہے۔

815- وأخرجه أحمد 2/540، وابن ماجة (3792) في الأدب: باب فصل الذكر، والبغوي في شرح السنة (1242) والحاكم 1/496 من طريق بشر بن بكر. وعلقه البخاري 13/499 في التوحيد -بصيغة الجزم- باب قول الله تعالى (لا تحرك به لسانك) ، ووصله في خلق أفعال العباد ص 87 من طريق الحميدي.

816- إسناده ضعيف وأخرجه أحمد 3/68 عن سريج، عن ابي وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/76 عن الحسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج: به. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/76 .

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِاسْتِهْتَارِ لِلْمَرْءِ بِذِكْرِ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کا اپنے پروردگار کا ذکر کرتے ہوئے بےخود ہو جانے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

817 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَكْثِرُوا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُولُوا: مَجْنُونٌ . (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم اللہ تعالیٰ کا اتنی کثرت سے ذکر کرو کہ لوگ یہ کہیں: یہ پاگل ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُدَاوَمَةَ لِلْمَرْءِ عَلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ مِنْ اَحَبِّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اللہ تعالیٰ کے ذکر کو باقاعدگی کے ساتھ کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین اعمال میں سے ایک ہے

818 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ مَكْحُولٌ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ؟، قَالَ: اَنْ تَمُوتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ . (1: 2)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس حالت میں مرو کہ تمہاری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْمَرْءِ عَنْ دَارِهِ الْمَبِيتَ وَالْعَشَاءَ لِلشَّيْطَانِ بِذِكْرِهِ رَبَّهُ عِنْدَ دُخُولِهِ وَابْتِدَائِهِ

اس بات کا تذکرہ' جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہونے کے وقت اور آغاز میں اپنے پروردگار کا ذکر کر لیتا ہے' تو پھر آدمی کے گھر میں شیطان کو رہنے کی جگہ اور رات کا کھانا نہیں ملتا

817- إسناده ضعيف لضعف دراج في روايته عن أبي الهيثم، وأخرجه أحمد 3/68 عن سريج، عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وهو في المنتخب من مسند عبد بن حميد 102/1، وتاريخ ابن عساكر 6/29/2 من طريق دراج، به، وصححه الحاكم 1/499 وأخرجه أحمد 3/71، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/75-76

819 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهِ وَعِنْدَ طَعَامِهِ، قَالَ الشَّيْطَانُ: لَا مَبِيتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ، وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهِ، قَالَ الشَّيْطَانُ: اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ، وَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهِ، قَالَ: اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ وَالْعَشَاءَ. (1: 2)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جب کوئی شخص اپنے گھر میں داخل ہو اور داخلے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے اور کھانے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے' تو شیطان (اپنے ساتھیوں سے) یہ کہتا ہے تمہیں یہاں رہنے کے لئے جگہ بھی نہیں ملے گی اور کھانا بھی نہیں ملے گا اور جب کوئی شخص گھر میں داخلے کے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا' تو شیطان یہ کہتا ہے کہ تمہیں یہاں جگہ مل جائے گی اور جب کوئی شخص کھانے کے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا' تو شیطان کہتا ہے تمہیں یہاں رہنے کی جگہ بھی مل جائے گی اور کھانا بھی مل جائے گا۔

ذِكْرُ اسْتِحْسَانِ الْاِكْثَارِ لِلْمَرْءِ مِنَ التَّبَرِّي مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، اِذْ هُوَ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ

اس بات کے مستحسن ہونے کا تذکرہ' آدمی بکثرت لا حول ولا قوة الا باللّٰه پڑھا کرے کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک ہے

820 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّائِبِ بْنِ بَرَكَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَمْشِىْ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (1: 2)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل رہا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تمہاری رہنمائی جنت کے ایک خزانے کی طرف نہ کروں۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا حول ولا قوة الا باللہ (جنت کا خزانہ ہے)

819- إسناده صحيح. وأخرجه مسلم (2018) فى الأشربة. باب آداب الطعام والشراب، وأبو داوٗد (3765) فى الأطعمة باب التسمية على الطعام، وابن ماجة (3887) فى الدعاء باب مايدعو به إذا دخل بيته، من طرق، عن أبى عاصم الضحاك بن مخلد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/383، ومسلم (2018) من طريق روح بن عادة عن ابن جريج، به. وأخرجه النسائى فى عمل اليوم والليلة (178) من طريق يوسف بن سعيد، عن حجاج، عن ابن جريج، به وأخرجه أحمد 3/346 عن موسى بن داوٗد، عن ابن لهيعة، عن أبى الزبير .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ كُلَّمَا كَثُرَ تَبَرِّيهِ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ إِلَّا بِبَارِئِهِ كَثُرَ غِرَاسُهُ فِي الْجِنَانِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ جب بھی بکثرت ''لا حول ولا قوة الا باللّٰه'' پڑھے گا تو جنت میں اس کی طرف سے زیادہ درخت لگ جائیں گے

821 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ صَخْرٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَخْبَرَهُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ اَيُّوْبَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖ مَرَّ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِجِبْرِيْلَ: مَنْ مَّعَكَ يَا جِبْرِيْلُ؟، قَالَ جِبْرِيْلُ: هٰذَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ: يَا مُحَمَّدُ مُرْ اُمَّتَكَ اَنْ يُّكْثِرُوْا غِرَاسَ الْجَنَّةِ، فَاِنَّ تُرْبَتَهَا طَيِّبَةٌ، وَاَرْضُهَا وَاسِعَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِبْرَاهِيْمَ: وَمَا غِرَاسُ الْجَنَّةِ؟، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (1: 2)

سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جس رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کروائی گئی آپ کا گزر حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کے پاس سے ہوا' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا: اے جبرائیل آپ کے ساتھ کون ہے؟ حضرت جبرائیل نے بتایا یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اپنی امت کو یہ ہدایت کریں کہ وہ جنت میں زیادہ درخت لگائے' کیونکہ اس کی مٹی پاکیزہ ہے اور اس کی زمین کشادہ ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے دریافت کیا: جنت میں درخت لگانے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: لا حول ولا قوة الا باللّٰه (پڑھنا)

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِىْ يُهْدَى الْقَائِلُ بِهٖ وَيُكْفٰى وَيُوْقٰى اِذَا، قَالَهُ عِنْدَ الْخُرُوْجِ مِنْ مَّنْزِلِهٖ

اس چیز کا تذکرہ' جو اپنے پڑھنے والے کو ہدایت دیتی ہے اور اس کے لئے کفایت کرلیتی ہے اور اس کے لئے بچاؤ (کا ذریعہ) بن جاتی ہے' جب آدمی وہ کلمہ اپنے گھر سے نکلتے ہوئے پڑھتا ہے

822 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ

821- عبد الله بن عبد الرحمٰن لم يوثقه غير المؤلف، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 5/418 عن أبي عبد الرحمٰن المقرىء، بهذا الإسناد، وحسنه المنذري في الترغيب والترهيب 2/445 وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/97 وقال رواه أحمد، والطبراني، ورجال أحمد رجال الصحيح .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ

(متن حدیث): إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَيُقَالُ لَهُ: حَسْبُكَ قَدْ كُفِيتَ وَهُدِيتَ وَوُقِيتَ؛ فَيَلْقَى الشَّيْطَانُ شَيْطَانًا آخَرَ فَيَقُولُ لَهُ: كَيْفَ * لَكَ بِرَجُلٍ قَدْ كُفِيَ وَهُدِيَ وَوُقِيَ. (1: 2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ پڑھتا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کیا اور اللہ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا''۔

تو اس شخص سے یہ کہا جاتا ہے تمہارے لئے اتنا کافی ہے تمہاری کفایت کردی گئی تمہاری رہنمائی کی گئی اور تم کو بچالیا گیا پھر شیطان دوسرے شیطان سے ملتا ہے۔اس سے کہتا ہے: ایسے شخص کے ساتھ تم کیا کرسکتے ہو، جس کی کفایت بھی کر لی گئی ہو رہنمائی بھی کردی گئی ہو اور اسے بچا بھی لیا گیا۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ لِمَنِ انْتَظَرَ النَّفْخَ فِي الصُّورِ أَنْ يَقُولَ: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

جو شخص صور میں پھونک مارے جانے یعنی قیامت قائم ہونے کا انتظار کررہا ہے اسے اس بات کا حکم ہے کہ وہ یہ پڑھے ''حسبنا اللّٰہ و نعم الوکیل'' (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے)

823 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْبُخَارِيِّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَيْفَ أَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّورِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ أَنْ يَنْفُخَ؟، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا نَقُولُ يَوْمَئِذٍ؟، قَالَ: قُولُوا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ بِإِسْنَادٍ نَحْوِهِ، قَالَ: قُولُوا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا. (1: 104)

822–وأخرجه أبو داؤد (5095) في الأدب: باب ما يقول إذا خرج من بيته، والنسائي في اليوم والليلة (89) عن عبد الله بن محمد بن تميم، كلاهما عن حجاج بن محمد، بهذا الإسناد.وأخرجه الترمذي (3426) في الدعوات باب ما يقول إذا خرج من بيته .

823– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مسند أبي يعلى (1084) ، وأخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب الأهوال فيما ذكره ابن كثير في النهاية 1/244 ' وأخرجه الحاكم 4/559 من طريق إسماعيل بن إبراهيم . وأخرجه الحميدي (754) ، وأحمد 3/7 و 73، والترمذي (2431) في صفة القيامة: باب ما جاء في شأن الصور، و (3243) في التفسير . باب ومن سورة الزمر، وابن المبارك في الزهد (1597) ، وأبو نعيم في الحلية 5/105 و7/130 و 312 من طرق. وأخرجه أحمد 1/326، والحاكم 4/559 من طريق مطرف، وأحمد 4/374

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں کیسے نعمت میں رہ سکتا ہوں جبکہ (صور میں) پھونک مارنے والے نے اپنا منہ صور کے ساتھ لگایا ہوا ہے اور اس نے اپنی پیشانی کو اس بات کے انتظار میں تیار رکھا ہوا ہے کب اسے پھونک مارنے کا حکم ہوتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے کہا: یارسول اللہ! ہمیں پھر اس دن کیا کہنا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے وہ بہترین کارساز ہے)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابویعلیٰ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مانند روایت نقل کی ہے تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

''تم لوگ یہ کہو ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اور ہم اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى أَنَّ الْأَشْيَاءَ النَّامِيَةَ الَّتِي لَا رُوحَ فِيهَا تُسَبِّحُ مَا دَامَتْ رَطْبَةً

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن اشیاء میں نشوونما ہوتی ہے ان میں روح موجود نہیں ہوتی جب تک وہ تر رہتی ہیں وہ تسبیح پڑھتی رہتی ہیں

824 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَرْنَا عَلَى قَبْرَيْنِ، فَقَامَ، فَقُمْنَا مَعَهُ، فَجَعَلَ لَوْنُهُ يَتَغَيَّرُ حَتَّى رَعَدَ كُمُّ قَمِيصِهِ، فَقُلْنَا: مَا لَكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: مَا تَسْمَعُونَ مَا أَسْمَعُ؟ قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: هٰذَانِ رَجُلَانِ يُعَذَّبَانِ فِي قُبُورِهِمَا عَذَابًا شَدِيدًا فِي ذَنْبٍ هَيِّنٍ، قُلْنَا: مِمَّ ذٰلِكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: كَانَ أَحَدُهُمَا لَا يَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ، وَكَانَ الْآخَرُ يُؤْذِي النَّاسَ بِلِسَانِهِ، وَيَمْشِي بَيْنَهُمْ بِالنَّمِيمَةِ فَدَعَا بِجَرِيدَتَيْنِ مِنْ جَرَائِدِ النَّخْلِ، فَجَعَلَ فِي كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً، قُلْنَا: وَهَلْ يَنْفَعُهُمَا ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟، قَالَ: نَعَمْ، يُخَفِّفُ عَنْهُمَا مَا دَامَا رَطْبَتَيْنِ. (5: 9)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جارہے تھے۔ ہمارا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے ہم بھی آپ کے ساتھ ٹھہر گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رنگت تبدیل ہوگئی یہاں تک کہ آپ کے قمیض کی آستین کپکپانے لگی۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! آپ کو کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو میں سن رہا ہوں کیا تم بھی وہ سن رہے ہو۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! وہ کیا چیز ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دو لوگوں کو ان کی قبروں میں دو ہلکے گناہ کی وجہ سے شدید عذاب ہو رہا ہے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس کی وجہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان میں سے ایک شخص پیشاب سے بچتا نہیں تھا' اور دوسرا شخص اپنی زبان کے ذریعے لوگوں کو اذیت پہنچاتا تھا' اور ان کے درمیان چغلی کیا کرتا تھا۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے کھجور کی شاخوں میں سے دو شاخیں منگوائی اور آپ نے ہر ایک کی قبر پر اسے گاڑ دیا۔ ہم نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! کیا ان دونوں کو اس کا کوئی فائدہ ہوگا؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جی ہاں۔ جب تک یہ دونوں خشک نہیں ہو جاتیں ان کے عذاب میں تخفیف رہے گی۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِحَطِّ الْخَطَايَا، وَكَتْبِهِ الْحَسَنَاتِ عَلٰى مُسَبِّحِهِ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی تسبیح بیان کرتا ہے وہ یہ کہ وہ اس کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور اس کے لئے نیکیاں نوٹ کر دیتا ہے

825 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّكْتَسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟ فَسَاَلَهُ نَاسٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: وَكَيْفَ يَكْتَسِبُ اَحَدُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟، قَالَ: يُسَبِّحُ اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ حَسَنَةٍ، وَيَحُطُّ عَنْهُ اَلْفَ سَيِّئَةٍ .(1: 2)

مصعب بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آپ نے ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص یہ کر سکتا ہے کہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں کمایا کرے' تو آپ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے آپ سے دریافت کیا: یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی شخص روزانہ ایک ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ سبحان اللہ سو مرتبہ پڑھے' تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھ لے گا وہ اس کے ایک ہزار گناہوں کو مٹا دے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْاَمْرِ بِغَرْسِ النَّخِيْلِ فِي الْجِنَانِ لِمَنْ سَبَّحَهُ مُعَظِّمًا لَهُ بِهِ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی پاکی بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں کھجور کے درخت لگانے کا حکم دے دیتا ہے' تاکہ اس کی عزت افزائی ہو

826 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

825– إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 1/185، ومسلم (2698) في الذكر والدعاء . باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء ، من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (80) من طريق سفيان، وابن أبي شيبة 10/294، من طريق مروان بن معاوية، وأحمد 1/174، والنسائي في عمل اليوم والليلة (152) من طريق شعبة، وأحمد 1/180، والترمذي (3463) في الدعوات، من طريق يحيى القطان، وأحمد 1/185، والبغوي (1266) ، من طريق يعلى بن عبيد.

حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، غُرِسَتْ لَهٗ بِهٖ نَخْلَةٌ فِی الْجَنَّةِ . (2:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان اللہ و بحمدہ پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا درخت لگا دیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حجاج صواف نامی راوی منفرد ہے

827 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِیُّ بِمَرْوَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ، غُرِسَ لَهٗ شَجَرَةٌ فِی الْجَنَّةِ . (2:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان اللہ العظیم پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں درخت لگا دیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِیْحِ عَدَدَ خَلْقِ اللّٰهِ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر تسبیح بیان کرنے کا حکم کے ہونے کا تذکرہ

828 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

826- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أبا الزبير فمن رجال مسلم وقد عنعن، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/290، والبغوى (126)، والترمذى (3464) فى الدعوات، من طرق عن روح بن عبادة، بهذا الإسناد . وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من حديث أبى الزبير، عن جابر . وأخرجه النسائى فى عمل اليوم والليلة (827)، والحاكم 1/501 و512، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى، وأورده الحاكم شاهدًا لحديث أبى هريرة عنده 1/512.

827- مؤمل بن إسماعيل: سيىء الحفظ، وباقى رجاله ثقات وأخرجه الترمذى (3465) فى الدعوات، عن محمد بن رافع، حدثنا المؤمل، بهذا الإسناد . وتقدم قبله من طريق حجاج الصواف، عن أبى الزبير، به . فانظر تخريجه ثمت. 828- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 6/325 و429، 430، والترمذى (3555) فى الدعوات، والنسائى 3/77 فى السهو: باب نوع آخر من التسبيح، وفى عمل اليوم والليلة (163) و (164) من طريقين عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (2726) فى الذكر والدعاء . باب التسبيح أول النهار وعند النوم، وابن ماجة (3808) فى الأدب. باب فضل التسبيح، من طريق أبى بكر بن أبى شيبة، عن محمد بن بشر، والنسائى فى عمل اليوم والليلة (165)

شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرَيْبًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ:

(متن حدیث):اَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُسَبِّحُ، ثُمَّ انْطَلَقَ لِحَاجَتِهٖ، ثُمَّ رَجَعَ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ، فَقَالَ: مَا زِلْتِ قَاعِدَةً؟ ، قَالَتْ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ لَوْ عُدِلْنَ بِهِنَّ عَدَلَتْهُنَّ، اَوْ لَوْ وُزِنَّ بِهِنَّ وَزَنَتْهُنَّ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ (1: 104)

سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں اس وقت تسبیح پڑھ رہی تھی۔ پھر آپ اپنے کام کے سلسلے میں تشریف لے گئے پھر دوپہر کے وقت آپ واپس تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: کیا تم اس وقت سے اب تک بیٹھی ہوئی ہو؟ سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے جواب دیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی کلمات کی تعلیم نہ دوں اگر (انہیں تمہارے پڑھے ہوئے کلمات) کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ ہوں اور اگر ان کا وزن ان کے وزن کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ وزنی ہوں (وہ کلمات یہ ہیں:)

''سبحان الله عدد خلقه'' اللہ تعالیٰ کی میں اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے سبحان الله زينة عرشه میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہو جو اس کے عرش کے وزن جتنی ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔ سبحان الله رضا نفسه (میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی ذات کی رضا مندی کے مطابق ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے اور سبحان ا لله مداد كلماته میں اس کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے کلمات کے سیاہی جتنی ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا سَلَفَ مِنْ ذُنُوْبِ الْمَرْءِ بِالتَّسْبِيْحِ، وَالتَّحْمِيْدِ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِعَدَدٍ مَعْلُوْمٍ

تسبیح اور تحمید کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا آدمی کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دینے کا تذکرہ (اس تسبیح اور تحمید) کی تعداد متعین ہو

829 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ

829- إسناده صحيح، وهو في شرح البينة (1262) من رواية أحمد بن أبي بكر، عن مالك، وهو في الموطأ 1/209-210 برواية يحيى بن يحيى، باب ما جاء في ذكر الله تعالى. ومن طريق مالك أخرجه ابن أبي شيبة 10/290، وأحمد 2/302 و515، والبخاري (6405) في الدعوات: باب فضل التسبيح، ومسلم (2691) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح، والترمذي (3466) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (826)، وابن ماجة (3812) في الأدب. باب فضل التسبيح. وسيورده المؤلف برقم (859).

مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:
(متنِ حدیث): مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، فِىْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جوشخص روزانہ سومرتبہ سبحان اللّٰہ و بحمدہٗ پڑھتا ہے اس کے گناہ ختم کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيْحِ الَّذِىْ يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِهٖ رَبَّهٗ بِاللَّيْلِ مَعَ النَّهَارِ، وَالنَّهَارِ مَعَ اللَّيْلِ

اس تسبیح کا تذکرہ جسے پڑھنا دن کے ہمراہ رات بھر اور رات کے ہمراہ دن بھر اپنے پروردگار کا ذکر کرنے سے افضل ہے

830 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِى ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِىِّ،
(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ وَهُوَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، فَقَالَ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا اَبَا اُمَامَةَ؟، قَالَ: اَذْكُرُ رَبِّىْ، قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَكْثَرَ اَوْ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِكَ اللَّيْلَ مَعَ النَّهَارِ وَالنَّهَارَ مَعَ اللَّيْلِ؟ اَنْ تَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِى الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِى الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَىْءٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَىْءٍ، وَتَقُوْلُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 2)

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوامامہ تم کیا پڑھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: میں اپنے پروردگار کا ذکر کر رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے دن کے ہمراہ تمہارے رات بھر ذکر کرنے اور تمہارے رات کے ہمراہ دن بھر ذکر کرنے سے زیادہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) افضل

830- إسناده حسن، من أجل ابن عجلان وهو محمد، ويحيى بن أيوب: هو الغافقي، وابن أبي مريم هو: سعيد بن الحكم الجمحي المصري. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (166) من طريق إبراهيم بن يعقوب، عن ابن أبي مريم، به. وأخرجه أحمد 5/249 عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ اَبِىْ أمامة. وصححه الحاكم 1/513 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبيُّ، وهو كما قالا. وأخرجه الطبراني في الكبير (7930) وفي سنده ليث بن أبي سليم وهو سيىء الحفظ، وأخرجه أيضًا برقم (8122)، وأورده الهيثمي في المجمع 10/93، وقال: رواه الطبراني من طريقين، وإسناد أحدهما حسن.

ہوں تم یہ پڑھو:

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کو بھر دے، میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو آسمان اور زمین کے درمیان والی جگہ کو بھر دے۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اتنی تعداد میں ہو' جس کو اس کی کتاب نے گھیرا ہوا ہے اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر شے کی تعداد جتنی ہو اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر چیز کو بھر دے''۔

(نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:) الحمد للہ بھی اس کی مانند پڑھو۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَيَثْقُلُ مِيزَانُ الْمَرْءِ بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

اس تسبیح کا تذکرہ جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کی وجہ سے آدمی کا میزان وزنی ہوگا

831 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ . (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''دو کلمات ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں۔ رحمان کے نزدیک پسندیدہ ہے میزان میں وہ بھاری ہوں گے وہ سبحانہ اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم ہیں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُعْطِي اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَرْءَ بِهٖ زِنَةَ السَّمَاوَاتِ ثَوَابًا

اس تسبیح کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ آدمی کو آسمانوں کے وزن جتنا اجر وثواب عطا کرتا ہے

832 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

831– إسناده صحيح، أبو زرعة هو ابن عمرو، تحرف في مطبوع الترمذي إلى عن عمرو وأخرجه ابن أبي شيبة 10/288، 289، وأحمد 2/232، والبخاري (6406) في الدعوات: باب فضل التسبيح، و (6682) في الإيمان والنذور: باب إذا قال: والله لا أتكلم اليوم فصلى، و (7563) في التوحيد: باب قوله تعالى: (ونضع الموازين القسط ليوم القيامة) ومسلم (2694) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والبغوى (1264) ، والترمذى (3467) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (830) ، وابن ماجة (3806) في الأدب: باب فضل التسبيح، والبيهقي الأسماء والصفات ص 499 . وسيعيده المؤلف برقم (841) .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَجُوَيْرِيَةُ جَالِسَةٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَرَجَعَ حِيْنَ تَعَالَى النَّهَارُ،

فَقَالَ: لَنْ تَزَالِيْ جَالِسَةً بَعْدِيْ؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: لَقَدْ قُلْتُ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِهِنَّ لَوَزَنَتْهُنَّ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ، وَرِضَا نَفْسِهٖ، وَزِنَةَ عَرْشِهٖ . (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: جُوَيْرِيَةُ هِيَ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لئے تشریف لے گئے۔ اس وقت حضرت سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا اپنی جائے نماز پر بیٹھی ہوئی تھیں۔ دن چڑھنے کے بعد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: تم میرے بعد اسی طرح بیٹھی رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے چار کلمات پڑھے تھے۔ اگران کا وزن ان کے ساتھ کیا جائے تو وہ کلمات وزنی ہوں گے۔ (وہ یہ ہیں:)

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کے ہمراہ اس کی حمد بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد جتنی ہے اور اس کی کلمات کی سیاہی جتنی اور اس کی ذات کی رضامندی کے مطابق اور اس کے عرش کے وزن جتنی ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جویریہ (نامی خاتون) جناب حارث بن عبدالمطلب کی صاحبزادی ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِكْثَارِ لِلْمَرْءِ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّمْجِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيْرِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَجَاءَ ثِقَلِ الْمِيْزَانِ بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

آدمی کے لئے بکثرت تسبیح، تحمید، تمجید، تہلیل اور تکبیر کہنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

یہ اُمید رکھتے ہوئے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اس کا میزان وزنی ہوگا

833 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، وَابْنُ جَابِرٍ قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَّامٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلْمٰى رَاعِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَقِيْتُهٗ بِالْكُوْفَةِ فِيْ

832–وأخرجه أحمد 1/258 عن أسود بن عامر، ومسلم (2726) (79) في الذكر والدعاء : باب التسبيح أول النهار وعند النوم، عن قتيبة بن سعد، وعمرو الناقد، وابى أبى عمر، وأبو داوٗد (1503) في الصلاة. بـاب التسبيح بالحصى، عن داوٗد بن اميه، والنّسائى فى عمل اليوم والليلة (161) عن ابن المقرىء محمد بن عبد الله بن يزيد، والبغوى فى شرح السنة (1297) من طريق على بن المدينى، كلهم عن سفيان، بهذا الاسناد. وقد تقدم برقم (828) من طريق شعبة عن محمد بن عبد الرحمٰن.

مَسْجِدِهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: بَخٍ بَخٍ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ بِخَمْسٍ مَا اَثْقَلَهُنَّ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ يُتَوَفّٰى لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فَيَحْتَسِبُهُ. (2 :1)

۞۞ ابوسلمٰی جو نبی اکرم ﷺ کے چرواہے ہیں۔ میری ان سے ملاقات کوفہ کی مسجد میں ہوئی' تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی۔ وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بہت خوب بہت خوب نبی اکرم ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے پانچ کا اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (یہ پانچ چیزیں) میزان میں کتنی وزنی ہیں۔ سبحان الله، الحمد لله، لا اله الا الله اور الله اكبر پڑھنا اور یہ کہ کسی مسلمان کا نیک بچہ فوت ہو جائے اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ الْاِنْسَانِ بِمَا وَصَفْنَا يَكُوْنُ خَيْرًا لَهُ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ لَهُ

اس بات کا بیان کہ آدمی کا یہ کہنا' جو ہم ذکر کر چکے ہیں' یہ اس کے لئے اس سے زیادہ بہتر ہے جس بھی چیز پر بھی سورج طلوع ہوتا ہے' وہ اسے مل جائے

834 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ بِاَرْغِيَانَ بِقَرْيَةِ سَبَنْجَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَاَنْ اَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ. (2 :1)

833– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، غير شيخ ابن حبان وهو ثقة. وأخرجه النسائى فى عمل اليوم والليلة (167)، والدولابى فى الأسماء والكنى 1/36، وابن سعد فى الطبقات 6/58، وابن أبى عاصم فى السنة 2/363، والطبرانى فى الكبير 22/348 من طرق عن الوليد بن مسلم، به، وصححه الحاكم 1/511، وأقره الذهبى. وأورده الهيثمى فى المجمع 10/88، وقال: رواه الطبرانى من طريقين، ورجال أحدهما ثقات. وأخرجه أحمد 3/443 و 4/237 عن عفان بن مسلم، عن أبان العطار، عن يحيى ابن أبى كثير، عن زيد عن أبى سلام عن مولى لرسول الله صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أن رسول الله صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قال ... وأخرجه أحمد 5/366 عن يزيد، عن هشام الدستوائى، عن يحيى بن أبى كثير، عن أبى سلام، أن رجلًا حدثه، أنه سمع النبى.... قال الهيثمى: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح. المجمع 10/88.

834– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبى شيبة 10/288 عن أبى معاوية، به.

وأخرجه مسلم (2695) فى الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والترمذى (3597) فى الدعوات: باب فى العفو والعافية، عن أبى كريب، والنسائى فى عمل اليوم والليلة (835) عن أحمد بن حرب، والبغوى (1277).

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر پڑھ لینا لو میرے نزدیک ہر اس چیز سے زیادہ پسندیدہ ہے' جس پر سورج طلوع ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ اَحَبِّ الْكَرَمِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین کلمات میں سے ایک ہیں

835 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اَحَبَّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ اَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

❁❁ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کلام چار کلمات ہیں: سبحان اللہ و الحمد للہ، و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ خَيْرِ الْكَلِمَاتِ لَا يَضُرُّ الْمَرْءُ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ کلمات بہترین کلمات میں سے ایک ہیں اور آدمی ان میں سے جس کے ذریعے بھی آغاز کرے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا

836 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَارِسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِىْ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا يَضُرُّكَ بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بہترین کلام چار کلمات ہیں تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ان میں سے کسی کے ذریعے بھی آغاز کرلو''۔

سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيرِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ وَمَا هُوَ خَالِقُهُ

تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر اتنی تعداد میں کہنے کا تذکرہ، جو اس تعداد کے مطابق ہو جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور جسے اس نے پیدا کرنا ہے

837 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِىْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهَا،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى امْرَاَةٍ فِىْ يَدِهَا نَوًى اَوْ حَصًى تُسَبِّحُ، فَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا وَاَفْضَلُ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى الْاَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 104)

❁❁ عائشہ بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص) بیان نقل کرتی ہیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک خاتون کے پاس تشریف لے گئے جن کے ہاتھ میں گٹھلیاں تھیں۔ جن پر وہ گن کر تسبیحات پڑھ رہی تھیں، تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے لئے زیادہ آسان اور زیادہ فضیلت والی ہو (وہ یہ کلمات ہے)

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں آسمان میں پیدا کیا میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں زمین میں پیدا کیا پاکی بیان کرتا ہوں ان چیزوں کی تعداد کے برابر جنہیں پیدا کرنا ہے۔

''پھر تم اللہ اکبر بھی اسی کی مانند کہو الحمد للہ بھی اسی کی مانند کہو لا الہ الا اللہ بھی اسی کی مانند کہو اور لا حول ولا قوۃ بھی اسی کی مانند پڑھو''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْعَبْدِ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةً، وَكَذٰلِكَ التَّكْبِيرُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالتَّهْلِيْلُ

اللہ تعالیٰ کا بندے کے لئے، ہر تسبیح کے عوض میں صدقہ نوٹ کرنا اور اسی طرح تکبیر، تحمید اور تہلیل کے عوض میں بھی (صدقہ نوٹ کرنا)

838 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَوْلٰى اَبِىْ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُورِ بِالْاَجْرِ، يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي، وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ، وَيَتَصَدَّقُونَ بِفُضُولِ اَمْوَالِهِمْ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مَا تَتَصَدَّقُونَ بِهِ، كُلُّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ، وَاَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، وَنَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ صَدَقَةٌ. (2:1)

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! صاحب حیثیت لوگ اجر لے گئے ہیں۔ وہ نماز ادا کرتے ہیں جس طرح ہم نماز ادا کرتے ہیں وہ اسی طرح روزے رکھتے ہیں جس طرح ہم روزے رکھتے ہیں' لیکن وہ اپنے اضافی مال کو صدقہ کر دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے وہ چیز نہیں بنائی جسے تم صدقہ کیا کرو۔ سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے۔ اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔ الحمدللہ کہنا صدقہ ہے لا الہ الا اللہ پڑھنا صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے۔ برائی سے منع کرنا صدقہ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَصَفْنَا مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّحْمِيدِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّكْبِيرِ مِنْ اَفْضَلِ الْكَلَامِ لَا حَرَجَ عَلَى الْمَرْءِ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے تسبیح' تحمید اور تہلیل اور تکبیر کے بارے میں' جو یہ چیز بیان کی ہے کہ یہ افضل بہترین کلام ہے' تو اس میں آدمی کو کوئی حرج نہیں ہوگا کہ وہ ان میں سے جس سے چاہے آغاز کرے

839 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا تُبَالِي بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (2:1)

❀❀ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے زیادہ فضیلت والا کلام چار کلمات ہیں تم اس بات کی پرواہ نہ کرو کہ کس کے ذریعے آغاز کرتے ہو۔
سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم لا الہ الا اللہ واللہ اکبر''

838- وأخرجه أبو داوُد (5243) و (5244) في الأدب: باب في إماطة الأذى عن الطريق من طرق عن واصل، به، وفي الباب عن أبي هريرة عند البخاري (843) في الأذان. باب صفة الصلاة، و (6329) في الدعوات. باب الدعاء بعد الصلاة، ومسلم (595) في المساجد. باب استحباب الذكر بعد الصلاة والنسائي في عمل اليوم والليلة (146)، وعن أبي الدرداء عند النسائي (147) و (148) و (149) و (150) و (151). 839- إسناده صحيح، وأخرجه الطيالسي (899)، وأحمد 5/11، والنسائي في عمل اليوم والليلة (847) من طريق محمد بن جعفر. وأخرجه أحمد 5/20، وابن ماجة (3811) في الأدب: باب فضل التسبيح. وتقدم برقم (835) من رواية هلال بن يساف. إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه (720) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، و (1006) في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف. أخرجه أحمد 5/167 و 168 من طرق: عن مهدي بن ميمون به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْكَلِمَاتِ الَّتِیْ ذَكَرْنَاهَا مَعَ التَّبَرِّیْ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِاللّٰهِ مَعَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کلمات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جس میں ''لا حول ولا قوة الا باللّٰه'' پڑھا جاتا ہے' تو یہ باقی رہ جانے والی نیکیوں کے ساتھ ہے

840 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اسْتَكْثِرُوْا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ ، قِيْلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: التَّكْبِيْرُ، وَالتَّهْلِيْلُ، وَالتَّسْبِيْحُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ .(1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''باقی رہنے والی نیکیوں کی کثرت کرو عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد سبحان اللہ' الحمد اللہ' اللہ اکبر اورولا حول ولا قوۃ پڑھنا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَقْرِيْنِ التَّعْظِيْمِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلَى التَّسْبِيْحِ اِذْ هُوَ مِمَّا يُثْقِلُ الْمِيْزَانَ فِی الْقِيَامَةِ

اس بات کا حکم ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت والے کلمات کو اس کی تسبیح کے کلمات کے ساتھ ملا دیا جائے کیونکہ یہ چیز قیامت کے دن میزان کو وزنی کردے گی

841 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَزُّوزُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَابِدُ بِطَرَسُوسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَحْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِی الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ .(1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دوکلمات ایسے ہیں جو زبان پر آسان ہیں اور میزان میں وزنی ہوں گے۔(وہ یہ ہیں:) سبحان اللہ و بحمدہ

840- إسناده ضعف، دراج فی روایة عن أبی الهیثم ضعیف، وأخرجه الطبری 15/255 عن یونس، والحاکم 1/512 من طریق أحمد بن عیسی المصری، بهذا الاسناد . وصححه الحاکم ووافقه الذهبی. وأورده السیوطی فی الدر 4/224 . وأخرجه أحمد 3/75 عن حسن بن موسی، عن ابن لهیعة، عن دراج، به. وله شواهد أخر انظرها فی الدر المنثور 4/224-.225

سبحان الله العظيم"

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ عَقْدِ الْمَرْءِ التَّسْبِيحَ وَالتَّهْلِيلَ وَالتَّقْدِيسَ بِالْاَنَامِلِ اِذْ هُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ

اس بات کا مستحب ہونا کہ آدمی اپنی تسبیح وتہلیل، تقدیس کے کلمات کو انگلیوں کے پوروں پر شمار کرے کیونکہ ان سے حساب لیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی

842 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هَانِءَ بْنَ عُثْمَانَ، عَنْ اُمِّهِ حُمَيْضَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ، عَنْ جَدَّتِهَا يُسَيْرَةَ، وَكَانَتْ اِحْدَى الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيحِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّقْدِيسِ، وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ، فَاِنَّهُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ. (1: 2)

❀❀ حمیضہ بنت یاسر اپنی دادی سیّدہ یسیرہ کا بیان نقل کرتی ہیں: یہ ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ایک ہے وہ بیان کرتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ہم سے فرمایا: تم خواتین تسبیح تہلیل اور تقدیس پڑھا کرو اور اپنی انگلیوں کے پوروں پر انہیں شمار کیا کرو کہ ان سے سوال کیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی۔

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَمَلَ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ

نبی اکرم ﷺ کا اس عمل کو اختیار کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

843 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيحَ بِيَدِهِ. (1: 2)

842- هو في المصنف لابن أبي شيبة 10/289، وأخرجه أحمد 370/6-371، وابن سعد في الطبقات 8/310، والترمذي (3583)، والطبراني في الكبير 25/73 (181) من طرق وأخرجه أبو داوٗد (1501)، والطبراني 25/74 من طريق مسدد.

843-وأخرجه أبو داوٗد (1502) في الصلاة: باب التسبيح بالحصى، والترمذي (3411) في الدعوات، و (3486) باب ما جاء في عقد التسبيح باليد، والنسائي 3/79 في السهو: باب عقد التسبيح، والحاكم 1/547، والبيهقي 2/253، والبغوي (1268)، من طرق عن عثام بن علي، بهذا الإسناد.وأخرجه الحاكم 1/547 من طريق عفان، والبيهقي في السنن 2/253 من طريق آدم بن أبي إياس، كلاهما عن شعبة، عن عطاء، به.وصححه الذهبي في المختصر. وأخرجه مطولًا أحمد في المسند 2/160، 161 و 204، 205، وأبو داوٗد (506) في الأدب: باب في التسبيح عند النوم، والترمذي (3410) في الدعوات، والنسائي 3/74 في السهو: باب عدد التسبيح بعد التسليم، من طرق عن عطاء، به.

❁❁ ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے دست مبارک پر تسبیح شمار کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى حَامِدِهٖ بِاِعْطَائِهٖ مِلْءَ الْمِيْزَانِ ثَوَابًا فِي الْقِيَامَةِ

اللہ تعالیٰ کا اپنی حمد بیان کرنے والے شخص کو یہ فضیلت عطا کرنا کہ قیامت کے دن اسے میزان بھر کر اجر و ثواب عطا کرے گا

